بہت شوق ہے مجھے ڈانٹ پڑوانے کا اب دیکھو بچو کیسے مزا چکاتی ہوں! اپنے ذہن میں آتے آئیڈیاز پر عمل کرنے کا سوچتے ہوئے ہی وہ ایکسائٹڈ سی اپنی چادر پہنتی نیچے آئی

کہاں جا رہی ہو ولیہ؟ سائمہ بیگم اسے چپکے سے نکلتے دیکھ آنکھیں چھوٹی کیے بولی

"وہ... میں وہ رامشہ کے گھر جا رہی ہوں موم"

اچھا پھر جلدی آجانا... کیوں کہ رامشہ کا گھر یہاں سے کچھ ہی فاصلے پر تھا اور وہ اکثر ہی ادھر آتی جاتی رہتی تھی اسی وجہ سے سائمہ بیگم اس کے مزید سوال پوچھے بغیر اپنے کام میں مصروف ہو گئی کے ان کو ٹال کر وہ شکر کا سانس بھرے ڈیرے کی طرف چل دی

اسے ڈیرے پر آئے ایک گھنٹہ ہو چکا تھا ڈیرے پر اس وقت چند افراد ہی موجود تھے جن میں کچھ ان کے ملازم تھے اور کچھ گاؤں کے وہ لوگ تھے جو اپنے کسی کا کسی مسئلے کے تحت یہاں حاضر ہوئے تھے

Posted On Kitab Nagri

اس زمین پر اس وقت کون نگرانی کر رہا ہے؟ وہ کسی زمین کے کاغزات دیکھ کر ملازم سے مخاطب ہوا

صاحب یہ زمین ہمارا خاص آدمی فاروق سنبھالتا ہے سارا حساب کتاب وہی دادا سائیں تک پہنچاتا ہے !

لیکن مجھے اس حساب میں فرق لگ رہا ہے...

جی صاحب کیوں کہ اس زمین کا تیس فیصد منافہ میرے شہزاد اپنے پاس رکھتا ہے! ملازم کے بتانے پر اسکی شفاف پیشانی پر بل نمودار ہوئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں؟

صاحب اس کا کہنا آدھی زمین اس کے حصے کی ہے دادا سائیں نے اس عمر میں لڑائی جگڑے سے بچنے کے لیے اس کی بات مان لی ....

Posted On Kitab Nagri

یہ تو کچھ نہیں ہے نائل بابا... میر شہزاد نے تو ہم سب کی ناک میں دم کر رکھا ہے کچھ دن پہلے ہی کسی غریب کے گھر کا ستیاناس کر کے گئے صرف اس وجہ سے کہ ان کے کرائے میں دیر ہو گئی تھی.... ایک شخص اسے تفصیل سے آگاہ کرنے لگا جس پر اس کے ماتھے کے بل مزید گہرے ہوئے

نائل بابا آپ ہی کچھ کریں..

یہ کیا کریں گے ان سے تو اپنے گھر کی زمے داریاں نہیں سنبھلتی تو یہاں کیا خاک کارنامہ انجام دیں گے ؟اس کے الفاظوں پر جہاں باقی سب حیران ہوئے وہی نائل نے تیوری چڑھا کر اسے دیکھا

واٹ ڈا..... تم یہاں کیا کر رہی ہو؟ وہ اپنی کرسی سے اٹھ کر غرایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں؟ میں یہاں کیا کر رہی ہوں آپ خود تو مجھے ساتھ لے کر آئے تھے میری دوست کے گھر چھوڑنے کے لیے اور اب ایک گھنٹے سے جب میں باہر انتظار کرتے کرتے تھک کر اندر آئی ہوں تو یہ جناب کہ رہے ہیں میں یہاں کیا کر رہی ہوں؟ دیکھ رہے ہیں آپ سب یہ طریقہ کار ہے ان کا اپنے گھر کی خواتین کے لیے !وہ سب پر نظر ڈالتی مظلوم بنی بولی کے آس پاس کے لوگوں اس کی باتوں پر طرح

Posted On Kitab Nagri

طرح کی چہمک گوئیاں کرنے لگے تھے کے اس کے فر فر جھوٹ بولنے پر نائل سر مئی آنکھوں میں سرخی لیے اس کے پاس پہنچا

تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے کیا؟وہ اسکے پاس کھڑا ہلکی آواز میں غرایا

صبح ڈانٹ پٹوائی تھی نا پھوپھو سے اب میری باری ہے بدلے کی!وہ اس کے غرانے کا آثر لیے بغیر ڈھٹائی سے بولتی نائل کو آگ لگا گئی

تمہارے بدلے تو میں دلواتا ہوں پاگل لڑکی فلحال اپنی چادر سے مکڑی ہٹاؤ...وہ جو اسکی باتیں سر کے اوپر سے گزار رہی تھی آخری بات پر چیختی ہوئی اچھلی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہٹائیں اسے...

نائل بابا انہیں کیا ہوا؟ڈیرے پر موجود لوگوں پر یشانی سے بولے

Posted On Kitab Nagri

وہ دراصل میری کزن کا دماغی توازن تھوڑا خراب ہے میں نے کہا بھی تھا شام میں ڈاکٹر کے پاس چلیں گے لیکن یہ ابھی اٹھ کر آ گئی... وہ اسے ایسے چادر سے الجھتے دیکھ دبی دبی آواز میں بولا کے اسکی بات پر گاؤں کے لوگوں نے افسوس سے ولیہ کی طرف دیکھا کے اپنی طرف لوگوں کی نظریں دیکھ کر وہ خجل سی ہوتی رخ موڑ گئی

اس کی میڈیسن کا ٹائم ہو گیا ہے چلتا ہوں! وہ اسکا ہاتھ تھامے تیزی سے باہر کی طرف بڑھا کے پیچھے سے آتی آواز پر ولیہ کی رنگ سرخ پڑی وہی وہ بامشکل اپنی ہنسی کا گالہ گھونٹ گیا

بیچاری اچھی صورت ہوتے ہوئے بھی دیکھو دماغی مریض ہے تتتو مولا تیرے فیصلے! کسی کے جملے پر وہ حیر تذدہ سی نائل کی طرف دیکھنے لگی کے اس کے کچھ بولنے سے پہلے ہی نائل اسکا ہاتھ تھامے تقریبا گسیٹتے ہوئے اسے گاڑی کے پاس لے گیا

کیا کہا میں پاگل لوں؟ آپ آپ خود پاگل ہونگے آپ نے جھوٹ کیوں کہا؟ وہ اس پر جھٹپتی تیش سے بولی

Posted On Kitab Nagri

پہلی بات تو یہ کے میں نے کوئی جھوٹ نہیں بولا اور دوسری بات کہ میرے ایک جھوٹ بولنے سے تمہارے اتنے سارے جھوٹوں کا ریکوڈ نہیں ٹوٹے گا گاڑی میں بیٹھو!وہ ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھتا اپنے الفاظوں سے اسے مزید آگ بغولہ کر گیا

میں نہیں بیٹھو گی پاؤں سلامت ہیں میرے پیدل جا سکتی ہوں...ویسے بھی یہاں سے گھر تک کے سو روپے بنا دیں گے آپ !

اوکے فائن آؤ پیدل!اسے وہی چھوڑے وہ گاڑی زن سے بھاگا گیا کے وہ پیچھے پیر پٹک کر رہے گئ

ہاؤ روڈ...ہٹلر کہیں کا!پیچھے وہ خود سے منمناتی تیز تیز چلنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

شام کے پانچ بجے تک وہ سب دادا سائیں کی بیٹھک اکٹھے ہوئے تھے گھر کے سب بڑوں کے بعد صرف نائل تھا جو وہاں موجود تھا

Posted On Kitab Nagri

ولیہ گھر آتے ہی وشمہ کے روم میں چلی گئی تھی جو کل سے اس سے سیدھے منہ بات نہیں کر رہی تھی اور زارون باہر نکل گیا تھا کیوں کہ داداسائیں نے صرف بڑوں بڑوں کو بیٹھک میں آنے کا حکم دیا تھا

سب پر ایک نظر ڈالنے کے بعد داداسائیں نے بات کا آغاز کیا

فرحانہ.. آپ جانتی ہیں جاوید کے انقال کے بعد جب سے آپ یہاں قیام پذیر ہوئی ہیں آپ کے بھائیوں نے اور بھابھیوں نے کبھی آپ کے اور وشمہ کے ساتھ فرق نہیں کیا....

جی داداسائیں میں جانتی ہوں! فرحانہ بیگم اپنے بھائیوں ہر نظر ڈالتی محبت سے بولیں کے ان کی باتوں پر وہ خاصا بدمزہ ہو کر ٹیک لگائے بیٹھا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں یہ ضرور ہے کہ ولیہ ہماری اکلوتی پوتی ہونے کے باعث ہمارے لیے سب سے اہم رہی ہے لیکن اس کا ہر گز یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم وشمہ کے فرض سے پیچھے ہٹ گئے یہی وجہ ہے کہ ہم وشمہ کا فرض پورا کرنا چاہتے ہیں... ان کی بات پر فرحانہ بیگم نے نا سمجھی سے سب کو دیکھا

Posted On Kitab Nagri

کیا مطلب بابا؟

مطلب یہ کہ ہم نائل اور وشمہ کی بات کر رہے ہیں... داداسائیں کے کہنے پر فرحانہ بیگم کو خوشگوار حیرت نے آگھیرا وہی دوسری طرف نائل جھٹکے سے اٹھا تھا

مجھے وشمہ سے شادی نہیں کرنی... اسنے اٹھتے ہی سب کے سروں پر دھماکہ کیا

نائل!رباب بیگم داداسائیں کو غصے میں آتا دیکھ اسے ٹوک گئیں

یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں نائل ہم نے آپ کی پسند کے مطابق فیصلہ کیا ہے آپ نے خود اپنی والدہ سے کہا ہے کہ آپ کسی میں دلچسپی نہیں رکھتے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو اس کا مطلب ہر گز یہ نہیں ہے کہ میں وشمہ سے شادی کرلوں... میں شادی نہیں کرنا چاہتا... اس کی آواز میں سختی محسوس کرتے داداسائیں ایک لمحے کو خاموش ہو گئے

Posted On Kitab Nagri

شادی تو آپ کو کرنی پڑے گی وشمہ سے نہیں تو پھر کس سے شادی کرنی ہے آپ کو؟اب کے دادا سائیں قدرے اونچے لہجے میں بولے

میں صرف اتنا جانتا ہوں کہ میں وشمہ سے ہر گز شادی نہیں کروں گا آپ سب اس بات کو اپنے دماغ سے نکال دیں....درشتی سے کہتا وہ لمبے لمبے ڈھک بھرے کمرے سے نکال گیا

دیکھ رہے ہیں آپ بابا سائیں یہ کیسے میری بچی کو دھتکا کر گیا ہے...اس کے جاتے ہی فرحانہ بیگم آگ بگولہ ہوئی

خدا کا خوف کرو فرحانہ وشمہ ہماری اپنی بچی ہے تم جانتی تو ہو نائل زرا جزباتی ہے میں بات کرو گی اس سے!رباب بیگم بات سنبھالتی بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ارسلان بہتر ہے آپ اپنے صاحب زادے سے پوچھ لیں آخر وہ کرنا کیا چاہتے ہیں یا ہم سمجھ جائیں کے بچپن سے ان کی ہر خواہش پوری کر کے ہم سے غلطی ہو گئی ہے؟ دادا سائیں اپنی بات کر کے اٹھتے چلے گئے کے ان کے نکلتے ہی ارسلان صاحب اور رباب بیگم نے نائل کے کمرے کی طرف رخ کیا تھا

اپنے روم میں آتے ہی وہ سگریٹ نکال کر صوفے پر بیٹھتا گہرا سانس بھرنے لگا کچھ ہی دیر گزری تھی کے اسکے کمرا پر دستک ہوئی جسے دیکھتے ہی وہ سمجھ گیا کون ہو سکتا ہے

آئیں بیٹھیں ڈیڈ...

بیٹھوں کیسے بیٹھوں؟ یہ کیا طریقہ تھا کس طریقے سے بات کر کے آئے ہو تم بابا سائیں سے؟ ارسلان صاحب اندر آتے ہی ڈھارے جس پر رباب بیگم نے انکا بازو تھام کر ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی

آپ بھی جانتے ہیں میں نے کچھ غلط نہیں کیا! ان کی نسبت وہ قدرے پر سکون انداز میں بولتا ایک لمحے کے لیے ارسلان صاحب کو خاموش کروا گیا

Posted On Kitab Nagri

تمہاری وجہ سے بابا سائیں نے تمہاری بچپن کی ولیہ سے منگنی ختم کر دی کیوں کہ تم دونوں ایک دوسرے کی موجودگی برداشت نہیں کرتے.. ارسلان صاحب کے الفاظوں پر وہ ٹھنکا

کیا مطلب بچپن کی منگنی؟

ولیہ تمہاری بچپن کی منگ تھی مگر دادا سائیں نے تمہارے خوشی کے لیے یہ رشتہ ختم کرنے کا فیصلہ کیا اور وشمہ کی بات چلائی... اب کے رباب بیگم نے مداخلت کی تھی

ہمم..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بچپن سے لے کر آج تک مجھ سے زیادہ انہوں نے تمہاری ہر خواہش پوری کی ہے اور تم ان کی خوشی کے لیے اتنا نہیں کر سکتے ارسلان صاحب افسوس سے بولے

مگر ڈیڈ اگر انہوں نے میری ہر خواہش پوری کی ہے تو اسکا مطلب یہ تو نہیں کے آپ لوگ میری زندگی کا سب سے اہم فیصلہ اپنی مرضی سے کر لیں؟ اسکا لہجہ زرا سخت ہوا

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے پھر بتاؤ کون پسند ہے تمہیں کس سے شادی کرنا چاہتے ہو..ہم کل ہی تمہارا رشتہ لے کر جائیں گے بولو !

فور گوڈ سیک ڈیڈ میں کتنی بار کہوں مجھے کسی میں انٹرسٹ نہیں ہے!

تو ٹھیک ہے تمہارے پاس دو دن ہیں فیصلہ کر لو کیوں اگر تمہیں باہر کسی میں انٹرسٹ نہیں ہے تو تمہارے پاس انکار کی کوئی گنجائش نہیں ہے!ارسلان صاحب درشتی سے کہتے باہر نکل گئے کے پیچھے وہ تیش سے صوفے کو ٹھوکر مار کر اٹھا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھ رہی ہیں آپ...میں بتا رہا ہوں موم میں کسی کے فیصلے کا پابند نہیں ہوں میرا جو دل کرے گا میں وہ کروں گا آپ سمجھ دیں سب کو !

Posted On Kitab Nagri

ہوش کے ناخون لونائل.. تمہارے دادا سائیں نے اپنا سب کچھ تمہارے نام کر دیا اور اب بدلے میں وہ تم سے اتنی سی امید بھی نا رکھیں ہم کیوں اپنے خاندان میں لڑکے کے ہوتے ہوئے اپنی بچیوں کو غیروں کے سپرد کریں وشمہ اور ولیہ میری اپنی بچیوں جیسی ہیں... رباب بیگم نرمی سے بولی

میں خاموش ہوں تو مجھے خاموش ہی رہنے دیں اس خاندان کی لڑکیوں کی عزت میرے لیے بھی اتنی ہی اہم ہے جتنا آپ سب کے لیے... میں وشمہ سے شادی نہیں کروں گا ڈیٹ اٹس! غصے سے ان کی بات کاٹتا وہ واک اوٹ کر گیا

یا اللہ کس امتحان میں لا کر کھڑا کر دیا ہے مجھے آپ نے؟ پیچھے وہ محض دعا کرتی رہے گئی تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

رات کے تقریبا دس بجے تک وہ کاموں سے تھک ہار کر گھر میں داخل ہوا لاونج پر ایک طائرانہ نظر ڈرا کر وہ اپنے روم کی جانب بڑھا ابھی اسنے سڑھیاں عبور ہی کی تھیں کے سامنے کھڑے وجود کو دیکھ کر اسکے ماتھے پر بل نمودار ہوئے

Posted On Kitab Nagri

یہاں کیا کر رہی ہو تم؟ اپنے کمرے کے سامنے اسے موجود دیکھ کر وہ دھیمی آواز میں غرایا

آپ کا انتظار آپ نے کیوں انکار کیا دادا سائیں کو؟ وہ نم آنکھوں سے کہتی اسے تپ چڑھا گئی کے جب سے اسے فرحانہ بیگم نے شام والی بات بتائی تھی وہ اسکے روم میں آگے انتظار میں بیٹھی تھی

کیا مطلب ہے کہ کیوں کیا تم میں شرم نام کی کوئی چیز ہے یا نہیں؟

محبت میں شرم حیا کچھ نہیں ہوتی... وشمہ اس کی طرف قدم بڑھائے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بکواس بند کرو اپنی... محبت ایک پاکیزہ احساس کا نام ہے اسے اس طرح کی بے حیائی کر کے بدنام مت کرو....

میں شرمندہ ہوں اپنی اس دن کی حرکت پر لیکن میں آپ کو کسی کا ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتی نائل... اور ولیہ کا ہرگز نہیں! اب کے اسنے ہمت کر کے نائل کا ہاتھ تھاما جسے وہ فورا سے جھٹک گیا

Posted On Kitab Nagri

اس سے پہلے میری برداشت ختم ہو نکل جاؤ یہاں سے... اگر تم میں اتنی سی بھی غیرت ہوتی تو آج پھر سے اس وقت میرے سامنے نا آتی... مجھے اندازہ نہیں تھا کہ تم اس حد تک گر جاؤ گی؟ اور اب یہ سب بکواس؟ اسنے بامشکل خود پر باقی کیا تھا وشمہ کا یہ انداز اس کی سمجھ سے تو بالاتر تھا

بکواس نہیں ہے یہ میں پیچھلے دس سال سے آپ سے محبت کرتی آئی ہوں ویسے بھی محبت اور جنگ میں سب جائز....

گیٹ اوٹ.... آئی سیڈ گیٹ اوٹ... اب کے وہ پوری قوت سے ڈھارتا اپنے روم کا دروازہ ڈھار سے بند کر گیا اس کے روایے ہر وشمہ دل برداشتہ ہوتی نیچھے کی طرف بھاگی کے اچانک ہی اس کے قدم لرکھڑائے تھے اس سے پیچھے وہ زمین بوس ہوتی دو مضبوط ہاتھوں نے اسے تھاما تھا

اسنے سر اٹھا کر اسے دیکھا جہاں زارون اسے تھامے سرخ آنکھیں لیے اسے ہی دیکھ رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

کتنی بار گرو گی...اب بھی وقت ہے سنبھال جاؤ ہر بار میں موجود نہیں ہو نگا.... قرب سے کہتا وہ اسکا ہاتھ چھوڑے اپنے آگے بڑھ گیا کے پیچھے وہ اس کے لفظوں پر بت بنی بیٹھتی چلی گئ

* * * * * * * * * * * * * *

دن جیسے چٹکیوں میں گزر رہے تھے اس دن وشمہ سے بخث کے بعد وہ ایک ہفتے اسلام و آباد بزنس کے سلسلے میں لگا کر آج گھر لوٹا تھا جہاں داخل ہوتے ہی اسے سب ناشتے کی ٹیبل پر موجود نظر آئے

اسلام و علیکم !اندر آتے ہی اسنے سب سے پہلے دادا سائیں کو سلام کیا جو اسے دیکھ کر رخ موڑ گیا

کہاں تھے ؟اس سے پہلے وہ کچھ کہتا ولیہ کی آواز پر اس جانب متواجہ ہوا جو ابرو اچکائے اس کی طرف دیکھ رہی تھی

تم سے مطلب ؟جوابا اسنے بھی ابرو اچکائی

Posted On Kitab Nagri

جی ہاں جانتے بھی ہیں آپ کی وجہ سے تائی ماں کتنی اداس اداس پھر رہی تھیں...وہ لڑاکا عورتوں کی طرح بولی کے اس کے انداز پر ٹیبل پر موجود سب لوگوں نے اپنی مسکراہٹ چھپائی

یہ تم کس خوشی میں میری اماں بن رہی ہو؟وہ تیوری چڑھائے بولا

کیونکہ آپ سے بحث کے بغیر اسے بھی کھانا ہضم نہیں ہو رہا تھا کیوں چلبل پانڈے؟زارون کے کہنے پر ولیہ نے ایک چٹ اسے رسید کی تھی

خیر مجھے کمال کی کال آرہی تھی کل اس کی بیٹی کی شادی تھی سب ٹھیک سے ہو گیا؟اسنے سب پر نظر ڈال کر پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں ہوئی..رباب بیگم روٹھنے کے سے انداز میں بولی

مطلب؟

Posted On Kitab Nagri

مطلب یہ کہ بارات نہیں آئی اینڈ موقع پر لڑکے والے فراڈ نکلے !..

ایسے کیسے فراڈ نکلے پہلے کیا چھان بین نہیں کی تھی؟

کراوئی تھی لیکن غیروں کا انسان کہاں تک پتا کروا سکتا ہے اسئلے تو کہتے ہیں بیٹیوں سے ڈر نہیں لگتا ان کے نصیبوں سے لگتا ہے !بظاہر رباب بیگم کا انداز سادہ تھا مگر وہ اس کے پیچھے کا مقصد اچھے سے سمجھ گیا تھا

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

ہمم...میں فریش ہو کر آتا ہوں !

شام کے وقت جب وہ فریش ساروم سے نکلا تو اسے گھر کا ماحول کافی پر رونق لگا تھا

یہ سب تیاریاں کیوں ہو رہی ہیں؟ وہ ولیہ کے روم کے باہر سے گزرتی ملازمہ کو روک گیا

آپ کو نہیں پتا؟ نیچے ولیہ بی بی کو دیکھنے لوگ آئے ہیں اس گاؤں کی دوسری بڑی شخصیت ہے بہت چنگے لوگ ہے جی.... ملازمہ پہلی بار اس کے مخاطب کرنے پر جوش سے بتانے لگی کے اس کے چہرے پر موجود ناگوار تاثرات دیکھ کر ٹھٹھک گئی

جتنا سوال ہوتا ہے اتنا ہی جواب دیا کرو!

Posted On Kitab Nagri

معاف کیجیے گا صاحب!وہ شرمندہ سی بولی جب اس کی نظر سامنے ولیہ کے روم میں جاتے ملازم پر پڑی جو بنا نوک کیے ہی اس کے روم میں گھس گیا تھا

.

اوہ بیڑا گرد ہو بشرے تیرا...اس کے اچانک چیخنے پر نائل نے ابرو اچکا کر اس کی نظروں کے تعاقب میں دیکھا اور اگلے ہی لمحے ولیہ کے روم کا دروازہ کھولا تھا اور ایک ملازم شرمندہ سا باہر نکلا

رشیدہ باجی آپ نے سب کو بتایا نہیں ہے کہ مجھے میرے روم میں کوئی بھی بنا اجازت نہیں پسند...جب میں کسی کے روم میں بنا اجازت نہیں جاتی تو کوئی میرے روم میں کیوں آرہا ہے؟؟وہ غصے سے گویا ہوئی اور پھر ایک عدد بات اضافی کرنا تو اس کی عادت تھی کے اس کی بات پر نائل کے سامنے وشمہ کا منظر لہرایا تھا جو دو بار اس کے روم میں بنا اجازت پائی گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ بیٹی معاف کر دو یہ نیا آیا ہے میں سمجھا دوں گی !

ٹھیک ہے لیکن اب یہ غلطی دوبارا نا ہو...وارننگ دیتی وہ پلٹی تھی جب نیچے کا منظر دیکھ جز ٹھنک گئی

Posted On Kitab Nagri

اونہوں نیا عذاب آگیا ہے یہ مجھے نہیں کرنی یہ شادی وادی! نیچے کا منظر دیکھ کر وہ خاصا بدمزہ ہوتی بولی

کیوں نہیں کرنی شادی؟ نائل اس کی حالت سے محفوظ ہوتا اس کے پاس آئے بولا

کیا مطلب ابھی میں چھوٹی ہوں تازہ تازہ اکیس کی ہوئی ہوں اور سب کو میری شادی کی پڑھ گئی اپنے آپ کو ہی دیکھ لیں انتیس سال کے ہو گئے وشمہ بھی مجھ سے بڑی ہے لیکن سب کو صرف ولیہ نظر آرہی ہے !

اب جتنی بڑی مصیبت ہو گی اسے ہی گھر سے بھاگائیں گے نا! سنجیدگی سے کہتا وہ اسے آگ لگا گیا مگر کسی احساس کے تحت وہ گہرا سانس بھرے مصومیت سے اسے دیکھنے لگی

مجھے اس کبوتر سے شادی نہیں کرنی.... وہ آنکھیں ٹپٹپاتی مصومیت سے بولتی اسے حیران کر گئی

تو میں کیا کروں؟

Posted On Kitab Nagri

آپ منع کر دیں جا کر !

کیوں میں کیا تمہارا ابا لگا ہوں؟ وہ ایک بار پھر اسے تپا گیا تھا

دیکھ لیں میرا کام کر دیں فائدے میں رہیں گے... سوچیے گا بہت کام آسکتی ہوں میں آپ کے؟ ایک ادا سے کہتی وہ اپنے روم میں غائب ہو گئی کے پیچھے وہ پر سوچ انداز میں دیوار سے سر لگا گیا

****

مہمانوں سے اچھا خاصا انٹرویو لینے کے بعد وہ وہی صوفے پر بیٹھ کر ایک فیصلہ پر پہنچا تھا اب اسے صرف مہمانوں کے جانے کا انتظار تھا

کچھ دیر میں جب سب مہمانوں کے جانے کے بعد اپنے اپنے کاموں میں مصروف ہو گئے تو وہ دادا سائیں کی بیٹھک میں داخل ہوا جو اسے دیکھ کر پھر سے رخ بدل گئے

Posted On Kitab Nagri

مجھے آپ سے کچھ بات کرنی ہے!...

ہمم کرو!داداسائیں بظاہر اخبار کر نظر ڈراتے بولے

آپ ولیہ کے رشتے سے انکار کر دیں!اس کی بات پر داداسائیں نے چونک کر اسے دیکھا

کیوں کوئی وجہ؟

کیوں کہ ولیہ کی شادی مجھ سے ہو رہی ہے!عام سے انداز میں کہتا وہ داداسائیں کے اوپر بم پھوڑ چکا تھا

یہ آپ ہمیں بتا رہے ہیں یا دھمکا رہے ہیں؟اب کے وہ مزید سنجیدگی سے مخاطب ہوئے

آپ جو بھی سمجھیں میں جسٹ آپ کو آگاہ کر رہا ہوں میں ولیہ سے شادی کرنا چاہتا ہوں!اپنی بات کہ کر وہ باہر نکل گیا کے دروازے پر کھڑی رباب بیگم کو دیکھ کر رکا

Posted On Kitab Nagri

جیتے رہو...وہ نم آنکھوں سے کہتی اسکے سر پر ہاتھ پھیڑ گئیں

آپ کے لیے کچھ بھی یہ تو پھر محض ایک چڑیل کو دن رات جیھلنا ہے!دائیں آنکھ دبا کر کہتا وہ انہیں مسکرانے پر مجبور کر گیا

کیا بات ہے بھابھی آپ بہت خوش نظر آرہی ہیں...!سائمہ بیگم انہیں صبح سے گنگاتا دیکھ تجسس سے بولی

بات ہی کچھ ایسی ہے...تم سنو گی تو تمہارا بھی یہی حال ہو گا..وہ دونوں اس وقت کچن میں موجود تھیں گھر میں ڈھیروں ملازم ہونے کے باوجود کاظمی ویلا کا دستور تھا کے کھانے پینے کی چیزیں صرف گھر کی خواتین ہی بنایا کریں گی اب بھی وہ دونوں ناشتہ بنانے میں مصروف تھیں

ایسا کیا ہو گیا؟سائمہ بیگم ہنوز تجسس سے بولی

Posted On Kitab Nagri

نائل نے کل دادا سائیں سے خود اپنے اور ولیہ کے رشتے کی بات کی ہے! رباب بیگم نے گویا ان کے سر دھماکہ کیا تھا

کیا؟ مگر کیسے یہ دونوں تو ایک دوسرے کو ایک لمحہ برداشت نہیں کرتے تو پھر اب کیسے ؟

میرا بیٹا تو ویسے ہی کچھ انوکھا ہے اب تم بس اپنی بیٹی کو راضی کر لو انشاء اللہ آج ہی بابا سائیں ان کے معتلق کوئی بات کریں گے !

ناشتے کے بعد یہ خبر پورے کاضمی ویلا میں آگ کی طرح پھیل گئی تھی فرحانہ بیگم اور وشمہ کا حال بھی انگاروں پر لوٹنے جیسا تھا ولیہ صبح سے ان سب کی چہمک گوئیاں محسوس کر رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابھی بھی وہ اپنے روم میں بیٹھی انہیں سوچوں میں گھوم تھی جب سائمہ بیگم اسکا روم نوک کرتی اندر داخل ہوئیں

ولیہ میں نے تم سے کچھ بات کرنی ہے فری ہو تو بیٹھ جاؤں ؟

Posted On Kitab Nagri

جی جی بلکل بیٹھیں....کچھ دیر ادھر ادھر کی بات کرنے کے بعد سائمہ بیگم اصل بات پر آئی

ولیہ بیٹا تم جانتی ہو نا کہ اس پورے گھر میں اگر تمہارے دادا سائیں کسی کو بے تحاشہ چاہتے ہیں تو وہ صرف تم ہو تو اگر وہ تمہارے لیے کوئی فیصلہ کریں گی تو وہ بھی یقیناٹھیک ہو گا....سائمہ بیگم تمہید باندھتی بولی

جی موم!

تمہارے دادا سائیں نے تمہاری شادی کا فیصلہ کر لیا ہے!ان کی بات اسے کوئی خاص حیرت نہیں ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بٹ موم میں اتنی جلدی آپ لوگوں کو چھوڑ نہیں جانا چاہتی...وہ روہانسی ہوتی ان کے گلے لگی ل

تو کس نے کہا ہے تم ہمیں چھوڑ کر جا رہی ہو؟سائمہ بیگم نے اپنی مسکراہٹ ضبط کرتی بولی

Posted On Kitab Nagri

کیا مطلب؟

مطلب یہ ہے بابا سائیں نے تمہاری اور نائل کی شادی کا فیصلہ کیا ہے!وہ جو ان کے گلے سے لگی بیٹھی تھی ان کی بات پر کرنٹ کھا کر پیچھے ہوئی

کیا... کیا کہہ رہی آپ...بلند آواز بولتے بولتے کسی احساس کے تحت اس کی آنکھیں چمکی

ٹھیک ہے موم مجھے کوئی مسئلہ نہیں آپ نائل سے پوچھ لیں وہ شاید اس رشتے کے لیے راضی نا ہوں! اسے یقین تھا نائل کبھی اس رشتے کے لیے راضی نہیں ہو گا

نائل کو کوئی مسئلہ نہیں ہے اسنے ہی تو کل دادا سائیں سے تمہارے اور اس کے رشتے کی بات کی ہے...ان کے انشاف کر صیح معینوں میں ولیہ کے سر پر دھماکہ ہوا تھا

ککککیا؟ یہ انہوں نے خود کہا آپ سے؟

Posted On Kitab Nagri

ہاں...

انہیں تو میں دیکھتی ہوں! تیش سے کہتی وہ انہیں روم میں ایسے ہی چھوڑے اس کے روم کی طرف بڑھی

****

وہ جو اپنے روم میں بیٹھا لیپ ٹوپ کھولے کسی امپورٹنٹ فائل پر کام کر رہا تھا ڈھار کی آواز پر اسنے پیشانی پر بل لیے دروازے کی طرف دیکھا جہاں سے وہ سرخ چہرا لیے داخل ہوتی اس کے سر پر پہنچی

کیا بات کی ہے آپ نے دادا سائیں سے؟ وہ بول کم چنخی زیادہ تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا بات کی میں نے؟ اس کے تپا ہوا چہرا دیکھ کر وہ محفوتا ہوتا پر سکون انداز میں بولا

آپ نے ان سے میرے اور اپنے رشتے کی بات نہیں کی کیا؟

Posted On Kitab Nagri

ہاں تو اس میں غلط کیا ہے تم ہی تو کہا تھا تمہیں اس کبوتر سے شادی نہیں کرنی اسلئے میں نے سوچا اپنی قربانی دے دوں...وہ ہنوز ٹھنڈے لہجے میں کہتا اسے آگ لگا گیا

آپ کا دماغ خراب تو نہیں ہو گیا.....!ولیہ اب کے مزید غصے غرائی

میرا دماغ تو بلکل ٹھیک ہے تم ہی اوور ری ایکٹ کر رہی ہو ایک تو اچھا خاصا ہنڈسم لڑکا مل رہا ہے اوپر سے مصنوئی غصہ دیکھا رہی ہو دل میں تو لڈو پھوٹ رہے ہونگے!اس کی سرخ شکل دیکھ کر وہ عام سے کہتا جا رہا تھا جبکہ دوسری طرف ولیہ کا دل کیا کوئی چیز اٹھا کر اس کے سر پر دے مارے

بھاڑ میں جائیں...اس کے ٹھنڈے انداز پر وہ ضبط کرتی کمرے سے نکلنے لگی جب نائل نے اسکا ہاتھ تھام کر روکا

اچھا رکو تو صیح مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے وہ اسکا ہاتھ تھامے اپنے مقابل کرتے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

لیکن مجھے اب آپ سے کوئی بات نہیں کرنی سمجھتے کیا ہیں آپ خود کو... آپ نے کیوں دادا سائیں سے ہم دونوں کی بات کی کیوں انکار نہیں کیا !

میرے پاس کوئی اوپشن نہیں تھا اگر میں انکار کرتا تو تمہاری شادی وہ اس معصوم سے کروا دیتے اور تم جیسی سر پھری لڑکی کا گزارا اس جیسے معصوم لڑکے کے ساتھ نہیں ہے وہ معمول کے برعکس خاصا مصومیت سے بولا

تو میرے جیسی سر پھری لڑکی کا گزارا آپ جیسے سر پھڑے انسان کے ساتھ بھی نہیں ہے ہٹلر کا ظمی!

یہ تو اب وقت ہی بتائے گا کس کا گزارا کس کے ساتھ ہوتا ہے چڑیل کا ظمی...!اسکا انداز اص کچھ بدلہ تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا مطلب ایک بات اپنے ذہن میں بیٹھا لیں میں مر جاؤں گی لیکن آپ سے شادی نہیں کروں گی!وہ تیش سے بولی

Posted On Kitab Nagri

تو مجھے کونسا تم سے شادی کرنی ہے؟ جاؤ جا کر منع کر دو! اسنے کندھے اچکائے تھے جس پر ولیہ نے چونک کر اسے دیکھا

آپ آپ نے جان کر یہ کیا ہے نا؟ مجھ سے بدلہ لیا ہے نا اس دن سب کے سامنے انسلٹ کرنے کا؟ اس کی بات پر نائل کے چہرے پر یکدم مسکراہٹ ابھری تھی

میرے بدلے تو تم سے شادی کے بعد شروع ہونگے ولیہ کاظمی... جنہیں شاید برداشت کرنے کی تم میں سکت بھی نا ہو... سو جسٹ ویٹ اینڈ واچ تمہیں پتا لگے گا نائل کاظمی سے پنگہ لینے کا انجام کیا ہوتا ہے جاؤ بچا سکو تو بچا لو خود کو نائل کاظمی سے! وہ ایک قدم اس کی طرف مزید بڑھائے اسے ڈراتا خود اپنا لیپ ٹوپ اٹھائے باہر کی جانب بڑھ گ ءز

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آئی ہیٹ یو! وہ پیچھے سے بری طرح سے چلائی تھی کے اسکی آواز سے وہ جاتے جاتے پلٹا تھا

آئی ہیٹ یو مور ولیہ کاظمی! ایک آنکھ دبا کر کہ کر وہ لمبے لمبے ڈھگ بڑھے وہاں سے غائب ہو گیا

Posted On Kitab Nagri

آہ....میں انہیں چھوڑوں گی نہیں بد تمیز ہٹلر کہیں کے !غصے سے کہتی وہ بھی اس کے روم سے نکلنے لگ تھی جب نامحسوس انداز میں اسنے نظر پورے کمرے میں درائی جہاں ہر چیز نفاست سے سیٹ کیے رکھی تھی کے یکدم ہی کچھ خیال آنے پر اس کی آنکھیں چمکی اور اگلے پندرہ منٹ میں وہ اچھے خاصے کمرے کا بیڑا غرق کرتی جلدی سے باہر نکل گئی کے باہر آتے ہی اس سے وہ واپس روم میں آتا دیکھائی دیا اسے دیکھتے ہی وہ ٹیرس پر بھاگ گئی

وہ جو اپنا سیل روم سے اٹھانے کے لیے لوٹا اپنے کمرے کی حالت دیکھ کر ٹھنکا

ایک لمحے کو اسے لگا وہ کسی غلط جگہ آگیا ہے مگر اگلے ہی لمحے اس کی آنکھوں کے سامنے اس آرٹ کے آرٹس کا چہرہ لہرایا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واٹ ڈا.....چڑیل کہیں کی تم بچو مجھ سے اب !اس کی ڈھار سن کر ٹیرس پر موجود ولیہ کو اپنے اندر تک سکون اترتا محسوس ہوا

Posted On Kitab Nagri

ویٹ آئنڈواچ نائل کا ظمی ایسا ناک میں دم کروں گی کے تم خود مجھ سے پیچھا چھڑواؤ گے !ایک ادا سے کہ کر وہ اپنے روم میں چلی گئی

* * * * * * * * * * * * * * * * * *

ایسا کیسا ہو سکتا ہے ماں وہ دونوں تو ایک دوسرے کی شکل تک دیکھنا پسند نہیں کرتے تھے !اسے جب سے پتا لگا تھا وہ کمرے میں ایسے ہی بیچینی سے چکر لگا رہی تھی

بیٹھ جاؤ وشمہ میرے سر میں درد کر دیا ہے تم !فرحانہ بیگم اسے ڈانٹتی بولی

پر ماں مجھے سمجھ میں نہیں آرہا نائل نے کیوں اس کو مجھ پر ترجیح دی؟اس کی سمجھ سے تو اب تک نائل کا فیصلہ باہر تھا

Posted On Kitab Nagri

کیوں نا کرتا وہ اسے پسند؟ اتنی خوبصورت ہے اوپر سے بابا کی لاڈلی ہے اور کیا معلوم نائل کو اسنے ہی اپنی خوبصورت سے متاثر کیا ہو! فرحانہ پھوپھو اس کی طرف دیکھتی بولی تو وشمہ کی آنکھوں میں یکدم ہی ولیہ کا چہرہ لہرایا جس سے اس کے چہرے پر ناگواری چھائی

آپ کچھ کریں اماں یہ شادی روکیں! اسنے اب امید سے فرحانہ بیگم کو دیکھا

اپنے دماغ سے ان فضول چیزوں کو نکال دو وشمہ.... یہ شادی اب کسی صورت نہیں رکے گی کیوں کہ یہ نائل کی مرضی ہے اور تم جانتی ہو وہ اپنی مرضی کا مالک ہے! فرحانہ بیگم کی بات پر وہ پھر سے انگارے چبانے لگی

رات کے کھانے کی ٹیبل بھرپور لوازمات سے سجائی گئی تھی جس میں کچھ کھانا نائل کی پسند کا تھا اور کچھ ولیہ کی آج کے پورے دن میں صرف کھانے کا دیکھ کر اس کا موڈ بحال ہوا تھا

تو پھر کیا سوچا آپ نے فرحان؟ دادا سائیں کے سوال پر اسنے تپ کر نائل کی طرف دیکھا جو بے زر سا کھانے سے انصاف کر رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

سوچنا کیا ہے بابا سائیں نائل میرا اپنا بچہ ہے ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے! فرحانہ صاحب کی آواز پر سب ہی کھل اٹھے تھے سوائے دو نفوس کے جن میں وشمہ اور ولیہ شامل تھیں

مبارک ہو بہت بہت.... شمیم جا کر میٹھائی لے کر آؤ میں منہ تو میٹھا کرواؤں.... رباب بیگم تو خوشی سے پھولے نا سما رہی تھیں

ولیہ بچے کو تو کوئی اعتراض نہیں ہے؟ دادا سائیں اب اس کی جانب متواجہ ہوے

میرے اعتراض سے کیا ہوتا ہے آپ لوگوں نے تو اپنی کرنی ہے! وہ چاہتے ہوئے بھی اپنی ناگواری چھپا نہیں پائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مت پوچھیں دادا سائیں دل میں لڈو پھوٹ رہے ہیں ان کے! نائل اس کی طرف دیکھے خود بغیر مسکراہٹ کے بولا جبکہ اس کی بات پر ٹیبل پر موجود افراد کھل کر ہنسے کے اس کی بے باکی کر ولیہ نے زور سے اپنا پاؤں اسکے پیر پر مارا تھا جس پر وہ کراہ اٹھا

Posted On Kitab Nagri

آہ...

کیاہوانائل؟سائمہ بیگم فکر مندی سے بولی

کچھ نہیں چچی...چڑیل نے حملہ کیاہے!آخری جملہ اسنے قدرت دھمے کہاتھا

ویسے ولیہ... آئی مین بھابھی اب تومجھے تمہاری ناچاہتے ہوئے بھی عزت کرنی پڑے گی!زارون کے لقمے پر اسنے خونخار نظروں سے اسے گھورا

تمہارابھائی کیاکم ہے جو تم بھی آگئے ہو؟گھور کر کہتی وہ اپنے روم کی طرف بھاگ گئی

اسے کیاہوا؟فرحانہ بیگم اسے جاتادیکھ تشویشی انداز میں بولی

کچھ نہیں شرماگئی...زارون ایک بار پھر شرارت سے کہتاسب کو ہنسنے پر مجبور کر گیا

Posted On Kitab Nagri

وشمہ یار تمہیں کیا ہو گیا ہے اتنے دن ہو گئے تم منہ پھلائے ہوئے ہو میں نے کیا کر دیا جو مجھ سے بھی ناراض ہو تم؟رات میں سب کو لاونج میں باتوں میں مصروف وہ وشمہ کے پاس آئی جو اس وقت اپنے بیڈ پر بیٹھی موبائیل میں مصروف تھی

تمہاری وجہ سے ہی تو سب ہوا ہے ولیہ کاظمی!اسنے ہنکار بھرا

میں نے کیا کیا میں تو مصوم سی بچی ہوں...ولیہ اسکا طنز سمجھے بغیر آنکھیں مٹکاتی بولی

مصوم؟ہاں صیح کہا جبھی تمہاری اس مصومیت نے نائل کو اپنا گرویدہ بنالیا؟اسنے ایک بار پھر طنز کیا

کیا کہ رہی ہو میں کیوں اس ہٹلر کو اپنا گرویدہ بناؤں گی انہیں خود آفت مول لینے کی سوجھی ہے میں بھی ایسا تگنی کا ناچ نچاؤں گی یاد رکھے گے!..خیر چلو باہر آجاؤ تائی ماں بلا رہی ہیں!محبت سے کہتی وہ خود باہر چلی گئی کے پیچھے وشمہ اس کی پشت کو گھورے نجانے کونسے منصوبے بنانے لگی تھی

Posted On Kitab Nagri

.

رات کے گیارہ بجے وہ سب سے باتیں کرنی کے بعد اپنے روم میں لوٹی ہمیشہ کی طرح آج بھی اس کے روم کی لائٹ قدرے ڈیم تھیں وہ جمائی لیتی اپنی الماری سے کپڑے نکالنے کی غرض سے الماری کھول گئی کے سامنے کا منظر دیکھ کر اسکا پارا ہائی ہو یا

ہٹلر کے بچے....وہ خیچتی ہوئی اپنی الماری میں چیزیں پلٹنے لگی

چلاؤ مت ادھر ہی موجود دوں... تمہاری طرح بھاگنے کی عادت نہیں ہے مجھے !اس کی حالت انجوائے کرتا وہ بظاہر سنجید گی سے بولا کے اس کی آواز پر وہ جھٹکے سے مڑ کر اسے دیکھنے لگی جو اس کی الماری کا حشر نشر کرنے کے بعد مطمئن سا بیڈ پر بیٹھا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کا دماغ درست ہے؟ وہ اس پر جھپٹتی غصے سے بولی

دیکھو جب میں نے تمہیں اس وقت کچھ نہیں کہا تو تمہارا بھی نہیں بنتا... میں نے جسٹ اپنا بدلہ پورا کیا! وہ مطمئن سا کہتا اسے مزید تپش دلوا گیا

Posted On Kitab Nagri

آپ کو شرم نہیں آتی لڑکیوں کی الماری میں غصے ہوئے ؟وہ اپنی الماری چیک کرتی اسے گھورے لگی

پہلی بات تمہیں شرم نہیں آئی لڑکوں کی الماری میں گھستے ہوئے اور دوسری بات میں کسی اور کی نہیں اپنے ہونے والی بیوی کی الماری میں گھسا ہوں!اس کے اچانک بولنے ایک لمحے کو ولیہ کی زبان کنگ ہوئی

.

کیا باتیں کر رہیں جائیں اب یہاں سے کوئی آگیا وشمہ کی بات سچ ثابت ہو جائے گی !

کیا مطلب کیا کہا ہے اس نے ؟اس کے ذکر پر وہ سنجیدہ ہوتا بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وشمہ کے لحاظ سے میں نے آپ کو اپنا گرویدہ کیا ہے!

اسے کہنا یہ طریقے میرے نہیں ہے جس کے ہیں وہ اچھی طرح جانتی ہے!نائل اسکا ہاتھ تھامے سنجیدگی سے بولا کے اس کے قریب آنے پر وہ سٹپٹائی

Posted On Kitab Nagri

اوہ ہو وہ جسٹ مزاق کر رہی تھی! اپنا ہاتھ چھڑواتی وہ عام سے انداز میں بولی کے اس کے عقل پر نائل عش عش کر اٹھا

ایک بات تو بتاؤ... جب دماغ بٹ رہا تھا تو ہم کہاں چھپ گئی تھیں؟ وہ سر جھٹک کر کہتا باہر نکل گیا کے اس کے جانے کے پانچ منٹ بعد اسے احساس ہوا تھا وہ کیا کہ کر گیا ہے

آہ... ہٹلر کے بچے !

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے ولیہ دیکھو زرا کتنے پیارے سوٹ ہیں نا یہ.... سائمہ بیگم اور رباب بیگم اسے یونی سے آتے دیکھ ادھر بلانے لگی جس پر وہ منہ بسورتی ان کے پاس آئی

کیا ہوا منہ کیوں لٹکا ہے میری بیٹی کا؟ کپڑے دیکھاتے ہوئے بابا جی اسے دیکھتے محبت سے بولے

Posted On Kitab Nagri

دیکھیں نا کریم بابا ابھی میری عمر کی کیا ہے اور ان لوگوں کو شادی کی لگ گئی ہے!وہ انہیں دیکھتی رہا نسی ہو کر بولی

ارے کیسی باتیں کر رہی ہو بیٹی تم نے کونسا دور چلے جانا ایک ہی گھر میں تو رہنا ہے اور ویسے بھی کسی ارے غیرے سے شادی تھوڑی ہو رہی ہے تمہاری بلکہ نائل بابا سے ہو رہی ہے... کریم بابا نائل کے لیے محبت پاش انداز میں بولے کے ان کے کہنے پر اسکا حلق تک کڑوا ہوا اب وہ انہیں کیا بتاتی کے سارا مسئلہ ہی اس ہٹلر سے شادی کا ہے

چلو اب جلدی سے بتاؤ کونسا سوٹ لیں؟رباب بیگم کے کہنے پر وہ سوٹ دیکھنے لگی

.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں یہ پستا کلر تو کبھی نالوں میں!وہ خاصا بدمزگی سے کہتی دوسرے سوٹ دیکھنے لگی کے باہر جاتے ہوئے نائل کے کان میں اس کی آواز پڑھتے ہی اس طرف آیا

کیا ہو رہا ہے؟ایک نظر اس منہ پھلائے بیٹھی چڑیل کو دیکھ کر وہ باقی سب سے مخاطب ہوا

Posted On Kitab Nagri

بس یہ سوٹ آئے تھے ولیہ کے لیے وہی دیکھ رہے تھے!سلمہ بیگم مسکرا کر بتانے لگی

تو پھر کونسا پسند آیا؟

ابھی تک تو کوئی اسے کچھ سمجھ ہی نہیں آرہا!رباب بیگم پر سوچ انداز میں بولی

تو پھر میں کچھ ہیلپ کروں؟اسنے کہ کر ایک نظر ولیہ کی جانب دیکھا جو اب خونخار نظروں سے اسے گھور رہی تھی

ہاں بلکل بیٹا بولا... سلمہ بیگم کے کہنے پر اس کی سرمائی آنکھیب چمکی

یہ پستا کلر والا سوٹ اچھا لگ رہا ہے..یہ لے لو!سنجیدگی سے اسے کہتا وہ فون بجنے پر باہر نکل گیا

میں یہ نہیں لوں گی !

Posted On Kitab Nagri

بری بات ولیہ..ہہ سوٹ نائل نے پسند کیا ہے تو تمہیں لینا چاہیے ویسے بھی شادی کے بعد شوہر کے لیے ہی تو بیویاں تیار ہوتی ہیں!رباب بیگم کے کہنے پر لب بھینچ کر رہے گئ

****

دسمبر کا مہینہ شروع ہوتے ہی ٹھنڈی ہواؤں اور ہلکی ہلکی برف باری نے حویلیاں کا رخ کر لیا تھا جہاں اس علاقے کے کچھ لوگ ٹھنڈ سے تنگ تھے وہی دوسری طرف کاظمی ویلا میں ہلچل سی مچی تھی

ولیہ اٹھ بھی جاؤ....اگلے ہفتے تمہاری شادی ہے اور تم ہو کے ابھی تک اسی روٹین پر چل رہی ہو کھڑی ہو جلدی!سائمہ بیگم اسکے روم کی چیزیں سمیٹتی تاسف سے بولی

کیا ہو گیا موم...ابھی تو صرف آٹھ بجے ہیں اور آپ کیا ہر وقت مجھے یاد کرواتی پھڑتی ہیں کے میری شادی ہو رہی ہے اچھے سے یاد رہتا ہے مجھے کے بربادی ہو رہی ہے میری....وہ منہ کر بولی

.

Posted On Kitab Nagri

آٹھ نہیں گیارہ بج رہے ہیں بابا سائیں بھی ناشتے پر تمہارا پوچھ رہے تھے اور ہاں بربادی تو ہو رہی ہے لیکن آپ کی نہیں بلکہ نائل کی! اپنی موم کے منہ سے اپنے لیے اتنے عظیم خیالات سن پر اسکا منہ مزید پھول چکا تھا

مجھے تو لگتا ہے آپ میری سگی ماں ہیں ہی نہیں بلکہ تائی نے مجھے آپ کو دے کر آپ سے وہ ہٹلر لے لیا ہو گا جبھی آپ اسے اتنا کرتی ہیں اور مجھ... ابھی اس کی بات مکمل نہیں ہوئی تھی جب ہوا میں اڑتی ہوئی چپل اسکے بازو پر آ کر لگی

کوئی عقل ہے تمہیں جو منہ میں آیا بول دیتی ہو اگر یہی حال رہا نا تو نائل بہت جلد تنگ آ جائے گا....

یہی تو میں چاہتی! ان کی بات پر وہ واشروم کی طرف بھاگتی ہوئی بولی کے وشروم میں گھسنے سے پہلے ہی ایک اور چپل اسے رسید ہوئی جو کے اس کی کمر پر جا کر لگی تھی

Posted On Kitab Nagri

آہ...ویسے ناساری ماؤں کے لیے چپل کمپیٹیشن ضرور ہونا چاہیے کسی چیز میں نشانہ لگے نا لگے لیکن یہاں نہیں چوکتا.....کمر مسل کر کہتی وہ واشروم میں بند ہو گئی کے پیچھے سائمہ بیگم ایک بار پھر اپنا ماتھا پیٹ گئیں

کچھ دیر بعد جب وہ فریش سی لیمن کلر کے سوٹ پر فریش سی بالوں کو چٹیاں میں باندھے اپنے ڈوپٹے کو ہلکا سا سر پر ڈالے نیچے آئی تو اس کی نظر گیٹ سے اندر آتی اپنی خالہ اور ان کے بچوں پر گئی جنہیں دیکھتے ہی وہ ایکسائٹڈ سی ان کے پاس بھاگی کے اچانک سے اسکا پیر موڑا اس سے پہلے وہ زمین بوس ہوتی دو مضبوط ہاتھوں سے اسکا سنبھالا

آہ.....وہ دونوں آنکھیں میچیں چلائی کے اپنے نا گرنے پر اسنے آنکھیں کھولی اور سامنے موجود وجود کو دیکھ کر اسنے گہرا سانس بھرا

بس بس لڑکی اتنی ایکسائمنٹ؟ سبحان اسے سیدھا کر تاشرارت سے بولا کے ولیہ اسے چٹ رسید کرتی اپنی خالہ کی طرف بڑھی

Posted On Kitab Nagri

کے یہ منظر سامنے سے آتے نائل کو سخت ناگوار گزرا تھا

.واہ بھئی ابھی سے مایو بیٹھ گئی ہے ہماری دلہن....وفا شرارت سے اسے چڑتی بولی جس پر وہ بھی محض مسکرا گئی

یہ دیکھو دلہا صاحب بھی آ گئے....زکر پر ولیہ کا حلق تک کڑوا ہوا

ارے ارے مسکرا لو بھئی اب کچھ نہیں کہیں گے !وفا اس کے بدلتے تاثرات پر ہنوز شرارت سے بولی

یہ دراصل صرف مجھے دیکھ کر ہی نہیں مسکراتی باقی سب سے اچھی خاصی ہے ان کی !اس کے کچھ بولنے سے پہلے ہی نائل اس کے قریب سے گزرتا مدھم آواز میں بولا کے اس کی بات پر ولیہ محض اس کی پشت گھور کر رہے گئی

Posted On Kitab Nagri

رات کے کھانے کی ٹیبل پد سب کی موجودگی میں داداسائیں نے کل نائل اور ولیہ کے نکاح کا علان کی تھا جس پر معمول کے برعکس ولیہ خوشی سے چہک اٹھی تھی اب جب اس کی شادی ہو ہی اس ہٹلر سے رہی تھی تو وہ کیوں منہ پھولا کر اپنی اکلوتی شادی انجوائے نا کرے ویسے بھی نکاح کا ایونٹ تو اسکا فیورٹ تھا

ان سب کی کیا ضرورت ہے داداسائیں...شادی کے وقت کروا دیجیے گا نکاح!نائل نے مدھم آواز نے کہا جس پر داداسائیں نے سر نفی میں ہلایا

ہم جانتے ہیں آپ کو یہ سب کچھ خاص پسند نہیں لیکن ہم آپ سے یہ چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں ہمارے ارمان پورے کرنے دیں...اس علاقے کے سردار ہیں آپ!داداسائیں کے جواب پر وہ چپ لگا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آج اس علاقے کے سردار کا نکاح تھا پورے حویلیاں کو دلہن کی طرح سجایا گیا خاص پر کاظمی ویلا کو جو آج کچھ زیادہ ہی شان سے کھڑا سب کو اپنی طرف متواجہ کر رہا تھا نکاح کا انتظام ان کے وسیع لان میں کیا گیا تھا جسے سفید پھولوں سے سجا دیا گیا تھا

Posted On Kitab Nagri

حویلی کے اندر آؤتو پورے کا ظمی ویلا میں پر رونق سی ہلچل مچی ہوئی تھی

وشمہ بیٹے یہ سوٹ ولیہ کو دے آؤ!رباب بیگم نے ایک خوبصورت سا سفء د جوڑا اس کے سامنے کیا جو اسنے حسد بھری نگاہ سے دیکھا

میرے پاؤں میں درد ہے میں اوپر نہیں جا سکتی!سپاٹ انداز میں کہتی وہ رباب بیگم کو شرمندہ کر گئی

آنٹی آپ مجھے دے دیں میں ویسے ہی ولیہ کے پاس جا رہی ہوں بیوٹیشن بھی آگئی ہے!رامشہ محبت سے کہتی ان سے جوڑا پکڑے ولیہ کے روم کی طرف بڑھ گئی جہاں وفا اور بیوٹیشن پہلے سے موجود تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شکر ہے تم بھی آگئی ایک ہی بیسٹ فرینڈ ہے میری اور وہ ہی ٹائم کے ٹائم تشریف لا رہی ہے!اسے دیکھتے ہی ولیہ منہ پھلائے بولی

Posted On Kitab Nagri

میم پلزز آپ کچھ دیر خاموش ہو جائیں آپ کا میک اسٹارٹ کرنا ہے!بیوٹیشن کی بات پر ان دونوں کا قہقہ بلند ہوا تھا

نہیں آپ صیح صیح بتائیں آپ کا اس ہٹلر سے کوئی تعلق تو نہیں !

وہ میں آپ کو میک اپ کے بعد بتاؤں گی !

* * * * * * * * * * * * * * * * * *

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

کیا خبر ہے.....؟ یہ منظر ہے میر شہزاد حویلی کا جہاں لاونج میں ہی وہ ٹانگ پر ٹانگ چڑھائے بیٹھا تھا

داداسائیں کے گاؤں کو آج دلہن کی طرح سجایا گیا ہے معلوم ہوا ہے نائل کاظمی کا نکاح ہے آج! ملازم ادب سے سر جھکائے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا کس سے ساتھ؟

فرحان کاظمی کہ بیٹی....ابھی اس کی بات مکمل نہیں ہوئی تھی جب میر شہزاد نے ایک گلاس اٹھا کر اس کی طرف پھینکا

Posted On Kitab Nagri

واٹ؟ پھر سے کہنا.... فرحانہ کاظمی کی بیٹی یعنی ولیہ کاظمی کے ساتھ؟ وہ ڈھارا

جی جی صاحب انہی سے! ملازم اپنے خون آلود سر پکڑے ہنوز مؤدب انداز میں بولا

.

ابھی کے ابھی جاؤ میں اور جا کر دادا سائیں کو روکو... ولیہ کاظمی کو میں کسی کا نہیں ہونے دوں گا! اس کی ڈھار پوری حویلی میں گونجی تھی اسکے سامنے وہ منظر بار بار لہرا رہا تھا جب پہلی بار اسنے کالج کے باہر اس حسینہ کو دیکھا تھا جو کہ اس دن کے بعد سے اس کی آنکھوں سے نکل نہیں پائی تھی

****

شام کے تقریبا چار بج چکے تھے علاقے کے لوگوں نے کاظمی ویلا کا رخ کر لیا تھا

ارے لڑکیوں جلدی کرلو نیچے لوگ آنا شروع ہو گئے ہیں.... سلمہ بیگم اس کے روم میں آتی بولی جب ان کی نظر اپنی بیٹی پر گئی جو سفید گرارے اور شرٹ میں ملبوس جس پر نفیس سا گولڈن کام تھا ریڈ ڈوپٹا سر پر گھونٹ کی طرح ڈوپٹا سجائے بھوری آنکھوں کو کاجل اور مسکارے سے سجائے لائٹ سے

Posted On Kitab Nagri

میک اپ پر نیوڈ لپ اسٹک لگائے ماتھے پر جھومر لگائے خوبصورت ہاتھوں کو چوڑیوں سے سجائے پیروں میں سفید ہی ہیل پہنے وہ بے حد حسین لگ رہی تھی

ماشاءاللہ ماشاءاللہ! سلمہ بیگم آنکھوں میں نمی لیے بے اختیار اس کی پیشانی چوم گئیں

بہت حسین لگ رہی ہے میری بیٹی!

میں تو ہوں ہی حسین موم بس آج غور کیا ہے آپ نے! حسب معمول وہ شرارت سے بولی جس پر سلمہ بیگم نے اسے محبت سے چٹ رسید کی تھی

دوسری طرف نائل سفید سوٹ پر سکن شال اور سفید پگڑ پہنے تیار سا کھڑا ایک نظر خود کو شیشے پر دیکھنے لگا کے اچانک ہی اسے اس چڑیل کا خیال آیا جسے وہ آج اپنی زندگی میں شامل کرنے والا تھا

یااللہ مجھے ہمت دے! گہرا سانس بھر کر کہتا وہ باہر آیا جہاں دادا سائیں پہلے سے اسکے انتظار میں تھے اسے دیکھتے ہی انہوں نے اپنے بائیں طرف تھوکیا

Posted On Kitab Nagri

ماشاءاللہ شہزادہ لگ ہے میرا بیٹا! دادا سائیں اسکی پیشانی چومتے محبت پاش انداز میں بولے

چلو آجاؤ باہر چلیں! ارسلان صاحب اسے اپنے ساتھ لیے باہر آگئے جہاں وہ شان سے چلتا سب کو اپنی طرف متواجہ کر گیا کے اس دیکھتے ہی سب مؤدب انداز میں کھڑے ہوئے

اسے اسٹیج پر بیٹھے آدھا گھنٹہ ہو چکا تھا جب رباب بیگم نے زارون کو اپنی طرف بلایا

زارون بیٹے جاؤ جا کر بچیوں کو کہیں ولیمہ کو لے آئیں!.

جی موم.... ان کے کہنے پر زارون سر ہلاتا اسے لینے چلا گیا

کچھ ہی دیر میں وہ زارون.. سبحان... فرحان صاحب اور معصب کے درمیان پھولوں کی ڈولی کے سائے میں چلتی باہر آتی دیکھائی دی اسے آتا دیکھ علاقے کی سب خواتین شائشی انداز میں ان دونوں کی جوڑی دیکھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

وہ آستہ آستہ قدم بڑھائے اسٹیج کے قریب پہنچی جہاں نائل اسے آتا دیکھ کر رباب بیگم کے اشارے پر کھڑا ہوتا اس کے آگے ہاتھ پھیلا گیا جسے وہ شان سے نظر انداز کرتی خود اسٹیج پر چل گئی کے ہیل میں یکدم ہی اسکے قدم لڑکھڑائے جس پر نائل نے فوراہی سنبھال کر اسے اپنے قریب کھینچا

پورے لان میں ہوٹنگ کی آوازیں بلند ہوئی تھیں جبکہ اس صورت حال پر ولیہ نے گھور کر اس کی طرف دیکھا کے اس کی نظروں خود پر محسوس کر کے نائل نے غیر ارادی توڑ پر اس کی طرف دیکھا اور نائل کا ظمی کو لگا اس کے دل نے پہلی بار اپنی موجودگی کا احساس دلایا ہے
پہلی بار نائل کا ظمی کا دل کسی کو دیکھ کر ڈوب کر ابھرا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس کی نظروں خود پر محسوس کر کے نائل نے غیر ارادی توڑ پر اس کی طرف دیکھا اور نائل کا ظمی کو لگا اس کے دل نے پہلی بار اپنی موجودگی کا احساس دلایا ہے
پہلی بار نائل کا ظمی کا دل کسی کو دیکھ کر ڈوب کر ابھرا تھا

Posted On Kitab Nagri

آج پہلی بار اسنے اس لڑکی کو غور سے دیکھا تھا اور پہلی بار نائل کاظمی اپنی اندورنی حالت کو سمجھ نا سکا

کیا ہو گیا ہے کھائیں گے کیا؟ اس کے غرانے پر وہ ہوش کی دنیا میں لوٹا

کیا؟ وہ بے اختیار اس پر سے نظر ہٹائے خجل سا بولا

کیا کا کیا مطلب ہے ایسے اسٹیج پر کھڑے گھورے جا رہے ہیں لوگ بھی دیکھ رہے ہیں اگر بھوک لگ رہی تھی تو کھانا کھا کر آتے نا... اسکے بولنے پر وہ محض اسے گھور کر رہے گیا

کچھ ہی دیر میں نکاح کی تقریب کا آغاز ہو تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ فرحان کاظمی ولد فرحان کاظمی آپ کا نکاح نائل کاظمی کے ساتھ تہ پایا جاتا ہے کیا آپ کو قبول ہے؟ مولوی صاحب کی آواز پر بے اختیار اسکا دل کانپا تھا

Posted On Kitab Nagri

قبول ہے...!ایک لفظ ادا کرنے سے وہ آج اپنا آپ اس کے نام کر گئی تھی محض ایک لفظ ادا کرنے سے ولیہ فرحان کاظمی سے ولیہ نائل کاظمی بن گئی تھی وہ آج خود وہ اس شخص کے نام کر گئی تھی جس سے اسے پچپن سے چڑ رہی تھی ایک آنسو ٹوٹ کر اس کی پلکوں سے جدا ہوا تھا

اب یہی سوال مولوی صاحب نے نائل سے کیا تھا جس پر اس کی بھاری سرد آواز ولیہ کے کانوں میں پڑی

قبول ہے!

رباب بیگم نے آگے بڑھ کر ان دونوں کو گلے لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بہت مبارک ہو میری بچی.... دادا سائیں اس کی پیشانی چوم کر بولے اسکے بعد ان دونوں کے بیچ کا پردا ہٹا کر انہیں اسے نائل کے ساتھ بیٹھایا گیا تھا

کیا بیچینی ہے؟ تمہیں ٹھیک سے بیٹھو...!اس کے بار بار ہلنے پر وہ ابرو اچکا کر بولا

Posted On Kitab Nagri

تو دور ہو کر بیٹھیں نا اسے چپک کر بیٹھے ہیں دور ہوں!....

"میں کیوں دور ہوں تم ہی آ کر بیٹھی ہو میرے پاس اگر اتنا مسئلہ ہے تو اٹھ جاؤ" عام سے انداز میں کندھے اچکا کر کہتا وہ اسے آگ لگا گیا

تمیز سے بات کریں ابھی دادا سائیں کو بتا دوں گی اگر میرے ساتھ فضول گوئی کی تو... ولیہ اسے وارننگ دیتی اپنا گرا اراسیٹ کرنے لگی

تمہیں کیا لگ رہا ہے اگر تم خوبصورت لگ رہی ہو تو میں تمہیں جواب نہیں دوں گا؟ یہ آپ کی سوچ ہے مسز ولیہ کاظمی... اسکے عام سے انداز میں کہے گئے الفاظ پر وہ محض اسے دیکھ کر رہ گئی

یہ اسنے میری تعریف کی ہے یا کیا؟ خود سے پوچھ کر وہ خود ہی جھر جھڑی لے گئی کچھ ہی دیر میں نکاح کے بعد مردوں نے اپنا روایتی جھومر ڈالنا شروع کیا جب زارون نے اسے اپنے ساتھ کھینچا تھا

Posted On Kitab Nagri

کتنی خوبصورت قسمت ہے نا تمہاری؟ وشمہ اسکے پاس کھڑی سامنے ان مردوں میں دور سے ہی الگ لگنے والے نائل کو حسدیائی نظروں سے دیکھتی بولی

ہونہوں قسمت تو ضرور خوبصورت ہے مگر وہ نہیں جسے دیکھ کر تم کہ رہی ہو... ہو ہی نا جائیں خوبصورت! ولیہ اسے دیکھتی جھرجھری لیے کہنے لگی

کے یکدم فائر کی آواز سے لان میں موجود سب لوگ جھٹکے سے اس جانب متواجہ ہوئے

کون ہو تم لوگ... اور کس نے اندر آنے کی اجازت دی ہے تمہیں؟ زارون اپنی گن نکالتا ان کے سر ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دور رکھو یہ پستل ہمیں میر شہزاد نے بھیجا ہے دادا سائیں کو ان کا وعدہ یاد کروانے اظہر جو کے میر شہزاد کا خاص آدمی تھا بلند آواز میں کہتا سب کو کشمکش میں ڈال گیا

کونسا وعدہ؟ فرحان صاحب آگے آکر بولے

Posted On Kitab Nagri

داداسائیں نے ہمارے میر سے یہ وعدہ کیا تھا کے وہ اپنی پوتی کے بارے میر کو سوچیں گے مگر انہوں نے میر کو خبر کیے بغیر اپنے پوتے کا رشتہ کر دیا !

کیا بکواس ہے یہ میں نے ایسا کوئی وعدہ نہیں کیا تمہارے میر نے مجھ سے اپنی خواہش بیان کی تھی جس پر میں نے اس سے کہا تھا میں اس بارے میں سوچوں گا..اور اب خیر سے آج میری پوتی کا نکاح اس علاقے کے سردار کے ساتھ.....داداسائیں غرائے

"ایسے کیسے نکاح ہو گیا؟ طلاق دلوائیں اس کی شادی ہمارے میر سے ہی ہو گی آپ تو شکر کریں میر نے شادی کے لیے کہا ہے ورنہ میر تو رکھیل.....وہ جو کب سے ضبط کیے کھڑا تھا اس بات پر غیر ارادی توڑ پر اس کی نظر پیچھے کھڑی ولیہ پر گئی جو پھٹی پھٹی آنکھوں سے داداسائیں کو دیکھ رہی تھی اور یہاں نائل کاظمی کی برداشت ختم ہوئی تھی وہ لمبے لمبے ڈھک بڑھے ولیہ کی طرف بڑھا جہاں سبحان اسے اندر جانے کا اشارہ کر رہا تھا وہیں وہ لمبے لمبے ڈھگ بھرے اس کے قریب آتا اسکا ہاتھ تھامے اظہر خان کے سامنے کر گیا

Posted On Kitab Nagri

چیچج لگتا ہے انہیں کسی کے گھر آنے کا طریقہ نہیں معلوم...ولیہ سمجھاؤ زرا انہیں!اسکے بولنے پر ولیہ سمیت سب گھر والوں نے اسے حیرت سے دیکھا

سمجھاؤ!اب کے اس کی پکڑ ولیہ کی کلائی پر مزید مضبوط ہوئی جس پر وہ اسکا اشارہ سمجھتی ایک زوردار تھپڑ سامنے موجود میر شہزاد کے آدمی پر جڑ گئی کے اس اچانک اتفاد پر اظہر بوکھلا کر دو قدم آگے بڑھا مگر نائل ولیہ کے سامنے آتا خود اس سے نپٹنا شروع ہو گیا تھا

اندر جائیں سب...اس کی ڈھار سے لان میں موجود سب خواتین گھر کے اندر چلی گئی تھیں

کافی دیر تک ان کی حالت بدلنے کے بعد وہ ہاتھ جھاڑ کر پیچھے ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہ دینا اپنے میر سے آئندہ خود آئے....مجھے گیدروں سے لڑنے کا شوق نہیں!مزید ایک اور مکہ اس پر جھڑ تا وہ آگے بڑھ گیا

****

Posted On Kitab Nagri

میر شہزاد حویلی میں اس وقت گہرا سناٹا چھایا ہوا تھا

کیا فائدہ میرا تمہیں پالنے کا جب تم ایک آدمی سے نپٹ نا سکے.... میر شہزاد کسی زخمی شیر کی طرح بیچینی سے چکر کاٹ رہا تھا

صاحب وہ ایک ہم سب پر بھاری ہے! اظہر کانپتا ہوا بولا کے اس کی بات مکمل ہوتے ہی شہزاد نے ایک گولی چلائی تھی

تمہیں وہاں پہنچنے میں دیر کیوں ہوئی بتاؤ؟

صاحب سارے راستے بند تھے... ملازم اپنا خون آلود بازو سنبھالے مؤدب انداز میں بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے ہر حال میں وہ لڑکی چاہیے... ہر حال میں سمجھ آئی؟ اس کی ڈھاڑ ایک بار پھر حویلی میں گونجی جس پر سب اثبات میں سر ہلا گئے

* * * * * * * * * * * * * * * * * *

Posted On Kitab Nagri

رات کے تقریبا بارہ بجے وہ واپس گھر میں داخل ہوا اس سے پہلے وہ سیڑھیاں چڑھتا کچن سے آتی آوازوں پر وہ اس جانب متواجہ ہوا

یار کیا ہے ولی بنا دو نا... سبحان کچن میں کھڑا بازو باندھے بولا

نہیں تم میں شرم نام کی کوئی چیز ہے کچھ دیر پہلے ہی نکاح ہوا ہے میرا... اس پر اتنا میس کریٹ ہو گیا مین تھک گئی ہوں میں نہیں بنا رہی کافی کسی اور سے کہ دو !...

دیکھ لو آخری فیصلہ ہے ؟ سبحان ابرو اچکائے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں!

بہت ہی زیادہ بری ہو تم! وہ منہ پھلائے بولا کے اس کے اس انداز پر ولیہ بے اختیار ہنستی اسے چٹ رسید کر گئی

Posted On Kitab Nagri

اہمم....اس کے کھنکھارنے کی آواز سے وہ دونوں اس کی طرف متواجہ ہوئے

مجھے ایک کافی بنادو!...

میں.....اس کے حکم چلانے پر وہ تپ کر کچھ کہتی کے اس کے کانوں میں سبحان کی آواز گونجی

اہم اہم اب تو بنادے گی یہ میاں جی نے جو کہے دیا....اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی نائل نے اسے گھورا جس پر وہ خاموش ہوتا تیزی سے باہر نکل گیا

آپ کو کیا لگتا ہے آپ کہیں گے اور میں بنادوں گی...میں تھکی ہوئی ہوں!اس سے کہتی وہ آگے بڑھی جب نائل کا اسکا ہاتھ تھام کر شلف کے ساتھ لگایا

یہ تمہیں ہر وقت کیا صرف مجھ سے چڑ رہتی ہے باقی سب سے تو اتنے فری ہو کر بات کرتی ہو تم!نائل اسکا ہاتھ تھامے غرایا

Posted On Kitab Nagri

آپ ہوتے کون ہے مجھ سے یہ پوچھنے والے؟

تتت اتنی جلدی بھول گئی تم اگر یاد نہیں ہے تو بتا دیتا ہوں ابھی کچھ ہی دیر پہلے میرے نکاح میں میرے نام کیا گیا ہے آپ کو ولیہ کاظمی...!وہ ایک ایک لفظ چبا چبا کر کہتا ایک لمحے میں اسے ساکن کر گیا

میرے سر میں درد ہے کافی بنا کر دے جاؤ نہیں تو چچی نپٹیں گی تم سے!اسے وارن کیے وہ باہر نکل گیا کے پیچھے وہ ہوش میں آتی اپنے لب سمیت دونوں مٹھیاں بھینچ گئی

ہٹلر کہیں کا!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نائل اسے حکم دیے نکل چکا تھا جبکہ وہ اب کافی لیے اس کے روم کے باہر کشمکش میں کھڑی تھی جب وشمہ کی آواز سے اس نے گہرا سانس بھرا

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا کوئی پریشانی ہے کیا؟ وشمہ اس کے پاس آکر ابرو اچکائے بولی

ہاں وہ دراصل ہٹلر کو یہ کافی دینی ہے...

تو کوئی بات نہیں اگر تمہیں پروبلم ہے تو میں دے آتی ہوں... وشمہ کی پیشکش اس کی آنکھیں چمک اٹھی

نیکی اور پوچھ پوچھ ؟ وشمہ کو کافی کا کپ تھماتی وہ آگے بڑھ گئی کے وشمہ خوشی سے نائل کے روم میں داخل ہوئی اسے روم میں موجود نا پا کر وہ کافی بیڈ کی سائڈ ٹیبل پر رکھتی بیڈ پر بیٹھ کر اسکا انتظار کرنے لگی اگلے پانچ منٹ میں ہی وہ فریش سا گرے ٹراؤزر پہنے شرٹ لس باہر آیا کے کمرے میں موجود نفوس کو دیکھ کر اس کے ماتھے پر بل نمودار ہوئے

کیا کر رہی ہو تم یہاں؟ اس کی غصیلی آواز سے وشمہ چونک کر اس کی جانب پلٹی کے اسے دیکھتے ہی اس کے چہرے پر معانی خیز مسکراہٹ رینگی

Posted On Kitab Nagri

اگر مجھے پتا ہوتا آپ آنے پر اتنے بے تاب ہو جائیں گے تو میں پہلے ہی آ جاتی!وہ آستہ آستہ قدم اٹھاتی اس کے پاس آئے بولی

بکواس بند کرو اپنی اور دافع ہو جاؤ یہاں سے... میری برداشت کا امتحان مت لینا ورنہ بھول جاؤں گا لڑکی کو تم!اس کی بے باکی پر وہ تنی ہوئی رگوں سے اسے وارن کرتا بولا

ارے آپ تو غصہ ہی ہو گئے میں تو محض کافی دینے آئی تھی!وشمہ اپنی لٹ انگلوں میں گھوماتی ہنوز اس پر گہری نظریں جمائے ہوئے تھی کے نائل کے اگلے جملے پر وہ غصے کی شدت سے سرخ ہوئی

میں نے اپنی بیوی سے کافی مانگی تھی تم سے نہیں !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیوی؟کل تک تو آپ کو اس سے چڑھ تھی... کل تک تو وہ ایک بیوقوف لڑکی تھی!وہ اس پر نظریں مرکوز کیے تلخی سے بولی

Posted On Kitab Nagri

وہ جیسی بھی ہے تم جیسی نہیں ہے اور یہی اگر وہ میرے لیے معتبر ہے کیوں کہ وہ بیوقوف تو ہے مگر بے غیرت نہیں!اس کے الفاظ تھے یا ہتھوڑے جو وشمہ کو اپنے کاموں میں بجتے محسوس ہوئے

اوہ رئیلی؟ جانتے بھی ہیں کسی ہے وہ اگر وہ اتنی ہی غیرت مند ہے تو پھر کیوں آج اتنا بڑا تماشا اس کے نام پر ہوا سنا نہیں تھا آپ نے میر شہزاد کی رکھ....تزلیل کے احساس سے وہ زہر خند ق ہوئی جب اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی نائل کی ڈھار پورے کمرے میں گونجی تھی

جسٹ شٹ اپ اگر اب تم نے اپنی اس زبان سے میری پاکیزہ بیوی کے لیے ایک لفظ بھی ادا کیا تو میں یہی گاڑھ کے رکھ دوں گا...!اس کے الفاظوں میں موجود شدت دیکھ کر وشمہ خوفزدہ سی دو قدم پیچھے ہوتی روم سے نکل گئی کے اس کے جاتے ہی نائل کی نظر سائڈ ٹیبل پر رکھے کافی کے مگ پر پڑی اور پھر خیال اس کی جانب گیا جس کے باعث یہ سارا تماشا ہوا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلے ہی لمحے وہ لمبے لمبے ڈھگ بھرے اپنے روم سے نکلتا اس کے روم کی جانب قدم بڑھا گیا

Posted On Kitab Nagri

شام کے فنکشن اور اس سب تماشے سے تھک کر وہ اب نماز ادا کرنے کے بعد لمبی سی بے گلے کی پرپل کمیز اور بلیک ٹراؤزر میں بالوں کو جوڑے باندھ کر سونے کی نیت سے بیڈ پر بیٹھی

تمہیں کیا لگ رہا ہے اگر تم خوبصورت لگ رہی ہو تو میں تمہیں جواب نہیں دوں گا؟ اس کے الفاظ ذہن میں گونجتے ہی ناچاہتے ہوئے بھی اس کے لبوں پر مسکراہٹ رینگی لیکن پھر اگلے خیال سے اس کی مسکراہٹ سمٹ کر اذیت میں تبدیل ہو گئی

"طلاق دلوائیں اس کی شادی ہمارے میر سے ہی ہو گی آپ تو شکر کریں میر نے شادی کے لیے کہا ہے ورنہ میر تو رکھیل....." تلخی سے بند ہوئی آنکھوں کو وہ ایک بار پھر اس کے کہے گئے الفاظوں سے کھول گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

(تتت تتت لگتا ہے انہیں کسی کے گھر آنے کا طریقہ نہیں معلوم...ولیہ سمجھاؤ زرا انہیں) تو کیا واقعی تین لفظ ادا کرنے وہ میرے محافظ بن گئے؟ کل تک تو اتنی چڑ تھی مجھ سے شاید ایسے ہی ہوتا ہو گا..... ابھی وہ انہی سوچوں میں گم تھی جب اسکا دروازہ نوک ہوا

Posted On Kitab Nagri

"اس وقت کون آسکتا ہے؟شاید موم ہونگی شام کی وجہ سے پریشان ہونگی"خود سے کہتی وہ اٹھ کر دروازہ کھول گئی کے سامنے موجود شخص کو دیکھ کر اس نے تعجب ابرو اچکائی

کیا ہے؟

تمہیں تو میں بتاتا ہوں کیا ہے!وہ اسے ایسے ہی دروازے پر چھوڑ تا لاپروائی سے اندر داخل ہوتا بولا کے اس کی بے باکی پر ولیہ تپ کر اس کے پیچھے آئی

کیا ہے آپ کو اس ٹائم کیا لینے آئے ہیں؟وہ تیزی سے اپنی ڈوپٹا بیڈ سے اٹھا کر گلے میں لپٹتی بولی کے اس کی بات پر نائل قدموں کے بل گھوم کر اسکا بازو جکڑ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے کوفی تم سے بنانے کو کہا تھا یا وشمہ کو؟وہ اسکا بازو تھامے اسکے کان کے قریب غرایا

میں نے ہی بنائی ہے زہر نہیں ڈالا جو اتنے زہر خندق ہو رہے ہیں!ولیہ اسکا ہاتھ اپنے بازو سے ہٹانے کی کوشش کرتی اسے گھور کر بولی

Posted On Kitab Nagri

.

ایک بات میری کان کھول کر سن لو...جب میں تم سے کوئی کام کہوں تو میرے کمرے تک اسے پہنچانا بھی تمہارا کام ہے آئندہ اگر تم نے اپنا کام کسی اور پر ڈالا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا!چاہ کر بھی اسکا غصہ اور گرفت ڈھیلی نہیں پڑی تھی

آپ سے برا کوئی ہو بھی نہیں سکتا...ایسے ری ایکٹ کر رہے ہیں جیسے پتا نہیں کیا ہو گیا آپ کے ساتھ صرف ایک کافی تو بھیجی ہے وشمہ کے ہاتھ!اس کی بات پر وہ محض اسے دیکھ کر رہے گیا

تم واقعی پاگل ہو!گہرا سانس بھر کر وہ اسکا بازو چھوڑے بیڈ پر ڈھے گیا...

اور آپ ایک نمبر کے ہٹلر ہیں!اور میرے بیڈ پر کیوں لیٹ گئے ہیں اٹھیں مجھے سونا ہے...برا سا منہ بنا کر کہتی وہ اسکے ذہن میں گھنٹی بجا گئی

ہاں تو سو جاؤ..میں نے منع کیا ہے؟نائل اپنی مسکراہٹ ضبط کی لاپروائی سے بولا

Posted On Kitab Nagri

دماغ ٹھیک ہے آپ کا؟ اٹھیں اور جائیں یہاں سے ورنہ میں پورے گھر کو سر پر اٹھالوں گی!

اٹھالو کوئی کچھ نہیں کہے گا اب تو میں تمہارا شوہر ہوں! وہ ہنوز لاپروائی سے بولا

نکاح ہوا ہے رخصتی نہیں اور ویسے بھی اب رخصتی میں جلدی کرواؤں گی بھی نہیں... وہ چیلنجنگ انداز میں بولی

کیا کہا؟ اور اگر میں نے ایک ہفتے کے اندر اندر رخصتی کروالی تو؟

کروا کے دیکھائیں...! ولیہ گردن اکڑا کر بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تو پھر آپ تیاری کریں مسز ولیہ کیوں کہ شادی تو اب اسی ڈیٹ پر ہو گی جس پر تہ ہوئی تھی" اس سے ہ کر وہ باہر نکل گیا (وہ دادا سائیں سے کچھ دیر پہلے ہی شادی کی ڈیٹ آگے کرنے کا کہہ کر آیا تھا ان میڈم کے خیالات جان پر اس کی ضدی نیچر پر دھکا سا لگا تھا)

Posted On Kitab Nagri

اس کے کمرے سے نکلتے ہی ولیہ پیر پٹکتی بیڈ پر بیٹھ گئی

یہ کبھی نہیں سدھریں گے !اپنی کچھ دیر پہلے آنی والی سوچوں کو جھٹک کر وہ خود پر ہی تف کرتی کمفرٹر منہ تک اوڑھ گئی

****

ہمشیہ کی طرح صبح ناشتے کی ٹیبل پر سب موجود تھے

ہمیں تو سمجھ نہیں آرہی یہ کل سب کیا تماشا ہوا ہے !فرحان صاحب نے بات کا آغاز کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے تو خود کچھ سمجھ نہیں آرہی !دادا سائیں خود بھی اپنے سر پکڑے بولے

جی بابا آپ کچھ کریں مجھے تو اب میری بچی کی فکر ہو رہی ہے !رباب بیگم پریشان سی کہنے لگی

Posted On Kitab Nagri

کیا سمجھ نہیں آرہی آپ لوگوں کو؟ کس بات کا ڈر ہے آپ لوگ بس اب تیاریاں کریں شادی ہے فنشن اب مقررہ ڈیٹ پر ہی ہونگے! اسکے علان پر دادا سائیں اور ولیہ نے آنکھیں چھوٹی کر کے اسے دیکھا

دادا سائیں میں ابھی شادی نہیں کر سکتی میرے پیپرز اسٹارٹ ہونے والے ہیں! اسنے اپنا بہانہ پیش کیا تھا

دادا سائیں یہ جھوٹ بول رہی ہے کوئی پیپرز نہیں ہیں اس کے... زارون نے لقمہ دیا جس پر ولیہ نے ایک زوردار چٹ اسے رسید کی

میرے خیال میں نائل ٹھیک کہ رہا ہے ہمیں رخصتی میں دیر نہیں کرنی چاہیے اس سے پہلے کوئی اور تماشا لگے... ارسلان صاحب کے کہنے پر ٹیبل پر موجود سب افرادوں نے اثبات میں سر ہلایا

بلکل ہمارا بھی یہی خیال ہے شادی مقررہ ڈیٹ پر ہو گی !

Posted On Kitab Nagri

اوئے ہوئے مزے! سبحان اور وفا اسے چھیڑنے لگے جس پر وہ انہیں گھور کر دیکھنے لگی اسکا بس نہیں چل رہا تھا وہ اس ہٹلر کے بال نوچ لے جو اس کی آزادی کے پیچھے پڑھ گیا تھا

* * * * * * * * * * * * * * * * * *

دن گزرتے پتا نہیں چل رہا تھا آج نائل اور ولیہ کی مہندی کا دن تھا جس کے باعث پورے حویلی کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا

چلو لڑکیوں مہندی لگانے والی آگئی ہیں.... خالہ محبت سے ولیہ کے کمرے میں آتی بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس کے کمرے میں اس وقت وفا اور رامشہ دونوں موجود تھے

مہندی والی آکر ان تینوں کو مہندی لگانا شروع کر چکی تھی

آپ کے ہسبنڈ کا نیم کیا ہے؟ مہندی والی اسے دیکھ کر محبت سے پوچھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

کیوں کیا کرنا ہے آپ نے؟وہ جو پہلے سے مہندی اکتائی بیٹھی تھی اس کے سوال پر وہ سیخ پاؤ ہو کر بولی

آپ کی مہندی میں لکھنا ہے نہ!مہند والی کی بات ہر ان دونوں نے ہوٹنگ کی تھی

"نہیں اس کی ضرورت نہیں ہے "

کیوں نہیں ہے... آپ لکھیں نائل کا ظمی نام ہے!رامشہ جٹ سے بولی کے اس کی بات سنتے ہی مہندی والی نے اس سیدھی ہتھیلی پر بڑا سا نائل کی دلہن لکھ دیا جسے دیکھتے ہی اسکا حلق تک کڑوا ہوا تھا.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میر شہزاد کی حویلی میں اس وقت گہری خاموشی تھی

ایک بری خبر ہے!اظہر اسکے سامنے منہ لٹکائے بولا

کیا؟

Posted On Kitab Nagri

صاحب آج نائل کاظمی کی مہندی ہے !

کیا بکواس ہے؟اور یہ ساری خبریں تمیں آخری موقعے پر ہی کیوں ملتی ہے؟میر شہزاد اپنی کرسی سے اٹھتا ڈھارا

وہ لوگ سب کچھ اتنی خاموشی سے کر رہے ہیں کے ہر جگہ ہمارے خبری ہونے کے باوجود مجھے ابھی پتا لگا!اظہر مؤدب انداز میں بولا

میری بندوق لاؤ آج ان کی خاموشی میں ختم کرتا ہوں.!وہ اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتا کہنے لگا جب باہر سے آتی آوازوں سے وہ سامنے متواجہ ہوا جہاں سے نائل کاظمی کسی آندھی طوفان کی طرح اپنے بندو سمیت اسکے گارڈز کو ایک ہی وار سے ڈھیر کرتا اندر کی طرف آیا

اتنی جلدی کیا ہے میر صاحب؟اسکے اچانک نازل ہونے پر ایک لمحے کو اپنے آدمیوں کی طرح میر شہزاد بھی خوفزدہ ہوا

Posted On Kitab Nagri

تم یہاں کیا کر رہے ہو؟

پیار سے سمجھانے آیا ہوں بہتر ہے میری بیوی سے دور رہے.!وہ صوفے پر بیٹھتا ریلیکس انداز میں بولا

ورنہ کیا کرے گا؟میر شہزاد پہلی بار اسے دیکھ رہا تھا وہ محض اس کی حد دیکھنے کو بولا جب ایک گولی سامنے سے آکر اس کی ٹانگ پر لگی تھی

ورنہ ابھی تو ٹانگ توڑی ہے اگلی بار تیری ہڈیوں سمیت تجھے ہی توڑ دوں گا!وہ اس پر گولی چلائے ہنوز مطمئن انداز میں بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تیری تو.....اظہر اپنی گن اس کی طرف کر کے چیخا جب شہزاد نے اسے ہاتھ کے اشارے سے روک دیا جس پر اظہر ضبط کر کے پیچھے ہو گیا

Posted On Kitab Nagri

لگتا ہے میری بات اب سمجھ آگئی ہو چلو سب...ان کی طرف سے کوئی کاروائی نا دیکھ کر وہ اپنے آدمیوں کو اشارہ کرتا باہر نکل گیا

آپ نے کیوں روکا؟اظہر اسے سنبھالا دے کر بولا

مجھ پر گولی اسنے بہت بڑی غلطی کر دی ہے اور اگر اس وقت ہم جوابی کاروائی کرتے تو وہ جیت جاتا....اس سے تو میں اب اپنے طریقے نپٹوں گا !

ارے یہ پھول یہاں نہیں رکھیں جائیں گے بلکہ اس طرف رکھنے ہیں!سائمہ بیگم مسلسل انہیں ہدایت دیتی پریشان سی بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا ہوا چچی اتنی پریشان کیوں ہیں آپ؟زارون جو خود بھی صبح سے کاموں میں مصروف تھا انہیں پریشان دیکھ کر ان کی طرف آیا

Posted On Kitab Nagri

یہ دیکھوں نا ان سب کو مجال ہے جو کوئی کام ٹھیک سے کر لیں ....

آپ پریشان ناہوں میں دیکھ لیتا ہوں یہ سب آپ جا کر سب پپو سا تیار ہو جائیں تا کہ چاچو صرف آپ پر پی نظریں رکھیں !زارون شرارت سے کہتا اس ٹینشن میں انہیں مزید پریشان کر گیا

کیا مطلب تم نے انہیں کسی اور کو دیکھتے ہوئے دیکھا ہے ؟سائمہ بیگم تشویشی انداز میں بولی کے ان کے سوال پر زارون نے بامشکل ہنسی ضبط کی تھی

جی ہاں وہ ہیں نا شمیم آنٹی نکاح والے دن بہت گھور گھور کر دیکھ رہے تھے چاچو انہیں !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سچی ؟سائمہ بیگم حیرتذدہ سی بولی

مچی !

Posted On Kitab Nagri

آنے دو تمہارے چچا کو ایسا سبق سیکھاؤں گی یاد رکھیں گے.... سائمہ بیگم تیش سے کہتی اندر کی طرف بڑھ گئیں

ارے چچی بات تو سنیں.... پیچھے وہ قہقہ لگاتا ان کو پکار کر جیسے ہی پلٹا کوئی بری طرح سے اس سے ٹکرایا تھا

آئی ایم س... کہتے کہتے سامنے کھڑی وشمہ کو دیکھ کر اسے بریک لگی

دیکھ کر ابھی گرتی میں! وہ اسے دیکھ کر آنکھیں دیکھاتی بولی کے زارون نے نظریں اٹھا کر اس کی آنکھوں میں دیکھا جہاں اسے شرمندگی نام کی کوئی چیز نظر نہیں آئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سوری مجھے پتا نہیں لگا کے کوئی پیچھے ہے! سر جھٹک سے اس سے کہتا وہ آگے بڑھنے لگا جب اس کی آواز سے قدم تھمے

تمہیں اب میں نظر ہی کب آتی ہوں! وشمہ اس کے نظر انداز کرنے پر تپ کر بولی

Posted On Kitab Nagri

”جنہیں کبھی محفلوں میں تلاش کیا ہو وہ نظروں سے گر جائیں تو سامنے موجود ہو کر بھی دیکھائی نہیں دیتے...“کرب سے کہ کر وہ رکا نہیں جبکہ وشمہ اس کے جملے میں کھو سی گئی تھی

* * * * * * * * * * * * * * * * * *

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

ولیہ بیوٹیشن آگئی ہے جلدی سے چینج کر آؤ!وفا اسے لہنگے کی کڑتی پکڑاتی بولی جب اس کی نظر ولیہ کے سفید ملائم ہاتھوں پر گئی جہاں مہندی کا گہرا لال رنگ اسے اپنی طرف متواجہ کر گیا

واؤ اس کا مطلب ہے نائل بھائی اور رباب آنٹی تم سے بہت محبت کرتے ہیں !

بلکل تائی ماں تو مجھ سے بہت پیار کرتی ہیں !

اور نائل بھائی؟وفا کے اگلے سوال پر اسکا حلق تک کڑوا ہوا کل کا منظر یکدم ہی اس کے سامنے لہرایا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں اندر آجاؤ؟وہ دادا سائیں کے کمرے کے باہر کھڑی اجازت طلب کرنے لگی

ارے میری گڑیا آپ کو ضرورت ہے اجازت ہے؟آجایئے !

Posted On Kitab Nagri

داداسائیں مجھے ابھی شادی نہیں کرنی...کچھ دیر ادھر ادھر کی بات کرنے کے بعد وہ مدعے پر آئی تھی

کیوں بیٹا؟

کیونکہ میں ابھی ریڈی نہیں ہوں...مجھے کچھ ٹائم چاہیے کم سے کم ایک سال تو ہو!وہ عام سے انداز میں کہتی وہ داداسائیں کو حیرت میں مبتلا کر گئی

"ایسا ممکن نہیں ہے....کل تک نائل بھی ہم سے یہی کہے ہے تھے لیکن پھر انہوں نے اپنا فیصلہ بدل لیااور ہمیں بھی انکا فیصلہ درست لگا جس طرح کے حالات ہیں آپ کی شادی ہونا ہی بہتر ہے" دادا سائیں تحمل سے بولے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا کہا کل تک وہ خود آپ سے آگے کرنے کو کہہ رہے تھے؟کسی خیال کے تحت اسنے تصدیق کی جس پر داداسائیں نے سر کو خم دیا

.

Posted On Kitab Nagri

(تیاری کر لو کیونکہ شادی تو اب اسی ڈیٹ پر ہو گی جس پر رکھی گئی تھی)اس کے الفاظ ذہن میں گونجتے ہی اسے ساری بات سمجھ آئی تھی

****

کاظمی ویلا کے باہر پہنچتے ہی اسنے راؤف بابا کو کہ کر اس معاملے کا ذکر کسی سے بھی کرنے کو منع کر دیا تھا ایک طرہانہ نظر کاظمی ویلا پر ڈال کر وہ گھر کے اندر داخل ہوا جہاں رباب بیگم ماتھے پر بل شاید اسی کے انتظار میں کھڑی تھیں

ٹائم مل گیا ہے تمہیں تشریف لا آنے کا؟وہ اسے دیکھتی سختی سے مخاطب ہوئی

جی بس کام سے گیا تھا کچھ !نائل اپنی تھوڈی پر ہاتھ پھیڑتا آدب سے بولا

ایسا کونسا کام تھا...ٹائم دیکھا ہے تم نے نو بجنے کو ہیں مہندی کے فنشن کے لیے باہر لوگ آنا شروع ہو چکے ہیں اور دلہے صاحب اب تک غائب تھے !رباب بیگم ہنوز غصے سے بولی

Posted On Kitab Nagri

کم اون موم ٹائم پر آ گیا ہوں جسٹ چینج ہی تو کرنا ہے میں کر آتا ہوں ڈونٹ وری...!وہ محبت سے کہتا ان کی پیشانی پر بوسہ دیے اپنے روم کی طرف بڑھ گیا

پانچ منٹ ہے تمہارے پاس!اب کے رباب بیگم کی محبت بھری آواز گونجی جس پر وہ سر کو خم دے گیا

کچھ ہی دیر میں وہ کالے رنگ کی کمیز شلوار پر بلیک ہی پرنس کورٹ پہنے سر پر کالی پگڑ سجائے کسی شہزادے کی طرح چلتا ہوا نیچے آیا

ماشاءاللہ ماشاءاللہ شہزادہ لگ رہا ہے میرا بیٹا!رباب بیگم اسے آتا دیکھ اسکی سرمائی آنکھیں دیکھ کر نم آنکھوں سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور اپنے بارے میں کیا خیال ہے آپ کا میڈم قیامت ڈھا رہی ہیں...زارون کی آواز سے وہ دونوں اس کی جانب متواجہ ہوئے جو خود بھی کالا سوٹ پہنے بے حد پیارا لگ رہا تھا

چلیں خالہ باہر سب انتظار کر رہے ہیں.....سبحان اور معصب ان کے پاس آتے بولے

Posted On Kitab Nagri

ہاں بلکل یہ ڈوپٹا چاروں طرف سے پکڑ لو۔۔۔انہوں نے ایک ڈوپٹا سبحان کو پکڑایا تھا تم لوگ چلو میں ولیہ کو بھی لانے کا کہتی ہوں

جس کے بعد نائل ان چاروں کے گھیرے میں شاہانہ چل چلتا حال میں داخل ہوا تھا

کتنا پیارا ہے نا!ایک لڑکی وشمہ کے ساتھ کھڑی بولی جس پر وہ بھی تلخی سے مسکرادی دوسری طرف وہ کالے رنگ کا کامدار لہنگا پہنے ساتھ پیلے رنگ کی کڑتی جس ہر نفیس سا بلیک موتیوں کا کام تھا بھوری آنکھوں کو مسکارے سے لبریز کیے لائٹ سے میک اپ اور مہندی سے رنگے ہاتھوں میں پیلی چوڑیں ڈالے بالوں کو چٹیاں میں قید کر کے سر پر بلیک اور پیلے رنگ کے امتزاج کا ڈوپٹا سر پر سجائے وہ کسی اپسرا سے کم نہیں لگ رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ ہی دیر وہ سرخ ڈوپٹے کے سائے میں چلتی ہال میں داخل ہوئی کے اسے دیکھتے ہی بہت سے لوگوں نے ان کی جوڑی کو رشک کی نگاہ سے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

آستہ آستہ قدم اٹھاتی وہ اسٹیج پر اسکے ساتھ آکر بیٹھی تھی جو راؤف بابا سے کسی اہم مدعے ہر محوِ گفتگو تھا کسی کو اپنے ساتھ بیٹھتا محسوس کر کے وہ سرعت سے پلٹا کے اپنے ساتھ بیٹھی حسینہ پر نظر پڑتے ہی وہ اپنا رخ بدل گیا کچھ تو تھا اس لڑکی میں جو نائل کا ظمی کو ساکن کر دیا کرتا تھا

ویسے ان بیوٹیشنز کا بھی الگ سے ہی حساب ہو گا۔۔۔چڑیلوں کو بھی اپسرا میں تبدیل کر دیتی ہیں! نائل سامنے دیکھ کر سپاٹ انداز میں کہتا اسے آگ لگا گیا

اور افسوس ہم تو پھر کچھ نا کچھ بن جاتے ہیں لیکن آپ جیسے جن تو ایسے کے ایسے ہی رہتے ہیں۔۔۔! جواباً وہ بھی کہاں پیچھے رہنے والوں میں سے تھی

یو۔۔۔نائل نے کچھ بولنے کے لیے لب کھولے ہی تھے جب زارون نے ان دونوں کو ٹوکا

اوہو آج کے دن تو آپ دونوں لڑنا بند کریں ہم نے رسم اسٹارٹ کرنی ہے۔۔پتا نہیں کیا ہو گا آپ دونوں کا! زارون کے کہنے پر وہ دونوں بھی ایک دوسرے کو دیکھ کر رہے گئے

Posted On Kitab Nagri

باری باری کر کے سب نے رسم کر لی تھی جس کے بعد علاقے کے سب لوگ کھانا کھا کر اپنے اپنے گھروں کی طرگ چل دیے لان میں محض اب کاظمی ویلا کے افرادوں کے ساتھ سائمہ بیگم اور رباب بیگم کے کچھ رشتے دار رہے گئے تھے

تو پھر کیا خیال ہے لڑکی والوں ہو جائے مقابلہ ؟زارون ڈانس فلور پر اترتا ایکسائٹڈ سا بولا

پہلے تم یہ تو ڈیسائید کر لو کے تمہاری طرف سے کون کون ہے ؟ولیہ اس اسے دیکھتی شرارت سے بولی

ہم تو ولی کی سائد پر ہیں... سبحان اور رامشہ نے علان کیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو پھر ٹھیک ہے میں نائل بھائی کی سائد پر ہوں !وفا کے کہنے پر ولیہ محض اسے گھور کر رہے گئ

یہ فیئر نہیں ہے ہم دو اور تم تین یہ غلط ہے !

Posted On Kitab Nagri

ارے تو اس میں پریشان ہونے والی کونسی بات ہے تمہاری سائد پر وشمہ آجائے گی نا...رباب بیگم وشمہ کو دیکھتی بولیں جو بے زر سی سب سے الگ بیٹھی تھی

نہیں ممانی میرا دل نہیں....اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی فرحانہ بیگم نے اسے آنکھیں دیکھائی

میں ولیہ کی سائد پر ہوں!فرحانہ بیگم کی گھوری محسوس کر کے وہ بدل نخواستہ اٹھتی بولی

ہمم کوئی بات نہیں زری ہم دو ہی ان چاروں پر بھاری ہیں!وفا کے کہنے پر وہ ایکسائٹڈ سا سر اثبات میں ہلا گیا جب معصب بھی ان میں کودا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں بھی تو ہوں اپنے یار کی طرف سے...ایسا ہاراؤں گا تم لوگوں یاد رکھو گے لڑکی والوں!اس کے جملے پر ہال میں موجود سب لوگوں کا قہقہ بلند ہوا

کچھ ہی دیر میں ان کا مقابلہ شروع ہوا تھا

Posted On Kitab Nagri

بنو کی سہیلی ریشم کی ڈوری...چپ چپ کے شرمائے دیکھے چوری چوری....معصب انے اپنے فیورٹ سونگ پر ڈانس شروع کیا تھا جبکہ اس کی نظریں وفا کے چہرے سے ہٹ نہیں پا رہی تھیں

بابل کی گلیاں نا چھڑ کے جانا...!وفا اپنا ڈوپٹا ارد گرد لپیٹ کر اس کا ساتھ دیتی ڈانس فلور پر آئی اور اس کے بعد ایک ایک کر کے کاظمی ویلا کے سب لوگ ہی ڈانس فلور پر جمع ہو گئے تھے سوائے اس ایک ہٹلر کے جو شاید اب علاقے کے کچھ مردوں کے ساتھ محو باہر کھڑا باتوں میں مصروف تھا

نائل کہاں ہیں؟ لگتا ہے انہیں خوشی نہیں ہے شادی کی!ڈانس کرتے ہوئے وشمہ ولیہ سے مخاطب ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تو میں بھی کونسا ری جا رہی تھی ان جیسے ہٹلر سے شادی کرنے کو...جواباوہ بھی لاپروائی سے بولی کے اس کی بات پر وشمہ کے دل میں ٹھنڈک سی اتری

Posted On Kitab Nagri

مہندی کا فنشن خوب زور شور سے منانے کے بعد رات کے تقریبا تین بجے سب اپنے اپنے کمروں میں سونے کے لیے بڑھ گئے

تم سب آج میرے روم میں سو رہے ہو سمجھے ؟وہ ان تینوں کو جاتا دیکھ کر حتمی انداز میں بولی

سوری میرے سر میں درد ہے میں اپنے روم میں جا کر رسٹ کرنا چاہتی ہوں!وشمہ اسے نظر انداز کرتی اپنے روم کی طرف بڑھ گئی کے آج پہلی بار ولیہ کو اس کا انداز کچھ الگ لگا تھا

کوئی بات نہیں ہم دونوں تو ہیں نا ہم تمہارے ہی روم میں جا رہے ہیں!وفا اور رامشہ محبت سے بولی جس پر وہ محض سر ہلا کر رہے گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم دونوں چلو میں آتی ہوں !

کہاں جا رہی ہو اپنا لہنگا سنبھال کر چلنا !

Posted On Kitab Nagri

ہاں باباڈونٹ وری...وفا سے کہ کر وہ خود اپنا لہنگا سنبھالتی کچن کی طرف بڑھ گئی

میرے لیے بھی بنا دینا!...

اپنے لیے چائے کا پانی چڑھا کر وہ کپ نکالنے لگی اس کی سوچوں میں بار بار وشمہ کا راؤ یہ گردش کر رہا تھا کے اچانک اس کی آواز سے سوچوں کے تسلسل کے ساتھ ساتھ کپ بھی زمین بوس ہو کر اس کے پاؤں کو زخمی کر گیا

پاگل لڑکی دیکھ کر تو کام کیا کرو!نائل اسکا خون آلود پاؤں دیکھ پر غرایا

.

آہ.... آپ ہونگے پاگل کیا ضرورت تھی ایسے آکر بولنے کی ایک تو چوری اوپر سے سینا زوری کر رہے ہیں!وہ اپنا پاؤں پکڑتی روہانسی ہو کر بولی

میں خود اپنی کافی بنانے آیا تھا تمہیں دیکھا تو بول دیا... خیر دیکھاؤ مجھے کہاں لگی ہے...وہ جیسے ہی اسکے پاؤں کے قریب بیٹھا ولیہ نے ہاتھ کے اشارے سے اسے روکا تھا

Posted On Kitab Nagri

کوئی ضرورت نہیں ہے پہلے ہی چوٹ دے چکے ہیں اب مزید بڑھا دیں گے !ولیہ اپنا پاؤں پکڑے اسے گھور کر بولی جبکہ اس کے چہرے پر موجود تاثرات ہی اس کی تکلیف بیان کر رہے تھے البتہ نجانے کیسے اسنے اپنے آنسوؤں پر بند باندھا ہوا تھا

مجھے دیکھنے دو... اگر کانچ اندر چلا گیا تو مسئلہ ہو جائے گا!اب کے وہ نرمی سے اس سے مخاطب ہوا

میں خود دیکھ لوں گی آپ کی ضرورت نہیں ہے !اس پر ایک سخت نظر ڈال کر اٹھتی وہ جیسے ہی آگے بڑھی کانچ کے مزید چند ٹکرے اس کے پاؤں میں گھسے جس سے اس کی سسکی بلند ہوئی تھی

کر لیا شوق پورا اب دیکھ لوں میں ؟نائل اپنی پرانی ٹون پر آتا غرایا کے اس کے انداز پر وہ ایک بار پھر ضد پر آڑ گئی

میں نے کہا نا آپ کی ضرورت نہیں ہے میں خود مینج کر لوں گی !

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے جاؤ!اب کے نائل کندھے اچکا کر بولا اس کے کہنے پر وہ اسنے جیسے ہی قدم آگے بڑھائے وہ بری طرح سے لڑکھڑائی تھی مگر زمین بوس ہونے سے پہلے کی وہ کچن کے سلیب سے خود کو سنبھال گئی نائل اب خاموشی سے اس کی ساری کاروائی دیکھ رہا تھا کے اس کی لاپراوئی پر وہ بری طرح سے جھنجھلائی

انسان کو اتنا بھی خود غرض نہیں ہونا چاہیے کے دوسرے انسان کو تکلیف میں دیکھ کر بھی ایسے ڈھیٹ بنے کھڑا رہے!اس کے جملے پر نائل نے ابرو اچکائی کر سر جھٹکا

اور اگلے ہی لمحے وہ آگے بڑھ کر اسے اپنے بازوں میں اٹھا گیا اس اچانک اتفاد پر ولیہ کا سر گھوم کر رہے گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ کیا حرکت ہے؟اتاریں مجھے دماغ درست ہے آپ کا کیا کر رہے ہیں....وہ مسلسل اس پر پشت پر مکے مارتی چلا رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

چپ کر جاؤ نہیں بہت سن لی تمہاری اب اگر ایک لفظ بھی منہ سے نکالا تو یہی سے نیچھے پٹک دوں گا!وہ سیڑھیاں چڑھتا اسے گھور کر بولا

ہونہوں ہٹلر کہیں کا!اب کے وہ محض بربراسکی

کچھ کہا؟اس کے الفاظ سنتے ہی نائل نے اپنی گرفت ڈھیلی کی تھی جس پر وہ سختی سے اس کی پشت پکڑ گئی

کککچھ نہیں کہا آپ آگے دھیان دیں مجھے کل اپنی برات بھی آٹینڈ کرنی ہے....

دل تو کر رہا ہے تمہیں یہی سے پھینک دوں کتنا بولتی ہو تم...!اس کی بات پر وہ لب بھینچ کر رہے گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

روم میں آتے ہی سامنے وفا اور رامشہ کو موجود دیکھ کر وہ سر تا پیر تک سرخ پڑی جو معنی خیز نظروں سے اسے دیکھ رہی تھیں

Posted On Kitab Nagri

فرسٹ ایڈ بوکس کہاں ہے؟

یہ لیں نائل بھائی!وفا اسے بوکس پکڑاتی خود رامشہ کو لے کر روم سے نکل گئی

درد ہو گا تھوڑا !

مجھے درد نہیں ہوتا...وہ اپنا ڈوپٹا درست کرتی ایک ادا سے بولی کے اس کے انداز پر نائل نے ہلکا سا کانچ چھیڑ کر اس کی طرف دیکھا جو اپنا ڈوپٹا مضبوطی سے تھام کر آنکھیں میچ گئی تھی کے اس انداز پر نائل نے بامشکل اپنی مسکراہٹ ضبط کر کے اصل کانچ نکالا تھا جس پر وہ سسکی لے کر اسکا بازو تھام گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہیں تو درد نہیں ہوتا!اس کے سوال پر ولیہ نے کرب سے آنکھیں کھولی

ہاں تو واقعی نہیں ہوتا ...

Posted On Kitab Nagri

ہمم تو پھر میرا بازو شوقیا پکڑا؟وہ معنی خیزی سے کہتا اسکے کانوں سے دھواں نکال گیا اس سے پہلے وہ مزید کچھ کہتی اس کا روم نوک ہوا اور وفا اور رامشہ کمرے میں داخل ہوئیں

اب ہم آجائیں؟

یس اوف کورس...یہ پین کلیر دے دینا اسے!وفا سے کہ کر وہ باہر نکل گیا کے اس کے جاتے ہی وہ دونوں شرارت سے اس کی طرف موڑی

اہمم اہمم !

کیا اہمم اہم؟غلطی سے شوہر ہے میرا!وہ اسے کوشن مارتی چلائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوہو شوہر اہمم!وہ دونوں اسے گھیر کر چھیڑنا شروع ہوگئے تھے جبکہ دوسری طرف وشمہ کچھ دیر پہلے والے منظر کو سوچ سوچ کر مٹھیاں بھینچ گئی تھی وہ خود بھی پانی لینے روم سے نکلی تھی جب اسے نائل ولیہ کو اپنی بازوں میں اٹھا کر اس کے روم کی طرف جاتا نظر آیا تھا

****

Posted On Kitab Nagri

آج بارات کا دن تھا صبح ہوتے ہی ولیہ اور وفا زارون کے ہمراہ پالڑ کے لیے نکل چکی تھیں جبکہ وہ لان میں کرسی پر بیٹھا کال پر مصروف تھا جب ارسلان صاحب اس کے پاس آئے

تم نے میر شہزاد پر گولی چلائی ہے؟ ارسلان صاحب رعبدار آواز میں بولے جب کہ وہ کال بند کرتا اب پوری طرح سے انن کی طرف متواجہ ہوا

جی!....

کیوں؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بکواس کر رہا تھا! وہ سپاٹ انداز میں کہتا ارسلان صاحب کو مزید تپش دلوا گیا

تمہیں کیا لگتا ہے کوئی تم سے کچھ بھی بکواس کرے گا اور تم چڑھ جاؤ گے اس پر؟

Posted On Kitab Nagri

جی!وہ ہنوز مطمئن سا بولا کے ارسلان صاحب محض اسے گھور کر رہے گئے

اپنی عادت سدھر جاؤ...اس طرح چلو گے تو کیسے علاقے کے معاملات سنبھالو گے ؟ارسلان صاحب نفی میں سر ہلاتے بولے

کیا ہو گیا ہے ارسلان کیوں شادی والے دن بھی ہمارے بیٹے پر غصہ کر رہے ہو...جاؤ نائل تیار ہو جاؤ پھر تمہاری سحر ابندی ہو گی!داداسائیں ان کے پاس آتے محبت سے بولے

لیکن ابھی تو بس چھ بجے ہیں داداسائیں !

ہاں تو چھ بج گئے ہیں آٹھ بجے تک ہم نے بارات لے کر نکلا ہے سحر ابندی اس سے پہلے کی جائے گی آپ جائیں اور جا کر تیار ہو جائیں !

جو حکم...اس کی بات سمجھے بغیر ہی وہ سر کو خم دے کر اپنے روم کی جانب بڑھ گیا

Posted On Kitab Nagri

اسنے کل میر شہزاد پر گولی چلائی ہے بابا سائیں !

کوئی بات نہیں جوان خون ہے اور آپ جانتے ہیں نائل جزباتی ہے آستہ آستہ سنبھل جائیں گے ہم سمجھائیں گے انہیں! داداسائیں انہیں تسلی دیتے بولے تو ارسلان صاحب بھی مطمئن ہو گئے

کچھ ہی دیر میں وہ نیوی بیلو شیروانی پر اپنی آنکھوں سے ملتی گرے شال اور بیلو ہی پگڑی پہنے شان سے چلتا نیچھے آیا جہاں رباب بیگم سائمہ بیگم سمیت سب گھر والے اسے دیکھتے ہی اس کی جانب متواجہ ہو گئے اپنی مردانہ وجاہت سرمئی آنکھیں سفید رنگت اور لمبے بالوں میں دلہا بناوہ واقعی سب کو اپنی طرف متواجہ کرنے کا ہنر رکھ رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماشاءاللہ رباب بیگم اس کے کان کے پیچھے سرمالگاتی بولی

موم یار ڈیٹس نوٹ فیئر مجھے بھی دیکھ لیں....زارون سفید کمیز شلوار پر بیلو پرنس کورٹ پہنے ان کے پاس آتا بولا

Posted On Kitab Nagri

یہ آگیا آپ کا آٹینش سیکر بیٹا اس کی نظر اتار لیں پہلے آپ...نائل اسے گردن سے دبوچے بظاہر منہ بنا کر کہنے لگا

ہاہاہاہا میرے دونوں بیٹے ہی بہت پیارے ہیں....زارون جا کر بچیوں کو پالڑ سے لے آؤ وہ دونوں انتظار کر رہی ہو نگی!رباب بیگم کے کہنے پر وہ منہ بناتا باہر نکل گیا اس کے بعد نائل کہ سحر ابندی کی رسم شروع کی گئی تھی

****

وفا کال کر و زارون کو کتنی دیر ہے؟ولیہ کے کہنے پر وفا نے اس کی طرف دیکھا جو ریڈ کلڑ کے خوبصورت سے لہنگے پر ریڈ اور کو پر سی کڑتی پہنے جس پر نفس سا کو پڑ کلر کا کام تھا برائیڈل میک اپ پر ریڈ بولڈ کپ اسٹک لگائے ماتھے پر گول سا ٹیکا گلے اور کانوں میں ہیووی مگر نفیس سی جیولڑی پہنے ہاتھوں میں ریڈ ہی چوڑیاں سجائے پاؤں ریڈ ہی ہیل پہنے وہ بے حد حسین لگ رہی تھی

افففف افففف ولی قیامت ڈھا رہی ہو!وفا اسے دیکھتی کسی سحر کے زیرے اثر بولی

Posted On Kitab Nagri

اور اپنے بارے میں کیا خیال ہے؟ولیہ مسکرا کر اس پر نظر ڈرائے بولی جو پنک کلڑ کی میکسی پر لاہٹ میک اپ اور ڈارک لپ اسٹک لگائے بہت پیاری لگ رہی تھی

نائل بھائی تو آج گئے !اس کے ذکر پر ولیہ نے ناگواری سے وفا کو دیکھا

ہٹلر کو ضرور بیچ میں لے آیا کرو... ابھی تک پاؤں صیح نہیں ہوا میر اوہ تو میری اپنی ویل پاؤر ہے جو اس چوٹ میں بھی ہیل پہن لی ہے ورنہ اس ہٹلر نے کمی نہیں چھوڑی تھی مجھے آج کے دن بد صورت دیکھانے کی !وہ جلی بھنی سی بولی کے اس کے لفظوں پر وفا مسکرا کر سر جھٹک گئ

تمہارا کچھ نہیں ہو سکتا۔۔۔ چلو زری آگیا ہے باہر !اس کے کہنے پر ولیہ ایکسائٹڈ سی اٹھ کر اس کے ساتھ چل دی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دھیان سے چلنا یہاں نائل بھائی نہیں آئیں گے اٹھانے !!وفا شرارت سے بولی کے اس کے عظیم خیالات پر ولیہ نے اسے ایک زوردار چٹ رسید کی تھی

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر بعد ہی وہ لوگ میرج ہال کے برائیڈل روم میں موجود تھے بارات آنے والی ہے!رامشہ نے آکر اسے چھیڑا جس کا اس ہر کوئی اثر نہیں ہوا تھا

ہاں جیسے لاہور سے آرہی ہے نا !

آگئی بارات!وفا نے آکر شور مچایا جبکہ دوسری طرف وہ بیلو شیروانی میں شہزادوں کی طرح ارسلان صاحب رباب بیگم اور زارون کے ساتھ شان سے چلتا اسٹیج پر جا کر بیٹھا تھا

مجھے پتا ہے کسے ڈھونڈ رہے ہیں آپ!زارون اسکے کان کے قریب سرگوشی کرتا بولا

شٹ اپ۔۔۔جب اچانک ہال کی لائٹس بند ہوئی تھی اور ایک فلیش لائٹ سامنے جارک گئی جہاں سے وہ کسی شہزادی کی طرح گھونگھٹ ڈالے سائمہ بیگم اور فرحان صاحب کی موجودگی میں آستہ آستہ چلتی ہال میں داخل ہوئی کے اسے دیکھتے ہی ہال میں موجود سب لوگ ستائشی انداز میں ان دونوں کو دیکھنے لگے

Posted On Kitab Nagri

آستہ آستہ چل کر وہ اسٹیج کے قریب جا کر رک گئی جب نائل نے جھک کر اس کے آگے ہتھلی پھیلائی جب فرحان صاحب نے اسکا ہاتھ پکڑ کر نائل کے ہاتھ میں پکڑایا تھا پورے ہال میں ہوٹنگ کی آواز گونجی تھی

تمہارے پاؤں میں درد نہیں ہو رہا یہ ہیل پہن کر؟ وہ جان کر اسے تپانے کو بولا

ہاں بلکل آپ نے تو کوئی کثر نہیں چھوڑی تھی لیکن افسوس آپ یہاں جیت نہیں سکے!ولیہ اسے دیکھتی ادا سے بولی

ویسے فائدہ تو کوئی ہے نہیں اس کا۔۔۔اس کے باوجود بھی کندھے سے نیچے ہی ہو تم میرے!وہ اپنی مسکراہٹ چھپائے سنجیدگی سے بولا کے ولیہ کا بس نہیں چلا تھا اسلے بال نوچھ لے

میری ہائٹ ٹھیک ہے آپ ہی ضرورت سے زیادہ لمبے ہیں سمجھے!منہ بنا کر کہتی وہ اس سے پہلے ہی صوفے پر پھیل کر بیٹھ گئی

Posted On Kitab Nagri

کچھ ہی دیر میں دودھ پلائی کی رسم کا آغاز ہوا تھا

چلیں نائل بھائی نکالیں پچاس ہزار!وفا اس کے آگے ہاتھ پھیلائے بولی

بس؟ پچاس ہزار مانگنے کو کہا تھا میں نے تمہیں...شرافت سے ایک لاکھ رکھیں ان کے ہاتھ میں!ولیہ وفا کو گھورتی اس سے مخاطب ہوئی جو اس کی فرمائش پر آنکھیں چھوٹی کیے اس کی طرف متواجہ تھا

نادوں تو؟نائل نے ابرو اچکائی

تو پھر اچھا نہیں ہو گا....

ولیہ!اسے بنا کسی لحاظ سے نائل سے الجھتے دیکھ سائمہ بیگم نے اسے گھورا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

شرافت سے دیں!سائمہ بیگم کی ڈانٹ کا اثر لیے بغیر ہی وہ صوفے سے اترتی اسکے بلکل سامنے بیٹھی بولی کے اس کی اس حرکت پر نائل نے آبرو سکیڑ اسے دیکھا

کوئی ضرورت نہیں ہے بھائی اسے کچھ بھی دینے کی کالج میں بھی مجھ سے پیسے لے کر رول کھاتی تھی اگر حساب لگاؤں تو پچاس ہزار تو اسی کے بن گئے...زارون کی آواز پر سب کے ہی قہقے بلند ہوئے

دے رہے ہیں یا نہیں؟وہ ان سب کو نظر انداز کرتی اس سے مخاطب ہوئی البتہ گھونٹ اب تک سر پر ہونے کے باعث نائل اسکا چہرہ نہیں دیکھ پایا تھا اس کے باوجود وہ اس کے سراپے سے نظریں نہیں ہٹا سکا اور اگلے ہی لمحے اسنے بے اختیار جیب سے کچھ نوٹ نکال کر ولیہ کے سر پر سے وار کر ساتھ کھڑے گاڈز کو پکرائے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ منظر دیکھتے ہی اسٹیج پر موجود ہر شخص نے ہوٹنگ کی تھی

آپ کو کیا لگ رہا ہے اس طرح کچھ نوٹ لٹانے سے بچ جائیں گے آپ؟شرافت سے ایک لاکھ دیں!
اس ساری صورتحال سے جزب سی ہوتی وہ جھینپ کر بولی کے اس کے کہتے ہی نائل نے ایک چیک

Posted On Kitab Nagri

سائن کر کے اس کے وفا کے ہاتھ میں رکھ دیا ہال میں ایک بار پھر ان سب کی ہوٹنگ گونجی جس پر بہت سی نظروں نے رشک اور کچھ نظروں نے حسد سے اسٹیج کی جانب دیکھا تھا اور اس کے بعد سب رخصتی کے لیے کھڑے ہو گئے

اور یہ شاید پہلی ہی رخصتی تھی جس پر دلہن رونے کے بجائے ہنستے ہوئے قرآن پاک کے سائے میں چلتی گاڑی میں بیٹھ گئی

* * * * * * * * * * * * * * * * * * *

رات کے تقریبا گیارہ بجے وہ لوگ کاظمی ویلا پہنچے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہاں جا رہے ہو؟ نائل کو جاتا دیکھ رباب بیگم نے ٹوکا

باہر!...

Posted On Kitab Nagri

"کوئی ضرورت نہیں ہے ابھی کچھ رسمیں ہیں وہ کرنے دو"

کم اون موم اور کتنی رسمیں ہیں جو پوری نہیں ہو رہی... میں تھک گیا ہوں اب! وہ خاصا اکتا کر بولا کے اس کے انکار پر ولیہ کی آنکھیں چمک اٹھی

ولیہ بھی تھک گئی ہے کیا؟ رباب بیگم اب اس کی طرف متواجہ ہوئی

نہیں بلکل نہیں تائی ماں.... مجھے پتا ہے رسموں کے بغیر شادی بنا تڑکے والی دال کے برابر ہے! وہ گردن اکڑا کر بولی جس پر رباب بیگم نے محبت سے اسکی پیشانی چومی

چلیں پھر کھیر چٹائی کی رسم شروع کرتے ہیں... وفا کھیر کا باؤل لیے بلند آواز میں بولی جس پر رباب بیگم اور سائمہ بیگم مسکرا کر اسکے پیچھے ولیہ کو لیے لاونج کی طرف بڑھ گئی

مجھے نہیں پتا تھا تمہیں مجھے اپنے ہاتھوں سے کھیر کھلانے کا اتنا شوق ہے! اس عجیب و غریب رسم پر ولیہ کی غیر ہوتی حالت کا اندازہ لگا کر نائل اسکے کان کے قریب سرگوشی کرتا بولا

Posted On Kitab Nagri

میرا بس چلے تو یہی ہاتھ آپ کے چہرے پر رکھ دوں!اس کی بات پر مزید آگ بغولہ ہوتی وہ گھونٹ سے ہی اسے گھورتی کہنے لگی

تقریبا پندرہ منٹ بعد اس رسم کے ختم ہونے پر وہ دونوں سکھ کا سانس لیتے کھڑے ہوئے تھے

چلیں جی اب اجازت ہے؟نائل کھڑا ہوتا گہرا سانس بھرے بولا

نہیں ابھی ایک اور رسم باقی ہے!سائمہ بیگم اپنی مسکراہٹ ضبط کیے کہنے لگی

اب کیا؟وہ دونوں ہی ساتھ گویا ہوئے تھے جس پر سب قہقہ لگا کر ہنس دیے

یہ کے ہمارے یہاں ایک رسم ہوتی ہے کہ دلہا دلہن کو گود میں اٹھا کر روم تک پہنچاتا ہے!خالہ شرارتی انداز میں بولیں ان کی بات پر ولیہ چونک کر دو قدم پیچھے ہوئی

Posted On Kitab Nagri

مجھے ایسی کوئی رسم قبول نہیں ہے!ولیہ نے اتجاد کیا

میں بھی نہیں اٹھارہا ویسے بھی بہت بھاری ہے یہ!روانگی میں کہتا وہ سب کے منہ کھلوا گیا

کیا مطلب بھائی؟پہلے بھی اٹھایا ہے کیا آپ نے ولی....زارون آنکھیں سیکڑے بولا کے اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی ولیہ نے اسے چٹ رسید کی تھی

یہ باتیں چھوڑیں اور رسم شروع کریں!وفا ایکسائٹڈ سی بولی جس پر ولیہ خجل ہوتی مزید دو قدم پیچھے ہوئی جبکہ اب نائل کے چہرے پر ذو معانی مسکراہٹ رینگی تھی اور اگلے ہی لمحے وہ اسے بازوؤں میں بھر گیا

کس قسم کی فضول رسم ہے یہ!ولیہ ضبط سے بربرائی

فضول کہاں؟اتنی اچھی رسم تو ہے!اس کی غیر ہوتی حالت پر وہ شرارت سے اسکے کان کے قریب سرگوشی کرتا اسے مزید گلابی کر گیا

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

Posted On Kitab Nagri

اسے روم میں بیٹھے دو بج چکے تھے نائل اسے روم میں چھوڑتے ہی کہیں باہر نکل گیا تھا البتہ وہ ضرور ابھی تک وفا اور رامشہ کے اسی روم میں موجود ہونے جے باعث چینج نہیں کر سکی تھی

تم لوگ بیٹھو میں چینج کر کے آئی!ان سے کہتی وہ اٹھنے ہی لگی جب وفا نے اسے ٹوکا

تم پاگل ہو نائل بھائی کے آنے سے پہلے ہی چینج کر لو گی؟شرافت سے بیٹھو نہیں تو رباب آنٹی کو بتا دوں گی!وفا اسے وارن کرتی بولی

تم تو ہو ہی فسادی!ولیہ اسے ڈپٹتی خود تیسری بار بیڈ پہ بیٹھ گئی

ہونہوں... خیر اب ہم جا رہے ہیں نائل بھائی بھی آنے والے ہونگے ہمیں روم میں دیکھیں گے تو کباب میں ہڈی قرار دیں گے!رامشہ معنی خیزی سے کہتی وفا کو اشارہ کرتی باہر نکل گئی

.

Posted On Kitab Nagri

شکر ہے گئیں دونوں آفت کی پڑیاں.....ان کے جاتے ہی ولیہ گہرا سانس بھرے اپنا گھوبٹ پیچھے کر کے پھر سے اٹھنے لگی جب روم کا دروازہ کھلا اور وہ کمرے میں داخل ہوا کے اسے اپنے بیڈ پر سجا سنوارا سا بیٹھا دیکھ کر نائل کاظمی اپنی جگہ ساکت ہو گیا

دوسری طرف وہ خود پر اس کی نظریں محسوس کرتی گھبرا گئی

نائل اب آستہ آستہ قدم بڑھاتا اس کی طرف آرہا تھا کے اسے اپنے قریب آتا دیکھ کر وہ بری طرح سے سٹپٹا کر واشروم کی طرف بڑھی جب نائل اسکا بازو پکڑ کر جھٹکے سے اسے اپنے قریب کر گیا

مجھے امید نہیں تھی ولیہ کاظمی اب تک میرے انتظار میں بیٹھی ہوئی تھی اور اب میرے آتے ہی جانے لگی ہو؟اس کے حسین سراپے پر نظر ڈرائے وہ کسی سحر کے زیرے اثر بولا

آپ نے شاید سنا نہیں...کتا پال لو بلی پال لو لیکن خوش فہمی مت پالو میں اور آپ کا انتظار کروں گی؟وہ دل ہی دل میں گھبراتی بظاہر تمسخرانہ انداز میں بولتی مقابل کو بدمزہ کر گئی

Posted On Kitab Nagri

میں نے تم سے کتنی بار کہا ہے میرے ساتھ فضول گوئی مت کیا کرو....اس کے جملے سے وہ ہوش میں آتا ناگواری سے بولا

تتتت افسوس اب تو آپ کو روز آپ کو ایسے ہی میری فضول گوئی سننی پڑے گی....بہت شوق تھا نا شادی کے بعد بدلے لینے کا ایسا جینا حرام کروں گی کے یاد رکھیں گے آپ کو کیا لگ رہا ہے شادی گڈا گڈی کا کھیل ہے؟اس سے اپنا بازو چھڑواتی وہ گردن اکڑا کر بولی

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

جب آپ شادی کے بارے میں اتنا ہی جانتی ہیں مسز ولیہ تو یہ بھی جانتی ہونگی کے شادی کے بعد شوہر کے بھی کچھ حق ہوتے ہیں سوچوں اگر میں تم سے اپنے حق وصول کرنے لگا تو.....بات کو ادھورا چھوڑ کر وہ ذومعانی انداز میں اس پر جھکتا بولا کے اس کی بات پر ولیہ غصے اور شرم سے سرخ ہوئی تھی

ہو گیا آپ کا؟اب ہٹیں مجھے چینج کرنا ہے! تیش سے پیر پٹکتی وہ واشروم کی طرف بڑھ گئی جبکہ دوسری طرف نائل سر جھٹک کر چینجنگ روم کی طرف بڑھ گیا

واٹ ڈا؟میرے کپڑے تو ہیں ہی نہیں یہاں!واشروم میں آتے ہی وہ اپنا سر تھام چکی تھی کافی دیر ایسے ہی سوچنے کے بعد اس کی نظر سامنے موجود الماری پر گئی

اگلے دس منٹ میں وہ فریش سی باہر آئی کے اسے دیکھتے ہی پانی پیتے نائل کے منہ سے فوارا نکلا تھا اور اگلے ہی لمحے پورے کمرے میں اسکا چٹ پھاڑ قہقہ گونجا تھا وہ آج پہلی بار خود کا قہقہ سن رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

وہ اسکا بلیک ٹراوزر پہنے جو اس سے زیادہ زمین کو چوم رہا تھا ساتھ بیلو ٹر شرٹ پہنے جو کہ ڈھیلی ہونے کے ساتھ ساتھ اس کے گھٹنوں کو چوم رہی تھی اسکے سوٹ میں جو کربی وہ اسکے سامنے کھڑی اس کی ہنسی پر محض اسے گھور کر گئی

افففف...کارٹون لگ رہی ہو!وہ ہنوز پیٹ پر ہاتھ رکھے بولا

چپ کر جائیں نہیں تو سر پھاڑ دوں گی آپ کا!سرخ چہرہ لیے اسے گھورتی وہ خود جلدی سے بیڈ پر کمفرٹر اوڑھ کر لیٹ گئی

کیا بی بی اٹھو یہاں سے پورے بیڈ پر پھیل گئی ہو...اس کی چالاکی پر وہ اسے جھنجھوڑتا بول

.

صوفے پر سو جائیں...!اس کے جھنجھوڑنے کا اثر لیے بغیر وہ لاپرواہی سے بولی جب اگلے ہی پل اسے اپنا وجود بیڈ سے اٹھتا محسوس ہوا

Posted On Kitab Nagri

نائل اسے اٹھائے بیڈ سے صوفے پر پٹکتا تیزی سے بیڈ پر جا کر لیٹ گیا

کیا مصیبت ہے؟اس کی حرکت پر وہ آف بغولہ ہوتی چیخی

اگر سونا ہے بیڈ پر میرے ساتھ سونا ہو گا اور اگر الگ سونا ہے تو صوفے پر لیٹ جاؤ...ازلی بے نیازی سے آنکھیں موندوہ اسے مزید آگ لگا گیا

کافی دیر ایسے ہی صوفے پر کروٹ بدلنے کے بعد وہ پیر پٹکتی بیڈ پر آتی اسے گھورنے لگی جو بے نیاز سا آنکھیں مونڈے ہوئے تھا

گہرا سانس ہوا کے سپرد کر کے وہ بیچ میں کوشن لگاتی ایک کونے میں خود کو کمفرٹر میں بند کر گئی

گلاس ڈور سے پڑھنے والی روشنی سے اسکی آنکھ کھولی

Posted On Kitab Nagri

ہیں یہ گلاس میرے روم میں کہاں سے آگیا؟ آنکھیں مسل کر خود سے کہتی وہ اٹھی جب نظر اپنی پہنی ہوئی شرٹ پر گئی ایک لمحہ لگا تھا اسے ہوش میں لوٹنے میں کسی خیال کے تحت اسنے گردن موڑ کر دیکھا جہاں وہ اسے اپنے بلکل ساتھ ہی آنکھیں موندے لیٹا نظر آیا

ہو نہوں! اسے دیکھتے ہی وہ بد مزہ ہوتی اٹھ کر واشروم کی طرف بڑھی مگر جاتے جاتے اس کی نظر الماری پر گئی کچھ سوچتے ہوئے اسنے الماری کھولی جسے دیکھتے ہی اسکی آنکھیں پھیل گئی تھیں اسکے سارے کپڑے سیلقے سے اس الماری میں سیٹ تھے شاید یہ سائمہ بیگم نے کل ہی سیٹ کروا دیے تھے

گہرا سانس بھر کر وہ اپنے لیے ایک سوٹ نکالتی واشروم کی طرف بڑھ گئی

کچھ ہی دیر میں وہ کائی گرین کلر کا سوٹ پہنے جس پر ہلکے شیشوں کا کام تھا فریش سی گیلے بالوں میں باہر آتی ڈریسنگ کے سامنے جاتی بال بنانے لگی

Posted On Kitab Nagri

کمرے میں ہوتی کٹ پٹ سے وہ بامشکل اپنی آنکھیں کھول سکا تھا نظر گھومانے پر نظر سامنے اٹک کر رہے گئی جہاں وہ اپنے لمبے خوبصورت بالوں کو ڈرائر کی مدد سے سکھانے میں مصروف تھی یہ پہلی بار تھا جب نائل نے اسکے بال دیکھے تھے

یہ تمہارے بال ہیں؟ وہ کسی سحر کے زیرے اثر بولا

نہیں آپ کی پرانی گرل فرینڈ کو گنجا کر کے لگوائے ہیں! وہ جو پہلے ہی شیشے سے خود کو گھورتے دیکھ چکی تھی اسئلے اب آنکھیں مٹکا کر بولی جس پر وہ بدمزہ ہو کر رخ بدل گیا

میں جا رہی ہوں پانچ منٹ کے اندر اندر نیچے موجود ہوں آپ! شرارتی انداز میں اسے آڈر دیتی وہ دروازے کی جانب بڑھی جب اسکی بھاری آواز کمرے میں گونجی تھی

میری ماں بننے کی ضرورت نہیں ہے تمہیں...جب دل چاہے گا جبھی اٹھوں گا میں! بے نیازی سے کہتا وہ اسے پر سکون کر گیا

Posted On Kitab Nagri

کرو کرو اور بحث کرو.... لیٹ ہونے پر دادا سائیں کی جب کلاس لگے گی تو مزہ ہی آجائے گا! خود سے کہتی وہ باہر نکل گئی

* * * * * * * * * * * * * * * * * *

ناشتے کی ٹیبل کو بھرپور لوازمات سے سجایا گیا تھا مگر آج یہ ساری ڈیشز نائل اور ولیہ کی پسند کی رکھی گئی تھیں

.

نائل میاں کہاں رہے گئے ہیں؟ دادا سائیں سب پر نظر ڈراتے بولے

وہ شاید ہمیں جوائن نا کریں... میں نے بہت اٹھایا لیکن وہ اٹھے ہی نہیں! ولیہ مصومیت سے آنکھیں پٹپٹا کر بولی

یہ تو غلط بات ہے آج شادی کا پہلا دن ہے سب کچھ ان کی پسند کا بنایا گیا ہے اور وہ خود یہاں موجود ہی نہیں! دادا سائیں خفگی سے کہنے لگے جب وہ سڑھیوں سے اترا دیکھائی دیا

Posted On Kitab Nagri

بس کیا بتاؤں میں دادا سائیں مجھے تو لگتا ہے وہ بلکل خوش نہیں ہے مجھ سے شادی کر کے.. کل تو وہ گھر بھی نہیں آئے آج صبح جب میں اٹھی تو جب دیکھا ورنہ آپ پوچھ لیں وفا سے کل رات یہ دونوں ہی میرے ساتھ بیٹھی رہیں! وہ سر جھکائے لہجے میں دکھ سمائے بولی کے اس کے جھوٹ پر پیچھے کھڑے نائل کی آنکھیں پوری طرح سے کھل گئیں تھیں

یہ سب کیا ہے نائل... ولیہ کیا کہ رہی ہیں؟ دادا سائیں صدمے سے بولے جبکہ ان کی نظروں کو اپنے پیچھے دیکھتا محسوس کر کے ولیہ زبان دانتوں میں دبائے پلٹی جہاں وہ سنجیدہ تاثرات لیے اسے ہی گھور رہا تھا

بتائیں نائل؟ دادا سائیں کی آواز ایک بار پھر گونجی جس پر اسنے زبر واچکا کر ولیہ کی جانب دیکھ جواب نظریں جھکا گئی (اسے کہاں پتا تھا وہ جن کی طرح اس کے پیچھے ہی کھڑا ہو گا)

کچھ نہیں دادا سائیں اصل میں یہ مجھے کہ رہی تھی میں آج ڈیرے پر نا جاؤں لیکن میں نے کہا مجھے جانا ہے کچھ کام ہے بس اسلئے ناراض ہو کر آپ سے جھوٹی شکایتیں لگا رہی ہے کیوں ڈارلنگ؟ اس کے

Posted On Kitab Nagri

الفاظوں اور طرز مخاطب پر وہ بامشکل سنبھلی جب نظر سامنے ٹیبل پر موجود افرادوں پر گئی جو معنی خیزی سے مسکرا رہے ان دونوں ک تھے سوائے وشمہ کے.

اب آپ دونوں کی ٹوم اور جیڑی والی فائٹ ختم ہو گئی ہے تو بیٹھ کر ناشتہ کریں ٹھنڈا ہو رہا ہے....
رباب بیگم اپنی مسکراہٹ چھپائے بولیں جس پر وہ سر کو خم دے کر کرسی کھینچ گئی

ویسے ولیہ جھوٹ بولنا اچھی بات نہیں! دادا سائیں اسے ٹوکنا نا بھولے جب کے وہ ان کی جملے پر دانت پیس کر رہے گئی

سن لیا؟ نائل اب پوری طرح اس کی حالت سے لطف اندوز ہوتا اس کہ جانب متواجہ ہوا جب وہ اپنی بھاری چپل والا پاؤں اس کے پیر پر رکھ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آہ.....

کیا ہوا بھائی؟ زارون چونک کر بولا

Posted On Kitab Nagri

ککلکچھ نہیں چمچ پیر پر گر گیا!اب کے وہ نارمل ہو کر کہنے لگا جس پر زارون سر کو خم دیتا اس کی طرح کھانے سے انصاف میں مصروف ہو گیا

****

کیسے ہیں اب آپ میر؟ سجل بیگم اس کے روم میں آتی بولیں جو پیر پر پٹی باندھے صوفے پر بیٹھا کوئی اخبار پڑھ رہا تھا

آیئے اماں... بہتر ہوں اب!وہ اخبار سائد پر رکھتا ان جی جانب متواجہ ہوئے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ سب اس نائل کاظمی نے کیا ہے نا؟

جی اماں !

Posted On Kitab Nagri

مار دو پھر اسے....اس ہاشم کاظمی کی اولاد نے پہلے تمہارے باپ کو مارا اور اب وہ لوگ میرے بچے کے پیچھے پڑ گئے ہیں؟ مجھ میں ہمت نہیں ہے اب کہ میں ان کاظمیوں سے ایک زخم کھاؤں! سجل بیگم ڈھیروں نفرت لیے گویا ہوئی

آپ بے فکر رہیں ماں....میں ان کاظمیوں نسلیں برباد کر دوں گا! یر شہزاد مٹھیاں بھینچے بولا

اور آپ تو ہاشم کاظمی کی اکلوتی پوتی کو اس گھر میں ملازمہ بنا کر لا رہے تھے؟

"اس کی شادی ہو گئی...نائل کاظمی سے!" میر شہزاد نظریں جھکائے بولا جبکہ اس بار کمرے میں سجل میر کا قہقہ بلند ہوا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ تو اور اچھا ہوا اس بار ہاشم کاظمی کو اپنی دو دو اولادوں سے ہاتھ دھونا پڑے گا! ان کی بات کا مفہوم سمجھتا وہ بھی کھل کر مسکرایا

Posted On Kitab Nagri

ماننا پڑے گا میری بھی ماں ہیں آپ!میر شہزاد ان کی طرف دیکھے شیطانی ہنسی ہنستا بولا اور اسکے بعد کمرے میں ان دونوں ماں بیٹے کی شیطانی ہنسی گونجی تھی

* * * * * * * * * * * * * * *

نائل کی غلط بات ہے آج اسے ڈیرے پر نہیں جانا چاہیے گا بتاؤ آج ولیمہ ہے اور وہ جناب باہر پھیر رہے ہیں!خالہ خفگی سے کہنے لگی

تو پھر ہے نا کسی کام سے گیا ہو گا ویسے بھی اس کی شادی کونسا من پسند شخص سے ہوئی ہے ارے بھئی من چاہی دلہن ہو تو شوہر گھر پر رکے بھی!پھوپھو تلخی سے بولی جس پر وفا اور رامشہ سے باتیں کرتی ولیہ کے کان کھڑے ہوئے پہلی بار کسی کی باتوں پر اسے تکلیف ہوئی تھی

کیسی باتیں کر رہی ہو فرحانہ نائل نے ہی ولیہ کے لیے ہامی بھری ہے اگر ایسی بات ہوتی تو وہ کبھی ہامی ہی نا بھرتا!رباب بیگم کو ان کی بات ناگوار گزری جس پر وہ انہیں ٹوکتی بولیں

Posted On Kitab Nagri

لو بھلا میں نے غلط تھوڑی کہا ہے اور میں سب جانتی ہوں کیوں نائل نے ولیہ کا نام لیا....اب اگر وشمہ بھی ایسے ہی ادائیں جانتی تو بھلا میری بچی میں کوئی کمی ہے کیا؟ فرحانہ بیگم معمول کی نسبت تلخی سے بولی

ادائیں ہی تو نہیں ہے اس میں اسئلے ہی میں نے وشمہ پر ولیہ کو ترجیح دی ہے منہ تو آپ میرا بند رہنے دے پھوپھو!نائل جو ابھی باہر سے آیا تھا ٹی وی لاؤنج میں بیٹھے لوگوں میں اس کی تزلیل سن کر اس کی پیشانی پر بل نمودار ہوئے تھے

نائل!رباب بیگم نے اسے ٹوکا

نو موم میں آج آپ لوگوں کو صاف کہ رہا ہوں آئندہ میں اپنی بیوی کے بارے میں اس طرح کوئی بات برداشت نہیں کروں گا....اب وہ ولیہ فرحان کا ظمی نہیں بلکہ ولیہ نائل کا ظمی ہے!تیش سے کہتا وہ لمبے لمبے ڈھگ بھرے اوپر کی جانب بھر گیا کے اس کے جاتے ہی وفا نے دھنگ کھڑی ولیہ کو کونی ماری جبکہ اس سب میں وشمہ اور فرحانہ بیگم کا چہرہ سرخ پڑ گیا تھا

Posted On Kitab Nagri

چلو بچیوں ولیمے کی تیاری کرو....رباب بیگم سب کی تواجہ ہٹاتی بولی

یہ اس ہٹلر کو کیا ہو گیا کب سے میری سائد لینے لگ گئے ؟وہ اب تک دھنگ کھڑی اسکے الفاظوں پر غور کر رہی تھی

ولیہ جاؤ..جا کر ریڈی ہو جاؤ بیوٹیشن آگئی ہے!سائمہ بیگم اسکے پاس آتی محبت سے بولیں

بٹ موم میں اپنے روم میں تیار ہو نگی نا کہ اس ہٹلر کے!وہ برا سا منہ بنائے بولی کے اس کے اپنے شوہر کے بارے میں اس طرح بات کرنے پر سائمہ بیگم نے ایک چٹ اسکے سر پر رسید کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شرم حیا ہے کچھ ؟اب شوہر ہے وہ تمہارا ادب سے بات کیا کرو دیکھا نہیں کیسے سب کے سامنے تمہارے لیے لڑ کر گیا ہے اور ایک میری یہ کم عقل بیٹی ہے!وہ اس کی عقل پر تف کرتی افسوس سے بولی

Posted On Kitab Nagri

اوہ اب سمجھ آئی...انہوں نے یہ سب کیوں کیا کیونکہ آپ کی نظر میں اچھا جو بننا تھا میں تو ویسے ہی سوتیلی ہوں نا آپ کی!خاصا بنا بسور کر کہتی وہ اپنے روم کی جانب بڑھ گئی کے پیچھے سائمہ بیگم ہمیشہ کی طرح محض اپنا سر پیٹ کر رہے گئی

ولیمے کا فنشن بھی باقی دنوں کی طرح دھوم دھام سے مکمل ہو گیا تھا رات کے گیارہ بجے تک سب لوگ واپس گھر آتے اپنے اپنے کمروں کا رخ کر گئے تھے

نائل روم میں داخل ہوا تو سامنے وہ سلور میکسی پہنے جس پر سلور ہی خوبصورت سا کام تھا سر پر سلور ہی ڈوپٹا ہی سیٹ کیے وہ اس وقت شیشے کے سامنے کھڑی اپنی جیولری اتار رہی تھی

اسے دیکھتے ہی وہ ایک لمحے کو رکا تھا مگر اگلے ہی لمحے اسے نظر انداز کرتا واشروم کی طرف بڑھنے لگا جب وہ اسکے راستے میں حائل ہوئی

یہ جو اپنی چالاکیاں ہیں نا بدل لیں کیونکہ میں آپ کے چنگل میں نہیں آنے والی!وہ اسکے سامنے کھڑی قمر پر ہاتھ رکھے لڑاکا انداز میں بولی

Posted On Kitab Nagri

تمہیں کس نے کاٹ لیا ہے اس وقت جو بلاوجہ جھگڑ رہی ہو؟اس کے انداز پر وہ ابرو اچکائے بولا کے اس کے لفظوں پر ولیہ کا منہ کھل گیا تھا

یہ یہی تو اصل روپ ہے نا آپ کا.... پھر دوسروں کے سامنے بھی لایا کریں نا یہ آپ کی وجہ سے میری موم ہر وقت مجھ پر غصہ کرتی ہیں ایسے ہی رہا کریں ناسب کے سامنے جیسے میرے سامنے رہتے ہیں ڈرتے ہیں کیا؟نون اسٹوپ بولتی وہ مقابل کو شدید کوفت میں مبتلا کر رہی تھی

میں کسی کے باپ سے بھی نہیں ڈرتا سمجھی...اب اس وقت تم مجھ سے الجھ کر کیا ثابت کرنا چاہتی ہو؟ وہ جو پہلے سے تھکا ہوا تھا اس فضول بحث سے تنگ آتا بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہی کے آپ لوگوں کے سامنے چاہے جتنے اچھے بن جائیں لیکن میں آپ کی حقیقت اچھے سے جانتی ہوں!ولیہ عام انداز میں کہتی آگے بڑھنے لگی جب وہ جھٹکے سے اسے دیوار سے لگا گیا

Posted On Kitab Nagri

کیا جانتی ہو تم میرے بارے میں ؟کسی خوف کے زیرے اثر وہ اب قدرے تشویشی انداز میں بولا جبکہ دوسری طرف وہ اسکے بدلتے روپ پر اس کی گرفت میں گھبرائی تھی

یہی کے آپ ایک نمبر کے بد تمیز پلس ہٹلر انسان ہیں !گھبراہٹ کے باوا جود وہ گردن اکڑا کر بولی جب نائل نفی میں سر ہلاتا اس کے مزید قریب ہو کر غرایا

مجھے صرف سچ سنا ہے بولو کیا جانتی ہو تم میرے بارے میں ؟اس کی سرمائی آنکھوں میں اب سرخی سے تھی جسے دیکھ کر ولیہ اب صیح معینوں میں کانپی

خدا کی قسم میں یہی جانتی ہوں کہ آپ انتہائی بد تمیز اور ہلٹر قسم کے انسان ہے !اب کے وہ آنکھیں میچیں فٹ سے بولی کے اس کے لہجے میں سچائی واضع تھی جس پر وہ گہرا سانس بھرے وہ ایک بار پر نفی میں سر ہلاتا اس سے دو قدم دور ہوا

تم واقعی پاگل ہو !سر جھٹک کر کہتا وہ واشروم میں بند ہو گیا کے کافی لمحے خاموشی محسوس کر کے ولیہ اپنی آنکھیں کھول گئی جہاں اسکا سامنا خالی کمرے سے ہوا اس کی جان میں جیسے جان آئی تھی

Posted On Kitab Nagri

یہ تو سچ میں جن کا بچہ ہے!خود سے کہتی وہ وہی سر پکڑے بیڈ پر ڈھے گئی

کچھ ہی دیر میں وہ نم بالوں سمت بلیک ٹی شرٹ اور ٹراوزر میں باہر آیا جہاں وہ اب سمپل سے سلیپنگ سوٹ میں بیڈ پر بیٹھی بال بناتی نظر آئی

یہ تمہارے اپنے ہیں کیا؟اب کے اسکا انداز خاصا نارمل تھا جبکہ دوسری طرف وہ محض اسے گھور کر رہے گئی

تم ڈر گئیں تھیں نا؟ایک اور سوال کیا گیا تھا مگر اس بار انداز پر شوخ تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں ظاہر ہے پہلی بار جو جن کا بچہ دیکھ رہی تھی!وہ چاہتے ہوئے بھی خود کو بولنے سے باز نا رکھ سکی

حالانکہ تمہیں تو عادت ہونی چاہیے جب بھی شیشے میں دیکھتی ہو نگی ایک چڑیل تو نظر آ ہی جاتی ہو گی!
نائل صوفے پر بیٹھتا اپنا لیپ ٹوپ کھولے بولا

Posted On Kitab Nagri

کیا کہا؟ آپ نے مجھے چڑیل کہا؟اس کی بات پر وہ واقعی کسی چڑیل کی طرح اس کی طرف بڑھی کے اس کے اٹھنے پر اسکے بال لہرا کر پشت پر بکھرتے نائل کو اپنی طرف متواجہ کرتے اپنے سحر میں جکڑ گئے

کیا کہ رہے تھے آپ؟وہ اسکے سر پر کھڑی غرائی

بیوٹیفل!

ہیں؟اس کے لفظوں ہر وہ صدمے سے بولی جب وہ جھٹکے سے ہوش میں لوٹا

تمہیں نہیں کہا....!وہ اس پر سے نظریں ہٹائے لیپ ٹوپ دیکھتا بولا جس پر وہ ابرو اچکا گئی

پھر کسے کہا؟

افففف میری ماں کیا مصیبت ہے تمہیں؟

Posted On Kitab Nagri

سوری کہیں میں چلی جاؤں گی!ولیہ منہ بسورے بولی کے اس کہ بات پر نائل نے ابرو سیکڑ کر اسے گھورا جسے کہنا چاہ رہا ہو میں اور سوری؟

ٹھیک ہے پھر ایک شرط پر معاف کروں گی!اسکے تیور دیکھ کر وہ خود ہتھیار ڈالتی بولی

تم سے معافی مانگ کون رہا ہے؟اس کی بات پر وہ ناگواری سے اس کی طرف مڑا

ٹھیک ہے پھر میں دادا سائیں کو جا کر بتاتی ہوں آپ مجھے ڈرا رہے تھے اور چڑیل بھی کہ رہے تھے.... مصومیت سے کہتی وہ صیح معنوں میں اس کا پارا ہائی کر گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا چاہتی ہو؟

مجھے آئسکریم کھانی ہے!رات کے ایک بجے اس کی فرمائش سن کر وہ محض اسے دیکھ کر رہے گیا اگلے آدھے گھٹنے میں گاڈر نے اسکا روم نوک کیا تھا

Posted On Kitab Nagri

جاؤ آگئی ہے تمہاری آئسکریم اسکے. بعد مجھے روم میں صرف خاموشی چاہیے!اسے وارن کر کے کہتا وہ روم کے ساتھ ہی بنی اسٹڈی میں گھس گیا کے پیچھے وہ اپنے آپ کو داد دیتی مزے سے آئسکریم کھانے لگی

اور لیں مجھ سے پنگے نائل کاظمی !

* * * * * * * * * * * * * * * * * *

گلاس وال سے سیدھا اسکے منہ پر پڑنے والی روشنی سے اس کی آنکھ کھولی گھڑی پر نظر پڑتے ہی وہ تقریبا بھاگتے ہوئے واشروم میں بند ہوا تھا آج بھی اس کی آنکھ دیر سے کھولی تھی کل بھی رات دو بجے تک وہ اسکا سر کھانے کے بعد فجر میں نجانے کونسی کٹ پٹ کر کے وہ اس کی نیند برباد کر چکی تھی پندرہ منٹ بعد وہ فریش سا بیلو پینٹ کورٹ پہنے ناشتے کی ٹیبل پر آیا جہاں وہ پہلے سے پتا دینے والی مسکراہٹ سجائے اس کے انتظار میں بیٹھی نظر آئی

Posted On Kitab Nagri

سلام دادا !

اٹھ گئے آپ ؟ ہمیں لگا تھا شادی انسان کو زمے دار بناتی ہے لیکن یہاں تو نظام ہی الٹ گیا ہے ! دادا سائیں خفگی سے ادے دیکھتے بولے

وہ دراصل آنکھ نہیں کھلی دادا سائیں ! اپنی کرسی کھینچ کر وہ بلکل دادا سائیں کے سامنے والی کرسی پر بیٹھ گیا جہاں اسکے ساتھ ہی دشمن جان کی کرسی تھی

لیکن ولیہ تو کہ رہی تھی آپ پوری رات کام کے باعث سوئے ہی نہیں ! دادا سائیں کے کہنے پر اسنے چونک کر ولیہ کو دیکھا جو کندھے اچکا گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی بس وہ آوفس کا کچھ کام تھا پورے دن ڈیرے اور ولیمے کی مصروفیت میں میری ایک فائل ان کمپلیٹ رہے گئی تھی... وہ نوالہ لیتا عام سے انداز میں بولا

Posted On Kitab Nagri

ہم جانتے ہیں کہ آپ پر ڈبل ڈبل زمے داری ہے بزنس اور ڈیرے کی لیکن اسکا مطلب یہ نہیں آپ نئ نویلی دلہن کو نظر انداز کریں!رباب بیگم خفگی سے بولی جس پ اسے سارا امعلہ سمجھ میں آیا تھا ایک نظر اپنے ساتھ بیٹھی اس لڑکی کو دیکھا جو اس کی موم کی بات پر بری طرح سے سٹپٹا گئ تھی

.

جی موم میں آئندہ خیال کروں گا!اس کے کہنے پر رباب بیگم مسکرا کر سر ہلا گئ اس کے بعد ناشتہ پر سکون ماحول میں کیا گیا تھا ناشتے کے بعد دادا سائیں فرحان صاحب اور ارسلان صاحب ڈیرے پر جانے کے لیے نکل گئے جبکہ نائل آج زمینوں کو دیکھنے نکل گیا تھا جب وہ بھی ملازمہ کے ساتھ ناشتے کے برتن سمیٹنے لگی جب وشمہ اسکے پاس آئی

ولی؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمم بولو!وہ برتن سمیٹتی مصروف سی بولی

مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے یہ چھوڑو سب ملازمہ کر لے گی تم میری بات سنو!وہ اسکا ہاتھ پکڑے سائد پر لے جاتی کہنے لگی

Posted On Kitab Nagri

کیا ہو گیا خیر تو ہے آج تمہیں کہاں سے میرا خیال آ گیا؟ شادی میری ہوئی ہے بدل تم گئی ہو! کافی عرصے بعد پہلے والی وشمہ کو دیکھ کر وہ مسنوئی ناراضگی سے بولی

سوری یار بس پیپر کی وجہ سے بزی تھی تم بتاؤ کیا واقعی نائل تمہیں ٹائم نہیں دیتے؟

ہاں تو نا دیں مجھے کونسا فرق پڑتا ہے ان کے ٹائم دینے ن دینے سے! وہ کندھے اچکائے بولی

نہیں مطلب تم نے پوچھا نہیں ہو سکتا ہے وہ شادی سے پہلے کسی اور میں انٹرسٹڈ ہوں؟ اس کے بات پر ولیہ نے ابرو اچکا کر اسے دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے نہیں لگتا ایسا کچھ ہو گا وہ ہٹلر کسی میں انٹرسٹڈ ہو ہی نا جائیں! وہ مصروف سی منہ بسورے بولی جس پر وشمہ نے تلخی سے اسے دیکھا تھا

Posted On Kitab Nagri

میری بات سنو ولیہ...یہ باتیں اتنی ایزی نہیں ہیں جتنی تم لے رہی ہو اگر نائل کسی اور میں انٹرسٹڈ ہیں تو تمہیں اس بارے میں پتا کرونا کہ ایسے ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھی رہو تم سمجھ رہی ہو نا میں کیا کہہ رہی ہو؟ اسنے اپنا ایک اور پتا پھینکا تھا جس پر وہ سر کو خم دے گئی

ٹھیک ہے میں اس بارے میں سوچوں گی!اس سے پہلے وشمہ مزید کچھ کہتی زارون اور وفا نے انہیں اپنی جانب متواجہ کیا تھا

چلبل پانڈے پکڑ اس موٹی کو!زارون کی آواز پر وہ ایکسائٹڈ سی وفا کے پیچھے بھاگی

یہ تو بتاؤ کیا کر دیا اسنے؟ ولیہ اسکے پیچھے بھاگتی بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہاری نا ہونے والی دیورانی کے پاس جا کر ساری پولیں کھولی ہیں اسنے میری!اب کے وہ وفا کو پکڑے اس کی گردن دبوچ گیا جبکہ اس کی بات پر ولیہ پیٹ پر ہاتھ رکھے ہنستی چلی گئی

Posted On Kitab Nagri

یعنی تمہارا بیسوا بریک اپ ہو گیا؟ ہنستے ہنستے اس کی بھوری آنکھوں میں پانی بھرنے لگا تھا جس پر زارون نے اسے پاس رکھا کوشن اٹھا کر مارا

ہاں تم اور تمہاری یہ کزن نجانے کونسا بیڑ ہے تم دونوں کو میری پیاری پیاری دوستوں سے !

ہمیں ان بیچاریوں سے مسئلہ نہیں ہے بلکہ تمہاری اس روتی شکل سے سکون ملتا ہے.....وہ دونوں تالی مارتی ہنستے ہوئے بولی جس پر زارون ایک بار پھر ان کے پیچھے بھاگا اور پھر پورے کاظمی ویلا میں ان کے قہقہوں کی آوازیں گونجی تھیں

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا سوچا ہے نائل بابا آپ نے....میر شہزاد اتنی آسانی میں چپ نہیں بیٹھے گا!راؤف بابا اسے دیکھ کر پریشانی سے بولے

Posted On Kitab Nagri

آنے دیں اسے دیکھ لوں گا اس جیسے گیڈروں کو بہت بار دیکھا ہے میں نے!وہ زمینوں کو جائزہ لیتا اپنا کورٹ ٹھیک کرتا بولا

لیکن نائل بابا آپ تو باہر نہیں رہے؟وہاں بھی کیا مار ڈھار کی اجازت تھی!ان کی بات پر وہ ایک لمحے کو ماضی میں کھویا تھا

ہمممم آپ گاڑی تیار کروائیں میں نے اسلام آباد جانا ہے!اس کے بات بدلنے ہر راؤف بابا شرمندگی سے سر اثبات میں ہلاتے درائیور کو اشارہ کر گئے

رات کو وہ دیر سے گھر واپس لوٹا تھا اپنا کورٹ اتار کر بازو پر ٹکائے وہ گھر کے اندر داخل ہوا جہاں اسے دیکھتے ہی ملازمہ ڈور کر اسکے پاس آئی

صاحب آپ کا کھانا لگا دوں؟ملازمہ مؤدب انداز میں پوچھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

ہاں میرے روم میں لے آنا!اسے کہتا وہ اپنے روم کی طرف بڑھ گیا کمرے میں داخل ہوتے ہی وہ اسے صوفے پر بیٹھی کوئی فلم دیکھتی دیکھائی دی اسے دیکھتے ہی وشمہ کے الفاظ اسکے ذہن میں گردش کرنے لگے جبکہ دوسری طرف اسے دیکھتے ہی وہ پر شوق انداز میں اس کی طرف بڑھا کے اسے اپنے قریب آتا دیکھ کر وہ صوفے سے اٹھتی بیڈ کی جانب بڑھنے لگی جب نائل اسکا ہاتھ تھامتا اپنے قریب کر گیا

کیا کر رہے ہیں یہ؟اس کی حرکت پر وہ سٹپٹاتی بولی

بہت شکایتیں ہیں نا تمہیں مجھ سے کہ میں ٹائم نہیں دیتا؟وہ اسکے کمر کے گرد بازو باندھے اس کی حالت سے محفوظ ہوتا بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ممیں نے ایسا کچھ نہیں کہا انہیں ایسا...میں کیوں ٹائم مانگنے لگی آپ سے؟ناگواری سے کہ کر وہ پوری قوت لگا کر اس سے الگ ہوتی آگے بڑھی جب اسکا پاؤم اپنے ہی ٹراوزر میں اڑا اس سے پہلے وہ زمین بوس ہوتی نائل نے اسے اپنی مضبوط گرفت میں لے چکا تھا

Posted On Kitab Nagri

لیکن تمہارے ایکشنز تو مجھے چیخ چیخ کر کہہ رہے ہیں تمہیں واقعی میری اٹینشن چاہیے!وہ اس پر نظریں جمائے ہلکی سی مسکراہٹ لیے بولا یہ دوسری بار تھا جب اسنے اس ہٹکر کو مسکراتے ہوئے دیکھا تھا

آپ کا دماغ خراب ہو گیا ہے.... چھوڑیں مجھے!اس کی نظروں کی تپش سے وہ گھبرا کر نظریں جھکائے بولی کے نجانے کیوں اسکا یہ روپ نائل کاظمی کو پاگل بنا رہا تھا

چھوڑنے کے لیے تھوڑی تھاما ہے!وہ اس پر اپنی گرفت مضبوط کرتا خمار آلود لہجے میں بولا کے اس کے الفاظوں سے پہلی بار ولیہ کاظمی کے دل نے بیٹ مس کی تھی !

میں منہ توڑ دوں گی آپ کا چھوڑیں مجھے !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واقعی چھوڑ دوں؟اب کے وہ اس پر سے گرفت ڈھیلی کیے اسے آدھا ہوا میں ہی چھوڑتا بولا

Posted On Kitab Nagri

ننننہیں میرا مطلب ہے کھڑا کریں مجھے !وہ فوراسے اپنی ٹون بدل چکی تھی جس پر نائل کی مسکراہٹ مزید گہری ہوئی اس سے پہلے وہ مزید اسے چھیڑتا اسکا روم نوک ہوا تھا جس ہر وہ بدمزہ ہوتا اسے سیدھا کر گیا

آج معاف کر رہا ہوں آئندہ یہ فضول کی شکائتیں لگائی تو اگلی بار چھوڑوں گا نہیں !اسے وارن کرتا وہ دروازے کی طرف بڑھ گیا جہاں ملازمہ اسکے کھانے کی ٹرے پکڑے اس کی اجازت کے انتظار میں تھی جبکہ وہ پیچھے اپنی بے ترتیب ہوتی دھڑکنوں کو سنبھالتی تیزی سے بیڈ پر لیٹتی کمفرٹر منہ تک اوڑھ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کھانا کھا کر وہ اس پر ایک نظر ڈالتا صوفے پر بیٹھے لیپ ٹوپ کھولے صوفے پر بیٹھ گیا جب خاموشی میں اسکا فون چیخا سکرین پر موجود نمبر دیکھتے ہی اس کی پیشانی پر بل نمودار ہوئے تھے

این کے ؟

Posted On Kitab Nagri

تم نے اس نمبر پر کال کیوں کی؟فون اٹھاتے ہی تیش سے غرایا جبکہ اس کے جملے پر کمبل میں گھسی ولیہ کے کان کھڑے ہوئے اسے ہلتے دیکھ محسوس کر کے وہ اپنا رخ سٹڈی کی طرف کر گیا

سوری بٹ آپ کا وہ نمبر اوف جا رہا اور بات ضروری تھی !

ہمم بولو کیا بات ہے؟وہ سگریٹ سلگائے بولا

آپ کا شک ٹھیک تھا لوکیشن میر شہزاد کے گھر کی ہی ہے !....

"ہمم آئی نیو اٹ"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر آپ اجازت دیں تو پلان بی یوز کر کے اس کام کو ختم کیا جا سکتا ہے !

نہیں ابھی پلان اے یوز ہو گا اگر اس سے کام نہیں بنا تو میں اپنے طریقے سے یہ سب ہنڈل کروں گا....اب تم فون رکھو!سگریٹ کے کش لگاتا وہ پر سوچ انداز میں بولا

Posted On Kitab Nagri

اوکے سر... ٹیک کیئر! دوسری طرف سے اب فون رکھ دیا گیا تھا کچھ دیر ایسے ہی سوچنے کے بعد وہ آخری کش لگاتا واپس روم میں آیا جہاں وہ بیڈ پر بیٹھی موبائیل میں مصروف نظر آئی اسے دیکھتے ہی وہ فون رکھتی اس سے مخاطب ہوئی

کس سے بات کر رہے تھے؟

تم سے مطلب؟ اس کے سوال پر بے نیازی سے کہتا وہ اسے آگ لگا گیا

ہاں ہاں میرا کیوں مطلب ہو گا؟ سب پتا ہے مجھے کس سے چھپ چھپ کر باتیں کرتے ہیں آپ! ولیہ منہ بسورے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا کس سے بات کر رہا تھا میں؟ اس کے انداز پر وہ ابرو اچکائے اسے دیکھنے لگا

Posted On Kitab Nagri

وہی جسے کنیڈا میں چھوڑ کر آئے ہیں اور اب پچھتا رہے ہیں!وہ ہنوز منہ بسورے بولی جبکہ اس کی کہانی ہر نائل نے حیرانی سے اسے دیکھا

تم واقعی اتنی ابنورمل ہو یا بن رہی ہو؟

.ہاں تو بتائیں کس سے باتیں کر رہے تھے کسے کہ رہے تھے اس نمبر پر کال کیوں کی؟اس کے جملے کو نظر انداز کرتی وہ تجسس سے بولی کے اس کی بات پر نائل نے چونک کر اسے دیکھا

تم میری باتیں سن رہی تھیں؟

نہیں بس اتنا ہی سنا.....کیوں ایسی کونسی باتیں کر رہے تھے؟وہ ہنوز تشویشی انداز میں بولی جس پر نائل گہرا سانس بھر کر رہ گیا

تمہارا اندازہ ٹھیک ہے تھی کوئی میری کنیڈا والی...اب خوش؟سو جاؤ!عام سے انداز میں کہتا وہ پھر سے لیپ ٹوپ کھول گیا

Posted On Kitab Nagri

آپ کو اس سے محبت ہے کیا؟ نجانے کس خیال کے تحت اسنے پوچھا تھا

میں نے کہا نا سو جاؤ! اب کے وہ لفظوں پر زور دیے بولا جس پر وہ خاصا منہ بناتی پھر سے کمبل میں گھس گئی

ہٹلر! کمبل کے انداز سے اس کی آواز گونجی جسے وہ نظر انداز کرتا اپنے کام میں مصروف ہو گیا

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

صبح فجر کی نماز کے بعد وہ یونی کی تیاریوں میں لگ گئی آج پورے ایک ہفتے کے بعد وہ یونی جا رہی تھی براؤن کلر کی کمز شلوار پر بالوں کو پونی میں قید کر کے ڈوپٹا سر پر سجائے میک اپ کے نام پر ہونٹوں پر ہلکی سی لپ اسٹک لگائے وہ تیار سی شیشے کے سامنے کھڑی خود پر ایک تنقیدی نظر ڈالنے لگی جب نظر اپنے پیچھے سے نظر آتے اس مغرور شہزادے پر گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جو بے نیازی سے سویا ہوا اس وقت بے حد ہنڈسم لگ رہا تھا

"چھوڑنے کے لیے نہیں تھاما" اس کے الفاظ ذہن میں گونجتے ہی دل ڈوب کر ابھرا تھا

Posted On Kitab Nagri

ہو نہوں میں کیوں سوچ رہی ہوں اس ہٹلر کو!خود کو ڈوپٹی ایک نظر مزید شیشے میں خود پر ڈالتی باہر کی طرف بڑھ گئی

ارے ماشاءاللہ میری بیٹی تو آج بہت جلدی نہیں اٹھ گئی؟سائمہ بیگم اسے کچن میں آتا دیکھ خوشگوار حیرت سے بولیں

جی بس آج یونی جارہی ہوں !....

کیا؟کوئی یونیورسٹی نہیں جارہی تم شادی کو دو دن ہوئے ہیں بھابھی کیا سوچے گیں؟سائمہ بیگم خفگی سے گویا ہوئیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

موم میرے پیپر ہونے والے ہیں مجھے مسئلہ ہو گا آپ سمجھیں!

اچھا چلو اسکا فیصلہ تمہارے دادا سائیں کریں گے تم مجھے یہ بتاؤ نائل تمہارے ساتھ کیسا ہے؟سائمہ بیگم اب پوری طرح اس کی طرف متواجہ ہوئی

Posted On Kitab Nagri

کیسے ہونگے ہٹلر ہی ہیں اور ہٹلر ہمیشہ ہٹلر ہی رہتا ہے!ان کے سوال پر وہ خاصی مزبدہ ہوتی بولی جب سائمہ بیگم نے اسے ایک چٹ رسید کی

کتنی بار کہا ہے اپنی یہ بد تمیزیاں ختم کر لو ....

تو آپ ان کے مطلق مجھ سے سوال پوچھا ہی نا کریں نا!وہ ہنوز منہ بنائے بولی جس پر سائمہ بیگم نے اپنا سر پیٹا

میری جان تم اب شادی شدا ہو اور شادی کے بعد ہر ماں ہی اپنی بچی کے لیے پریشان رہتی ہے اسئلے میں تم سے پوچھ رہی ہوں نائل کا رویہ کیسا ہے تمہارے ساتھ؟اب کے وہ تحمل سے کہنے لگیں

ہاں تو بتا تو رہی ہوں ہٹلر ہیں وہ ایک نمبر کے اب آپ کیا چاہتی ہیں میں کٹنی بیٹیوں کی طرح آپ سے برائیاں کروں؟اور اگر آپ یہی چاہ رہی ہیں تو ابھی صبر کر لیں بہت زندگی پڑی ہے جی بھر کے برائیاں کروں گی آپ سے!وہ رازدانہ انداز میں بولی

Posted On Kitab Nagri

استغفر اللہ میری نظروں سے دور ہو جاؤ اس سے پہلے میں تمہارا سر پھوڑ دوں یہاں سے جاؤ! سائمہ بیگم اپنا سر تھامتی غصے بولیں کے ان کے بدلتے تیور پر وہ زبان دانتوں تلے دبائے تیزی سے کچن سے نکل گئی

اللہ ہی اسے عقل دے! پیچھے وہ ہمشیہ کی طرح اس کے لیے دعا کرتی ناشتہ بنانے میں مصروف ہو گئیں

کچھ ہی دیر میں سب لوگ ناشتے کی ٹیبل پر اکٹھے ہو گئے تھے

نائل آپ نے میر شہزاد پر گولی چلائی ہے؟ اسکے آتے ہی دادا سائیں برہم ہوتے بولے جبکہ انکی بات پر ولیہ کے حلق میں نوالہ اٹک کر رہے گیا

جی! وہ لاپروائی سے کہتا کرسی کھینچ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کس کی اجازت سے ؟ داداسائیں کی گرجدار آواز سے ٹیبل پر بیٹھے ہر شخص کا سانپ سو کھ گیا تھا سوائے ان کے اس ڈھیٹ پوتے کے جو لاپروائی سے ناشتے شروع کر گیا

.

مجھے کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے اس نے مجھ سے بدتمیزی کی میں نے اس کی ٹانگ توڑ دی سمپل !

آپ کا دماغ درست ہے نائل کاظمی ؟ آپ کسی پر بھی یوں ہی گولی نہیں چلا سکتے ! داداسائیں اسکے اعطمنان پر مزید تیش سے بولے

میں کسی پر بھی کبھی بھی گولی تو کیا چاقو تک چلا سکتا ہوں اور خاص کر اس پر جو میرے سامنے فضول گوئی کرے ! آخری جملہ کہتے ہوئے اسنے اپنے ساتھ بیٹھی ولیہ کو دیکھا جو فوراسے اپنی نظریں ادھر ادھر گھومنانے لگ گئ

نائل اسٹوپ کس طرح بات کر رہے ہو تم بابا سائیں سے ! ارسلان صاحب اسے ٹوکتے ہوئے بولے

Posted On Kitab Nagri

جی کیوں کہ انہیں اچھے سے پتا ہے میں نے اس پر گولی کیوں چلائی تھی کوئی عام بات نہیں کی تھی اسنے!اب کے اس کی سرمئی آنکھوں میں سرخی سی چھائی

آپ یہ سب ڈیرے پر بھی دسکس کر سکتے ہیں ایسے ناشتے پر اس بات کو کر کے آپ لوگ کیوں گھر کا ماحول خراب کر رہے ہیں؟ فرحان صاحب سب پر نظر ڈراتے بولے جس پر دادا سائیں نے ان کی طرف دیکھا

ہمم فرحان ٹھیک کہ رہے ہیں یہ بات اب ڈیرے پر ہی ہو گی!دادا سائیں تحمل سے بولے

وہ سبحان تم مجھے یونی چھوڑ دو گے؟ کچھ لمحوں بعد وہ سبحان کو اٹھتا دیکھ پوچھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یاشور!سبحان مسکرا کر بولا

کیا؟ دیکھ رہی ہیں آپ بھابھی ابھی شادی کو دن ہی کتنے ہوئے ہیں جو یہ میڈم باہر جانے لگی؟ فرحانہ پھوپھو اسے دیکھ کر طنزیہ بولیں

Posted On Kitab Nagri

ولیہ کی پڑھائی کا کافی ہرج ہو چکا ہے پھوپھو... میں نے اسے کہا ہے یونی جانے کا اور جب مجھے ہی اعتراض نہیں ہے تو مجھے لگتا ہے باقی بھی کسی کو اعترض نہیں ہونا چاہیے !نائل ٹیشو سے ہاتھ صاف کر کے اٹھتا بارعب انداز میں بولا جس پر فرحانہ بیگم خاموشی سے سر ہلا گئیں

ولی جلدی کر لو میں باہر ویٹ کر رہا ہوں !سبحان کے کہنے پر نائل نے چبتی ہوئی نظروں سے اسے دیکھا

تمہیں زحمت کرنے کی ضرورت نہیں ہے میں ڈراپ کر دوں گا اسے !وہ سپاٹ انداز میں بولا

اس کی ضرورت نہیں ہے میں سبحان کے ساتھ ہی جاؤں گی !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے تم باہر آجاؤ میں گاڑی نکالتا ہوں !سبحان مسکرا کر کہتا باہر کی طرف بڑھ گیا

اگر تم اس کے ساتھ گئی تو اگلی گولی تمہاری ٹانگ میں فٹ ہو گی !وہ جو مزے سے اسے چڑاتی باہر کی طرف بڑھ رہی تھی اس کے الفاظوں پر قدم منجمد ہوئے

Posted On Kitab Nagri

آاا آپ مجھے دھمکی دے رہے ہیں؟

ہونہوں میں دھمکی نہیں دیتا صرف آگاہ کرتا ہوں... آگے تمہاری مرضی ہے!بے نیازی سے کہتا وہ آگے بڑھ گیا اگلے پانچ منٹ میں وہ اس کے ساتھ اسکی گاڑی میں موجود تھی

****

آخر آپ کو مسئلہ کیا ہے سبحان سے؟اسے رہے رہے کر اپنے ساتھ بیٹھے اس ہٹلر پر غصہ آرہا تھا کیسے وہ سبحان کو منہ پر ہی منع کر کے آئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ سوال تو مجھے تم سے کرنا چاہیے زیادہ نہیں بنتی تمہاری اس سے؟نائل ابرو سیکڑے اس پر نظریں مرکوز کیے بولا.

Posted On Kitab Nagri

آپ سے مطلب..میری جس سے بھی جتنی بھی بنے آپ کو کیا؟وہ اسکی طرف مڑے ابرو اچکائے کہنے لگی

اب سارے مطلب مجھ سے ہیں!جواباوہ تحمل سے کہتا اسے آگ لگا گیا

کیوں؟

کیوں کہ ایک عدد شوہر ہوں میں تمہارا!اس کے جملے پر وہ بامشکل سنبھلی

یہ شوہر بننا آپ کو سبحان کے وقت ہی کیوں یاد آتا ہے؟وہ واقعی اس کی سمجھ سے باہر تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں کہ مجھے وہ پسند نہیں ہے!اسنے صاف گوئی کا مظاہرہ کیا جس پر ولیہ نے چونک کر اسے دیکھا

کیوں؟

Posted On Kitab Nagri

پتا نہیں!اسنے کندھے اچکائے

مگر مجھے اچھا لگتا ہے وہ !

تو؟اس کے جواب پر وہ ضبط کیے بولا

تو آئی ہیٹ یو...!ولیہ اپنا سر پکڑے بکھتی سامنے دیکھنے لگی جہاں اسکی یونی کا جگمگا رہا تھا

گڈ فاڑیو...!وہ بریک لگاتا سامنے دیکھے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کھولیں اسے!وہ گاڑی کا دروازے کو لڈ دیکھے غرائی

پے کرو پہلے!اسکا انداز سپاٹ تھا

نہیں کروں گی!اس بار وہ بھی پیچھے رہنے والی نہیں تھی

Posted On Kitab Nagri

کیوں؟اس کے جواب ہر نائل آنکھیں چھوٹی کیے کہنے لگا

کیوں کہ شوہر ہے آپ میرے!ایک ادا سے کہتی وہ اسے دیکھنے لگی جو اسکے انداز پر ناچاہتے ہوئے بھی مسکرا دیا

میری بلی اور مجھے ہی میاؤں...!کولڈ کھولتا وہ سر جھٹک کر بولا

ابھی تو صرف میاؤں کیا ہے بچ کے رہیئے گا اگلی بار پنجا بھی مار سکتی ہوں مسٹر ہٹلر!گاڑی سے نکلتی وہ ایک بار پھر ادا سے بولی جس پر وہ محض سر جھٹک کر رہے گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پاگل لڑکی!

Posted On Kitab Nagri

پونی میں قدم رکھتے ہی حنا بھاگتے ہوئے اس کی طرف بڑھی جسے اپنے پاس آتا دیکھ وہ بھی مسکرا کر اس کی جانب بڑھی

کہاں تھیں تم؟

مجھ سے کوئی کونٹیکٹ بھی نہیں کیا؟

کہاں غائب ہو گئے تھے تم اور وشمہ میں نے کتنا مس کیا تم لوگوں کو... حنا اس سے ملتی نون اسٹوپ شروع ہوئی تھی

اللہ سانس تو لے لو حنا.... کہیں نہیں جا رہی میں سب تصیل سے بتاتی ہوں پہلے کلاس میں تو چلو.... وہ اسکے بازو میں ہاتھ ڈالت کلاس کی طرف بڑھے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واٹ؟ تمہاری شادی... کچھ دیر بعد لیکچر کے ختم ہوتے ولیہ نے کلاس سے نکلتے ہوے اس پر اپنی شادی کا بم پھوڑا جس کے نتیجے میں وہ اتنی زور سے چیخی تھی کے پوری کلاس نے چونک کر ان دونوں کی طرف دیکھا

Posted On Kitab Nagri

آہستہ بولو اعلان کیوں کر رہی ہو؟ ولیہ اسے چٹ رسید کیے بولی

ہاں تو تم کوئی عام خبر سنا رہی ہو جو میں اوور ریکایکٹ نا کروں؟ اپنی شادی کے بارے میں بتا رہی ہو وہ بھی میرے بغیر ہی کر لی تم؟ حنا اب کے مدہم مگر لہجے میں ڈھیرو صدمہ لیے گویا ہوئی

یار سب اچانک ہوا... اور میری کونسی پسند کی شادی تھی! وہ خاصا منہ بنائے بولی

اچھا سب چھوڑو یہ بتاؤ تمہارا والا ہے کیسا؟ حنا کے سوال پر اس کی آنکھوب کے سامنے اس کی تصویر لہرائی سرمئی آنکھیں... مغرانہ نام... ہلکی ہکلی بیئرڈ !

ایک نمبر کے ہٹلر پلسس بد تمیز ڑوڈ انسان ہیں! اس کی تصویر جھٹکتی وہ بدمزہ ہو کر بولی جس پر حنا کے ہونٹ اوہ شیپ میں ڈھلے تھے

تتت افسوس ہے میری اتنی پیاری دوست کا شوہر ایسا نکلا !

Posted On Kitab Nagri

ہاں تم افسوس مناؤ میں کھانے کے لیے کچھ لے کر آتی ہوں....ولیہ اسے بیگ تھماتی ہمیشہ کی طرح خود کچھ کھانے کو لانے کے لیے بڑھی

اوہ شٹ میرا فون کدھر گیا؟شاید بیگم میں ہو گا!کچھ قدم.چلتے ہی اسے اپنے فون کا احساس ہوا تھا جسے وہ بلکل ہی فراموش کیے ہوئے تھی کچھ ہی دیر میں وہ ٹرے میں دو کپ چائے اور سنڈوچ لیے واپس حنا کے پاس آئی جو کیفے ٹریا میں ہی ایک ٹیبل پر بیٹھتی یک ٹک سامنے کی طرف دیکھ رہی تھی اسے اس طرح.کسی چیز کو گھورتے دیکھ ولیہ کی نظروں نے اسکے تعقب میں دیکھا اور اگلے ہی لمحے وہ جھرجھری لے گئی

ولی یار چیک کر کتنا پیو بچہ کھڑا ہے سامنے!وہ سامنے دیکھے سحر انگیز سی بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہارا یہ پیو بچہ میں دن رات دیکھتی ہوں!وہ ٹرے ٹیبل پر رکھے عام سے انداز میں کہنے لگی جب حنا نے ابرو اچکا کر اسے دیکھا

مطلب؟

Posted On Kitab Nagri

مطلب یہ کہ یہ پپو بچہ میرا نامی گرامی شوہر ہے!اسنے گویا حنا کے سر پر بم اور دل پر تیر چلائے تھے

ککیا؟واقعی؟وہ حیر تذدہ سی اس کی طرف پلٹی جس پر وہ کندھے اچکا گئ

تم اس سے نہیں پٹی؟اسے ہٹلر کہ رہی ہو تم؟قسم سے ولیہ میں تو اس طرح سے بندے سے ہنسی خوشی چماٹے میں کھالوں!لفرانہ انداز میں کہتی وہ ولیہ کو سر پیٹنے پر مجبور کر گئ

تمہارا یہ ٹھرکی پن ختم ہو گیا تو بلالوں میں انہیں؟چپ رہنا!اسے وارنگ کر کے وہ نائل کو اشارہ کر گئ جو پہلے سے اس کی طرف آرہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی نائل کاظمی کس طرح آنا ہوا آپ کا؟ڈگری پھر سے لیبے کا ارادہ ہو گیا ہے کیا؟

تم اپنا فون بھول گئ تھیں وہی دینے آیا تھا!وہ ارد گرد نظریں ڈرائے بولا اس سے پہلے وہ کچھ کہتی حنا کی آواز پر اسنے گھور کر اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

اسلام و علیکم نائل بھائی... میں حنا ولیہ کہ دوست ولی نے تو کم بتایا تھا آپ تو بے حد ہنڈسم ہے ماشاءاللہ سے !وہ ایکسائٹڈ سی بولی جبکہ اسکے جملے پر نائل نے کن اکھیوں سے ولیہ کو دیکھا جو اپنا سر پکڑے کھڑی تھی جسے دیکھتی ہی وہ پر شوق انداز میں حنا سے مخاطب ہوا

وعلیکم السلام !کیا واقعی انہوں نے میرا ذکر کیا آپ سے ؟

جی جی بلکل یہ بتا رہی تھی آپ بہت ہنڈسم ہے گرے آئز ہیں آپ کی بہت تعریف کر رہی تھی آپ کی.....

آ آپ جائیں آپ کو لیٹ ہو رہا ہو گا نا ہمارا لیکچر ہے !اس سے پہلے وہ مزید بولتی ولیہ اس کی بات کاٹے نائل سے کہتی حنا کا ہاتھ پکڑے آگے کی طرف بڑھ گئی

ارے لیکن ہمارا تو لیکچر فری ہے....

Posted On Kitab Nagri

چپ کرو تم پاگل ہو؟میں نے کب تعریفیں کی ہیں اس ہٹلر کی؟

ہاں تو تم کتنی تیز ہو نا تم نے میرے سامنے انکا اتنا بڑا نقشہ کھینچا جس سے مجھے لگے تمہارے شوہر کوئی سڑیل سا بدھا ہے لیکن یہاں تو کہانی ہی الگ ہے!حنا منہ بسورے بولی جس پر ولیہ نے اپنا سر پیٹا

میں نے سیرت کے لحاظ سے نقشہ کھینچا تھا اس کی صورت کے لحاظ سے نہیں....اب تم اپنی ٹھرک بند کرو اور میرے ساتھ نوٹس بناؤ!اس کے کہنے پر وہ اس بار واقعی سنجیدہ ہوتی بوکس پر جھک گئی کیونکہ کلاس میں میم آگئی تھیں

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ کو یونی چھوڑنے کے بعد وہ ڈیرے پر آیا جب اسکا فون بجا تھا جس پر موجود نمبر دیکھ کر وہ کال آٹینڈ کر گیا

ہمم!

Posted On Kitab Nagri

سر کام ہو گیا!

گڈ!دوسری طرف کی آواز سن کر وہ تھوڑی کھجائے کہتا کٹل کٹ کر گیا

ایک بری خبر ہے شہزی!اسکا دوست عدیل اس کی حالت کو دیکھے کچھ وقفے سے بولا

کیا؟

وہ ہماری لاہور والی فیکٹری میں کل رات آگ لگ گئی...!اسنے گویا میر شہزاد پر دھماکہ کیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ککککیا بکواس کر رہے ہو؟ہوش میں تو تم؟میر شہزاد کسی زخمی شیر کی طرح اس پر جھپٹتا غرایا

"میں یہی بتانے آیا ہوں تمہیں"...

Posted On Kitab Nagri

کیا بتانے آئے ہو تم ہاں؟ یہی کے تمہاری لاپروائی کی وجہ سے میرے لاکھوں کا نقصان ہو گیا جانتے بھی ہو اس مینن کڑوروں کی ڈرگز تھیں... آئس تھی! میر شہزاد دیوانوں کی طرح ادھر ادھر ٹہلتا بولے جا رہا تھا

تم زیادتی کر رہے ہو شہزی یہ سب میر الاپروائی سے نہیں بلکہ کسی نے جان کر یہ کام کروایا ہے جسے ہماری ٹائمنگ تک کا پتا تھا.... عدیل مشروب کا گلاس لبوں سے لگائے بولا

کیا مطلب یہ سب کون کروا سکتا ہے؟

یہ تو تمہیں پتا ہو گا.... لیکن فاڈر نے کسی کو بھاگتے ہوئے دیکھا تھا اس کا چہرہ دھکا ہوا تھا جس کے باعث ہونا تو اسے پکڑ سکے نا ہی پہچان! عدیل کے کہنے پر وہ بھی ذہن پر زور ڈالنے لگا

مجھے تو یہ نائل کاظمی کا کام لگتا ہے! اظہر پہلی بار بولا جس پر میر شہزاد نے نفی میں سر ہلایا

Posted On Kitab Nagri

اسے اس ملک میں آئے دن ہی کتنے ہوئے ہیں جو وہ اس طرح کی حرکت کرے گا اور میرے دشمنوں میں وہ ابھی پہلے نمبر پر نہیں آتا مجھے لگتا ہے یہ غازی کا کام ہے!میر شہزاد پر سوچ انداز میں بولا

مگر مجھے نجانے کیوں یہ کام نائل کا ظمی کا لگ رہا ہے!

جس کا بھی ہو ادو دن کے اندر اندر مجھے اصل مجرم کا نام چاہیے اگر اس سب میں بھی کا ظمی ہوئے تو پھر میں ان کی نسلیں برباد کر دوں گا!پھنکار کر کہتا میر شہزاد مشروب کا گلاس اپنے اندر انڈیل گیا

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ بیٹا کچن میں کیا کر رہی ہیں؟رباب بیگم اسے دیکھتی بولیں

وہ مجھے چائے چاہیے تھی!وہ ان سب کے پاس ٹی وی لاونج میں آتی بولی جہاں رباب بیگم سائمہ بیگم خالہ اور وفا بیٹھے ٹی وی پر کوئی پروگرام دیکھ رہے تھے

Posted On Kitab Nagri

تو بیٹا آپ ملازمہ کو کہ دو!رباب بیگم محبت سے اسے اپنے پاس بیٹھائے بولیں جب وہ بازو پر کورٹ ڈالے گھر میں داخل ہوا کے اندر آتے ہی اس کی نظر سب میں بیٹھتی اپنی اس پاگل بیوی پر گئی

خیریت ہے کہیں علاقے والوں نے تنگ آکر تو نہیں بھیج دیا جو آج سرے شام ہی آگئے...اسے سڑھیاں چڑھتا دیکھ کر وہ ٹوکے بغیر نا رہے سکی جبکہ اس کی بات پر وہ روم میں جانے کا ارادہ ترک کرتا ٹی وی لاونج میں آیا

آٹھ بج رہے ہیں....اور تم کیوں اتنا بول رہی ہو؟اس سے کام وام کروایا کرے نا آپ لوگ پورے دن ایسے ہی بیٹھی رہتی ہے!وہ رباب بیگم کے پاس صوفے پر بیٹھتا بولا جس پر رباب بیگم نے اسے ایک چٹ رسید کی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا ایسے ہی کام کروالوں؟میری بیٹی کی شادی کو دن ہی کتنے ہوئے ہیں ابھی؟رباب بیگم مسنوئی خفگی سے بولیں

تو شادی کے دو دن بعد یہ کالج جا سکتی ہے لیکن کچن میں نہیں؟

Posted On Kitab Nagri

بلکل میں بھی یہی کہ رہی ہوں!سائمہ بیگم اس کی تاکید رہتی بولی جس پر وہ اٹھ کر ان کے پاس بیٹھا

آپ تو بولیں گی میں سوتیلی جو ہوں آپ کی!ان کی بات پر ولیہ منہ بسورے رباب بیگم کے لگے لگتی بولی

دیکھ رہی ہیں چچی کس طرح باتیں کر رہی ہے آپ کی بیوقوف بیٹی!نائل اسے چڑاتا کہنے لگا

.

آپ تو چپ ہی رہیں ہٹلر .....

افف اللہ تم دونوں کو کوئی شرم ہے؟اب رشتہ بھی چینج ہو گیا ہے تم دونوں کو لیکن انکا لڑنا جھگڑنا ہی ختم نہیں ہو رہا.!پھوپھو ان کے پاس آتی کانوں کو ہاتھ لگائے بولیں جس پر وہ لاونج میں موجود سب لوگ قہقہ لگا گئے

Posted On Kitab Nagri

میں فریش ہو کر آتا ہوں!نائل ان کے بیچ سے اٹھتا اپنے روم کی طرف بڑھ گیا جبکہ وہ اب پھوپھو کی کلاس میں پھنس چکی تھی

* * * * * * * * * * * * * * * *

رات کے کھانے کے بعد وہ رباب بیگم کے کہنے پر اسکے لیے کافی لیے کمرے میں داخل ہوا جہاں اسکا سامنا خالی کمرے سے ہوا

اسکی کافی ٹیبل پر رکھ کر وہ شیشے. کے سامنے آتی اپنے بال کھول کر سنوارنے لگی جب کلک کی آواز سے واشروم کا دروازہ کھولا اور وہ فریش سا بلیک ٹراؤزر شرٹ لس باہر آیا کے اسے اس طرح دیکھتے ہی وہ آنکھیں میچ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

استغفراللہ آپ میں شرم نام کی کوئی چیز ہے؟وہ آنکھوں پر ہاتھ رکھے بولی جس پر وہ مسکرا کر اسکے قریب آیا

Posted On Kitab Nagri

اچھا؟میرے سامنے ایسے بیوو کر رہی ہو اور بعد میں جا کر اپنی دوستوں سے میری تعریفیں کرو گی!وہ اسکے عین پیچھے کھڑا شرارتی انداز میں بولا جبکہ اس کی بات پر وہ غصے سے پلٹی جب اسے اپنے عین پیچھے کھڑا دیکھ کر وہ فطری حیا کے باعث سرخ ہوئی

پیچھے ہو کر کھڑے ہوں نا!سٹپٹا کر کہتی وہ آگے بڑھنے لگی جب نائل نے کھینچ کر اسے پھر سے ڈریسنگ سے لگایا

مجھے انداز نہیں تھا تم مجھ سے اتنی امپرس ہو!وہ ہنوز شرارت سے اس کی طرف جھکے بولا

ایسا کچھ نہیں ہے شکل دیکھی ہے آپ نے اپنی؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے دیکھی لیکن شاید تم نے نہیں دیکھی لو دیکھ لو!وہ اس پر مزید جھکے بولا کے اسے اپنے قریب دیکھ کر وہ اسے پیچھے دھکیل گئی

اپنا یہ ٹھرکی پن ختم کریں مجھے بال بنانے ہیں!اس کی قربت میں وہ گھبراتی ادھر ادھر دیکھتی بولی

Posted On Kitab Nagri

ناکروں تو؟اب کے وہ اسکے بال سنوارے سرگوشی نما انداز میں بولا کے اس کی گھبرائی ہوئی صورت نائل کو مزہ دے رہی تھی

کیا چاہتے ہیں؟وہ ہتھیار ڈالے بولی

میرے سر پر تیل لگادو!اس کی عجیب سی فرمائش پر وہ چونک کر اسے دیکھنے لگی

آڑیو سریس؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں!نائل کندھے اچکائے بولا

آپ کا دماغ واقعی خراب ہے!راستہ چھوڑیں میرا....وہ اسے دھکا دیتی آگے بڑھنے لگی جب نائل اسکا بازو تھام گیا

Posted On Kitab Nagri

پہلے بتاؤ تیل لگا رہی یا نہیں؟

زہر نا لگا دوں! ولیہ تپ کر بولی

کوئی فائدہ نہیں! وہ ہنوز ڈھٹائی سے کندھے اچکا گیا

ہاں ظاہر ہے زہریلے پر کیا زہر کا کیا اثر ہونا.... پیر پٹک کر کہتی وہ آگے بڑھ گئی جب نائل بھی مسکرا کر اس کے پیچھے بڑھا

میں نہیں لگا رہی کوئی تیل ویل.... خود لگا لیں! وہ تیزی سے کمفرٹر میں گھستی بولی کے اس کی بات پر نائل سے سر جھٹک کر کافی کا کپ اپنے لبوں سے لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے اب یاد رکھنا! مسنوئی ناراضگی میں کہتا وہ الماری سے اپنی شرٹ نکال کر پہنتا اپنا لیپ ٹوپ اٹھائے اسٹڈی میں گھس گیا کے اسے کمرے میں محسوس نا کر کے وہ کمفرٹر نیچھے کر کے روم میں نظر ڈرانے لگی

سد شکر وہ روم سے جا چکا تھا مگر اب اسے اپنی حرکت پر افسوس ہو رہا تھا

کیا تھا ولیہ اگر تم ان کے سر پر تیل لگا دیتی؟ کہیں ناراض تو نہیں ہو گئے؟ hi ہوتے رہیں ناراض مجھت کونسا فرق پڑتا ہے؟ لیکن شوہر کا کام نا کرنے پر اللہ تعالی ناراض ہو گئے تو؟ تو وہ کونسا مجھے اپنی بیوی مانتے ہیں! کچھ دیر تک خود سے جنگ لڑنے کے بعد وہ پیر پٹکتی اٹھی

اسٹڈی میں سامنے ہی رکھے صوفے پر دروازے کی طرف پشت کیے بیٹھا وہ اپنا لیپ ٹوپ کھولے مصروف سا سگریٹ کے کش لگانے میں تھا جب اسے اپنے سر پر نرمی کا احساس ہوا جسے محسوس کرتے ہی وہ چونک کر پلٹا جہاں ولیہ اسکے پیچھے ہی منہ دوسری طرف کیے کھڑی تھی

پہلی بات اپنی یہ سگریٹ نوشی بند کریں

Posted On Kitab Nagri

اور دوسری بات میں یہ صرف آپ کے احسان کا بدلہ اتار رہی ہوں جو آپ نے آج یونی میں میرا موبائیل لا کر کیا تھا!وہ سفاک انداز میں بولی جس پر نائل ہوں کرتا ہنوز سگریٹ کے گہرے گہرے کش لگاتا پھر سے اس کی طرف پشت کر گیا

آپ کو سمجھ نہیں آرہی یہ سگریٹ پھینکیں میں ایک وقت میں ایک ہی چیز برداشت کر سکتی ہوں!اب کے اسنے زور دے کر کہا جس پر وہ کچھ سوچتے ہوئے سگریٹ دسٹ بین میں پھنکے خود بھی صوفے سے نیچھے بیٹھ گیا جس کا اشارہ سمجھ کر ولیہ کی طرف بڑھی

اب وہ صوفے پر اور نائل اس کے قدموں میں پشت کیے بیٹھا تھا ایک لمحے کو اسکا دل ڈوب کر ابھرا مگر اگلے ہی لمحے اس کی آواز پر وہ اس جانب متواجہ ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لگا بھی دو....اس کے کہنے پر وہ نرمی سے اس کے سر میں تیل لگائے اس کے سر میں انگلیاں چلانے لگی کے اس کا نرم لمس محسوس کیے وہ اپنی آنکھیں موند گیا

Posted On Kitab Nagri

رات کے نجانے کونسے پہر اس کی آنکھ کھولی تو خود وہ زمین پر بیٹھے پا کر وہ سر جھٹک کر اٹھا جب نظر صوفے پر آدھی جھولتی اپنی بیوی پر گئی اسے احساس ہی نہیں ہوا وہ کب سے اس اسٹڈی میں موجود تھے

پاگل لڑکی.... خود تو بیڈ پر لیٹ جاتی! وہ اس کی طرف بڑھے اسے بازوں میں بھرے بولا کے اس کے جملے پر وہ نیند میں ہی بڑبڑائی

میں پاگل نہیں...یونیک ہوں !

یونیک تو آپ واقعی ہیں ولیہ بیگم ورنہ نائل کاظمی ہر کسی سے اس طرح کی فرمائشیں نہیں کرتا اور نا کبھی کسی کے آگے قدموں میں بیٹھا ہے....اسے بیڈ پر لٹائے اس کے چہرے پر آئے شرارتی لٹوں کو کان کے پیچھے اڑستا بولا

اپنے مفاد میں ہی میرے قدموں میں بیٹھے ہیں...وہ ایک بار پھر نیند میں بڑبڑاتی اسے بدمزہ کر گئی

Posted On Kitab Nagri

اسئلے زہر لگتی ہے مجھے تمہاری یہ قینچی جیسی زبان...جو نیند میں بھی بند نہیں ہوتی!وہ خاصا بدمزہ ہوتا اس پر کمفرٹر ڈالے گھڑی پر نظر ڈالے جو کہ تین بجا رہی تھی خود واشروم کی طرف بڑھ گیا

****

گلاس وال سے آتی ہلکی ہلکی روشنی چہرے پر محسوس کر کے وہ آنکھیں کھول گئی خود کو بیڈ پر وہ چونک کر اٹھی تھی

.

جہاں تک اسے یاد تھا وہ رات میں شاید وہی صوفے پر ہی سو گئی تھی تو پھر اب؟ایک لمحہ لگا تھا اسے سمجھنے میں اور دوسرے ہی پل وہ فطری حیا کے باعث غصے اور شرم سے سرخ پڑی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شرم نام کی کوئی چیز ہی نہیں ہے!اپنے سے کچھ فاصلے پر سوتے وجود کو دیکھ کر وہ آگ بگولہ ہوتی بولی کے اس پر نظر ڈالتے ہی اسے نئی فکر لاحق ہوئی

بیچ کے سارے تکیے کہاں گئے؟خود سے پوچھ کر وہ ذہن میں آئے خیال کو جھٹکتی اسے بغور دیکھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

گھور گھور کر نظر لگانے کا ارادہ ہے کیا؟وہ بند آنکھوں سے خود پر اس کی نظریں محسوس کیے بولا

ہونہوں خوشفہمی ہے آپ کی!تپ کر کہتی وہ پیر پٹکتی واشروم کی طرف بڑھ گئی

کچھ دیر بعد ہی وہ پیلو رنگ کے سوٹ میں گیلے بالوں سے باہر آتی شیشے کے سامنے آئی

اس کی آنکھ کھولی تو وہ شیشے کے سامنے کھڑی دیکھائی تھی اس کے بال پشت پر بکھرنے کے باعث چند قطرے اس کے بالوں سے نکل کر شرٹ میں جزب ہو رہے تھے اسے دیکھتے ہی وہ بے اختیار نظرے دوسری جانب کر گیا اس کے بال ہمیشہ اسے اپنی طرف متواجہ کرتے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آئینے میں خود پر ایک نظر ڈال کر اس کی نظر اپنے پیچھے موجود شخص پر گئی جو اس کی طرف منہ پھیرے لیٹا تھا

Posted On Kitab Nagri

تو ہٹلر مجھے دیکھنا بھی پسند نہیں کرتا؟منہ بسور کر کہتی وہ ڈوپٹا سر پر سجائے ڈھارسے دروازہ بند کرتی باہر نکل گئی جبکہ اسے ڈھارسے دروازہ بن کرتے دیکھ نائل نے چونک کر اس کی جانب دیکھنے لگا

اسے کیا ہو گیا؟خود سے پوچھ کر وہ سر جھٹکتا فریش ہونے کے لیے اٹھ گیا آج اسے لیٹ نہیں ہونا تھا

وہ نیچھے آئی تو گھر کی سب خواتین کچن میں مصروف نظر آئی

اوئے چلبل پانڈے یونی نہیں جارہی تم؟زارون کچن کی طرف جاتا دیکھ بولا

ہاں آج اوف ہے میرا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا اگر تمہارا اوف ہے تو میں تو کہتی ہوں آج بھابھی تمہارا ہاتھ کھیر میں ڈلوا دیں!فرحانہ بیگم نخوت سے بولیں

جی بھابھی ولیہ آج کھیر بنالے گی!سائمہ بیگم کے کہنے پر رباب بیگم نے سر نفی میں ہلایا

Posted On Kitab Nagri

ارے تم دونوں چپ کرو ابھی میری بیٹی کو دن ہی کتنے ہوئے ہیں؟

نہیں تائی ماں میں آج کھیر بنالوں گی ویسے بھی میرا آج کل کو کنگ کرنے کو بہت دل ہے! پھوپھو کے روایئے کو دیکھ کر وہ مسنوئی مسکراہٹ سجائے بولی جس پر رباب بیگم نے مسکرا کر اسکے سر پر ہاتھ پھیرا

میری بیٹی کو کب سے کو کنگ کا شوق ہو گیا؟

جب سے نائل بھائی سے شادی ہوئی ہے... آپ نے سنا نہیں شوہر کے دل کا راستہ اسکے پیٹ کے زریعے کھلتا ہے سب وہی فارمولا اپنا رہی ہے....زارون کی آواز پر اسنے چمچا اٹھا کر اسے مارا جس پر سب لوگ مسکرا کر ان دونوں کو دیکھنے لگے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ناشتہ پر سکون محول میں کیا گیا تھا جس کے بعد دادا سائیں نے نائل کو مخاطب ہوئے

نائل میاں آپ نے کیا سوچا ہے؟

Posted On Kitab Nagri

کس بارے میں دادا سائیں؟ وہ کافی کپ میں انڈیلے نا سمجھی سے پوچھنے لگا

ہم نے آپ کو میر شہزاد سے معافی مانگنے کا کہا تھا اور آپ نے کیا سوچا ہے اپنے بزنس کے بارے میں؟

اور میں نے بھی آپ کو بتا دیا تھا میں کسی صورت اس سے معافی نہیں مانگو گا اور بزنس کے بارے میں انشاءاللہ جلد خوش خبری سناؤں گا! وہ کافی کا گھونٹ بھرے تحمل سے بولا

لیکن آپ یہ تو بتائیں آپ کس طرح کا بزنس کرنا چاہتے ہیں؟ انکے سوال پر وہ ابرو اچکا گیا

وقت آنے پر سب پتا لگ جائے گا! تحمل سے کہتا وہ اٹھ کر باہر نکل گیا کے اس کے جاتے ہی ارسلان صاحب دادا سائیں سے معزرت کرنے لگے

معاف کر دیں بابا.. آپ جانتے یہ شروع سے ہی ایسا ہے لیکن مجھے امید ہے ولیہ بیٹی اسے کچھ عقل سیکھائیں گی خاص کر بڑوں سے بات کرنے کی تمیز! ارسلان صاحب کے کہنے پر اس کی آنکھیں چمکی

Posted On Kitab Nagri

ان کا کچھ نہیں ہو سکتا ارسلان بابا... آپ لوگوں کی ڈھیل نے بگارا ہے!اس کا تو جیسے فیورٹ ٹوپک کھل گیا تھا

مگر مجھے امید ہے آپ انہیں سدھار لیں گی بھلا آج تک کوئی انسان ایسا رہا ہے جو بیوی سے سیدھا ناہو سکے ؟ارسلان صاحب رباب بیگم کو دیکھتے پر شوق انداز میں بولے جس پر رباب بیگم کے گال گلابی ہوئے

کچھ ہی دیر میں سب کے اپنے اپنے کاموں پر جانے کے بعد وہ ملازمہ اور وفا کے ساتھ برتن سمیٹ رہی تھی جب رباب بیگم نے اسے بلایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ولیہ بیٹے فری ہو کر میرے روم میں تو آؤ"

جی تائی ماں میں آتی ہوں!اگلے پانچ منٹ میں وہ ان جے روم میں موجود تھی

Posted On Kitab Nagri

آپ نے یاد کیا؟

ہاں آؤ آؤ بیٹا...مجھے تم سے بات کرنی ہے !

"جی کہیے"

بیٹا آج ناشتے پر تم نے دیکھا ہی نائل نے کس طرح اپنے دادا سائیں کے ساتھ بات کی ہے...وہ شروع سے ہی ایسا دوٹوک لیکن میں چاہتی تم اس کی یہ عادت تبدیل کرو تا کہ اسے رشتوں کے بارے میں کچھ خیال رہے!رباب بیگم پر امید سی بولیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مگر میں کیسے ؟

آپ بیوی ہو اس کی اور ایک بیوی کا فرض ہوتا ہے وہ اپنے شوہر کو غلط چیزوں سے دور کرے مجھے یقین ہے وہ آج نہیں تو کل وہ آپ کی بات کی قدر ضرور کرے گا !

Posted On Kitab Nagri

لیکن تائی ماں میرا ان سے اس طرح کا کوئی رشتہ نہیں ہے کہ میں ان پر اپنا حق جتاؤں!وہ جھجھک کر بولی جس پر رباب بیگم نے چونک کر اسے دیکھا

کیا مطلب؟کیا اس نے آپ کو ابھی تک اپنی بیوی کا درجہ نہیں دیا؟وہ حیرتزدہ سی اس کی طرف دیکھے بولی

وہ انکی بات کا مطلب سمجھے بغیر گردن نفی میں سر ہلا گئی جس پر رباب بیگم نے اپنا سر تھاما

"یاخدایا...اور ہم سمجھے تم دونوں خوش ہو میں بات کروں گی آج نائل سے "

آپ ان سے کچھ مت کہیے گا وہ بعد میں مجھ پر غصہ کریں گے...ولیہ معاملے کی باریکی سمجھے بغیر مسنوئی افسوس سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایسے کیسے غصہ کرے گا میں کلاس لوں گی اس کی تم جاؤ کھیر کی تیاری کرو!رباب بیگم محبت سے اس کی پیشانی چومے کہنے لگیں جس پر وہ سر کو خم دے کر باہر نکل گئی

****

Posted On Kitab Nagri

پورا دن کام میں مصروف رہنے کے بعد وہ رات آٹھ بجے کے قریب کاظمی ویلا میں داخل ہوا جب اس کی نظر سامنے ہی کچن میں کام کرتی اپنی بیوی پر گئی جو کچھ بنانے میں اتنی مصروف تھی کے اسکا ڈوپٹا سر سے ڈھلک کر کندھے گر چکا تھا جس سے اسکے بال صاف واضع تھے اسے دیکھتے ہی وہ بے اختیار اس کی طرف بڑھے اسکا ڈوپٹا درست کر گیا کے اس اچانک اتفاد پر وہ سٹپٹا کر رہے گئ

دھیان کہاں ہے تمہارا میری جگہ کوئی اور ہوتا تو؟ وہ اسے دیکھتے سختی سے بولا

دیکھ نہیں رہے کھیر بنا رہی ہوں کتنا کام ہے اور آپ ہیں کے مجھے ڈانٹنے میں لگ گئے ہیں! وہ مصروف سی منہ پھلائے بولی جبکہ اسے ایسے رف سے حولیے میں کچن میں کام کرتی وہ اسے اپنے دل میں اترتی محسوس ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا ویٹ میں کر دیتا ہوں ٹھیک...

کوئی ضرورت نہیں آپ تو ویسے ہی دشمن ہیں میرے بالوں کے! وہ اسکا بڑھتا ہوا ہاتھ جھٹک گئ

Posted On Kitab Nagri

غلط بلکہ مجھے تمہارے بال صرف اپنے سامنے کھلے پسند ہیں!گھمبیر لہجے میں کہتا وہ اس کی بیٹ مس کر وا گیا

آ آپ جائیں یہاں سے مجھے کام کرنا ہے....وہ اسکا ہاتھ پکڑے باہر کی طرف نکالتی بولی

ویٹ ویٹ تم کہیں مجھ سے شرما تو نہیں رہی؟نائل اس کی حالت سے محفوظ ہوتا کہنے لگا

ہونہوں خوش فہمی ہے آپ کی!وہ گلابی چہرا لیے بولی کے اس سے پہلے وہ اسے مزید تنگ کرتا سائمہ بیگم کی آمد پر وہ بدمزہ ہو کر اسکے مزید چھڑنے کا ارادہ ملتوی کرتا اپنے روم کی طرف بڑھ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ کھیر بن گئی؟سائمہ بیگم کچن میں آئے پوچھنے لگی

جی موم بس تیار ہے آپ چیک کریں...

****

Posted On Kitab Nagri

رات کے کھانا پر سکون محول میں کھایا گیا اس کی بنائی کھیر سب کو ہی پسند آئی تھی سوائے وشمہ کے جو میٹھا تیز ہونے کا ایشو بنا کر اپنے روم میں چلی گئی

کچھ ہی دیر میں سب کھانا کھا کر اپنے اپنے روم میں چلے گئے کھانے کے بعد وہ معصب کی طرف نکل گیا رات کے تقریبا دس بجے وہ واپس اپنے گھر میں داخل ہوا جہاں رباب بیگم اسی کے انتظار میں ٹہل رہی تھیں

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

کیاہوا موم آپ سوئی نہیں؟وہ ان کے پاس آتا پریشانی سے بولا

جس ماں کا تم جیسا بیٹا ہو اسے نیند کیسے آئے گی؟وہ خفگی سے بولی کے اب کے جملے پر وہ حیران ہو کر ان کی طرف متواجہ ہوا

کیاہوا؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی نائل آپ نے ولیہ کے ساتھ اس طرح کا روایہ کیوں رکھا؟مجھے لگا تم نے شادی اپنی مرضی سے کی ہے لیکن تم نے اسے اپنی بیوی کی حیثیت ہی نہیں دی...مجھے شرم آرہی ہے تمہیں اپنا بیٹا کہتے ہوئے تم نے اس رشتے کو سمجھ کیا رکھا ہے؟رباب بیگم کے الفاظ اسے کسی تھپڑ کی مانند لگے تھے

Posted On Kitab Nagri

موم آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے !

کوئی غلط فہمی نہیں ہوئی ولیہ نے سب بتایا ہے ہمیں کہ آپ کیسا سلوک کرتے ہیں اس کے ساتھ...اس سے اچھا تھا ہم اس کی شادی کسی ایسے شخص سے کر دیتے جو کم از کم اسے بیوی کا مقام تو دیتا اگر آپ اس شادی سے راضی ہی نہیں تھے تو آپ نے کیوں کہا؟ وہ تیش سے چلائی کے ان کی بات پر اسنے مٹھیاں بھینجی

موم آپ غلط کہ رہی ہیں...وہ ضبط کیے غرایا

آپ کے پاس دو دن ہیں مجھے اپنا فیصلہ بتائیں نہیں تو میری ولیہ کی عمر اتنی نہیں ہوئی اس کے لیے اور بھی بہت رشتے ہیں آپ یہ مت سمجھیے گا وہ اکیلی ہے!غصے سے کہتی وہ اپنے روم میں چلی گئی کے پیچھے وہ ضبط جے مارے سرخ انگارہ ہوتی آنکھیں لیے اپنے روم کی طرف بڑھا

Posted On Kitab Nagri

وہ روم میں آیا تو ولیہ واشروم سے نکلتی دیکھائی دی کے اس کی سرخ انگارہ ہوتی آنکھیں دیکھ کر اسے خطرے کا احساس ہوا اس سے پہلے وہ کچھ سمجھتی نائل سخت تیور لیے اسکی کمر میں جکڑ کر اسے قریب کر گیا

بیوی والی حیثیت چاہیے نا تمہیں؟ اس کے کان کے قریب غراتا وہ صبح معینوں میں اسکی جان ہوا کر گیا تھا

ممیں نے ایسا ککب کہا؟ اس کی قربت میں اس کی سٹرونگ پرفیوم کی خوشبو سے وہ گھبرا منمنائی

اچھا؟ اب کے نائل نے چھوڑ کر دیوار سے لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

موم سے کیا بکواس کی ہے تم نے؟ ہاں؟ وہ ڈھارا کے اس کی ڈھار سے وہ دل تھام کر رہے گئ

صبح تو کہا ہے آپ کا رشتہ ہے ہی کیا مجھ سے؟ پسند آپ کو کوئی اور ہے تو میں کیوں رہوں آپ کے ساتھ؟ نجانے کیوں وہ اس سے شکواہ کر بیٹھی تھی

Posted On Kitab Nagri

تو کیا چاہتی ہو تم؟ بیوی بننا ہے تمہیں.... تیش سے غراتا وہ اس کی طرف جھکا جب چٹاخ کی آواز پورے کمرے میں گونجی تھی اور وہ بے یقین سا اس سے دو قدم پیچھے ہوا جبکہ وہ اب کبھی اپنے ہاتھ کو تو کبھی اسکے چہرے کو دیکھ رہی تھی

سسوری وہ میں آپ اتنے قریب.... وہ اس کے چہرے سے نظریں ہٹائے سہم کر بولی جب اس کی ڈھار سے اس کے پیر کانپنے لگے

شٹ اپ... اور تم کہتی ہو میں تمہیں بیوی کی حیثیت دوں؟ تلخی سے کہتا وہ بلکنی کی طرف بڑھ گیا جبکہ اسکے آخری الفاظ سے ناچاہتے ہوئے بھی دو موتی ٹوٹ کر اسکے گال پر گرے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رات کے دو بج گئے تھے اور وہ روم میں نہیں آیا تھا ولیہ روم میں بیٹھی اس کا انتظار کر رہی تھی اس کے قریب جانے کی ہمت بھی فلحال نہیں تھی

Posted On Kitab Nagri

پتا نہیں کیوں تھپڑ مار دیا میں نے؟ وہ خود سے کہتی اب خاصی شرمندہ سی اس کے انتظار میں تھی کچھ دیر مزید گزرنے کے بعد وہ ہمت کرتی بلکنی کی طرف بڑھی جہاں وہ ریلنگ پر جھکا سگریٹ کے کش لگا رہا تھا اس کی نظر اس کے ساتھ ہی کھڑی ایش ٹرے پر گئی جو کہ اب پوری طرح بھری ہوئی تھی

کتنی پیئیں گے؟ وہ اس کے قریب آتی لب بھینچے بولی جبکہ دوسری طرف اس کی بات کو اس طرح انداز کیا گیا تھا عیاں وہ یہاں موجود ہی نا ہو

میں آپ سے بات کر رہی ہوں! اب کے اسنے اسکا بازو تھاما جسے نائل نے بے رحمی سے جھٹک دیا

میرے سامنے سے چلی جاؤ... ورنہ بہت برا پیش آؤں گا! سرخی مائل آنکھوں سے کہتا وہ اسے خوفزدہ کر گیا

آجائیں برے پیش لیکن میں نہیں جاؤں! اپنی اندرونی ہمت جو چھپا کر وہ خاصی ڈھٹائی دے بولی جس نائل نے ایک جھٹکے سے اسے ریلنگ سے لگا کر نیچے کی طرف جھکایا

Posted On Kitab Nagri

سمجھتی کیا ہو تم خود کو ہاں؟ تمہیں کیا لگتا اس طرح کرنے سے تم اپنی غلطی کا ازالہ کر لو گی؟ جبڑے بھینچے کہتا وہ اسے آدھی ریلنگ سے لٹکائے کھڑا تھا جبکہ دوسری طرف وہ اس کی حرکت اور لفظوں پر صحیح معینوں میں خوفزدہ سی اسکے بازو مضبوطی سے تھامے ہوئے تھی

مجھے اوپر کھینچے میں گر جاؤں گی !

کہا تھا نا میرے سامنے سے چلی جاؤ لیکن تمہیں سمجھ نہیں آتی لیکن شاید یہاں سے گرنے پر تمہارا دماغ اپنی جگہ پر آجائے!

ننہیں پلززز... آپ میرے ساتھ ایسے نہیں کر سکتے! اس کی باتوں سے وہ خوفزدہ سی منمنائی

میں سب کر سکتا ہوں !

Posted On Kitab Nagri

نہیں پلزز مجھے مت گرایئے گا میں مر جاؤں گی اور آپ اللہ کو کیا منہ دیکھائے گے کے آپ نے اپنی مصوم سی بیوی کو چھت سے نیچھے پھنک کر مار دیا؟اس کے لفظوں نائل نے بے اختیار اس کی جانب دیکھا جو آنکھیں بند کیے اسکا بازو پکڑے کھڑی اس وقت بلا کی مصوم لگ رہی تھی

مجھے فرق نہیں پڑتا!اس کی بے نیازی پر ولیہ کی آنکھوں میں نمی چھائی

پلززززنا ابھی تو میں نے اپنے بچے بھی نہیں دیکھے....وہ روہانسی ہوتی بولی کے نائل اسے دیکھ کر رہے گیا

سیریسلی؟تمہیں موت کے منہ میں کھڑے ہو کر بچوں کی پڑی ہے؟وہ اس پر نظریں مرکوز کیے حیرانگی سے بولا

ایسے ہی تھوڑی اللہ نے ماؤں کا رطبہ بلند رکھا ہے!وہ رہانسی ہو کر بولی عیاں اسے دو تین بھوکے پیاسے بچے اس کے انتظار میں ہوں جبکہ اس کی آؤور ایکٹنگ پر وہ سر جھٹکتا اسے اوپر کی طرف کھینچ گیا

Posted On Kitab Nagri

آہ... شکر ہے!اپنی جان کی آزادی دیکھ کر وہ گہرا سانس بھرے بولی

اب میرے راستے میں مت آنا!ہنوز سختی سے کہتا وہ بلکنی سے نکلے اسٹڈی میں چلا گیا

ہونہوں اب میں بھی نہیں بات کروں گی اس جنگلی سے!پیر پٹک کر بولے وہ روم میں آتی کمفٹر میں گھس گئی

* * * * * * * * * * * * * *

صبح اس کی آنکھ کھولی تو سامنا خالی کمرے سے ہوا گھڑی پر نظر ڈرائی تو ابھی صرف سات بجے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پوری رات کیا روم میں ہی نہیں آئے؟ہونہوں ایسا بھی کیا غصہ؟خود سے پوچھتی وہ اٹھ جرواشروم کی طرف بڑھ گئی

Posted On Kitab Nagri

کچھ ہی دیر میں پنک کلڑ کے سوٹ میں وہ فریش سی ناشتے کی ٹیبل پر آئی جہاں فلحال سائمہ بیگم موجود تھیں

.

اسلام وعلیکم موم!

وعلیکم السلام کہیں جانے کی تیاری ہے؟سائمہ بیگم اسے تیار دیکھ پوچھنے لگیں

جی یونی جانا ہے !

لیکن نائل تو منع کر کے گیا ہے صبح کے تمہیں کہیں نکلنے نادوں!سائمہ بیگم اسے آگاہ کرتی بولی جبکہ ان کی بات پر وہ ابرو اچکا گئی

کس خوشی میں؟

"یہ مجھے نہیں پتا لیکن اگر اسنے منع کیا ہے تو اسکا مطلب ہے تم نہیں جاؤ گی".

Posted On Kitab Nagri

میرا آج بہت اہم ٹیسٹ ہے موم میں ان سے بات کرلوں گی!انہیں بگڑتا دیکھ وہ فوری سے اسے بہلانے کو بولی جس پر سائمہ بیگم نے سر کو خم دیا

ٹھیک ہے تم پہلے اجازت لینا پھر ہی جانا!

جی ٹھیک ہے...ان سے کہتی وہ آگے بڑھنے لگی جب سائمہ بیگم نے اسے روکا

رکو مجھے کچھ بات کرنی ہے تم سے...سائمہ بیگم اب کے لہجے میں محبت سموئے بولیں جس پر وہ ان کے ساتھ ٹی وی لاونج کی طرف بڑھ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی موم بولیں !

Posted On Kitab Nagri

بیٹا مجھے کل سائمہ بھابھی نے تمہارے اور نائل کے بات میں بتایا پہلے تو مجھے بہت حیرت ہوئی لیکن پھر میں نے ٹھنڈے دماغ سے سوچا تو مجھے لگتا ہے تم دونوں کو ہی کچھ وقت لگے گا اس کے بعد انشاء اللہ سب ٹھیک ہو جائے گا!سائمہ بیگم نرمی سے اسکا ہاتھ تھامے بولی

بٹ موم وہ مجھے بلکل پسند نہیں کرتے !

پگلی تو پسند تو تم بھی اسے نہیں کرتی نا لیکن اس کے باوجود نائل نے تمہیں اپنی بیوی کا درجہ دیا تمہارے لیے سب سے تو لڑ جاتا ہے وہ جب بھی تم پر بات ہوتی ہے وہ پہلے کھڑا ہوتا ہے جانتی ہو میر شہزاد سے جانی دشمنی کی وجہ بھی تم ہو تو پھر تم کیسے کہ سکتی ہو کہ وہ تمہیں اپنی بیوی نہیں مانتا؟میرا بچہ وقت کو کچھ وقت دو سب ٹھیک ہو جائے گا !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی موم !

میاں بیوی کا رشتہ بہت خوبصورت ہوتا ہے بیٹا یہ محض ایک لفظ نہیں ہے بلکہ احساسات کا نام ہے اسے ایسے ہی بدگمانی سے خراب مت کرو... ہم اتنی سی عمر میں تمہیں اس بچپنے کے باعث اپنا گھر خراب

Posted On Kitab Nagri

کرتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے ایک بیوی چاہیے تو پتھڑ سے تھپڑ دل شوہر کو بھی اپنا بنا سکتی ہے تو پھر نائل تو بس تھوڑا بد گمان ہے!سائمہ بیگم کے الفاظ اسے سوچنے پر مجبور کر گئے

جی موم میں اپنی پوری کوشش کروں گی !

گڈ میرا بچہ... چلو اب تم ناشتہ کی تیاری کرو سب آنے والے ہونگے !

کچھ ہی دیر وہ سائمہ بیگم سے نائل کی اجازت کا جھوٹ بولنے کے بعد وہ زارون کے ساتھ یونی کے لیے نکل گئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

سر آپ نے میم کو باہر نکلنے سے منع نہیں کیا؟وہ اپنے کیبن میں لیپ ٹوپ میں مصروف تھا جب اسد اسکا خاص آدمی اسکے پاس آئے بولا

Posted On Kitab Nagri

کیوں؟

وہ آج یونی کے لیے نکلی ہیں بٹ سر میری انفارمیشن کے مطابق آج کل میر شہزاد ایک موقع کے انتظار میں ہے!اسد مؤدب انداز میں بولا جبکہ اس کی بات پر نائل کے تیوری چڑھی

میں نے تمہیں ایک میل سنڈ کی ہے وہ جا کر دیکھو...!اس کے کہتے ہی وہ سر کو خم دیے باہر نکل گیا کے اسکے جاتے ہی وہ سرد تاثر لیے گاڑی کی طرف بڑھا

تمہیں کون لینے آ گئے گا؟چھوٹی کے بعد حنا اسکے پاس آتی بولی

زارون نے آنا تھا لیکن پتا نہیں کہاں رہے گیا میں خود ہی چلی جاتی ہوں۔۔۔

لیکن تم اکیلی کیسے جاؤں گی؟حنا حیرانگی سے گویا ہوئی

Posted On Kitab Nagri

بس سے چلی جاؤں گی پہلے بھی تو جاتی تھی۔۔۔چلو پھر کل ملتے ہیں میری بس مس ہو جائے گی!اس سے مل کر وہ تیزی سے باہر نکل گئی

بس اسٹوپ پر کھڑے کھڑے اسے پندرہ منٹ گزر چکے تھے لیکن ابھی تک کوئی بس آتی دیکھائی نہیں دی بس اسٹینڈ یونیورسٹی سے دو قدم کے فاصلے پر ہی تھا ابھی وہ انہی سوچوں میں گھم تھی جب آس پاس سے آتی آوازوں نے اسے اپنی جانب متواجہ کیا

ارے بھائی یہ ریڈی ہٹاؤ سامنے سے گاڑی آرہی ہے۔۔۔پونی کا چوکیدار ایک مالٹے کی ریڈی والے سے بولا

ہونہوں ایک گاڑی کے پیچھے اس بیچاری ریڈی والے کو پریشان کر رہے ہیں۔۔۔وہ انہیں دیکھتی افسوس سے بولی جب گاڑی زن سے اسکے سامنے سے گزری پھر کچھ دیر بعد وہ زن سے ریوڑس کر کے پیچھے آیا

Posted On Kitab Nagri

یہ کیا جہالت ہے جب گاڑی چلانے ہی نہیں آتی تو چلاتے کیوں ہیں؟وہ غصے سے آگ بغولہ ہوتی کہنے لگی

بیٹا بیٹھا بھی تو دیڑھ کڑور کی گاڑی میں ہے۔۔۔ساتھ کھڑی بزرگ خاتون مسکرا کر بولی

جی اماں یہ امیر زادے ایسے ہی ہوتے ہیں بگڑے ہوئے!وہ افسوس سے سر جھٹک کر بولی جب وہ گاڑی اسے عین سامنے رکی اور اس سے نکلتے وجود کو دیکھ کر اس کی آنکھیں پھٹی تھیں

کیا ہوا بیٹا کوئی مسئلہ ہے؟یہ امیر زادہ تمہاری طرف کیوں آرہا ہے؟بڑی بی اس کے بدلتے تاثرات دیکھ کر فکر مند سی پوچھنے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ بگڑا امیر زادہ میرا شوہر ہے!وہ اس کے سخت تاثرات دیکھ کر تھوک نگلتی بولی

گاڑی میں بیٹھو!نائل پینٹ کورٹ میں ملبوس آنکھوں پر بلیک گلاسس لگائے اس کے پاس آتا غرایا

Posted On Kitab Nagri

میں نہیں آرہی۔۔۔وہ اسکارات والا روایہ یاد کیے منہ بسورے بولی

میری برداشت کو مت آزماؤ شرافت کے ساتھ گاڑی میں بیٹھو!!وہ اسکا بازو تھامے اسے اپنے ساتھ گھسیٹتا گاڑی تک لایا

آپ کے ساتھ مسئلہ کیا ہے؟وہ زبردستی گاڑی میں بیٹھتی منہ بنائے بولی

تم۔۔۔تم ہو میرا مسئلہ منع کیا تھا نا آج یونی آنے سے؟وہ جس اسپیڈ سے اسکی یونی پہنچا تھا یہ صرف وہی جانتا تھا نجانے کیوں انجانے سے ڈر نے اسے گھیرا ہوا تھا

میرا ٹیسٹ تھا آج۔۔۔اس کی ڈھار پر وہ خوفزدہ سی منمنائی

تو مجھے کہ دیتی میں چھوڑنے آتا میں لینے آتا مرا نہیں ہوں ابھی جو بسوں کا سفر کرو گی تم !

Posted On Kitab Nagri

آپ آؤورری ایکٹ کر رہے ہیں مسٹر ہٹلر!وہ اسے دیکھے بغیر ہی بولی جب وہ درشتی سے اسکی بات کاٹ گیا

خاموش رہو ورنہ اسی گاڑی سے پھنک دوں گا !

پھینک دیں خود ہی بیوہ ہو جائیں گے !

کیا چیز ہو یار تم؟اس کی ڈھٹائی پر وہ اپنا سر پیٹ کر رہے گیا یہ لڑکی شاید اسکے ناک میں دم کرنے کے لیے بنی تھی

میں بڑی مست چیز ہوں آپ اپنا بتائیں؟وہ اس کی طرف دیکھے مزے سے بولی جبکہ نائل نے سر نفی میں ہلایا

خوشفہمی !

Posted On Kitab Nagri

کیوں دیکھیں زرا کیا میں نہیں ہوں؟اس کے کہنے پر نائل نے بے ساکتہ اس کی طرف دیکھا پنک کلڑ کے ڈوپٹے کو حجاب کی صورت میں لپیٹے وہ اس وقت خود گلابی سی اس کے دل میں اتر رہی تھی اس پر نظر پڑھتے ہی نائل کاظمی نظریں ہٹانا بھول گیا

کیا ہو گیا ایکسیڈنٹ کروایں گے کیا؟اسے مسلسل اپنی طرف دیکھتا دیکھ کر وہ نظریں پھیرتی ونڈو کی طرف دیکھے بولی جس ہر وہ بھی ہوش میں آتا اپنی نظریں ہٹا گیا

پاگل لڑکی!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باقی کا سفر خاموشی سے گزرا تھا کاظمی ویلا کے سامنے آکر اسنے گاڑی روکی

آپ نہیں آرہے؟گاڑی سے اترنے کے بعد وہ اس سے پوچھنے لگی جسے وہ خاصا نظر انداز کیے گاڑی زن سے بھا گا گیا

Posted On Kitab Nagri

ہاؤروڈ....بد تمیز انسان مجھے پوچھنا ہی نہیں چاہیے تھا! پیر پٹک کر کہتی وہ اندر کی طرف بڑھ گئی جبکہ دوسری طرف وہ کاظمی ویلا سے نکلتے ہی آئیر پیس سے اسد کے ساتھ کونیکٹ ہو گیا

سر ایک گاڑی کافی دیر سے آپ کا پیچھا کر رہی ہے! اسد جو کہ اس سے کچھ ہی فاصلے پر دو گاڈرز کے ساتھ دوسری گاڑی میں موجود تھا اسے آگاہ کرنے لگا

ہمم لیکن میں نے تمہیں اپنے پیچھے آنے سے منع کیا تھا !

سوری سر بٹ میرے لیے آپ کی سیفٹی آپ کے آڈر سے بڑھ کر ہے! اسد مؤدب انداز میں بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمم میر شہزاد کے بندے ہیں؟

جی سر اسکا خاص آدمی اظہر گاڑی میں موجود ہے... آپ کہیں تو یہی قصہ تمام کر دیں؟ اسد اسکے آڈر کے انتظار میں تھا

Posted On Kitab Nagri

نہیں یہ رولز کے خلاف ہے ہم صرف جوابی کاروائی کریں گے جب تک دوسری طرف سے پہل نہیں ہو گی جب تک ہم کچھ نہیں کر سکتے.!نائل کی رعبدار آواز سے اسد کے گلے میں گلٹی سی ابھری

سوری سر!

کال رکھو اور تم اپنے کام کے لیے نکلوں اسے میں دیکھ لوں گا!حکمیہ انداز میں کہتا وہ میر شہزاد کو کال ملا گیا جو کہ دوسری بل پر ہی پیس کر لی گئی

بولو نائل کاظمی کس طرح یاد کیا تم نے آج ہمیں؟میر شہزاد خوشگوار حیرت لیے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے لگتا تھا تو گیڈر ہے لیکن تو نے تو گیڈروں سے بھی گیا گزرا کام کیا ہے گیڈر ایک جھنڈ میں وار کرتا ہے لیکن تو نے اپنے ایک چوہے کو شیر کے مقابلے میں بھیج دیا کیا یہ میں تمہاری ہار سمجھوں؟

کیا مطلب میں کچھ سمجھا نہیں؟میر شہزاد اپنی کرسی سے سیدھا ہوتا بولا

Posted On Kitab Nagri

تتتتت افسوس میر افسوس تیرے بندے اور اپنے کارنامے تجھے بتانا مناسب نہیں سمجھتے؟ تیرا چوہا میرا پیچھا کر رہا ہے چاہو تو ابھی ختم کر سکتا ہوں لیکن آج پہلی غلطی سمجھ کر میں اس کی جان کا ظمیوں کی طرف تحفے کی صورت بخش رہا ہوں !

اگر یہ جھوٹ ہوا تو میں تجھے چھوڑوں گا نہیں کا ظمی!مارے تزلیل کے میر شہزاد سرخ چہرا لیے غرایا

نائل کا ظمی جھوٹ نہیں بولتا!رعب سے کہتا وہ کال کٹ کر گیا کچھ ہی دیر میں اظہر کی گاڑی اس کے پیچھے سے غائب ہو گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

گھر آتے ہی وہ فریش ہونے اپنے روم میں چلی گئی سوٹ تبدیل کر کے ریڈ کلڑ کے شیفون کے سوٹ میں باہر آتی وہ اپنے کمرے میں نظر ڈرانے لگی اب یہ روم بھی اسے اپنا سا لگنے لگا تھا اس کمرے کی ہر چیز نائل کی پسند کے مطابق تھی

Posted On Kitab Nagri

"پگلی تو پسند تو تم بھی اسے نہیں کرتی نا لیکن اس کے باوجود نائل نے تمہیں اپنی بیوی کا درجہ دیا تمہارے لیے سب سے تو لڑ جاتا ہے وہ جب بھی تم پر بات ہوتی ہے وہ پہلے کھڑا ہوتا ہے"

نو موم میں آج آپ لوگوں کو صاف کہ رہا ہوں آئندہ میں اپنی بیوی کے بارے میں اس طرح کوئی بات برداشت نہیں کروں گا

"میر شہزاد سے جانی دشمنی کی وجہ بھی تم ہو"

"ایک بیوی چاہیے تو پتھر سے تھپڑ دل شوہر کو بھی اپنا بنا سکتی ہے تو پھر نائل تو بس تھوڑا بد گمان ہے"!

"ہم اتنی سی عمر میں تمہیں اس بچپنے کے باعث اپنا گھر خراب کرتے ہوئے نہیں دیکھ سکتے"

تمہیں یہ رشتہ نبھانا ہو گا ولیہ کاظمی! سائمہ بیگم کی باتیں ذہن میں گونجتے ہی وہ خود سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

مرا نہیں ہوں جو بسوں کے سفر کروں گی !

ویسے اتنے برے بھی نہیں ہے...اس کی تصویر کو دیکھتی وہ لب دبائے بولی

خاموشی سے بیٹھو نہیں تو گاڑی سے پھنک دوم گا!اس کے دوسرے الفاظ ذہن میں گونجتے ہی اسنے منہ بسورا

اتنے نہیں بلکہ بہت برے ہیں.... لیکن اب جو بھی ہے اب مجھے اس ہٹلر کے ساتھ ہی گزارا کرنا پڑے گا دیکھنے میں تو اچھے خاصے ہنڈسم ہیں بس تھوڑا ہٹلر ہے....اس کی تصویر کی سے باتیں کرتی وہ انجانے میں بھی اسے سوچنے لگی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

(میاں بیوی کا رشتہ بہت خوبصورت ہوتا ہے بیٹا یہ محض ایک لفظ نہیں ہے بلکہ احساسات کا نام ہے)
سائمہ بیگم کی باتوں اس کے دل کو آستہ آستہ پگھلا رہی تھی ابھی وہ انہی سوچوں میں گھم تھی جب اسکے روم کا دروازہ نوک ہوا

Posted On Kitab Nagri

آجاؤ....اس کے کہنے پر ملازمہ بڑا سا سوٹ کیس کے کر روم میں داخل ہوئی

ولیہ باجی آپ نے بلایا؟

ہں رابیہ سارے کپڑے میرے ساتھ سیٹ کرواؤ... چلیں جی میاں جی آج سے اپنے بیڈ کے ساتھ ساتھ روم باٹنے کی بھی عادت ڈال لیں !

کچھ کہا کیا باجی آپ نے؟ ملازمہ اسے خود سے باتیں کرتے دیکھ بولی

نہیں تم کام کرو....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

Posted On Kitab Nagri

میں آپ کو بتا نہیں سکتی موم میں کتنی خوش ہوں... فرحانہ محترمہ اس کی خوشی کو دیکھ کر مسکرا کر پوچھنے لگی

کیا ہوا یونیورسٹی میں کوئی فنکشن تھا کیا؟ وہ آج انہیں عرصے بعد خوش نظر آئی تھی

"نہیں موم... بات یہ ہے نائل نے مجھے جس کے لیے دھتکارا تھا اب وہ بے جلد اس سے بے زار ہو کر اسے چھوڑنے والا ہے" وشمہ خوشی کے مارے چہک کر بولی جبکہ اس کی بات ہر فرحانہ محترمہ نفی میں سر ہلانے لگی

ایسا کچھ نہیں ہے تم نے دیکھا نہیں نائل اس کے لیے سب سے لڑ لیتا ہے !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے اپنے کانوں سے سائمہ ممانی اور بڑی ممانی کی باتیں سنی ہیں وہ لوگ جلد کوئی فیصلہ کرنے کی بات کر رہے تھے میں کہتی تھی نا موم وہ دونوں ایک دوسرے کو برداشت نہیں کر سکتے! وہ آنکھوں میں چمک لیے کہنے لگی

Posted On Kitab Nagri

بس کرو وشمہ.... تمہیں کب عقل آئے گی؟ چھوڑ دو نائل کا پیچھا میں نے تمہارے لیے رشتے والوں سے بات کی ہے وہ ایک دو دن میں آجائیں گے اگر رشتہ مناسب لگا تو ہم تمہارا رشتہ پکا کر لے گے! فرحانہ محترمہ غصے سے بولیں

آپ چاہے کچھ بھی کر لیں موم لیکن میں جانتی ہوں نائل میرے نصیب میں ہے اور مجھے وہی ملے گا! خوشی سے کہتی وہ واشروم کی طرف بڑھ گئی کے پیچھے فرحانہ محترمہ اس کے لیے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا گئی

کس کی اجازت سے تم اس کا پیچھا کر رہے تھے؟ میر شہزاد اس پر بھر کتا بولا

صاحب میں مانتا ہوں مجھے آپ کے کہے بغیر کوئی کام نہیں کرنا چاہیے لیکن آپ نے میری بات کو اہمیت نہیں دی.... یہ سب نائل کا ظمی کا کیا دھرا ہے اسی نے فیکٹری میں آگ لگائی ہے! اظہر مؤدب انداز میں اس کے آگے سر جھکائے کہنے لگا

کوئی ثبوت ہے تمہارے پاس ہاں؟

Posted On Kitab Nagri

جی صاحب یہ دیکھیں یہ تصاویر اسی دن کی ہے اور یہ چھپا ہوا چہرا نائل کاظمی کے خاص آدمی اسد خان کا ہے...اور یہ کچھ تفصیلات ہے اسد خان کے بارے میں!اظہر نے اس کے آگے چند کاغزات رکھے جسے پڑھتے ہی اسکے چہرے کے تاثرات بدلے

نائل کاظمی میں تجھے چھوڑوں گا نہیں....بہت خوب اظہر تمہارا انعام تمہیں جلد مل جائے گا!میر شہزاد سرخ چہرا لیے بولا

مجھے انعام نہیں چاہیے مجھے صرف نائل کاظمی سے انتقام چاہیے!اظہر آنکھوں میں انتقام کی آگ لیے کہنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور مجھے اس کی بیوی!میر شہزاد کے کہنے پر پوری حویلی میں سب کے خباسی قہقے گونجے تھے

****

Posted On Kitab Nagri

شام کے چھ بجے تک وہ اپنے روم کا نقشہ بدلنے کے بعد نیچے آئی جہاں سب لوگ لاونج میں بیٹھے باتوں میں مصروف تھے

کیا ہو رہا ہے؟ وہ فریش سی ان کے پاس آئی بولی

چائے کا انتظار...رباب بیگم مسکرا کر کہنے لگی

تو میں بنا کر لاتی ہوں!

ارے نہیں بیٹا وشمہ بنانے گئی ہے چائے تم ایسا کرو باہر لان وفا اور سبحان بیٹھے ہیں انہیں بلا لاؤ...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا میں بلا کر لاتی ہوں! رباب بیگم کے کہنے پر وہ مسکرا کر باہر کی طرف بڑھ جب کچن سے چائے کی ٹرے لے کر نکلتی وشمہ کی نظر اس پر گئی اسے دیکھتے ہی اس کے چہرے پر شیطانی مسکراہٹ آئی اور اگلے ہی لمحے وہ آگے بڑھ کر اس سے ٹکرائی کے اس کے ٹکرانے سے کپ سے گرم گرم چائے نکل کر ولیہ کے ہاتھ چھلک گئی

Posted On Kitab Nagri

آہ.....اس کی چیخ سے اندر آتے نائل کے قدم تھمے اس سے پہلے وہ آگے بڑھ کر اسے دیکھتا سبحان تیزی سے اس کی طرف بڑھے اسکا ہاتھ تھام چکا تھا یہ منظر دیکھتے ہی اس کی آنکھوں میں سرخی سی چھائی

اوہ نو ولی یہ تو بہت جل گیا ہے.... ادھر بیٹھو میں تمہارے جیل لگاتا ہوں! اسے کرسی پر بیٹھائے وہ خود اسکا ہاتھ پکڑے وفا سے جیل لیے اسے لگانے لگا

آئی ایم سوری ولیہ میں نے دیکھا نہیں! وشمہ مسنوئی افسوس سے بولی

کوئی بات نہیں میں جانتی ہوں تم نے جان کر نہیں کیا....

روم میں چلو! اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی نائل کی بھاری آواز پر اسنے چونک کر اس کی طرف دیکھا جو سرخی مائل آنکھیں لیے اسکے ہاتھ پر نظریں جمائے ہوئے تھا جو کہ سبحان کے ہاتھ میں تھا

Posted On Kitab Nagri

لیکن اس کے بہت چوٹ لگی ہے! سبحان اسے دیکھے بغیر ولیہ کے ہاتھ پر کریم لگائے بولا

میں اپنی بیوی سے بات کر رہا ہوں...روم میں آؤ! ایک ایک لفظ چبا چبا کر کہتا وہ اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا

اسے کیا ہوا؟ سبحان حیرانگی سے پوچھنے لگا

کچھ چاہیے ہو گا شاید! وہ بہانا بناتی اٹھی جبکہ وشمہ نائل کے روایئے کی وجہ محسوس کرتی جل بھن کر چائے کی ٹرے لیے ٹووی لاؤنج کی طرف بڑھ گئی

روم میں قدم رکھتے ہی ساری سیٹنگ کا بیڑا غرق دیکھ کر اس کی پیشانی کے بلوں میں اضافہ ہوا کچھ سوچتے ہوئے وہ تیزی سے اپنی الماری کی طرف بڑھا جو اب اس کی کم بلکہ لڑکیوں کی الماری زیادہ لگ رہی تھی

ولیہ.....!اس کے چلانے پر وہ دروازے پر ہی چھک اٹھی

Posted On Kitab Nagri

کیا ہو گیا چلا کیوں رہے ہیں؟ وہ انجان بنے روم میں آتی بولی

کس سے پوچھ کر میرے روم کی سیٹنگ چینج کی ہے؟ وہ سرخ انگارہ ہوتا غرایا

پہلی بات تو یہ کہ یہ روم اب صرف آپ کا نہیں ہے بلکہ ہمارا ہے..اور میں نے سیٹنگ چینج نہیں کی بس اپنی چیزیں اس میں ایڈ کی ہیں اور ظاہر ہے کپڑوں کے لیے ایک عدد الماری کی بھی ضرورت ہوتی ہے اور جب آپ کے پاس اتنی بڑی ساری الماری موجود ہے تو دوسری کہ ضرورت ہی نہیں ہے! تحمل سے بولتی وہ اسے مزید آگ بگولہ کر گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم.....

چپ بلکل چپ کیا ہو گیا ہے آپ کو کل سے بلاوجہ ہی غصہ کیے جا رہے ہیں! اس کے کچھ بولنے سے پہلے ہی وہ چیخی تھی جس پر نائل کو صیح معینی کی چپ لگی

Posted On Kitab Nagri

میں فریش ہونے جارہاہوں مجھے میرے کپڑے چاہیے!اب کے زرا نرمی سے کہتاوہ واشروم کی طرف بڑھ گیاکے پیچھے وہ سر جھٹک کر اسے کپڑے نکالنے لگی

کچھ دیر بعد وہ فریش سا شرٹ کے بغیر ہی ٹراوزر میں باہر آیاجب وہ ہنوز الماری میں گھسی کچھ کرتی نظر آئی نجانے اور کون کون سی تبدیلیاں لاناباقی رہے گیا تھا

شرٹ دومیری!اپنے عین پیچھے سے آتی آواز پر وہ سرعت سے پلٹی جب اسے اس حالت میں دیکھ کر اس فطری حیاکے باعث اسکا چہرا سرخ پڑاا گلے ہی لمحے وہ سٹپٹا کر واپس سے الماری کی طرف مڑ گئی

استغفراللہ شرم نہیں آتی اسے ہی باہے آتے ہوئے؟گھبرا کر کہتی وہ آگے بڑھنے لگی کے اسکے گھبرانے پر نائل کے چہرے پر مسکراہٹ شرارتی مسکراہٹ رینگی

اتنی باڈی چھپانے کے لیے تھوڑی بنائی ہے!وہ اس کے اطراف میں بازو ٹکائے اسکے جانے کاراستہ بند کیے بولا

Posted On Kitab Nagri

شرم نہیں آتی آپ کو؟اس کی قربت میں بری طرح سٹپٹاتی نظریں جھکائے بولی

فلحال تو آپ بے شرمی پر مجبور کر رہی ہیں مسز ولیہ!ریڈ سوٹ میں خود بھی سرخ سی ہوتی وہ واقعی اسے گستاخی پر مجبور کر رہی تھی

مجھے پتا ہے آپ یہ سب مجھے چڑانے کے لیے کہہ رہے ہیں آپ کو تو میرے جلے ہوئے ہاتھ کا بھی احساس نہیں ہے!اس کی ذو معانی باتوں پر وہ جان پر بات کا رخ چینج کرنے کو بولی جس پر وہ کافی حد تک کامیاب بھی رہی اس کی بات پر نائل کے ذہن میں سبحان کا منظر گونجا

تمہارے احساس کے لیے تمہارا دوست کافی ہے توصیح!وہ یکدم ہی سنجیدہ ہو کر اس کے ہاتھ سے اپنی شرٹ لیتا بولا

آپ کو سبحان سے جیلسی ہوتی ہے؟اس کی حالت کو دیکھ کر وہ شرارت سے پوچھنے لگی جس پر نائل نے ابرو اچکائی

Posted On Kitab Nagri

میں اور جیلس ؟اس مچھر کو میں ایک ہی پھونک سے اڑادوں!وہ خود بھی نہیں جانتا تھا اسے سبحان سے چڑ کیوں ہونے لگی تھی شاید اس کی وجہ اس کی یہ پاگل بیوی ہی تھی

اڑا کر دیکھائیں...وہ ہنوز اسے چڑانے کو بولی

کسی دن تمہارے سامنے ہی اڑاؤں گا بے فکر رہو!منہ پھلا کر کہتا وہ ولیہ کو کوئی ناراض بچہ لگا

میں ہاتھ توڑ دوں گی آپ کے !اسکے پیچھے ڈریسنگ تک آتی وہ ادا سے بولی

تمہیں زیادہ ہی برا نہیں لگتا!اس کے کہنے پر نائل نے جیسے ہی پلٹ کر اسکا ہاتھ تھامنا چاہ یکدم ہی ولیہ کے ہاتھ میں شدید جلن کا احساس ہوا تھا

آہ.....کراہ کر وہ بیڈ کی طرف بڑھی کے اس کر کراہنے پر نائل بے چونک کر اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

آپ کو تو سچ میں میرا احساس نہیں ہے!اس کے چہرے پر موجود تکلیف کے آثار نائل کے دل پر بری طریقے سے لگے تھے

دیکھاؤ مجھے!وہ اسکے سامنے کرسی کھینچ کر بیٹھا اسکا ہاتھ تھامے بولا

مجھے نہیں چاہیے آپ کی یہ ہمدردی!وہ منہ بسورے بولی

درد تو ہو گا ہی نا اس مچھر نے غلط جیل جو لگائی ہے!احتیاط سے اسکا ہاتھ صاف کرتا وہ سائڈ ٹیبل سے فرسٹ ایڈ نکالے کہنے لگا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں آپ تو جیسے ڈاکٹر ہیں نا !

ڈاکٹر نہیں ہوں لیکن ان سب کا پتا ہے مجھے!اب وہ نرمی سے اسکے ہاتھ پر کریم لگاتا بول رہا تھا جب اس کی اگلی بات پر اس کے ہاتھوں کی حرکت رکی

Posted On Kitab Nagri

کیوں غنڈے ہیں آپ!اس کے جملے پر ماضی کا منظر اسکے سامنے لہرایا

ایک اور مڈر این اے؟تو کتنے لوگوں کی جان لے گا!اوپر سے اپنی حالت دیکھ کسی غنڈے سے کم. نہیں لگ رہا!معصب کی آواز اسکے کانوں میں گونجی

کیا ہو گیا کہاں کھو گئے؟وہ اسکے آگے ہاتھ لہراتی بولی جس پر وہ فورا سے ہوش میں لوٹا

یہ کریم لگا دی ہے اب شرافت سے اس ہاتھ سے کوئی کام نہیں کرنا...گھر کے کام کے لیے ملازمہ ہیں اور اگر کھانا کھانا ہو تو مجھے کہنا مگر اب اس ہاتھ کو زحمت مت دینا!نرمی سے اسکا ہاتھ تھامے کہتا وہ اس کی ہارٹ بیٹ تیز کر گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خیال رکھا کرو اپنا!اس کے چہرے پر آئی لٹوں کو انگلی کے پور سے کان کے پیچھے اڑستا وہ اٹھنے لگا جب ولیہ نے اسکا ہاتھ تھام کر اسے روکا

سوری!وہ اسکا ہاتھ تھامے نظریں پھیرے بولی

Posted On Kitab Nagri

کس بات کے لیے؟نائل نے ابرو اچکائی

اس دن کے لیے!وہ منمنائی

تمہارا ہاتھ ٹھیک ہو جائے اس کا بدلہ تو میں لے کر ہی رہو گا اتنی آسانی سے معافی نہیں ملنے والی ڈیر وائفی !

ہونہوں ہٹلر ہمیشہ ہٹلر ہی رہے گا!اس کی بات پر وہ جھرجھری لے کر بولی

کیا کر سکتے ہیں اب تمہاری قسمت میں یہی ہٹلر اور میری قسمت میں تم جیسی پاگل ہی لکھ دی گئی ہے....!وہ آنکھ دبائے بولا اس سے پہلے وہ کوئی جواب دیتی دروازے پر دستک ہوئی

سر آپ کو اور ولیہ باجی کو دادا سائیں کھانے پر یاد کر رہے ہیں!وشمہ اندر آتی آگاہ کرنے لگی جس پر وہ دونوں سر ہلا گئے

Posted On Kitab Nagri

رات کے کھانے پر ان دونوں کو ساتھ آتا دیکھ کر سائمہ بیگم کی آنکھوں میں ٹھنڈک سی اتری

کچھ ہی دیر میں کھانا شروع کیا گیا نائل نے ایک نوالہ بنا کر اسکے سامنے کیا تو وہ سٹپٹا کر ارد گرد دیکھنے لگی وہ سچ میں یہ سب کرے گا اسے اندازہ نہیں تھا

میں خود کھالوں گی!

کیسے کھاؤ گی؟ میں کھلا رہا ہوں نا شرافت سے کھالو! وہ اسے دیکھے بنا کسی کے لحاظ سے بولا جبکہ اس کی حرکت پر رباب بیگم نے مسکرا کر ان دونوں کو دیکھا

ولیہ بیٹی نائل اگر اپنے ہاتھ سے کھلا رہا ہے تو کھالو ویسے بھی ہاتھ میں جلن محسوس ہو گی....

Posted On Kitab Nagri

جی دادا سائیں! دادا سائیں کے کہنے پر وہ گھبرا کر اس کے ہاتھ سے نوالہ کھانے لگی جبکہ دوسری طرف یہ منظر کسی کے لیے ناقابل برداشت ہو گیا تھا

وشمہ کہاں جا رہی ہو؟ رباب بیگم اسے اٹھتا دیکھ پوچھنے لگی

مجھے بھوک نہیں ہے! تلخی دے کہ کر وہ آگے بڑھ گئی

یہ وشمہ کو کیا ہوتا جا رہا ہے زیادہ چڑچڑی رہنے لگی ہیں! دادا سائیں اس کے انداز پر وہ خفگی سے بولے

نہیں بابا سائیں بس آج کل طبیت کچھ ٹھیک نہیں ہے اس کی! فرحانہ محترمہ کی بات پر زارون کے کان کھڑے ہوئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر زیادہ طبیت خراب تھی تو آپ مجھے کہ دیتی میں ڈاکٹر کے لے جاتا! زارون بظاہر کھانے میں مصروف سا بولا

Posted On Kitab Nagri

ہاں اب اگر زیادہ خراب ہوئی تو تمہیں کہ دوں گی !

اچھا نائل بیٹا آپ لوگوں کا گھومنے پھرنے کا کیا ارادہ ہے؟ ارسلان صاحب کی بات پر ان دونوں نے چونک کر ایک دوسرے کو دیکھا

کوئی ارادہ نہیں ہے !وہ یکدم ہی ساتھ بولے جس پر ٹیبل پر موجود ہر شخص نے حیرانگی سے انہیں دیکھا

میرا مطلب ہے میرے پیپرز اسٹارٹ ہونے والے ہیں نا!ان سب کی نظروں خود پر محسوس کیے وہ اب قدرے
تحمل سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی اور میرے بھی کچھ کام ہیں !

یہ سب ان کے بہانے ہیں بابا سائیں... میں تو کہتی آپ ہی کچھ کریں... رباب بیگم کے کہنے پر دادا سائیں نے سر اثبات میں ہلایا

Posted On Kitab Nagri

بلکل... ہمیں بھی ایسا ہی لگتا ہے! آپ دونوں کل ہی سکردو جا رہے ہیں بلکہ ایسا کریں باقی بچوں کو بھی اپنے ساتھ لے جایئے اسی بہانے وشمہ کی طبیت بھی کچھ بہتر ہو جائے گی! داداسائیں مسکرا کر بولے

جس پر وفا ایکسائٹڈ سی ولیہ کی طرف دیکھنے لگی

لیکن داداسائیں... وہ جو انکار کرنے ہی والا تھا ولیہ کی آواز چونک کر پلٹا

ٹھیک ہے داداسائیں ہم کل ہی نکل جائیں گے !

یہ تم نے پارٹی کیسے بدل لی؟ وہ اس کی طرف پلٹے تشویشی انداز میں بولا

مجھے آپ کے ساتھ جانے میں مسئلہ تھا لیکن اب تو وفا زارون وشمہ سب جا رہے ہیں! وہ چہک کر بولی

جس پر نائل سرد آہ بھر کر رہ گیا

رات کافی ہو گئی ہے موم آپ کو بھی نیند آرہی ہو گی!وہ ان کی بات سنجیدگی سے کاٹتا بولا

"ٹھیک ہے مگر میری بات پر ایک بار نظر ثانی ضرور کرنا" جانتی تھیں وہ کرے گا تو اپنی ہی اس کی پیشانی پر بوسہ دیتی اسکے چہرے پر اپنا مامتا بھرا ہاتھ پھیرتی وہ اپنے روم کی جانب بڑھ گئیں کے ان کے جاتے ہی وہ پر سوچ سا بلکنی میں آیا

آج جب دادا سائیں نے اس سے پوچھا تھا نجانے کیوں ولیہ کے جواب سے پہلے خوف سا آیا تھا

کیا ہوتا جارہا ہے تمہیں نائل کاظمی!وہ سگریٹ کا گہرا کش لیے بلکنی میں رکھے صوفے پر اپنا لیٹ ٹوپ کھولے بیٹھ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

Posted On Kitab Nagri

مسلسل بجتے فون سے وہ بامشکل اپنی آنکھیں کھولی پائی گھڑی پر نظر ڈرانے پر وقت صبح پانچ بجے کا پتا دے رہا تھا

اس وقت کس کی کال آگئی؟خود سے کہ کر وہ اس خاموشی میں چیختا ہوا موبائیل اٹھا گئی جو اسکے ہٹلر ہسبنڈ کا تھا اور وہ خود نجانے کہاں غائب تھا کچھ سوچتے ہوئے وہ منہ بسورتی چپل پیر میں اڑستی خود کو تقریبا گھسیٹتے ہوئے بلکنی میں آئی جہاں وہ اسے
ریلنگ پر جھکا سگریٹ کے کش لگاتا نظر دیکھائی دیا

سوئے نہیں؟صوفے پر رکھے لیپ ٹوپ کو دیکھ کر وہ اس سے مخاطب ہوئی جو اس کی آواز پر اب اس جانب متواجہ ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں بس کچھ کام تھا!

آپ تھکتے نہیں ہیں ہر وقت کام کر کر کے؟وہی دروازے پر کھڑے اس کی سرمئی آنکھوں میں نیند کے آثار دیکھ کر پوچھا تھا

Posted On Kitab Nagri

آپ کو فکر ہو رہی ہے؟وہ اس کی طرف قدم بڑھائے گھمبیر لہجے میں کہتا اس کہ بیٹ مس کر واگیا

آپ سگریٹ کیوں پیتے ہیں؟اس کے اندر سے آتی اسٹر ونگ پرفیوم اور سگریٹ کی خوشبو محسوس وہ ناک پر ہاتھ رکھے اسے دیکھنے لگی

مجھے پسند ہے!اس کے کہنے پر وہ لاپروائی سے بولا

لیکن مجھے نہیں پسند!اس کے انداز پر وہ ناگواری سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو تم مت پیو!وہ کندھے اچکائے اپنی مسکراہٹ ضبط کیے کہنے لگا

استغفر اللہ....اس کی بے نیازی پر وہ جھر جھری لیتی اسے گھورنے لگی جو سرمئی آنکھوں میں نیند کی خماری لیے مسکراہٹ ضبط کیے کھڑا مردانہ وجاہت کی خوبصورت مثال لگ رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

مجھے بعد میں نہار لیجیے گا اگر آپ اس طرح دیکھیں گی تو مشکل ہو جائے گا محترمہ!اس کے کہنے پر وہ بری طرح سٹپٹائی

آپ کا فون بج آرہا وہی دینے آئی تھی!وہ اسے ٹھر کی موڈ میں آتا دیکھ کر فوری سے اس کے آگے موبائیل کرتی بولی کے اس کی بات پر وہ ابرو سکیڑ گیا

اس وقت کس کا فون آگیا؟

مجھے کیا پتا اس کل بھی تو ایسے ہی کال آئی تھی نا.... کل رات کا منظر ذہن میں گونجتے ہی تلخی سے کہتی آگے بڑھنے لگی جب نائل ایک اسے جھٹکے سے اپنے قریب کرتا اسکے کمر کے گرد بازو حائل کر گیا کے اس اچانک اتفاد پر وہ دل تھام کر رہے گئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جیلسی ہو رہی ہے؟اس کے کان کے قریب خمار آلود لہجے میں کہتا وہ اس کی جان ہوا کر گیا

Posted On Kitab Nagri

ممجھے ککیوں ہو گی۔۔۔میں تو بس یہ چاہتی ہوں جو ہو وہ سامنے ہو!اس کی گرفت میں وہ لرزتی پلکوں سے بولی

تو پھر بے فکر رہیں بیگم نائل کاظمی جو کرتا ہے ڈنکے کی چوٹ پر کرتا ہے!اس کے چہرے پر نظریں جمائے وہ گہرے میں بولا کے اس کی قربت میں اس کی نظروں کی تاب نالاتی وہ سرخ پڑی تھی

ممجھے نماز ادا کرنی ہے۔۔۔لفظ بامشکل ادا ہوئے تھے

بس کہاں بھاگ گئی تمہارے اندر کی شیرنی؟اس کے چہرے کے اتار چڑھاؤ نظروں میں اتارے وہ مسکرا کر بولا کے اس کی مسکراہٹ میں کھوئی سی تھی بلاشبہ وہ دلوں کو فاتح کر دینے والی مسکراہٹ رکھتا تھا

کہاں کھو گئی؟وہ اسکے آگے چٹکی بجاتا بولا کے اپنی حرکتوں پر وہ دل ہی دل میں خود کو کوستی خو مخاں شرمندہ ہوئی

Posted On Kitab Nagri

چھوڑیں مجھے میں نے یونی بھی جانا ہے!اس کی گرفت سے نکلنے کی کوشش کی مگر وہ کہاں اس چٹان جیسے انسان سے جیت سکتی تھی

کیا کھاتے ہیں کتنے موٹے ہیں آپ۔۔۔وہ اس کی گرفت سے نکلنے میں ہلکان سے بولی کے وہ اپنی پرسنلٹی کی بے عزتی پر لب بھینچ کر رہے گیا

فلحال تو تمہیں کھانے کا دل کر رہا ہے۔۔۔بے باکی سے اس کا گال کھینچ پر کہتا وہ اسے مزید گلابی کر گیا

نائل پلزز۔۔۔اس کی قربت میں وہ اب بے بس سی ہوئی کے اس کی حالت کو سمجھ کر وہ اس کی ناک زور سے دباتا اپنی گرفت ڈھیلی کر گیا کے اس کی گرفت ڈھیلی پڑتے ہی وہ موقع کو غنیمت سمجھتی روم کے اندر بھاگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہونہوں بد تمیز انسان!وہ سرخ سی خود سے کہتی وضو کے لیے واشروم کی میں چلی گئی

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر بعد وہ گیلے چہرے سے باہر آتی ڈوپٹا حجاب کی صورت میں لپیٹے جائے نماز بیچھا گئی جب وہ روم میں آتا دیکھائی دیا

سونے سے پہلے نماز ہی پڑھ لیں۔۔۔اسے بیڈ پر لیٹتا دیکھ کر وہ کہے بغیر نا رہے سکی

تم پڑھ رہی ہو ناکافی ہے۔۔۔!بے نیازی سے کہ کر وہ آنکھیں موند گیا کے اس بے نیازی پر ولیہ پہلی بار اس کی ہدایت کے لیے ہاتھ اٹھا گئی

کچھ دیر بعد وہ اس کے لیے ناشتہ بنانے کی نیت سے کچن میں آئی

ارے ارے آج سورج کہاں سے نکلا ہے؟زارون جو شاید ابھی اوپر بنے نائل کے جیم روم سے ورزش کر کے نکلا تھا اسے کچن میں کام کرتا دیکھ کر شرارتی انداز میں بولا

یہ تو مجھے بھی پوچھنا چاہیے تم جیسے لیزی انسان کو کب سے جیم کی عادت ہو گئی ہے؟وہ ابرو سیکڑے بولی

Posted On Kitab Nagri

ایسے ہی جیسے تم جیسی نکمی کو صبح صبح اٹھ کر کچن میں آنے کا خیال آگیا۔۔۔وہ کہاں چپ لگانے والوں میں سے تھا کے اس کی بات پر ولیہ نے ایک زور دار چٹ اسے رسید کی تھی

سیدھی طرح بتاؤ !

اوہ یار بس سنگل رہے رہے کر بور ہو گیا ہوں سوچ رہا ہوں تمہارے شوہر کی طرح کوئی بوڈی شوڈی بناؤں تا کہ زرا موم کو چھوٹے بیٹے کی بھی خوشیاں دیکھاؤں۔۔۔ !

واہ واہ کیا نیک ارادے ہیں تمہارے کتنا احساس ہے تمہیں تائی ماں کا!وہ جھر جھرلی لے گئی جس پر وہ مزے سے سر ہلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا یار شیک تو بنا دو پلزز!وہ یکدم ہی چہرے پر بے چارگی لائے بولا

اور بدلے میں مجھے کیا ملے گا؟ولیہ نے ابرو اچکائی

Posted On Kitab Nagri

میرا ہینڈسم بھائی مل تو گیا اور کیا چاہیے تمہیں؟ وہ لڑاکا عورتوں کی طرح کمر پر ہاتھ باندھے بولا

وہ تو مجھے اللہ نے دیا ہے۔۔۔ آئسکریم پر ڈیل ڈن کرنی ہے تو بتاؤ! وہ سیدھا مدعے پر آئی

ویسے بری ہی کوئی ندیدی ہو تم خیر ڈن۔۔۔ وہ اسکے ہاتھ پر ہاتھ مارے بولا کے دور کھڑی وشمہ نے یہ منظر ناگواری سے دیکھا

دونوں بھائیوں کو اپنا گرویدہ بنالیا ہے اس نے اپنی اداؤں سے! زہر خندق ہو کر کہتی وہ پیر پٹک کر اپنے روم میں چلی گئی

صبح کے آٹھ بج چکے تھے اور وہ اب تک پراٹھے بنانے کی سہی میں ہلکان سی لگی تھی جب رباب بیگم کچن میں آتی خوشگوار حیرت لیے اسے دیکھنے لگی

ماشاءاللہ میری بیٹی تو دن بدن بڑی ہوتی جارہی ہے یہ نائل کے لیے بنارہی ہو؟ وہ اس کی تھکن سے جان چکی تھی یہ محنت کس کے لیے کی جارہی ہے

Posted On Kitab Nagri

جی۔۔۔اس کے ذکر پر نجانے کیوں اسکا دل عجیب سی لے میں دھڑکا

بہت اچھی بات ہے !

لیکن یہ ٹھیک سے نہیں بنے۔۔۔وہ پراٹھوں کو دیکھتی افسوس سے بولی

کس نے کہا ٹھیک نہیں بنے؟ بہت اچھے بنے ہیں اور جب روٹین میں کرو گی نا تو مزید بہتری آجائے گی!
وہ اسکا ماتھا چومتی محبت سے کہنے لگیں جس پر وہ سر کو خم دے گئی

کل سے میرا دل بہت پر سکون ہے مجھے کل سے آپ دونوں میں پہلے والی تلخی نظر نہیں آئی بلکہ آپ دونوں کا ایک دوسرے کے لیے اسٹینڈ لینا مجھے ہمارے فیصلے پر فخر کرنے کا کہتا ہے جیتی رہو۔۔۔بس مجھے ایک بات کا ڈر ہے کے کہیں کسی دن بابا سائیں اور نائل میں کوئی بڑا جھگڑا نا کھڑا ہو جائے!ان کے تاثرات یکدم ہی بدلے تھے جس پر ولیہ ان کی پریشانی سمجھتی انکا ہاتھ تھام گئی وہ خود بھی کل سے دادا سائیں سے اس کے روایے پر پریشان تھی

Posted On Kitab Nagri

آپ بے فکر رہیں میں سمجھاؤں گی انہیں!انکا ہاتھ تھامے وہ محبت سے بولی

ہاں بیٹا اس سے بات کرنا شاید آپ کی سن لے۔۔۔۔

ویسے تائی ماں وہ کیا شروع سے ہی ضدی ہیں؟وہ مصروف سی بولی

ہاں ضدی تو شروع سے ہی ہے لیکن دل کا بُرا نہیں ہے بس تھوڑا انا کا مارا ہے کسی کی اونچی آواز برداشت نہیں کرتا اور نا ہی کسی کی بدتمیزی برداشت کرتا۔۔ان کے کہنے پر اسے بے ساختہ اپنا تھپڑ یاد آیا جسے وہ اس کی ایک سوری کے بعد ہی بھولا چکا تھا یا شاید نہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری برائیاں ہو گئی ہوں تو ناشتہ مل سکتا ہے؟اس کی بھاری آواز پر وہ دونوں چونک کر پلٹی

ہونہوں آپ کی خوشفہمی ہے....!وہ مصروف سی کافی کپ میں نکالتی بولی کے کائی گرین سوٹ میں سر پر ڈوپٹا لیے مصروف سی بولتی نائل کو اپنے دل میں اترتی محسوس ہوئی

Posted On Kitab Nagri

آج یونی مت جانا..... آج مجھے جلدی ہے کل میں تمہیں خود چھوڑ آؤں گا...اس سے زیادہ میں کچھ نہیں سنوں گا!وہ موبائیل میں مصروف سا بولا

آج میری بیٹی کو کچھ مت کہنا نائل...پتا نہیں کب سے کھڑی وہ تمہارے لیے ناشتہ بنا رہی ہے!رباب بیگم خفگی سے اسے دیکھتی کہنے لگیں

تو گویا آج مجھے اپنی جان کی قیمت لگا کر کھانا کھانا ہو گا؟وہ شرارت سے بولا کے اس کی بات پر اسنے کرب سے نائل کی طرف اور اگلے ہی لمحے وہ سب کچھ ایسے ہی چھوڑے تیز تیز قدموں سے کچن سے نکل گئ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسے کیا ہوا؟وہ کنفیوز سا رباب بیگم کی طرف مڑا

جا کر مناؤ اسے.... صبح سے آپ کے لیے لگی ہوئی تھی!رباب بیگم خفگی سے بولی کے ان کی بات پر وہ سر جھٹکتا اس کے پیچھے جانے لگا جب اسکا فوم چیخا

Posted On Kitab Nagri

میں آکر اسے دیکھ لوں گا آپ مجھے یہ سب پیک کر دیں!وہ مصروف سا گھڑی دیکھتا بولا جس ہر رباب بیگم اس کی جلدی سمجھ کر اسکا ناشتہ ایک بوکس میں ڈالتی اسے پکڑا گئیں

آپ پلززز دیکھ لیجیے گا اسے !موبائیل کان سے لگائے مصروف سے انداز میں کہتا وہ باہر نکل گیا

کے رباب بیگم محض اسے جاتا دیکھنے لگی

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم یہاں کیا کر رہے ہو؟وہ ڈیرے میں پہنچتے ہی اس کی شکل دیکھ کر خاصی ناگواری سے بولا

آؤ آؤنائل کاظمی تمہارا ہی انتظار تھا....میر شہزاد موچھوں کو تاؤ دیتا بولا جبکہ اسکی فریش حالت سے وہ کہیں سے بھی اسے تکلیف میں مبتلا نظر نہیں آیا

Posted On Kitab Nagri

جو تم ڈھونڈ رہے ہو وہ نہیں ملے گا....وہ اس کی نظروں کا مفہوم سمجھتا شان سے اپنی کرسی ہر بیٹھتا بولا

میں نہیں جانتا تمییں مجھ سے کیا بیڑ ہے... تمہیں ہماری لاہور والی فیکٹری جلا کر کیا ملا؟

سکون...!نائل پر سکون سا بولا کے اس کے جواب پر میر شہزاد کا دل چاہا اس کا منہ نوچ لے

نائل کاظمی... مجھ سے پنگہ بہت مہنگا پڑے گا!اسنے دھمکانے کی کوشش کی مگر سامنے نائل کاظمی تھا

جو کرنا ہے کرو لیکن جس مقصد کے لیے تم آئے ہو میں تمہیں نا تو وہ زمین دوں گا اور نا ہی تمہاری فیکٹری کو جلانے کے بدلے ایک روپیہ دوں گا...اب خود یہاں سے دافع ہو جاؤ نہیں تو میرے بندے کے نکالنے پر تمہاری بچی کچی عزت بھی جائے گی!اپنی اس قدر تزلیل پر وہ سرخ چہرہ لیے کھڑا ہوا

پیار سے بات کرنے آئے تھا لیکن تجھے پیار کی زبان سمجھ نہیں آئی اب میں نے تجھ سے تیرا یہ سکون نا چھین لیا تو کہنا....وہاں سے ماروں گا جہاں سے تجھے سب سے زیادہ تکلیف ہو گی!اسے انگلی دیکھا کر

Posted On Kitab Nagri

تنبیہ کرتا وہ اپنے آدمیوں کو اشارہ کرتا چکا گیا جبکہ نائل پیچھے اس کی دھمکیوں کو ہوا میں اڑاتا باقی کے معاملات دیکھنے لگا

دیکھا آپ نے کتنا مغرور ہے وہ؟ اظہر چنگاری کو مزید ہوا دیے بولا

مجھے زلیل کرے گا یہ؟ میں اس کی عزت ہی چھین لوں گا بس کچھ دن نائل کاظمی اس کے بعد تو خود اپنا سب میرے حوالے کرے گا! میر شہزاد تیش سے کہتا گاڑی میں بیٹھ گیا
مجھے سچ میں حیرت ہوئی تھی جب تم ڈرنک کر کے اس کے سامنے چلی گئیں....

ہاہاہا یہی تو کمال ہے.... اسنے مجھے ایک بار ڈرنک دیکھا تو چونک گیا اب اسے کیا پتا ڈرنک تو نجانے میں کتنے عرصے سے کر رہی ہوں.... وشمہ قہقہ لگاتی بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہی تو.. لیکن تمہارا وہ پلان بھی کچھ خاص کام نہیں آیا تو اب آگے کیا کرنے کا سوچا ہے؟ مقابل کی نظریں اس پر مرکوز تھیں

Posted On Kitab Nagri

سوچا تو بہت کچھ ہے جسٹ ویٹ آینڈ واچ! شیطانی مسکراہٹ لیے کہتی وہ کافی کا گھونٹ بھرنے لگی

****

رات کے گیارہ بجے کے قریب اس کی گاڑی گیراج میں رکی تنی ہوئی رگوں سے گھڑی پر نظر ڈرا کر ٹائم کا اندازہ کرتا اندر داخل ہوا جہاں اسکا سامنا خالی لاونج سے ہوا آج اسکا موڈ خاصا خراب تھا وجہ پہلے میر شہزاد سے بحث اور پھر ڈیرے پر ایک شخص سے ہوئے جھگڑا تھا

گھڑی پر نظر ڈرائے وہ مسلسل اسکے انتظار میں ٹہل رہی تھی

ہٹلر کہیں کے...پتا نہیں کہاں رہے گئے؟ انہی سوچوں میم تھی جب وہ دروازہ کھولے اندر داخل ہوا اسے دیکھتے ہی وہ رخ بدل گئی

وہ جو پہلے ہی غصے میں تھا اسے رخ پھیرتا دیکھ کر وہ لب بھینچ کر واشروم میں بند ہو گیا ڈھار کی آواز سے وہ چونک کر دروازے کی جانب دیکھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

انہیں کیا ہو گیا؟خود سے سوال کرتی وہ بال سنوارتی بیڈ پر بیٹھتی مووی لگا گئی

چند منٹوں بعد وہ فریش سا فورمل سے وائٹ ٹراوزر شرٹ میں باہر اسے ٹی وی کے سامنے بیٹھے دیکھ کر ٹی وی کا ریموٹ اٹھا کر بند کیا تھا کے اس کی حرکت پر وہ دانت پیس کر باہر کی طرف بڑھنے لگی جب وہ اسکے اٹھنے سے پہلے ہی اس کی گود میں سر رکھ گیا

اپنی یہ ناراضگی کل دیکھا لینا فلحال میرے سر میں درد ہے دبا دو!نے نیازی سے کہتا وہ آنکھیں موند گیا کے اس کی بے باکی پر وہ سرخ سی بیٹھی رہی کافی لمحے اسے ایسے ہی ڈھیٹ بنے لیٹا دیکھ کر وہ سرد آہ بھر کر اسکا سر دبانے لگی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وری گڈ!وہ جو اٹھنے کی تیاری میں تھا اس کے ہاتھوں کا لمس پاتے ہی پر سکون ہوتا آنکھیں موند گیا

یہ جانے بغیر کے اسکا یہ سکون کہیں کھونے والا تھا

Posted On Kitab Nagri

رات کے دو بجنے کو تھے نیند سے بوجھل ہوتی آنکھوں سے اسنے اپنی گود میں سر کھڑے لیٹے اس ڈھیٹ انسان کو دیکھا اسے کشما کش میں ڈالے وہ تو شاید پیچھلے دو گھٹنے سے سوچکا تھا

فلحال تو تمہیں کھا جانے کو دل کر رہا ہے! اسکے الفاظ ذہن میں گونجتے ہی شرمیلی سی مسکراہٹ نے ہونٹوں کا احاطہ کیا

.

اپنی ناراضگی کل دیکھا دینا فلحال میرے سر میں درد ہے دباؤ.....اب کے اس کے بالوں میں چلتی انگلیوں میں نرمی آئی تھی کچھ لمحے ایسے ہی نرمی سے اسکے بالوں میں ہاتھ چلانے کے بعد وہ اعتیاط سے اسکا سر تکیے پر رکھے بیڈ کی دوسری جانب آتی اپنے تکیے سیٹ کرنے لگی جب اس کی نظر ایک بار پھر اس پر پڑتے ہی رک گئی تھی

جتنا تنگ وہ اسے کرتا تھا فلحال ایسے سوتے ہوئے وہ اسے کوئی چھوٹا سا بچہ لگا !

Posted On Kitab Nagri

استغفار ولیہ کیوں سوچ رہی ہو تم اس ہٹلر کو....اپنے خیالات پر جھر جھری لیتی وہ جلدی سے ایک کمفرٹر اس پر اور دوسرا خود پر ڈالتی آنکھیں موند گئی

فجر کی نماز کے بعد وہ کل کی طرح اس کے لیے ناشتہ بنانے کی غرض سے کچن میں آئی اس سے ناراضگی اپنی جگہ مگر صرف ایک دن ناشتہ بنا کر اسنے رباب بیگم پر کوئی احسان تھوڑی کیا تھا

اس سے ناراضگی بھلائے ناشتے میں مصروف ہو گئی

اس کی آنکھ کھولی تو روم میں اسے موجود نا دیکھ وہ بالوں میں ہاتھ پھیرے گھڑی پر ڈراتا روم سے باہر آیا جہاں کچن سے آتی آوازوں سے اسے معلوم ہو گیا اس کی بیوی ناشتہ بنانے کا مشکل ترین کام انجام دے رہی ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ آستہ آستہ چل کر کچن میں آیا تو وہ اسے مصروف سی ڈوپٹا گلے میں ڈالے پراٹھے بناتی نظر آئی کے اس کی خوشبو سے وہ اس کی موجودگی محسوس کر گئی

Posted On Kitab Nagri

مجھے لگا کوئی مجھ سے ناراض ہے!وہ اس کے عین پیچھے کھڑا گھمبیر لہجے میں بولا کے اس کی بھاری گھمبیر آواز سے ولیہ نے بے ساختہ آنکھیں میچ کر کھولی

آپ کو کونسا فرق پڑتا ہے کسی کی ناراضگی سے....وہ منہ بسورے ہنوز کام میں مصروف سی بولی

اور اگر میں کہوں کے پڑتا ہے تو؟وہ اسکے بالوں کی بکھری چند لٹوں سے کھیلتا بولا

تو میں یقین نہیں کروں گی!اس سے اپنے بال چھڑواتی گھور کر بولی جس پر وہ ازلی ڈھیاٹی سے پھر سے اسکے بالوں میں نجانے کونسا نقشہ بنانے لگ گیا

تو پھر یقین کر لو!....

کیوں کیا ڈر لگنے لگا ہے میرے یقین نا کرنے دے؟وہ عام سے انداز میں بولی کے اس کی بات پر نائل کے اس کے بالوں سے کھیلتے ہاتھ تھمے

Posted On Kitab Nagri

وہ کہنا چاہتا ہاں ڈرنے لگا ہوں تمہیں کھونے سے مگر الفاظوں نے ساتھ دینے سے انکار کر دیا

ہونہوں نائل کاظمی کسی سے نہیں ڈرتا!شرارت انداز مین کہتا وہ اپنی تھوڑی اس کے کندھے پر رکھ گیا کے اس کی اچانک کی گئی حرکت پر وہ کرنٹ کھا کر مڑی

کیا کر رہے ہیں کوئی آجائے گا!وہ بری طرح سٹپٹائی تھی

تو آنے دو بیوی ہے میری!وہ ازلی ڈھیٹ واقع ہوا

نائل میں گرم گرم چمٹا لگا دوں گی آپ کو!اسے خود پر جھکتا دیکھ کر وہ پسینے سے شرابو ہوتی بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شوہر پر حملہ کرو گی؟رومانی انداز میں دیکھتا وہ اس کی پیشانی پر جھکنے لگا جب کسی کی کنکھار سے وہ دروازے کی جانب متواجہ ہوا جہاں وشمہ ناگواری سے کھڑی انہیں دیکھ رہی تھی کے اسے دیکھتے ہی وہ بدمزہ ہو کر اس سے دور ہوا

Posted On Kitab Nagri

پر ائیویسی نام کی بھی کوئی چیز ہوتی ہے!وشمہ ان پر طنز کرتی پانی کا جگ بھرنے لگی کے اس کے طنز پر ولیہ مزید سرخ ہوئی تھی

جو کہ تم لوگ رہنے نہیں دیتے صبح ہو رات ہو تم ہر وقت سر پر سوار رہنا ہوتا ہے!وہ اپنی بیوی کے اتار چڑھاؤ نظروں میں اتارے بدمزہ ہو کر کہتا باہر نکل گیا کے اس کے جملے پر وشمہ تلملا گئی کے ولیہ محض اپنے اس کی پشت گھور کر رہے گئی

کچھ دیر میں ناشتے کی ٹیبل پر ہمیشہ کی طرح سب موجود تھے جب وہ بھی فریش سا قمیز شلوار پر شال ڈالے ٹیبل پر آتا اس کے ساتھ والی کرسی سنبھال گیا

اس دن کی بدمزگی کے بعد یہ پہلی بار تھا جب وہ دادا سائیں کو سلام کیے بغیر اپنی کرسی پر بیٹھ گیا تھا

تو کیا اب یہاں بڑوں کو سلام کرنے کا ریواج بھی ختم ہو گیا ہے؟اس کی حرکت پر دادا سائیں غضب ناک ہوئے

Posted On Kitab Nagri

اس سے پہلے وہ کوئی جواب دیتا ولیہ نے اسکے ہاتھ پر زور ڈالا جس سے وہ اس کی طرف متواجہ ہوا جو اسے سلام کرنے کا اشارہ کر رہی تھی

اسلام و علیکم !وہ گہری سانس ہوا کے سپرد کرتا بولا کے رباب بیگم نے محبت پاش نظروں سے مسکرا کر ولیہ کو دیکھا

یہ کس طرح کے پراٹھے ہیں؟ فرحانہ محترمہ کی بات سے ولیہ کے اسے پڑاٹھے پکڑاتے ہاتھ تھمے جسے نائل نے بخوبی نوٹ کیا تھا

ولیہ نے بنائے ہیں !وشمہ نے ان کی معلومات میں اضافہ کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ بیٹھے اس طرح کے پڑاٹھے بنا کر شوہر سے کونسے بدلے لینے ہیں تم نے؟ فرحانہ محترمہ طنزیہ مسکراہٹ لیے بولیں

Posted On Kitab Nagri

یہ میرا ناشتہ ہے پھوپھو آپ میری فکر مت کریں کیوں یہ ناشتہ میری بیوی نے محبت سے میرے لیے بنایا ہے اور یقین کریں انکا ذائقہ آپ کے بنائے ہوئے ناشتے سے کافی بہتر ہے آپ اپنے ناشتے پر نظر رکھیے...!ناشتے سے انصاف کرتا وہ سپاٹ انداز میں بولا کے فرحانہ بیگم نے خوم آلود نظروں سے اسے دیکھا

دیکھ رہے ہیں آپ بھائی صاحب کتنی بد تمیزی کرتا ہے یہ مجھ سے...وہ منسوئی آنسوؤں سے ارسلان صاحب کی طرف متواجہ ہوا

معافی مانگو نائل!ارسلان صاحب سنجیدگی سے بولے جبکہ وہ ہنوز کھانے میں اس طرح مصروف رہا عیاں ان کی بات سنی ہی نا ہو اس کی بے نیازی پر ارسلان صاحب سر جھٹک گئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس فضول بحث کو ختم کریں.... ہمیں آپ سب آج ڈیرے پر موجود چاہیے آج میں نائل کو سردار کی کرسی پر بیٹھا کر اس گاؤں کا نئے سربراہ نائل کاظمی سے آس پاس موجود سب گاؤں سرداروں سے تعرف کرواؤں گا.....داداسائیں کہتے اٹھ گئے کے ان کے پیچھے فرحان صاحب اور ارسلان صاحب بھی باہر نکل گئے ولیہ نے ایکسائٹڈ ہو کر اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

میں بھی چلوں گی...وہ پر جوش سی بولی

تم کہیں نہیں جاؤ گی!اسے پر جوش دیکھ کر وہ اسے وارن کرتا بولا جس پر وہ منہ بسور کر رہے گئی

مجھے یونی جانا ہے !

میں نے کہانا کہیں نہیں جانا....کل لے جاؤں گا خود!وہ کافی کا آخری سپ لیتا بولا

روز یہی کہتے ہیں !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کل پکا لے جاؤں کچھ مسائل ہیں جن کی وجہ سے کہ رہا ہوں...اپنا خیال رکھنا!اس کا گال کھینچ کر کہتا وہ آگے بڑھ گیا کے اس کی حرکت پر سب کی موجودگی میں وہ گلابی سی نظریں جھکا گئی

Posted On Kitab Nagri

بھابھی زرا دیکھیے گا آج سورج کہاں سے نکلا ہے جو میری ولیہ شرما رہی ہے!سائمہ بیگم کے کہنے پر وہ مزید شرمندہ ہو گئی کے اس کے چہرے پر اپنے بیٹے کی محبت کے رنگ دیکھ کر رباب بیگم دل ہی دل میں شکر ادا کر گئی

شرمالو جتنا شرمانا ہے بہت جلد تم سے زندگی کا ہر رنگ چھین لوں گی!وشمہ تلخی سے مسکرا کر اسے دیکھتی سوچنے لگی

****

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

سر....!اظہر تیز تیز قدم بڑھائے اس کے پاس آیا

بولو...وہ جو مشروب کا گلاس تھامے ٹی وی پر نیوز دیکھ کر رہا تھا اس کے پکارنے پر اس جانب متواجہ ہوا

سر آج نائل کاظمی کو ارد گرد والے سب گاؤں والوں کے سامنے سربراہی پگڑی پہنائی جائے گی....

اظہر چہرے پر شیطانی مسکراہٹ سجائے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بہت خوب۔۔۔بہت عزتدار بنا پڑھتا ہے سب کے سامنے ناک رگڑنے پر مجبور نا کر دیا تو

کہنا۔۔۔میر شہزاد استہزاہ ہنسی ہنستا بولا

Posted On Kitab Nagri

تو پھر ہم تیاری پکڑیں؟اظہر گہری مسکراہٹ سجائے پوچھنے لگا جس پر شہزاد سر ہلا گیا

ہاں بلکل !

ڈیرے پر گاڑی رکتے ہی اسکا فون بجا سکرین پر ان نون نمبر دیکھ کر وہ بھنویں سیکڑے کال آٹینڈ کر گیا

ہیلو؟

سنا ہے تم آج پگڑی پہنے لگے ہو!اس کی آواز سے نائل کے ماتھے پر شکن پڑی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مدعے پر آؤ!وہ اس کی فضول گوئی پر تلخی سے بولا

ایک آخری بار تمہیں وارن کرنے کے لیے فون کیا ہے میری رقم مجھے دے دو۔۔۔۔نئے نئے سربراہ بنے ہو میں نہیں چاہتا نائل کاظمی اپنے ہی علاقے کے لوگوں کے ہاتھوں زلیل ہو جاؤ!اس کے بات پر نائل کا فلک سگاف قہقہ بلند ہوا

Posted On Kitab Nagri

جو بس میں آئے کر۔۔۔۔نائل کاظمی کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا!وہ پر اعتماد سا کہتا کال کٹ کر گیا

ڈیرے میں قدم رکھتے ہی سب احتراماً کھڑے ہوئے جنہیں وہ ہاتھ کے اشارے سے بیٹھنے کا حکم دے گیا اسکے بعد دادا سائیں نے اس کے پگڑی باندھ کر اسے علاقے کا نیا سربراہ متخب قرار دیا تھا

****

کہاں جا رہی ہو؟اسے چپ چاپ باہر نکلتے دیکھ کر وفا نے پوچھا

افف اللہ میرا دل نکال دیا تم نے!وہ دل ہر ہاتھ رکھے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو چوری چھپے کہاں بھاگ رہی تھیں تم؟وہ اسکے چادر میں منہ چھپائے جاتا دیکھ کر پوچھنے لگی

تمہارے ہٹلر بھائی سے چھپ کر یونی جا رہی ہوں۔۔۔وہ ایکسائٹڈ سی بولی

Posted On Kitab Nagri

وہ تمہارے ہٹلر شوہر ہونگے مگر میرے تو ہنڈسم بھائی ہے اور نائل بھائی نے منع نہیں کیا تھا تمہیں؟ وفا کمر ہر ہاتھ باندھے تشویشی انداز میں پوچھنے لگی

انہیں تو عادت ہے مجھ ہر رعب ڈالنے کی میں بس یوں گئی اور یوں آئی بس ایک کان ہے تم پلززز کسی سے کچھ کہنا مت !

لیکن ولی نائل بھائی آ گئے تو؟

وہ کیسے آئیں گے وہ بزی ہیں۔ تم بھی چل لو۔۔۔اسنے آفر کی تھی

نہیں میں تو امی کی پیکنگ کروا رہی ہوں تم جلدی سے ہو کر آجاؤ !

ٹھیک ہے میں یوں گئی اور یوں آئی۔۔۔!وہ ہاتھ کے اشارے سے کہتی تیز تیز قدموں سے باہر نکل گئی

Posted On Kitab Nagri

یونی میں ایک دو کام کرنے کے بعد حنا سے باتوں میں مصروف تھی جب چاروں طرف سے آتے شور سے وہ گھبرا کر باہر آئی کے سامنے کا منظر دیکھتے ہی اس کے ہوش اڑھ گئے

یہ سب کیا ہو رہا ہے؟وہ آس پاس موجود آگ کو دیکھ کر خوفزدہ ہوئی

گاڑدز کہاں ہے؟ارگرد کا منظر خوف سے آنکھیں پھیلائے بولی جس اسکی نظر کچھ فاصلے پر گرے گاڑدز پر گئی

ولی۔۔۔وہ انہی سب میں گھم تھی جب حنا کی دلفریب آواز سے وہ اس کی جانب دیکھنے لگی جسے اب ایک آدمی اپنے ساتھ گھسیٹ رہا تھا وہ گھبرا کر اس کی طرف بھاگی جب اسے معلوم ہوا تھا کے کسی نے ان کی یونیورسٹی ہر حملہ کروایا تھا ہر طرف ماسک پہنے کچھ لوگ گھسیٹ گھسیٹ کر فی میل ٹیچرز کو باہر کی طرف لے جا رہے تھے جب کے کچھ میل ٹیچرز خون میں لت پھت زمین پر پڑے اور کچھ خاموش تماشائی بنے یہ سب دیکھ رہی تھے

Posted On Kitab Nagri

یہ کیا کر رہے ہیں چھوڑوں اسے۔۔۔وہ حنا کی کلائی اس آدمی کی گرفت سے نکالتی بولی جب کسی نے پیچھے سے بری طرح اس کے سر پر کوئی بھاری چیز ماری اور اگلے ہی لمحے وہ سر ہر ہاتھ رکھے زمین بوس ہوئی

ولی۔۔۔حنا نے اسے پکڑنا چاہ

اسے بھی اٹھالے جاؤ۔۔۔اب دیکھتے ہیں ان سب کے خاندان والوں سے کیسے نٹپتا ہے نائل کاظمی!
ایک شخص کی آواز اس کے کانوں میں پڑی تھی جب اسے نائل کے الفاظ یاد آئے

"کہیں جانا مت کچھ مسائل ہیں جن کی وجہ سے کہ رہا ہوں"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپنا خیال رکھنا!

مجھے اب ڈر لگنے لگا ہے!

Posted On Kitab Nagri

نائل۔۔۔!بے ہوش ہونے سے پہلے یہ واحد لفظ تھا تو اسکی زبان سے ادا ہوا تھا

****

وہ اضطراب کی کیفیت میں گھر میں داخل ہوا

ولیہ !گھر آتے ہی اسے پکارا تھا نجانے کیوں اسکا دل عجیب سی کیفیت میں ڈھرک رہا تھا

نائل بھائی آپ اتنی جلدی؟وفا حیرانی سے بولی

ہاں ولیہ کہاں ہے؟اس سے پوچھ کر وہ اپنے کمرے کی طرف بڑھنے لگا جب راؤف بابا بھاگتے ہوئے اسکے پاس آئے

نائل بابا۔۔۔آج پہلی بار وہ گھر میں یوں داخل ہوئے تھے

Posted On Kitab Nagri

بس خیریت ہے؟

نہیں کچھ خیریت نہیں ہے کالج میں میر شہزاد نے حملہ کروادیا ہے اساتذہ اور بہت سی بچیوں کو اسکے آدمی اپنے ساتھ کے گئے ڈیرے پر لوگ جمع ہیں میر شہزاد کے آدمی کہ کر گئے ہیں یہ سب آپ کی وجہ سے ہوا ہے

آپ نے میر شہزاد کی بات نہیں مانی اور آپ کی غلطی کی سزا وہ آپ کے علاقے والوں کو دے رہا ہے! راؤف بابا پریشانی سے آگاہ کرنے لگے جبکہ ان کی بات پر اس کے تاثرات خطرناک حد تک غضب ناک ہوئے

میں اسے چھوڑوں گا نہیں میری گن کدھر ہے؟وہ غرایا جس پر راؤف بابا نے اسے ایک گن پکڑائی جسے تھامتے ہی وہ تیز تیز قدم بڑھائے وہ باہر کی طرف بڑھنے لگا جب وفا کی آواز سے اس کے قدم تھمے

ولیہ بھی یونیورسٹی گئی تھی۔۔۔وہ بے سدھ سی بولی کے اس کے لفظوں پر نائل کے قدم کے ساتھ ساتھ اس کی دھڑکن بھی تھم گئی

Posted On Kitab Nagri

اگر تو یہ مزاق ہے تو میں بہت برا پیش آؤں گا!وہ بے سد سی کھڑی وفا پر ڈھارا جس کے چہرے کے تاثر کہیں سے بھی مزاحیہ نہیں لگے لیکن وہ چاہتا تھا کاش یہ مزاق ہو اس کی ڈھار پر رباب بیگم کچن سے نکل کر اس طرف آئی

میں مزاق نہیں کر رہی نائل بھائی اسے گئے ہوئے گھٹنے سے زیادہ ہو گیا!...

میں نے منع کیا تھا اسے.....اب کے وہ اتنی زور سے ڈھارا تھا کے رباب بیگم کا دل حلق میں آ گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن ہوا کیا ہے کچھ بتاؤ تو سہی...وہ اس کی پشت کو دیکھتی بولی جو کے اب جا چکا تھا

ایک سو بیس کی اسپیڈ سے گاڑی چلا کر وہ اگلے پانچ منٹ میں یونیورسٹی کے اندر موجود تھا

Posted On Kitab Nagri

اس کے ساتھ ساتھ اس کے ملازم اور کچھ گاڈرز بھی موجود تھے

وہ دیوانہ وار بات ایک ایک کر کے پورا کالج کھنگال چکا تھا مگر وہ کہی نہیں تھی

میری بیوی کہاں ہے....وہ میل ٹیچرز کو ہاتھ ہاتھ رکھے کھڑا دیکھ ڈھارا

وہ.....وہ لوگ لے گئے ہیں!سامنے موجود شخص اس کے تیور دیکھ کر خوفزدہ ہوتا بولا جب اگلے ہی لمحے وہ اس پر اپنی گن تان گیا

کہاں لے کر گئے ہیں..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمم نہیں جانتے ہمارا یقین کریں ہم نہیں جانتے.....اپنی پیشانی پر گن دیکھتے ہی وہ تھر تھر کانپتا بولا

کیا کر رہے ہیں بھائی چھوڑیں اسے.....زارون اور معصب نے بامشکل اسے اس شخص سے پیچھے کیا

Posted On Kitab Nagri

ان کے سامنے ہوتا رہا یہ سب اور یہ لوگ خاموش تماشائی بنے رہے.....غصے سے اس کی رگیں پھٹنے کو تھیں

خود کو سنبھالیں بھائی!

مجھے پانچ منٹ کے اندر اندر میر شہزاد کے سب ڈیروں کا پتا بتاؤ خاص کر اسکا جس کا کسی کو علم نا ہو.....

وہ غرایا

میں میر شہزاد کی ایک دو جگہ جانتا ہوں جہاں وہ اس وقت ہو سکتا ہے...زارون کے کہتے ہی وہ لمبے لمبے سانس لے کر خود کو نارمل رکھنے کی کوشش کرتا اسکے ساتھ باہر گاڑی کی طرف بڑھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کے باہر آتے ہی اسے کالج کے باہر لوگوں کا ہجوم نظر آیا

Posted On Kitab Nagri

یہ سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے نائل کاظمی..ہماری بیویاں بچیاں سب تمہاری دشمنی کی بھیڑ چڑھی ہیں ہمیں ہماری بچیاں اور بیویاں واپس لے کر دو یہ سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے....لوگ اس کے خلاف نعرے بازی کرتے بولے جس پر وہ سختی سے اپنی مٹھیاں بھینچ گیا

آپ سب اکیلے نہیں ہے میری اپنی بیوی ان لوگوں کے قبضے میں ہے آپ میرا یقین کریں میں آپ سب کی بچیوں اور بیویوں کو باحفاظت لے آؤں گا!ان سب کے ساتھ ساتھ خود کو تسلی دیتا وہ تیزی سے گاڑی میں بیٹھتا زن سے بھاگا گیا

مجھے پانچ منٹ کے اندر اندر میر شہزاد کے خاص ملازم اظہر خان کی لوکیشن چاہیے....وہ اسد سے فون پر کہتا کال رکھ گیا کے مرے ضبط سے اس کی آنکھیں سرخ ہوتی جارہی تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ریلیکس بھائی ہم انشاءاللہ جلدی پتا لگالیں گے...!زارون اسکے تاثرات سے خوفزدہ ہوتا بولا

جبھی زارون کا فون چینخا

Posted On Kitab Nagri

ڈیڈ کی کال ہے!زارون سکرین پر نام دیکھتا کال آٹینڈ کر گیا

اسپیکر پر ڈالو....نائل کے سرد لہجے پر وہ ناچاہتے ہوئے بھی فون اسپیکر پر کر گیا

جی انکل....

ہاں بیٹا تم نائل کے ساتھ ہو نا؟ارسلان صاحب پریشان سی آواز گونجی

جی بابا میرے ساتھ ہی ہیں.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اچھا پھر تم میری ایک بات دھیان سے سنو....نائل کو اکیلا مت چھوڑنا وہ جزباتی ہے اس کے ہاتھوں میر شہزاد کو کوئی نقصان"

میں جان سے مار دوں گا اسے.....ان کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی اس کی گرج گاڑی میں گونجی! کے دوسری طرف اس کی بات پر ارسلان صاحب دل تھام کر رہے گئے

Posted On Kitab Nagri

نائل یہ وقت جزباتی دونے کا نہیں ہے!ارسلان صاحب اب اس سے مخاطب تھے

مجھے پتا ہے ڈیڈ میں نے کب کیا کرنا ہے!درشتی سے کہتا وہ معصب سے فون لے کر کال کٹ گیا اگلے پانچ منٹ اسکا اپنا موبائیل بجا اسد کا نمبر دیکھتے ہی وہ بے چینی سے کال آٹینڈ کر گیا

سر اظہر کی لاسٹ لوکیشن ایبٹ آباد کی آرہی ہے.....آپ اس وقت کہاں ہیں میں ٹیم کو لے کر ایبٹ آباد پہنچ رہا ہوں!اسد اسے آگاہ کرتا بولا

اوکے.....!ایک لفظی جواب دے کر وہ گاڑی کی اسپیڈ مزید تیز کر گیا کچھ قرار سا آیا تھا مگر سکون اسے دیکھ کر ہی ملنا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بھائی یہ راستہ تو میر شہزاد کے گھر کا نہیں ہے!زارون پریشان سا اسے اس خطرناک راستے پر اتنی تیز رفتار سے گاڑی چلاتے دیکھ بولا

Posted On Kitab Nagri

تمہیں لگتا ہے وہ یہ سب کر کے اپنے گھر میں موجود ہو گا؟اظہر کے نمبر ٹریس کروانے کی وجہ بھی یہی ہے کہ میر شہزاد اس وقت ہمیں ٹریپ کرنے کی پوری کوشش میں ہو گا تاکہ ہم اس کا نمبر ٹریس کروا کے غلط جگہ پر پہنچے!وہ سرد آواز میں کہتا لمحہ بالمحہ اسپیڈ تیز کر رہا تھا کے اس کی پروفیشنل باتوں سے زارون نے مشکوک نظروں سے معصب کو دیکھا جو نظریں چڑا گیا

آدھے گھٹنے راستہ دس منٹ میں تہ کرتا وہ تیز تیز قدم بڑھائے اٹیب آباد میں موجود میر شہزاد کے خفیہ فام ہاؤس پر پہنچا تھا کے اس کے ساتھ ساتھ پولیس کی گاڑیاں اور اسد کی گاڑی رکی تھی

بھائی یہ پولیس کو کس نے بتایا؟زارون اسکے ساتھ رکتی پولیس کی تین چار گاڑیوں کو دیکھتا بولا جبکہ وہ اس کی سننے بغیر ہی تیزی سے گاڑی سے نکلا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سر رک جائیں پہلے پولیس کو اپنا کام کرنے دیں!اسد نے اسے روکنا چاہ مگر وہ ام سنی کرتا سرمئی آنکھوں میں بلا کی سختی لیے اندر کی طرف بڑھا

****

Posted On Kitab Nagri

سر..... نیچھے نیچھے پولیس آگئی ہے!وہ جو اظہر کے ساتھ بیٹھا سکون سے مشروب کا گلاس لبوں سے لگائے بیٹھا تھا جب اسکے ملازم نے آکر خبر سنائی جس سے وہ ہربراہ کر اٹھا اسے ہرگز اس کے اتنی جلد یہاں پہنچ جانے کی امید نہیں تھی

جلدی کرو سب عورتوں کو یہاں سے دور لے جاؤ....وہ گھبرا کر اظہر سے بولا جس کی پیشانی اب خود پسینے سے شرابو ہو گئی تھی

لیکن سر اتنی جلدی ہم کہاں لے جاسکتے ہیں....

جہاں بھی لے جاؤ مگر بدبختوں جلدی کرو پولیس ہمیں چھوڑے گی نہیں!وہ غرایا کے اس کے کہتے ہی اظہر تیزی سے باہر کی طرف بھاگا

Posted On Kitab Nagri

پیچھے کا دروازہ کھولو جلدی.....میر شہزاد سٹپٹا کر پیچھے کی دروازے کی طرف بڑھا اس کے ملازم نے تیزی سے پیچھے ک دروازہ کھولا جیسے ہی اسنے باہر قدم بڑھائے سامنے اسے کھڑا دیکھ اس کی گٹلی ڈوب کر ابھری

اتنی جلدی کیا ہے شہزاد صاحب؟نائل جو پہلے ہی پیچھے کے دروازے سے داخل ہوا تھا اسے سامنے دیکھتے ہی کسی زخمی شیر کی طرح وہ اس پر جھپٹا یکے بعد دیگر مکوں سے اسے بے سد کر گیا

سر چھوڑ دیں وہ مر جائے گا....اسد اسے پیچھے سے پکڑے بولا

بول کہاں رکھا ہے تو نے سب کو؟وہ ہنوز اپنا بازو چھڑوا کر اسے مارنا شروع ہو گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نائل یہ دروازہ بند ہے مجھے لگتا ہے سب خواتین یہاں ہیں!معصب کی آواز سے وہ اس کی جان بخشا اس کمرے کی جانب گیا جبکہ میر شہزاد اب بے سد ساز مین پر گر چکا تھا اس کے ساتھ ساتھ پولیس نے فارم ہاؤس کو چاروں طرف سے گھیر کر فرار ہونے کے سارے راستے بند کر کے اس کے سارے ملازموں کو اپنی گرفت میں لے لیا تھا

Posted On Kitab Nagri

یہ لاکڈ ہے.....اس دروازے کے پاس پہنچتے ہی معصب نے اسے آگاہ کیا جس پر نائل نے دروازے کے لاک پر تین چار بار لات ماری اور اگلے ہی لمحے ڈھار کی آواز سے دروازہ کھل کر دیوار میں جالگا اور وہ سرخ آنکھیں ماتھے پر بکھرے بال لیے اندر داخل ہوا کے اسے دیکھتے ہی گاؤں گی سب خواتین نے سکھ کا سانس لیا

سب کو باحفاظت اپنے اپنے گھر پہنچاؤ....وہ ہلکی ہلکی روشنی کے باعث سب پر نظر ڈرا رہا تھا مگر جس کی تلاش تھی وہ نظر آنے کا نام نہیں لے رہی تھی

ولیہ.....پورا کمرا کھنگھالنے پر جب وہ اسے نظر نہیں آئی تو اسنے بے چینی سے اسے پکارا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نائل بھائی.....اس کی آواز سے حنا نڈھال سی اسے دیکھتی بولی

ولیہ کہاں ہیں؟وہ اضطراب کی کیفیت میں بولا

Posted On Kitab Nagri

وہ ہمارے ساتھ لائی ضرور گئی تھی مگر کالج کے بعد مجھے وہ کہیں نظر نہیں آئی!حنا کھڑی ہو کر اسے بتانے لگی کے اس کی بات پر نائل کے تیور مزید سخت ہوئے

میر شہزاد.....پوری قوت سے ڈھارتا وہ ایک بار پھر تیز تیز قدموں سے اس کے پیچھے آیا

زلیل انسان میری بیوی کدھر ہے؟وہ اسے پھر سے لہولہان کرتا غرایا

تیری بیوی کا مجھے نہیں معلوم وہ میرے پاس نہیں ہے!میر شہزاد اس پر جوابی وار کرتا بولا کے اس کے وار سے نائل ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہوا اس وقت اس پر صرف چیز سوار تھی اور وہ اپنی بیوی کا دیدار تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپنے کتے سے پوچھ کہاں رکھا ہے اس نے....

میرے آدمی مجھ سے چھپا کر کوئی کام نہیں کرتے!وہ منہ سے نکلتا خون صاف کرتا بولا

Posted On Kitab Nagri

اس کے آدمی کو لاؤ.....اس کے غرانے سے اسد نے فوری اظہر کو اسکے سامنے پیش کیا تھا

میری بیوی کا بتاورنہ ابھی اسی وقت میں یہ ساری گولیاں تیرے بوس کے اندر ڈال دوں گا....نائل میر شہزاد کی کنپٹی پر گن رکھے چلایا کے اس کی حرکت پر میر شہزاد کے ساتھ ساتھ اظہر نے تھوک نگلا

ہمیں سچ میں نہیں پتا...تمہاری بیوی کو ہم نے اٹھایا ضرور تھا مگر آدھے راستے میں ہی کسی نے ہماری گاڑی پر حملہ کر دیا اور وہ اسے اپنے ساتھ کے گئے ہمیں جلد اس شہر سے نکلنا تھا ان کی تعداد بھی ہم سے زیادہ تھی اسئلے ہم ان سے مقابلہ نا کر سکے.....اظہر فر فر اسے بتانے لگا

معلوم ہے نا مجھ سے جھوٹ کا کیا انجام ہو سکتا ہے!اب کے اس کی گن کا رخ اظہر کی طرف ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ممیں سچ کہ رہا ہوں خدا کی قسم میں سچ کہ رہا ہوں تمہاری بیوی ہمارے پاس نہیں ہے!اس کی آنکھوں میں سچائی دیکھتے ہی نائل کاظمی کو صیح معنیوں میں اپنی جان ہوا ہوتی محسوس ہوئی

****

Posted On Kitab Nagri

چہرے پر بری طرح سے پڑھنے والے پانی سے وہ بامشکل اپنی آنکھیں کھول پائی ہیوی ڈوز کے باعث اسکا سر بری طرح چکرا رہا تھا آخری منظر جو اس کی آنکھوں کے سامنے لہرایا تھا وہ یہ کے اس کے ہاتھ پاؤں باندھ کر کوئی انجیکشن دیا تھا

نائل....پہلا لفظ اسکا نام ہی ادا ہوا تھا

ہوش میں آگئی یہ حسینہ بوس کو خبر کر دو...دو آدمی اس کے بلکل سامنے بیٹھے اس پر غیلظ نظریں درائے بولے

ہاں چلو بوس کو خبر کرتے ہیں...وہ دونوں باہر کی طرف بھاگے اور کچھ ہی دیر میں ایک شخص منہ پر ماسک لگائے اندر داخل ہوا

غنودگی میں ولیہ کو اسکا عکس دھندلا دیکھائی دے رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

ولیہ نائل کاظمی....نائل کاظمی کی بیوی اور اس کی عزت.....وہ ایک ایک لفظ چبا چبا کر کہتا اس کے سامنے دوزانوں بیٹھا

ککککون ہو تم؟ وہ بامشکل لفظ ادا کر پائی

بربادی....تمہارے شوہر کی بربادی!نائل کاظمی کی بربادی ہوں میں بہت عزت دار بنتا ہے وہ بہت انا پرست ہے اس کی انا آج میں اس کی عزت برباد کر کے خاک میں ملادوں گا!وہ اس پر غلیظ نظریں ڈالے خباست سے ہنسا

اگر اپنی جان پیاری ہے تو مجھے چھوڑ دو.....ورنہ نائل تمہیں چھوڑیں گے نہیں تم انہیں جانتے نہیں!وہ بے سد سی غرائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاہاہاہا خوبصورت ہونے کے ساتھ ساتھ بہادر بھی ہے اور مجھے بہادر لوگ بہت پسند ہیں!وہ اس کے چہرے پر ہاتھ پھیر تا بولا کے اسکا غلیظ لمس پاتے ہی ولیہ نے چہرہ دوسری جانب کیا

Posted On Kitab Nagri

مجھ سے دور رہو....وہ دونوں پاؤں سے اس پر حملہ کرتی چلائی کے اس کی اس حرکت مقابل کو تیش دلا گئی

. تیری تو.....وہ تیش سے پھنکارتا اسکے بال جکڑ گیا کے اس کی حرکت پر ولیہ کی دلفریب چیخ گونجی

سر یہ کیا کر رہے ہیں آپ.....وہ گاڑی کی بونٹ پر مکے مار مار کر خود کا ہاتھ زخمی کر گیا تھا مسلسل دو گھنٹے سے وہ بے مقصد گاڑی چلا چلا کر تھک گیا تھا ایبٹ آباد سے حویلیاں تک اسنے کونسی جگہ تھی جہاں اسے تلاش نہیں کیا

کچھ پتا لگا؟ وہ بے چینی سے اسد کی طرف پلٹا کے اس کی حالت پر اسد نے حیرت سے اسے دیکھا سرمئی آنکھیں اب سرخ تھیں ماتھے پر بکھرے بال اور ٹوٹی پھوٹی حالت سے وہ اسے کہیں سے بھی نائل کاظمی نہیں لگا تھا

سر جلد پتا لگ جائے گا میم کا نمبر بند جا رہا ہے....اسد خوفزدہ سا بولا

Posted On Kitab Nagri

میر شہزاد کے علاوہ کون ہو سکتا تھا.... سوچ سوچ کر اسکا دماغ پھٹنے کو تھا اسے لگا تھا وہ سب کچھ کھو چکا ہے جب اسد کی آواز سے ایک امید کی کرن دیکھائی دی

سر میم کا نمبر اون ہوا ہے کچھ فاصلے پر ایک جگہ ہے جہاں کی لوکیشن آرہی ہے..... اسد کے کہنے کی دیر تھی کے وہ اس کی بات پوری سنے بغیر ہی گاڑی میں بیٹھتا اسد کو اپنے ساتھ گھسیٹ کر گاڑی بھاگا گیا

مطلوبہ پتے پر پہنچتے ہی اسے ایک بزرگ آدمی موبائیل کو ٹٹولتا نظر آیا

آپ کو یہ موبائیل کہاں سے ملا بابا؟ اسد اس بزرگ کے پاس پہنچتا آدب سے بولا کے وہ بزرگ ان کے پیچھے پولیس کی گاڑیاں دیکھ کر بھکلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیٹا میں نے تو یہ یہی گھاس اٹھایا مجھے تو چلانا بھی نہیں آتا بٹن دبایا تو کھل گیا... وہ فورا سے اپنی صفائی دینے لگا

اسکا مطلب ہے وہ یہی کہیں ہے.... کہتے کہتے اس کی نظر ایک سنسان سی بلڈنگ پر گئی

Posted On Kitab Nagri

اس طرف.....نائل تیز تیز قدم بڑھائے اس بلدنگ کی طرف بڑھا

تجھے تو میں چھوڑوں گا نہیں.....اپنی غلیظ نظریں اس پر گاڑھے اس کی گردن پر جھکا کے اس کے زہر ہلے لمس خود پر محسوس کرتی بے بسی سے ولیہ کی آنکھیں بند ہوتی چلی گئی تھیں

بند ہوتی آنکھوں سے آخری منظر اس درندے کو خود کو نوچتے محسوس کیا تھا

یااللہ.....بے ساختہ اس کی منہ سے نکلا اور اس کے بعد اس کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا

بوس...اس سے پہلے وہ مزید کوئی حماقت کرتا اچانک سے دروازہ بجنے سے وہ بے ساختہ اس سے دور ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بوس پولیس آگئی.....!اپنے آدمیوں کی آواز سے وہ ایک حسرت بھری نظر بے سدھ سی پڑی ولیہ پر ڈالتا باہر کہ طرف بھاگ گیا کے اس کے آدمی کی بات سنتے ہی غنودگی میں بھی ولیہ کے دل میں ایک سکون سا اترا

بچ گئی سالی!غصے سے دیوار پر ہاتھ مارے وہ کسی کے آنے سے پہلے ہی کھڑکی سے باہر چھلانگ لگا گیا کے اسکے پیچھے پیچھے اسکے دو آدمی بھی بھاگے جو کے اس بلڈنگ کے اندر داخل ہوتے نائل کی نظروں سے بچ نا سکے

اسد ان کے پیچھے جاؤ.....وہ چلایا کے اس کی نظروں کا تعقب کر کے اسد نے چند ہلکاروں کو ان آدمیوں کے پیچھے بھیجا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چاروں طرف چھان مارو....پولیس آفیسر نے آڈر دیا

جبکہ وہ سب سے بے نیاز بلڈنگ کی دوسری منزل کی طرف بڑھ رہا تھا جہاں سے اسنے ان آدمیوں کو کودتے دیکھا تھا

Posted On Kitab Nagri

میرے پیچھے کوئی نہیں آئے گا!اسد اور چند ہلکاروں کو اپنے پیچھے آتا دیکھ کر وہ اسے صاف منع کر گیا

بٹ سر....اسد منمنایا

آئی سیڈ میرے پیچھے کوئی نہیں آئے گا.....اس کی ڈھارس سے وہ لوگ اپنے قدم روک گئے

ہر کمرہ دیوانہ وار دیکھنے کے بعد آخری کمرے کے پاس پہنچ کر اسکے قدم خود بخود تھمے

اندر داخل ہوتے ہی سامنے کا منظر اسے ختم کرنے کو کافی تھا وہ بے سدسی زمین پر پڑی تھی بھاری بھاری قدموں سے وہ اس تک آیا تھا

آج پہلی بار وہ خود کو اس قدر بے بس محسوس کر رہا تھا اس کے بال تک چھپانے والی بیوی اس کے سامنے بغیر ڈوپٹے کے بازوؤں سے پھٹی قمیز میں بے سدسی پڑی تھی

Posted On Kitab Nagri

بے ساختہ وہ گھٹنوں کے بیٹھتا اسکے بے سد پڑے وجود کو اپنے حصار میں لیے سمیٹ گیا

ولیہ؟ اسکے چہرے پر ہاتھ پھیرے بہت محبت سے اسے پکارا تھا مگر آج نا تو وہ سرخ ہوئی تھا نا ہی اس سے لڑنے کو تیار تھی وہ تو بس خاموش تھی جو کہ اس کے لیے نا قابل برداشت تھا

"(میں صرف تم سے اتنا کہنا چاہتا ہوں میرے ہوتے ہوئے تم خود کو کبھی بھی ڈرا ہوا یا اکیلا محسوس نہیں کروں گی اور اگر ایسا کبھی ہوا تو سمجھ جانا اس دن نائل کاظمی خود سی ہی ہار جائے گا)" اور آج نائل کاظمی ہار گیا تھا

کب سے کیا ہوا ضبط اب جواب دے گیا تھا دو موتی ٹوٹ کر اس کی داڑھی میں جزب ہو گئے تھے ہاں وہ رو رہا تھا شاید زندگی میں پہلی بار..... آج نائل کاظمی رو رہا تھا وہ بھی اس لڑکی کے لیے جس کے نام سے بھی کبھی اسے چڑھ تھی

سر گاڑی تیار ہے! اسد کی آواز سے وہ سر کو خم دیتا اسے اپنے شال میں لپیٹے اسے بازوؤں میں اٹھا گیا

Posted On Kitab Nagri

کچھ ہی دیر میں وہ حویلیاں میں موجود ایک بڑے سے ہوسپٹل میں موجود تھے

ڈاکٹرز اسے فوراًہی ایمر جنسی واڈ میں لے گئے تھے اسد سارا پولیس ورک کروا گیا تھا جس کے باعث انہیں مشکل پیش نہیں آئی تھی جبکہ وہ پیچھے ٹوٹا ہارا سا بینچ پر بیٹھ گیا

کچھ پتا لگا اُن لوگوں کو؟ وہ نظریں زمین میں گاڑھے اسد سے مخاطب ہوا

نہیں سر وہ لوگ فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔۔۔ مگر بہت جلد ان کا پتا لگ جائے گا!

ہمم مجھے جلد از جلد وہ لوگ چاہیے! اس کی نظریں ہنوز زمین ہر تھی لہجہ ہارا ہوا تھا کے اس کی یہ حالت اسد کے لیے نا قابلِ برداشت تھی

Posted On Kitab Nagri

آپ پریشان مت ہوں سر سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔ مجھ سے آپ کی یہ سائد دیکھی نہیں جا رہی۔۔۔ آپ یقین کریں ایک بار پتا لگ جائے میں خود اسے زمین میں گاڑھ دوں گا! اسد اس کے ساتھ بیٹھتا اس کی کمر تھپتھپا کر بولا جس پر محض سر ہلا گیا

ابھی کچھ دیر ہی گزری تھی جب زارون معصب سبحان اور گھر کے باقی افراد یہاں پہنچے تھے

کہاں ہے میری بچی! سائمہ بیگم اور رباب بیگم ایک ساتھ بولیں

ایمرجنسی میں ہے! وہ ان سے نظریں چرائے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا کہا ہے ڈاکٹر نے؟ فرحان صاحب بے چینی سے پوچھنے لگے

ابھی تک کچھ نہیں معلوم۔۔۔ !

Posted On Kitab Nagri

یہ سب آپ کی فضول کی انا اور جزباتی پن کی وجہ سے ہوا ہے!اب کے بولنے کی باری دادا سائیں کی تھی

یہ سب آپ لوگوں کی وجہ سے ہوا ہے اگر آپ مجھے اس دن ہی میر شہزاد کا کام تمام کرنے دیتے تو یہ سب نا ہوتا۔۔ان اب میں پہلی بار اس نے چہرہ اوپر کیا تھا جب اس کی حالت سے ایک لمحے کو سب سناٹے میں آ گئے اس سے پہلے کوئی کچھ کہتا لیڈی ڈاکٹر باہر آئی

ڈاکٹر ہماری ولیہ ٹھیک تو ہے نا؟

ویل آپ کے پیشنٹ کی حالت کچھ ٹھیک نہیں ہے افیکٹ سیریس ہے انہوں نے اس واقعے کا بہت گہرا صدمہ لیا ہے جس کے باعث انہیں ہوش میں لانا مشکل ہو رہا ہے جب پیشٹ خود ہی سروائیو نہیں کرنا چاہے تو ہم کیا کر سکتے ہیں۔۔۔ان کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی نائل بات اچک گیا

کیا مطلب کیا کر سکتے ہیں؟مجھے میری وائف صیح سلامت چاہیے !

Posted On Kitab Nagri

ہم کوشش کر رہے ہیں باقی آپ دعائیں کریں زندگی موت تو اسی کے ہاتھوں میں ہے۔۔۔ڈاکٹر اسے تسلی دیتی آگے بڑھ گئی جبکہ ان کی بات سے وہ گہرے سناٹے میں چلا گیا

اسنے تو اس رب سے بنا کر ہی نہیں رکھی تو اس کی دعائیں کہاں سے قبول ہونگی؟

سوچوں کا تسلسل دادا سائیں کی کاٹدار آواز نے توڑا

اگر ہماری ولیہ کو کچھ ہوا تو ہم آپ کو کبھی معاف نہیں کریں گے!ان کی بات پر وہ ایک نظر ان ہر ڈالے بغیر کچھ کہے وہاں سے آگے بڑھ گیا اسے پتا تھا اب اسے کہاں جانا تھا کہاں جا کر اپنی ناک رگڑھنی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بابا آپ اس کی حالت تو دیکھیں۔۔۔ارسلان اپنے شیر دل بیٹے کو اس حالت میں دیکھ کر کرب سے بولے

****

Posted On Kitab Nagri

تم سے ایک کام تک سہی سے نہیں ہوا۔۔۔دوسری طرف کی بات سن کر وہ کال پر غرائی تھی

آپ شاید بھول رہی ہیں مسز وشمہ یہ پلان میرا ہی تھا۔۔۔تم مجھ پر یوں غرا نہیں سکتی!دوسری طرف سے اس کی رعبدار آواز سن کر وشمہ نے تھوک نگلا

ہاں مگر بات تو یہی ہوئی تھی نا ایک تیر سے دو شکار ہونگے تمارا بدلہ بھی پورا اور نائل بھی اس سے بدگمان ہو جائے گا !

"بدلہ تو میرا کسی حد تک اب بھی پورا ہو گیا میں نے نائل کاظمی کو برباد کرنا تھا اسے ٹوٹا ہوا دیکھنا سو دیکھ لیا اور جہاں تک مجھے لگتا ہے وہ اب اپنی بیوی کے آس پاس بھی نہیں بھٹکے گا۔۔۔۔"مقابل آنکھوں میں چمک لیے بولا کے اس کی بات سے وشمہ کسی حد تک پر سکون ہوئی

اگر ایسا ہوا تو میری طرف سے ٹریٹ پکی !

Posted On Kitab Nagri

مجھے ٹریٹ نہیں چاہیے مگر تمہارا مدد کا شکریہ اگر تم اسے یونیورسٹی نا بھیجتی تو میرا پلان کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔۔۔اس کی بات پر اسے صبح کا سین یاد آیا

ولی یار تم یونی نہیں جا رہی؟وہ ٹیبل سے ناشتہ سمیٹ رہی تھی جب وشمہ اس کے پاس آئی

نہیں نائل نے منع کیا ہے۔۔۔وہ منہ بسورے بولی

چلو اچھا ٹھیک ہے!وشمہ مسنوئی افسوس سے کہتی آگے بڑھنے لگی ولیہ نے اسے رکا

کوئی کام تھا کیا؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں وہ دراصل میں اتنے دنوں سے یونی نہیں جا رہی تھی پیپرز سر پر ہیں اسلئے مجھے نوٹس چاہیے تھے مجھے لگا تم جا رہی ہو نگی تو تم سے منگوالوں گی بٹ خیر ہے!وہ دوستانہ انداز میں بولی ولیہ کو آج نجانے کتنے عرصے بعد وہ پہلے جیسی لگی تھی

Posted On Kitab Nagri

یاد آیا پیپرز تو میرے بھی ہیں حنا نے کہا تھا آج لاسٹ ڈیٹ ہے فام سامنٹ کروانے کی۔۔۔وہ ذہن پر زور ڈالتی بولی کے اس کی بات پر وشمہ کی آنکھیں چمکی

تو کیا تم جا رہی ہو کالج؟

نہیں نانائل نے منع کیا ہے !

تو کیا تم اپنا یہ سال زایع کر دو گی۔۔۔میں تو کہتی ہوں تم چپ چاپ چلی جاؤ اور جلدی سے اپنا کام مکمل کر کے نائل کے آنے سے پہلے واپس آ جانا۔۔۔

کہ تو تم ٹھیک رہی ہو مگر انہیں پتا لگا تو؟ وہ پریشانی سے بولی کے اس کے کہنے ہر وشمہ نے آس پاس نظر درائی

کون بتائی گا؟ وہ ابرو اچکائے پوچھنے لگی جس ہر ولیہ چہک اٹھی

Posted On Kitab Nagri

پھر میں یوں گئی اور یوں آئی۔۔۔۔

کہاں کھو گئی؟ دوسری طرف سے آتی تیز آواز سے وہ ہوش کی دنیا میں لوٹی

ویل میرے لیے یہ کام مشکل نہیں تھا! وشمہ کندھے اچکائے بولتی اس سے باتوں میں مصروف ہو گئی

رات ہونے کو تھی مگر اسے ہوش نہیں آیا تھا نجانے کتنے عرصے بعد اسنے مسجد میں قدم رکھا تھا وضو کے بعد ٹوٹی پھوٹی نماز ادا کر کے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تھے شاید پہلی بار۔۔۔۔۔

یا اللہ میں جانتا ہوں تو میرے دل کے حال سے واقف ہے میری بیوی تکلیف میں ہے اور میں تجھ سے اس کی زندگی مانگنے آیا ہوں۔۔۔۔۔۔میں نے تجھ سی کبھی کچھ نہیں مانگا یا شائد تو نے مجھے کبھی کسی چیز کی کمی ہونے ہی نہیں دی اس لڑکی کو بھی میری زندگی میں تو نے ہی ڈالا میں تو اسے پسند تک نا کرتا تھا تو نے اسے میری زندگی میں شامل کیا اور اب جب اس کے بغیر میرا سانس لینے تک محال ہو رہا ہے تو اسے مجھ سے دُور مت کر

Posted On Kitab Nagri

میں جانتا ہوں میں تیرے پسندیدہ بندوں میں سے نہیں ہوں اور نا ہی مجھے مانگنے کا طریقہ آتا ہے میں تو ان منافقوں میں سے ہوں جو مشکل پڑنے پر تجھے پکارا تے ہیں اور پھر رخ پھیر لیتے ہیں۔۔۔۔۔ مگر وہ تو تیری نیک بندی ہے اسے زندگی دے دے میں نے سنا ہے تو ارحم الراحمین ہے سب سے زیادہ رحم کرنے والا یا ارحم الراحمین میری مدد فرما

)اور پھر جب کوئی اسے ارحم الراحمین کہ کر پکارتا ہے تو وہ اسے خالی ہاتھ لوٹنے نہیں دیتا(

بھائی ولی کو ہوش آگیا۔۔۔زارون کی آواز پر اسنے بے ساختہ آسمان کی طرف دیکھا وہ کتنا رحیم ہے اسے آج اندازہ ہوا تھا سر خود بخود سجدائے شکر میں گرا تھا

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اس کے آنے سے پہلے سب باری باری اس سے مل لیے تھے وہ مسجد سے ہو سپٹل میں آیا تو رباب بیگم تو رباب بیگم اسے ولیہ کے روم سے نکلتی نظر آئیں اسے دیکھتے ہی وہ اس کی طرف قدم بڑھا گئیں

ولیہ کے ساتھ کیا ہوا ہے نائل؟ وہ اس کی جو حالت اندر دیکھ کر آئی تھیں ان کا دل بری طرح لرز گیا

میں نہیں جانتا موم بس اتنا جانتا ہوں وہ اس کے ساتھ مزید غلط ہونے سے پہلے میں وہاں پہنچ گیا تھا....

Posted On Kitab Nagri

جاؤ جا کر دیکھ لو.....کچھ سکون ملے گا!رباب بیگم اسکا ٹوٹا لہجہ دیکھ کر اسکا بازو تھپتھپا کر بولی جس پر وہ سر ہلاتا اندر داخل ہوا جہاں وہ اسے آنکھیں موندے لیٹی دیکھائی دی

کے اسے دیکھتے ہی کب سے رکی ہوئی دھڑکن اب چلنا شروع ہوئی تھی دھڑکن دل کیا ہوتا ہے یہ نائل کاظمی کو آج پتا لگا تھا وہ بھاری بھاری قدم اٹھائے اس کے قریب آیا

اس کی گردن اور بازوؤں پر نشان دیکھ کر مٹھیاں بھینچی تھیں دل چاہ تھا جس نے اس کا یہ حشر کیا ہے اسے اسی وقت زمین میں گاڑھ دے بے ساختہ وہ اس کی پیشانی پر جھک کر بوسہ دیتا اپنی محبت کی پہلی مہر چھوڑ گیا اس کی پیشانی سے اپنا ماتھا ٹکا کر وہ گہرا سانا بھرنے لگا آنسوؤں کو جیسے بہنے کا راستہ مل گیا تھا وہ بے بس تھا ٹوٹ گیا تھا اس لڑکی کی خاطر جس کے زیادہ بولنے کی عادت سے اسے ہمیشہ غصہ آتا آج اس کی خاموشی اسے توڑ رہی تھی اگر کوئی اس سے پوچھتا کے وہ کب بے بس ہوا تھا تو وہ بتاتا اس لڑکی کی بکھری ہوئی حالت دیکھ کر وہ بے بس ہو گیا تھا

اپنے چہرے پر نمی محسوس کر کے وہ بامشکل اپنی آنکھیں کھول سکی کے اسے ہوش میں آتا دیکھ کر وہ فوری سے اپنا چہرہ صاف کر کے اس کے پاس سے ہٹا

Posted On Kitab Nagri

آستہ آستہ ہوش میں آتے ہوئے اس کی آنکھوں کے سامنے وہ منظر لہرانے لگا

نننہیں دور رہو مجھ سے۔۔۔۔ پلززز مجھے۔ چھوڑوں دو!وہ غنودگی میں بے چینی سے ہاتھ پاؤں مارتی مسلسل سر نفی میں ہلا رہی تھی کے اس کی حالت پر نائل نے جبڑے سختی سے بھینچے اس شخص سے نفرت نے اب شدت پکڑلی تھی غصہ تو اپنی بیوقوف بیوی پر بھی تھا مگر اس کی حالت نے اسے جھنجھور کر رکھ دیا تھا

ولیہ کوئی نہیں ہے میں ہوں۔۔۔وہ اسکے سرہانے بیٹھتا نرمی سے بولا

دور رہو مجھ سے۔۔۔۔۔ کسی کو اپنے قریب محسوس کر کے وہ مزید بے قابو ہوئی تھی

شششششش کوئی نہیں ہے ادھر دیکھو میں ہوں نائل۔۔۔اسے بے قابو ہوتے دیکھ کر وہ اسے خود میں سمیٹ گیا کے اسکے لمس پر وہ کچھ پر سکون سی ہوئی

Posted On Kitab Nagri

میں ہوں!اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرے محبت سے کہا جس پر وہ پر سکون ہوتی پھر سے ہوش سے بیگانہ ہو گئی

ایک بار مجھے پتا لگ جائے یہ سب کس نے کیا اسی سزا دوں گا موت کو ترسے گا!وہ اسے خود میں بھینچے تپش سے بولا

جب اسکا فون چیخا تھا اسد کی کال دیکھ کر وہ کال اٹھائے باہر نکل گیا

سر اس شخص کے بارے میں کچھ پتا نہیں لگ رہا...مجھے لگتا ہے اسکا آپ سے بہت پرانہ ہے آپ ذہن پر زور ڈالیں اور سوچیں یہ کون ہو سکتا ہے؟اسد کے کہنے وہ گہری سوچ میں پڑ گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

اسے ہوش آیا تو وہ اسے سامنے صوفے پر بیٹھا سر صوفے سے لٹکائے نظر آیا وہ اٹھنے کی کوشش کرنے لگی جب نائل نے غیر ارادی توڑ پر سر اٹھا کر اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

اٹھو مت....!اسے سہارا لے کر اٹھتا دیکھ وہ تیزی سے اس کے پاس آتا اس کے پیچھے تکیے سیٹ کرنے لگا کے وہ بس خالی خالی نظروں سے دیکھنے لگی جس کی ٹوٹی ہوئی حالت سے اسے لگا وہ نائل کا ظمی کو کھو چکی ہے

پانی چاہیے؟وہ نرمی سے پوچھنے لگا جس پر ولیہ نفی میں سر ہلا گئ
کیسی ہو؟کچھ دیر کی خاموشی کے اس کی بھاری آواز گونجی

ٹھیک ہوں!وہ محض اتنا ہی کہ سکی تھی

میں نے منع کیا تھا نا باہر نکلنے سے؟خلاف توقع وہ نرمی سے اس کے چہرے پر آئے بالوں کو کان کے پیچھے اڑستا اس پر گہری نظریں ڈالے بولا کے اس کی نرمی پر ولیہ کا دل چاہ زمین پھٹے اور وہ اس میں سماں جائے اسے تو یہ بھی یاد نا تھا اس کے ساتھ کیا کچھ ہو گیا ہے تو کیا وہ اب اس کے قابل نہیں رہی تھی؟

Posted On Kitab Nagri

آئندہ میری باتیں ماننا دیکھا شوہر کی بات سے نا مان کر ہو سپٹل پہنچ گئی ہو....وہ مسکراہٹ سجائے اسے چھیڑنے لگا کے اس کے روایے پر وہ حیرتذدہ سی اسے دیکھ رہی تھی وہ کیوں اتنا نارمل ری ایکٹ کر رہا تھا؟اس کے دماغ میں بہت سی سوچیں گردش کرنے لگیں اس سے پہلے وہ کوئی سوال کرتی رباب بیگم اور سائمہ محترمہ اس روم میں داخل ہوئی کے انہیں دیکھ کر وہ اپنی جگہ سے اٹھ گیا

میری بچی...دو دونوں اس کی طرف بڑھیں انہیں دیکھ کر وہ سائمہ بیگم کے گلے لگتی پھوٹ پھوٹ کر رو دی کے اس کے رونے سے نائل بے چینی سے باہر کا رخ کر گیا

وہ مجھ سے نفرت کریں گے تائی ماں....میرے وجود سے گھن.....وہ روتے ہوئے کہتی ان کا دل بند کر گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں میرا بچہ ایسے نہیں کہتے....رباب بیگم اسے خود سے چمٹاتی بولی

مجھے گھر جانا ہے...آپ بس مجھے گھر لے جائیں !

Posted On Kitab Nagri

اچھا ٹھیک ہے ہم صبح ہی گھر چلیں گے !سائمہ بیگم اسے سمجھانے لگیں

نہیں مجھے ابھی جانا ہے !وہ باضد ہوئی جب وہ اس کی آوازیں سے اندر داخل ہوا

آپ لوگ گھر چلے جائیں.....میں ہوں اس کے پاس !وہ اندر آتا سنجیدگی سے بولا

میں بھی چلوں گی !وہ فوری سے بولی کے نائل نے اسے آنکھیں چھوٹی کر کے دیکھا

ہاں تم بھی چلی جاؤ میں اکیلا رہے لیتا ہوں یہاں !اسکے طنز پر وہ محض نظریں جھکا گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ لوگ جایئے زارون ویٹ کر رہا ہے !...وہ سائمہ بیگم سے مخاطب ہوا

اچھا لیکن یہ سوپ رکھا ہے تم اسے پلا دینا...سائمہ بیگم ولیہ کو پیار کرتی رباب بیگم کے ساتھ باہر نکل گئی کے ان کے جاتے ہی وہ اس کے پاس آیا کے اسے دیکھتے ہی وہ رخ پھیر گئی

Posted On Kitab Nagri

کیوں شور کر رہی تھیں؟وہ اس پر گہری نظریں جمائے پوچھنے

مجھے گھر جانا ہے... آپ مجھے گھر لے جائیں!وہ خوفزدہ سی بولی کے اسکا خوف محسوس کر کے نائل اس کے قریب بیٹھا

کیوں جانا ہے گھر؟صرف آج آج کی تو بات ہے....!اسکا ہاتھ تھامے محبت سے کہا

مجھے گھر جانا ہے اگر وہ یہاں آ گیا تو؟وہ مجھے پھر سے لے جائیے گا مجھے ڈر لگ رہا ہے نائل!وہ خوفزدہ سی اسکے کندھے سے لگتی اسے ششدر کر گئی جب نائل نے اسکے گرد اپنے بازو کا حصار قائم کیا

کچھ نہیں ہو گا میں ہوں نا....اسے اپنے حصار میں لیتا وہ محبت سے اسکے بالوں پر لب رکھے بولا کے اسکی بات پر وہ کچھ پر سکون ہوئی مگر اپنی پوزیشن کا خیال آتے ہی جھٹکے سے اس سے دور ہوتی وہ سرخ سی اپنی نظریں جھکا گئی

مجھ سے بعد میں شرمالینا پہلے سوپ پیو...اس کی حالت کو سمجھتا وہ جان کر اسے تنگ کرتا بولا

Posted On Kitab Nagri

مجھے نہیں پینا !....

پینا تو پڑے گا!وہ شرارت سے اس کے آگے سوپ کرنے لگا جب وہ بری طرح سے چیخی تھی

آپ کیوں اس طرح یہ یوں بیہو وکر رہے ہیں مجھے نہیں چاہیے آپ کی ہمدردی...وہ اس کے روایے سے پریشان ہوتی چلائی جبکہ وہ محض اسے دیکھ کر رہے گیا

تو پھر کیا چاہیے آپ کو؟اس کی لٹوں کو پیچھے کرتا وہ گھمبیر لہجے میں بولا کے اس کے جھکاؤ پر وہ سرخ ہوتی سر جھکا گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شرافت سے کھالو نہیں تو اپنے طریقے سے کھلاؤں گا میں !اس کی ناک دبا کر کہتا وہ اسے گھورنے پر مجبور کر گیا

Posted On Kitab Nagri

جسم میں اٹھتی ٹیسوں اور چہرے پر پڑتی روشنی سے وہ بامشکل اپنی آنکھیں کھول سکی جب وہ اسے سامنے صوفے پر بیٹھا موبائیل سینے پر رکھے چہرے پر بازو رکھے بیٹھا نظر آیا صوفے کے ساتھ ہی اس کی ایش ٹرے پڑی تھی جس کا فل ہونا اس کی اندرونی کیفیت کا پتا دے رہا تھا

اس مغرور شہزادے کو اپنی وجہ سے اس حالت میں دیکھ کر اسے بے ساختہ اس پر پیار آیا وہ احتیاط سے سائد ٹیبل سے پانی کا جگ اٹھانے لگی جب گلاس ٹوٹ کر نیچے گرا بے ساختہ وہ اپنا نیچلا لب دبا گئی

اور بنو انا کی ماری.... آواز لگا دیتی لیٹا ہی ہوا تھا! وہ فوری سے اٹھتا اس پر گہری نظریں مرکوز کیے پوچھنے لگا

مجھے لگا آپ سو رہے ہیں! وہ اس کے ہاتھ سے پانی کا گلاس تھامے بولی

آپ کب سے اتنی مہربان ہونے لگ گئی؟ اسے چھیڑتے ہوئے وہ اسکی ناک دباتا بولا

ہم گھر کب جائیں گے؟

Posted On Kitab Nagri

بس ابھی کچھ فارمیلیٹز ہیں وہ پوری کر دوں پھر چلتے ہیں... اسکا ڈوپٹا اسکے پر ڈالتا وہ باہر نکل گیا

* *

کاظمی ویلا پہنچتے ہی سب بے چینی سے اپنے ساتھ ٹی وی لاؤنج میں لے آئے تھے

یہاں کیوں بیٹھ گئیں؟ روم میں چلو.... وہ گھر میں داخل ہوتا اسے سب کے ساتھ بیٹھا دیکھ کر بولا

نہیں مجھے ابھی تائی ماں اور موم کے ساتھ ٹائم گزارنا ہے.!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں نائل بیٹا اسے ابھی یہی رہنے دو.... تم جا کر رسٹ کرو پوری رات کے جاگے ہوئے ہو.... سائمہ بیگم محبت سے اس کی پیشانی چومتی بولیں جس طرح وہ ان کی بیٹی کے لیے ڈھال بنا رہتا تھا ان کے سارے خدشے ختم ہو گئے تھے

Posted On Kitab Nagri

جی بس میری کافی روم میں بھیج دیں!اس پر ایک بھرپور نگاہ ڈال کر وہ اپنے روم کی طرف بڑھ گیا

کچھ دیر سب کے ساتھ بیٹھنے کے بعد وفا اور وشمہ اسے اس کے پرانے روم میں لے آئے تھے

تم ٹھیک ہو نا؟ وفا محبت سے اسکا ہاتھ تھامے بولی جس پر وہ سر کر خم دے گئی جب سے وہ آئی تھی اس طرح ہی گم سم تھی

شکر ہے ورنہ نائل بھائی کے ساتھ ساتھ میری بھی جان نکل گئی تھی مجھے تو سوچ سوچ کے ڈر لگ رہا تھا نائل بھائی مجھے کیا کہیں گے بٹ تھینک گوڈ انہوں نے مجھے کچھ نہیں کہا!وفا اس کا موڈ اچھا کرنے کو بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وفا چائے تو بنا دو!

ٹھیک ہے میں بناتی ہوں اور ساتھ کچھ سنیکز بھی بناتی ہوں اتنے تم اور وشمہ باتیں کروں...

Posted On Kitab Nagri

نائل تمہاری غیر موجودگی میں واقعی بہت پریشان ہو گئے تھے...وفا کے جانے کے بعد وشمہ اس سے مخاطب ہوئی جس پر وہ محض سر کو خم دے گئی

ظاہر ہے ان کے لیے یہ ناقابل برداشت ہے پھر بھی میں حیران ہوں وہ تم سے کتنی ہمدردی سے پیش آرہے ہیں..

.اس کے لفظ ہمدردی پر وہ مٹھیاں بھینچ گئی تھی

مجھے کسی کی ہمدردی کی ضرورت نہیں ہے!ولیہ لب بھینچے بولی

تمہیں نا ہو لیکن وہ تو ضرور ممانی کی خاطر کریں گے نا....وشمہ بظاہر محبت سے اسکا ہاتھ تھامے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا مطلب؟اس کی بات پر وہ ابرو اچکا گئی

Posted On Kitab Nagri

مطلب یہ کے میں نے خود رباب ممانی کو نائل سے بات کرتے سنا ہے وہ کہ رہی تھیں کے میری خاطر فلحال چپ رہو... اپنی طرف سے وہ تیر چلا چکی تھی مگر وہ نشان پر لگے یا نہیں یہ اسے معلوم نہیں تھا جبکہ دوسری طرف اس کی باتوں پر وہ گہری سوچ میں پڑ گئی

تو اس لیے آپ نے مجھ سے اتنی محبت سے بات کر رہے تھے؟ وہ دل ہی دل میں اس سے سوال کرتی اٹھی

کہاں جا رہی ہو؟ اسے جاتا دیکھ کر وشمہ ہربڑا کر پوچھنے لگی

اپنا سامان لینے مجھے کسی کی ہمدردی کی ضرورت نہیں ہے! سپاٹ انداز میں کہتی وہ اس کے روم کی طرف بڑھ گئی کے پیچھے وشمہ کی آنکھیں خوشی سے چمکی تھیں

* *

بھاؤ.....

Posted On Kitab Nagri

وہ سینکس پلیٹ میں نکالتی مڑی جب اپنے پیچھے زارون کی اچانک آمد پر خوفزدہ ہوتی بری طرح سے پھسلی اس سے پہلے وہ زمین بوس ہوتی زارون اسکا ہاتھ تھام گیا

ارے ارے کیا تم تو بہت ہی کوئی ڈرپوک نکلی.....!وہ جو اسے کچن میں اکیلے کھڑا دیکھ کر ڈرانے کی غرض سے آیا تھا اس کے اس قدر ڈرنے پر ہنستے ہوئے بولا کے اس کی حرکت پر وہ صبر کا گھونٹ پی کر رہے گئی

دل دھلا دیا میرا!وفا دل پر ہاتھ رکھے اسے ایک چٹ رسید کرتی بولی

اوہ تو تمہارا دل دھلتا بھی ہے؟وہ اس کے فقرے پر شرارت سے بولا کے وفا محض اسے گھور کر چائے کپوں میں نکالنے لگی

کام بتاؤ کیا ہے؟

Posted On Kitab Nagri

کیا بنا رہی ہو؟ وہ چپس پلیٹ سے اٹھاتا بولا جب وہ اسکے ہاتھ پر تھپڑ مار گئی

ولی کے لیے لے جا رہی ہوں تم پہلے ہی ختم کر دو !

ولی کے لیے؟ وہ کہاں ہے کیسی ہے؟ اسکا نام سنتے ہی وہ سنجیدا ہو کر پوچھنے لگا کے اس کی پریشانی پر وفا بے ساختہ مسکرائی (کتنی محبت تھی ان رشتوں میں!)

ٹھیک نہیں ہے بس خاموش ہے! وہ نفی میں سر ہلاتی بولی

مجھے بس ایک بار پتا لگ جائے یہ سب کس نے کیا ہے میں اسے چھوڑوں گا نہیں جس نے ہماری چلبل پانڈے کو اس حال میں پہنچایا ہے !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم ٹینشن مت لو وہ جلدی ٹھیک ہو جائے گی نائل بھائی سنبھال لیں گے! وفا اس کی حالت پر اسکا بازو تھپتھپا کر بولی جس پر وہ سر ہلا گیا

Posted On Kitab Nagri

ویسے تم لوگ کب جا رہے ہو؟وہ چپس منہ میں رکھتا اسکا منہ کھلوا گیا

تم کہتے ہو تو ہم آج ہی چلے جاتے ہیں!وہ منہ بسورے بولی

میں کیوں کہوں گا میرے بس میں ہو تو خوبصورت لڑکیوں کو کبھی جدا ہی نا کرو....شرارت سے آنکھ دبا کر کہتا وہ اس کے گال تک سرخ کر گیا تھا

دافع ہو جاؤ!اس کی بات پر وہ سر جھٹک کر باہر کرٹرے اٹھائے باہر نکل گئی کے وہ شرارت سے بالوں میں ہاتھ پھیرے اسے جاتا دیکھنے لگا نجانے کیوں اس لڑکی سے بات کرنا اب اسے اچھا لگنے لگا تھا

وہ روم میں داخل ہوئی تو نائل اسے بیڈ پر آڑا ترچا لیٹا نظر آیا وہ چھوٹے چھوٹے قدم بڑھاتی اس کے قریب آئی جو اس وقت سوتے بھی اضطراب کی کیفیت میں تھا اسکے بیڈ سے لٹکے بازو کو سیدھا کرتی وہ بے اختیار اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگی کے نیند میں بھی اسکا لمس محسوس کر کے وہ پر سکون ہوا جس پر کھل کر مسکرا دی

Posted On Kitab Nagri

اس کا ہٹلر شوہر اس وقت اسے کسی بچے سے کم نا لگا..جب اچانک وشمہ کے الفاظ اس کے ذہن میں گونجے

میں حیران ہوں وہ تم سے کتنی ہمدردی سے پیش آرہے ہیں....اس کے بالوں سے اپنا ہاتھ اٹھاتی وہ ایک افسوس بھری نظر اس پر ڈالے اپنا کچھ ضروری سامان لے کر واپس سے اپنے روم میں آگئی جہاں اب وفا چائے اور کچھ سینکس لیے اس کے انتظار میں تھی

اس کی آنکھ کھولی تو گھڑی شام کے چھ بجا رہی تھی بالوں میں ہاتھ پھیر کر وہ فریش ہونے کے لیے واشروم میں گھس گیا

کچھ دیر میں فارمل ٹی شرٹ اور ٹراوزر میں فریش سا شیشے کے سامنے آتا بال سیٹ کرنے لگا جب ماضی کا منظر اسکے سامنے لہرایا

این کے....میں تجھے چھوڑوں گا نہیں!اس کے الفاظ کانون میں گونجتے ہی وہ ایک جھٹکے سے ہوش میں آیا تھا

Posted On Kitab Nagri

ایس کے.....اگر اس میں تو شامل ہوا تو اس بار میں تیری نسلیں تک تباہ کر دوں گا! تیش سے کہتا وہ اسد کو کال ملا گیا

مجھے آج رات ہی "ایس کے" کی ساری ڈیٹیلز چاہیں! ڈائریکٹ مدعے پر آتا وہ دوسری طرف اسد کے ہاتھ پاؤں پھلا چکا تھا کچھ گھٹنوں میں وہ کیسے ایس کے کی ساری انفارمیشن نکال سکتا تھا

بٹ سر رات تک تو مشکل....

مجھے جلد از جلد اپنی بیوی کے مجرم اپنے سامنے چاہیے! وہ سپاٹ انداز میں سڑھیوں سے اترتا سگریٹ لبوں سے لگائے غرایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوکے سر....رات تک ہو جائے گا! دوسری طرف اسد اس کی حالت سمجھ کر بولا

Posted On Kitab Nagri

"گڈ" وہ آس پاس نظر ڈرائے بولا نظریں دشمن جان کی تلاش میں تھیں جسے گھر آنے کے بعد وہ دیکھ ہی نہیں سکا تھا جب معصب نے اسکا راستہ روکا

کس کی تلاش ہے جناب؟ پاکستان آنے کے بعد معصب سے اسکا سامنا کم ہی ہوا تھا یہی وجہ تھی کے آج اس کے یوں روکنے سے وہ حیران ہوا

کسی کی نہیں گھر نہیں گئے؟ وہ اسے اب تک یہاں موجود دیکھ کر تشویشی انداز میں بولا

نہیں میں نے سنا ہے بھابھی سے ملنے ان کی دوست بھی آئے گی! وہ بنا لگی لپٹی کے بے شرمی کے سارے لیول کراس کرتا بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور میری بیوی کی دوست سے تمہارا کیا لینا دینا؟ نائل اسے مشکوک انداز میں دیکھتا پوچھنے لگا

اگر تم جیسے کھڑوس کو کسی سے محبت ہو سکتی ہے تو پھر مجھ ناچیز کو بھی ہو ہی سکتی ہے! وہ اس کی گردن میں بازو ڈالے بولا جس پر نائل نے ابرو اچکائی

Posted On Kitab Nagri

اور مجھے کس سے محبت ہو گئی؟ وہ انجان بنا

جیسے تجھے تو پتا ہی نہیں؟ یہ مسکراہٹ.... یہ کسی کو دیکھنے کی خواہش.... اس کے ذکر پر آنکھوں میں چمک یہ سب میرے بھائی محبت کی نشانی ہے جو کہ تجھے بھابھی سے ہو گئی ہے بلکہ عشق کہوں تو زیادہ بہتر ہے! اس کے انداز پر وہ جھر جھرلی لے گیا

ہو گیا؟ یا کچھ بکواس باقی ہے؟ اتنے دنوں سے اپنے دل میں چلتی جنگی کیفیت کو کسی اور سے منہ سے سنتا چاہ کر بھی اقرار نہیں کر پایا تھا

محبت؟ اس جزبے سے تو وہ بلکل ہی ناواقف تھا اسے بھلا محبت کیسے ہو سکتی تھی؟

نامان مگر میں اچھے سے جانتا ہوں میرا یار بہت برا پھنس چکا ہے..... معصب اسے چڑاتا باہر کی طرف بھاگا تھا کے وہ اس کی پشت گھور کر پھر سے اسے دھونڈنے لگا غیر ارادی توڑ کچن سے ہوتی کٹ پٹ سے

Posted On Kitab Nagri

وہ اس طرف آیا جب وہ اسے کچن میں کام میں مصروف سی نظر آئی کے اسے کچن میں دیکھتے ہی اس کی پیشانی پر بل نمودار ہوئے لمبے لمبے ڈھگ بھرتا وہ اسے ایک جھٹکے سے خود کے قریب کر گیا

یہاں کیا کر رہی ہو؟ وہ جو فریج سے کوئی چیز نکالنے کے لیے بڑھی تھی اسکے اچانک کھینچنے پر وہ بری طرح سپٹپٹاتی اس سے دو قدم پیچھے ہوئی

دور رہے کر بھی بات ہو سکتی ہے! اسکے تاثرات دیکھے بغیر وہ دھڑکتے دل پر قابو کرتی بولی

مجھ سے تو ایسے ہی ہوتی ہے! گھمبیر لہجے میں کہتا وہ اسے پھر سے قریب کرنے لگا جب وہ اس کے ارادے بھانتی اس کے آگے ڈنگیا کرتی فاصلہ قائم کر گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھ سے دور رہے کر ہی کریئے گا! اس کا انداز خاصا تلخ تھا جس پر نائل نے انرو سیکڑ کر اسے دیکھا

یہ تمہیں اچانک کونسے کیڑے نے کاٹا ہے؟

Posted On Kitab Nagri

آپ نے! جلد بازی میں نکلے گئے الفاظ پر اس کی مسکراہٹ گہری ہوتے دیکھ کر وہ بے ساختہ لب کاٹ گئی

یہ تو سراسر الزام ہے بیگم! ذو معانی انداز میں کہتا وہ اس پر گہری نظر یم مرکوز کیے بولا کے اس کی نظروں سے وہ کنفیوز ہوتی اپنا رخ پھیر گئی

یہ چائے ملازمہ بھی تو بنا سکتی تھی ناں! وہ اسے چائے بناتا دیکھ اسے ہٹائے خود سے چائے بنانا لگا تھا کے اپنی ان حرکتوں پر وہ اسے شوک پر شوک دے رہا تھا

مجھے آپ کی ہیلپ کی ضرورت نہیں ہے ہٹیں! اس سے پہلے وہ کوئی جواب دیتا وشمہ کچن میں آتی اسے چائے بناتا دیکھ کر ٹھٹکی

.

ولی یار تم کیوں بنانے لگ گئیں مجھے کہ دیتی میں بنا دیتی تمہیں چائے.... خود پر ضبط کر کے وہ جبرا مسکرا کر بولی

Posted On Kitab Nagri

نہیں ان میڈم کو ایک دم سے ہی کام کرنے کا بھوت سوار ہو گیا ہے....!نائل اسے دیکھتا وشمہ سے مخاطب ہوا

مجھے سمجھ نہیں آرہی آپ لوگ مجھے سمجھ کیا رہے ہیں؟کیوں مجھے غیروں کی طرح ٹریٹ کر رہے ہیں نہیں چاہیے مجھے آپ لوگوں کی ہمدردی....اونچی آواز میں کہتی وہ تیزی سے کچن سے نکل گئی کے اس کا یہ روپ اندر ہی اندر نائل کاظمی کو کھا رہا تھا

پاگل ہے یہ لڑکی میں دیکھتا ہوں...وہ اس کی حالت سمجھتا اس کے پیچھے بڑھا جب وشمہ نے اسکا ہاتھ تھام کر اسے روکا

اسے اسپیس دیں....اسے اس وقت اسپیس کی ضرورت ہے کچھ دنوں میں نارمل ہو جائے گی!وہ اسکا ہاتھ تھامے تسلی بخش لہجے میں بولی

آئی نو ہاؤ ٹو ٹریٹ ہر...!اپنا ہاتھ چھڑوا کر سرد لہجے میں کہتا وشمہ اسکے اندر اٹھنے والی ساری امیدیں پر پانی پھیر گیا کے یکدم اسکا فون پھر سے بجا تھا

Posted On Kitab Nagri

ہیلو؟ٹھیک ہے میں آتا ہوں!دوسری طرف کی بات سن کر اسے بعد میں دیکھنے کا سوچ کر وہ رخ باہر کی جانب کر گیا

****

رات کا ایک بج رہا تھا جہاں کاظمی ویلاز کے تقریباسب افراد وچکے تھے وہی وہ جائے نماز پر بیٹھی اپنے رب سے محو گفتگو تھی آج نجانے کتنے شکوے اس کی آنکھوں میں تھے مگر زبان ہلنے سے انکاری تھی وہ شکواہ کرتی بھی کس سے؟اس رب سے جس نے اسے ہمیشہ نعمتیں ہی دی تھیں پھر محض ایک آزمائش پر وہ اس سے کیسے شکواہ کر لیتی؟کھانسنے کی آواز پ نظر سامنے بیڈ پر لیٹی اپنے ماں پر گئی تھی جنہیں وہ آج اپنے ساتھ ہی روک گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ گھر میں داخل ہوا تو بے اختیار نظر اپنے ہاتھ میں پہنی گھڑی پر ڈالی جو اس وقت رات کے دو بجا رہی تھی اپنی پیشانی مسل کر وہ لیٹ آنے پر اس کا در عمل سوچتا اپنے روم کی طرف بڑھنے لگا جب ٹی وی لاؤنج میں صوفے سے ٹیک لگائے کر بیٹھیں رباب بیگم کو دیکھ کر وہ قدم ان کی جانب بڑھا گیا

Posted On Kitab Nagri

کیا مسٹر ارسلان سے جھگڑا ہو گیا ہے؟ وہ چہرے پر مسکراہٹ سجائے بولا کے اس کی آواز سے وہ اسے گھور کر دیکھنے لگیں

یہ وقت ہے آنے کا؟ ملک کے حالات دیکھیں ہیں؟

جی بس کچھ کام تھا موم!

بیٹھو میں کھانا لگا دیتی ہوں.....اب کے وہ نرمی سے بولیں جس پر وہ نفی میں سر ہلا گیا

میں کھا کر آیا ہوں موم.... خیریت ہے آپ سوئیں نہیں ابھی تک؟

تمہارے انتظار میں جاگ رہی تھی....کچھ بات کرنی تھیں!

جی کہیے !

Posted On Kitab Nagri

ولیہ آج تمہارے روم کی بجائے سائمہ کے ساتھ اپنے روم میں سو رہی ہے.... دیکھو بیٹا میں جانتی ہوں تمہیں یہ بات بری لگے گی مگر اس وقت اس کی کنڈیشن ایسی ہے اسے کچھ وقت کی ضرورت ہے!وہ جانتی تھیں نائل کو یہ بات ناگوار گزرے گی مگر تحمل سے بولیں کے ان کی بات پر وہ لب بھینچ گیا

ٹھیک ہے موم جیسے اس کی مرضی!سپاٹ انداز میں کہتا وہ اپنے روم میں آ گیا

تو اب تم مجھ سے چھپا کرو گی؟ڈھائی بج چکے تھے اور وہ ایسے ہی بے چین سا کروٹیں بدل رہا تھا اس کے بغیر یہ کمرا بھی بے رونق سا تھا مزید دس منٹ اس طرح رہنے کے بعد وہ اضطراب کی کیفیت میں اٹھا

وہ ہنوز اپنے رب سے باتوں میں مشغول تھی جب اسے اپنے پیچھے کسی سی آہٹ کا احساس ہوا پلٹ کر دیکھنے پر وہ کسی جن کی طرح اس کے عین پیچھے کھڑا تھا اس سے پہلے وہ چیختی نائل نے اس کے لبوں پر ہاتھ رکھ کر اس کی چیخ کا گلہ گھونٹا تھا

Posted On Kitab Nagri

روم میں کیوں نہیں آرہی؟اسکی پھٹی پھٹی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے وہ سرد لہجے میں بولا کے خواب ناک ماحول میں اس کی بھاری آواز سے اسکا دل ڈوب کر ابھرا

ہاتھ ہٹانے لگا ہس چیخنا مت!سرگوشی نما انداز میں کہتا وہ اس کے لبوں سے اپنا ہاتھ ہٹا گیا

کیوں آئے ہیں آپ یہاں؟اس کے ہاتھ ہٹاتے ہی وہ بے بسی سے اسے گھور کر بولی

تمہارے بغیر دل نہیں لگ رہا تھا میرا سو آگیا!وہ اسکی گود میں سر رکھتا ڈھٹائی سے بولا کے اس کی حرکت پر وہ اپنی بے ترتیب ہوتی دھڑکنوں پر بامشکل قابو کر سکی

اٹھیں یہاں سے!پوری قوت سے اسے ہٹانا چاہ تھا مگر وہ ازلی ڈھیٹائی کا ثبوت دیتا ٹس سے مس نا ہوا کے اس کی حرکت پر وہ بے بس سی ہوتی دو تین مکے اس کے سینے پر مار گئی کے اگلے ہی لمحے کو اس کا ہاتھ اپنہ گرفت میں لیتا لبوں سے لگا گیا جبکہ اس کی حرکت پر اس کے چودہ طبق روشن ہو گئے تھے

Posted On Kitab Nagri

شرافت سے سر میں ہاتھ پھیرو ورنہ اس سے بھی زیادہ بے شرم ثابت ہو سکتا ہوں میں!وہ آنکھیں موندے بولا اس کے کہنے پر وہ غصے سے اسے گھورتی اس کے بال مٹھی میں جکڑ گئی جبکہ اس کی حرکت پر نائل نے بامشکل اپنی مسکراہٹ ضبط کی تھی

کچھ ہی دیر میں سائمہ بیگم کے کھانسنے کی آواز آئی جس سے وہ خوفزدہ سی نائل کا بازو جھنجھوڑ گئی

نائل پلززز جائیں یہاں سے موم اٹھ جائیں گی!وہ اس کے بال پھر سے جکڑے بولی کے اس بار نائل نے نیند کا خمار لیے سرخ ہوتی آنکھوں سے اسے دیکھا اس کے چہرے پر الجھن دیکھ کر وہ بنا کچھ کہے کمرے سے نکل گیا کے اس کے جاتے ہی وہ کب سے کیا ہوا ضبط اب کھو چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کیوں ہیں ایسے....میرا امتحان مت لیں نائل آپ کی یہ ہمدردی مجھے بہت سے ناپورے ہونے والے خواب دیکھا رہی ہے.....وہ وہی جائے نماز پر سر رکھتی لیٹ گئی کچھ ہی دیر میں نیند اسے اپنی لپیٹ میں لے گئی تھی

Posted On Kitab Nagri

ناشتے کی ٹیبل پر ہمیشہ کی طرح سب موجود تھے سوائے اس کے

ولیہ نائل کو نہیں اٹھایا بیٹا؟رباب بیگم اسے موجود نا دیکھ کر ولیہ سے مخاطب ہوئی جب وہ فارمل سی بلیک ٹراؤزر اور شرٹ میں فریش سا سامنے سے آتا سب کو سلام کرتا اسکے ساتھ والی کرسی کھینچ گیا مگر آج ناتو اسے دیکھنا تک گوارا کیا تھا

تو بس ایک دن تک کی ہی ہمدردی تھی آپ کی نائل کا ظمی؟خود کے نظر انداز ہونے پر وہ دل ہی دل میں کڑتی بولی

.

اب جب اسے اپنی غلطی کا احساس نہیں ہو گا میں بھی اس سے بات نہیں کروں گا!وہ دونوں ایک دوسرے سے دل ہی دل میں مخاطب تھے جب رباب بیگم کی آواز سے اس جانب متواجہ ہوئے

ولی بیٹا نیند ٹھیک سے آئی؟

جی تائی ماں آگئی تھی!وہ جبرا مسکرا کو بولی

Posted On Kitab Nagri

تو آج بھی آپ نے سائمہ کے ساتھ سونا ہے؟

نہیں میں آج اپنے روم میں سوؤں گی تا کہ نائل کو میرے اٹھنے سے پہلے بھاگنا. نا پڑے!اس کے بولنے سے پہلے ہی سائمہ بیگم بول پڑی تھیں کے ان کی بات پر جہاں نائل نے چونک کر سائمہ بیگم جو دیکھا وی ولیہ کے حلق میں نوالہ اٹک گیا تھا جس پر اگلے ہی لمحے وہ اسے دیکھے بغیر پانی کا گلاس اس کے آگے رکھ گیا کے اس کے انجان بن کر بھی خود پر نظر رکھنے سے ولیہ عش عش کر اٹھی تھی

داداسائیں آپ آج ڈیرے پر آجایئے گا کچھ معاملات ڈسکس کرنے ہیں!داداسائیں سے کہتا وہ کرسی کھسکا کر باہر نکل گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کے ولیہ محض اس کی پشت دیکھ کر رہے گئ

ڈیرے میں آتے ہی سب احتراما کھڑے ہوئے جنہیں وہ ہاتھ کے اشارے سے بیٹھنے کا بولتا اپنی کرسی سنبھال گیا

Posted On Kitab Nagri

نائل بابا ہم سب آپ سے شرمندہ ہیں!کچھ دیر ہی خاموشی کے بعد ایک آدمی گردن جھکا کر بولا

کس چیز کے لیے؟

ہم نے میر شہزاد کی باتوں میں آکر آپ کو برا بھلا کہا اور آپ جان پر کھیل کر ہماری بیویوں کو صیح سلامت واپس لے آئے!

میر افرض تھا!وہ محض اتنا ہی کہ سکا تھا جبکہ دیڑے میں داخل ہوتے دادا سائیں نے فخر سے اسے دیکھا تھا ان کا فیصلہ درست ثابت ہوا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

دن جیسے منٹوں میں گزر رہے تھے اس رات کے بعد سے وہ ہفتہ ہونے کو تھا اسے دیکھائی نہیں دیا تھا صبح وہ ناشتے کیے بغیر ہی چلا جاتا جبکہ رات میں نجانے کونسے پہر آتا تھا

Posted On Kitab Nagri

آج بھی وہ صبح جلدی چلا گیا تھا

ولیہ بیٹے؟رباب بیگم اسے کچن میں مصروف سا دیکھتی اس کے پاس آئی اس دوران وہ انہیں صرف کچن میں ہی کام کرتی نظر آتی تھی جیسے جیسے دن گزر رہے تھے وہ اس معاملے کو لے کر مزید احساس ہو گئی تھی وجہ فرحانہ محترمہ کا اس پر جابجا طنز کرنا تھا

جی تائی ماں !

بیٹا آج ہفتے ہونے والا ہے میرے خیال سے تمہیں اب نائل اور اپنے روم میں واپس چلے جانا چاہیے...!رباب بیگم محبت سے بولیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انہوں کونسا فرق پڑتا ہے!وہ دل ہی دل میں جھر جھرلی لے گئی

سن رہی ہو نا بچے؟رباب بیگم نے ایک بار پھر اسے مخاطب کیا جس پر وہ سر اثبات میں ہلا گئی

Posted On Kitab Nagri

"جی جی تائی ماں ٹھیک ہے "

میری بچی!رباب بیگم اسکی پیشانی چوم کر اسکے ساتھ کاموں میں مصروف ہو گئے کچھ دیر بعد وہ دونوں چائے کے کپ اور سنیکس لے کر ٹی وی لاونج میں آتے کوئی پروگرام لگا کر بیٹھ گئے

وہ حویلی میں داخل ہوا تو اسے رباب بیگم کے ساتھ بیٹھا دیکھ کر قدم خود بخود اس جانب بڑھے

اسلام و علیکم !وہ اس کے سامنے صوفے پر نیم دراز ہوتا رباب بیگم سے بولا کے اتنے دنوں بعد اس کی آواز سے وہ دل تھام کر رہے گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ لاؤں بیٹا؟رباب بیگم اس سے پوچھنے لگیں

جی بس کافی بنادیں !

Posted On Kitab Nagri

میں بنا دیتی ہوں....رباب بیگم کو اٹھتا دیکھ کر وہ فوری سے یہاں سے غائب ہونے کو بولی

ارے نہیں بیٹا تم بیٹھو میں بنا دیتی ہوں ویسے بھی پورے دن سے کچن میں ہو!رباب بیگم محبت سے کہتی خود کچن کی طرف بڑھ گئیں کے ان کے جاتے ہی نائل کی نظروں گارخ اس کی جانب ہوا وہ اس پر گہری نظریں جمائے اسے سر تا پاؤں دیکھنے لگا کے اس کی نظروں تپش خود پر محسوس کر کے وہ پزل ہوتی نظریں سکرین کی جانب کر گئی

بے اختیار نظر گھڑی پر گئی جو کہ ابھی صرف ساتھ بجا رہی تھی

آج جلدی فری ہو گیا تھا اسئلے آ گیا.....اس کی سوچ پڑھ کر وہ خود دے جواب دینے لگا کے ولیہ کا دل دھک سے رہے گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے کچھ پوچھا؟وہ بظاہر اسے نظر انداز کرتی بولی

میں نے سوچا بتا دوں!وہ لاپراوئی سے کہتا سر صوفے کی ٹیک سے لگا گیا

Posted On Kitab Nagri

یونی کب جانا ہے تم نے ؟وہ اسے آنکھیں موندے دیکھ پر سکون ہوئی کے اس کی اگلی بات پر اس کے ہاتھ میں موجود کپ لڑکھڑایا اس سے پہلے کپ اس کے ہاتھ سے چھوٹتا زمین بوس ہوتا سبحان نے تیزی سے اس کا کانپتا ہاتھ تھاما جبھی نائل نے آنکھیں کھولی اور سامنے کے منظر پر اس کے ڈھیلے عصاب تنے سبحان اسکے ہاتھ پر گرفت مضبوط کیے ہوئے تھا

دھیان سے ابھی گر جاتی ساری چائے !وہ مسکرا کر بولا کے اس کے لمس سے وہ خوذدہ سی اپنا ہاتھ پیچھے کر گئی

وہ اپنا خیال خود رکھ سکتی ہے !نائل لفظوں پر زور دیے سختی سے جبڑے بھینچے بولا کے اس کے تاثرات پر جہاں ولیہ نے اسے گھورا وہی سبحان نے افسوس سے دیکھا

اسکے ہاتھ پر لگ جاتی... سبحان اسے افسوس سے دیکھتا بولا کے دوسرے ہی لمحے نائل تیزی سے اس کے پاس بیٹھتا ولیہ کا ہاتھ اپنی گرفت میں لے گیا کے اس کے پوزیسیو انداز پر ولیہ محض اپنا سر پھوٹ کر ہی رہے جاتی تھی

Posted On Kitab Nagri

تو میں دیکھ لیتا....!وہ سپاٹ انداز میں بولا اس سے پہلے ان دونوں کی بحث بڑھتی ولیہ اپنا چائے کا کپ لیے وہاں سے اٹھ گئی

ریلیکس برو میری بہنوں جیسی ہے وہ....!سبحان اسے جاتا دیکھ کر سبحان خفگی سے بولا کے اس کی بات پر نائل کو اپنی غلطی کا احساس ہوا

میرا مطلب وہ نہیں تھا!وہ کب بھینجے کہنے لگا جس پر سبحان اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ گیا

ہوتا ہے اسے کوئی اور دیکھے تو جلتا ہے دل...ٹائپ!وہ شریر لہجے میں بولا کے نائل مسکراتے ہوئے اسکے پیٹ میں مکا مار گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

موم میری کافی روم میں بھیج دیجیے گا!فریش ہونے کے ارادے سے وہ اپنے روم میں چلا گیا کے اس کے جاتے ہی سبحان پر سوچ انداز میں باہر کی طرف بڑھا جب سامنے سے آتے لڑکی بری طرح سے اس سے ٹکرائی تھی

Posted On Kitab Nagri

اوہ آئی ایم سوری پلززززز....!حنا جو ولیہ سے ملنے یہاں آئی تھی اچانک ہونے والی ٹکر سے اپنا چکراتا ہوا سر تھامے بولی کے سبحان نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا اور پھر واپس پلٹانا بھول گیا

آپ؟وہ آنکھیں چھوٹی کیے اسے پوچھنے لگا

میں ولیہ کی دوست ہوں حنا وہ کہاں ہے!وہ اپنا بیگ اٹھاتی اسے دیکھنے لگی

وہ تو اندر ہے!سبحان اسے بتانے لگا جس پر وہ سر ہلاتی اندر کی طرف بڑھی کے کسی خیال کے تحت واپس پلٹی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویسے ایک بات پوچھوں؟

جی پوچھیے !

Posted On Kitab Nagri

یہ آپ لوگوں کو اللہ نے کس ڈو سے بنایا ہے سب ایک سے بڑھ کر ایک خوبصورت مخلوق یہاں موجود ہے....!خاصا ٹھر کی انداز میں کہتی وہ اپنے بال پیچھے کیے اسے ششدر چھوڑتی آگے بڑھ گئی

کیا چیز تھی یہ؟وہ خود سے سوال کرتا سر جھٹکے باہر نکل گیا

کیا کر رہی ہو؟اس کے اچانک نازل ہونے پر وہ دل تھام کر رہے گئی

کبھی انسانوں والا ثبوت دے سکتے ہو تم؟وفا جو لزامات سے بھری ٹرے ڈرائنگ روم میں لے جا رہی تھی اس کی اچانک آواز پر وہ گھور کر بولی

سنا ہے اندر کوئی پیاری بچی آئی ہے!زارون شرارت سے ڈرائنگ روم کی طرف جھانکتا بولا

ہاں بس کوئی پیاری لڑکی دیکھی نہیں تم لڑکے شروع ہو جاتے ہو پہلے بھائی اور اب تم!وہ خاصی بدمزہ ہوئی

Posted On Kitab Nagri

ہاں نہ زرا اڑائے تو کرو اگر نمبر و مبر مل جائے دو جگہوں سے ایک جگہ تو نشانہ لگے گا !

کیوں پہلا تیر کہاں چلایا؟ وہ تشویشی انداز میں پوچھنے لگی جب زارون نے آنکھوں میں دھیروں شرارت لیے اسے دیکھا

تم پر... آنکھ دبا کر کہتا وہ بھاگ گیا کے اس کی بات کا مطلب سمجھتے ہی وفا شرمندگی سے سرخ ہو گئی

ایڈیٹ...

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حنا کے آنے سے اسکا موڈ خاصا بحال ہو گیا تھا اسے سی اوف کرنے کے بعد وہ ٹی وی لاونج کے میں آئی جہاں فرحانہ محترمہ اور گھر کی باقی خواتین بیٹھی کچھ باتیں کر رہی تھیں

ولیہ میں نے سنا ہے آپ تم اپنے روم میں سوؤں گی؟ وشمہ بلند آواز میں اس سے پوچھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

ہاں!

ویسے بھابھی جان نائل کی ہمت ہے ورنہ ایسے کیسز میں اکثر طلاقیں بھی ہو جاتی ہیں دیکھو نا اسنے منع بھی کیا اس کے باوجود یہ محترمہ یونیورسٹی چلی گئیں اور پھر.....

فرحانہ سوچ سمجھ کر بات کرو!سائمہ بیگم نے انہیں ٹوکا جس پر وہ سیخ پاؤ ہو گئی

میں سوچ سمجھ کر بات کروں؟مجھے تو چپ کروالیں گی آپ لیکن دنیا والوں کا کیا کریں گے میری باکردار بیٹی کو دھتکار کر اسنے اسے اپنایا تھا اور اب دیکھو اللہ کی کرنی!ان کے الفاظ تیر کی طرح ولیہ کے سینے میں لگے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بس فرحانہ اب ایک لفظ اپنی زبان سے مت نکالنا....رباب بیگم غصے سے بولیں

Posted On Kitab Nagri

کیوں نابولوں بھابھی؟کیا مجھے نظر نہیں آتا میرا نائل کیسے صرف ہمدردی کے لیے اسے برداست کر رہا ہے ورنہ اسے تو رطریقے نہیں ہے گھر بسانے والے.....اسے زیادہ سننے کی ہمت اس میں نہیں تھی آنکھوں میم مچلتے آنسو لے کر وہ ان سب کے بیچ سے اٹھتی اوپر کی طرف جانے لگ جب نظر سامنے کھڑے نائل پر گئی وہ غضب ناک تاثرات لیے کھڑا پھوپھو کی ساری باتیں سن چکا تھا

ایک افسوس بھری نظر اس پر ڈالتی وہ تیزی سے اوپر کی جانب چلی گئی

یہ کیدبد تمیزی ہے فرحانہ؟سائمہ بیگم نے افسوس سے ان سے پوچھا

کیابد تمیزی؟اپنی بیٹی....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پہلے آپ اپنی بیٹی کو تو دیکھ لیں پھوپھو!اس کی آواز سے وشمہ کی مسکراہٹ سمٹی جبکہ فرحانہ محترمہ اپنی جگہ ساکت ہو گئیں

ککیا مطلب ہے تمہارا؟

Posted On Kitab Nagri

مطلب یہی پھوپھو کے میری بیوی کے کرتوت گھر بسانے والے ہوں یا نہیں لیکن آج آپ سب یہ بات ضرور جان لیں کے آپ کی بیٹی کے کرتوت دیکھ کر ہی میں نے ولیہ جیسی باکردار لڑکی کو اپنی زندگی میں شامل کیا تھا!وہ ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا کے اس کے الفاظوں پر سب سکتے میں آ گئے

کیا بکواس کر رہے ہو میری بیٹی پر تہمت لگا رہے ہو تم؟ فرحانہ بیگم آگ بگولہ ہوئی

بھائی ٹھیک کہ رہے ہیں آپ ہماری ولی پر انگلی اٹھانے سے پہلے اپنی بیٹی پر نظر رکھے اگر ہماری موم نے اپنی تربیت دوسروں کے عیب چھپانے والی کی ہے تو آپ ہم پر اس طرح کی باتیں تھوپ کر ہماری زبانیں مت کھلوائیں!زارون اس کے ساتھ کھڑا اوشمہ پر ایک کاٹدار نگاہ ڈالے بولا کے اب کی بار وشمہ اپنی جگہ سکت ہو گئی تھی مارے تزلیل کے اسکا رنگ لال ہو گیا تھا

دیکھ رہی ہیں آپ بھابھی یہ دونوں کیسے منہ کو آ رہے ہیں !

نائل زارون اپنے اپنے روم میں جاؤ!رباب بیگم ان کے غضب ناک تیور دیکھ کر پریشانی سے بولیں

Posted On Kitab Nagri

لیکن موم....

زارون!ان کے کہتے ہی وہ سر ہلاتا اپنے کمرے میں چلا گیا جبکہ نائل اپنی جگہ سے ٹس سے مس نا ہوا

میں اس بار واقعی لاسٹ وارننگ دے رہا ہوں آئندہ میری بیوی سے اس قسم کی تو کیا کوئی بھی بات مت کریئے گا!سرد لہجے میں کہتا وہ اس کے پیچھے گیا تھا کے پیچھے فرحانہ محترمہ تیش کھاتی رہے گئیں

وہ اس کے روم میں آیا تو وہ اسے کہیں دیکھائی نہیں دی اس کے بعد اسنے اپنے روم...سٹڈی..اور واشروم میں اسے تلاش کیا مگر اسے وہاں بھی موجود نا پاوہ کچھ سوچتے ہوئے تیزی سے ٹیرس پر آیا کے سامنے کا منظر اسے اپنی جگہ ساکن کر گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ ٹریس کی ریلنگ پر ہاتھ کھولے کھڑی کودنے کی تیاری میں تھی

مرنا ہے؟اس کی بھاری آواز سے ولیہ کا کے حلق میں گٹلی ڈوب کر ابھری

Posted On Kitab Nagri

میرے قریب مت آیئے گا ورنہ میں یہاں سے کود جاؤں گی!اسے اپنے قریب بھرتے دیکھ وہ ایک ٹانگ ریلنگ سے ٹکا گئی کے نائل کو لگا کسی نے اسکا دل مٹھی میں جکڑ لیا ہے

میں نہیں آرہا مگر دور ہو وہاں سے!وہ دو قدم پیچھے ہوتا بولا

مجھ سے دور رہیں ورنہ میں خود کو مار لوں گی!

تمہارا دماغ خراب ہے گر جاؤ گی ادھر آؤ!وہ اسے اپنی حرکتوں سے ہمیشہ کی حیران کر دیا کرتی تھی مگر آج تو وہ صیح معنیوں میں اس کی جان نکال رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ میں بہت برا پیش آؤں گا!اسنے ایک قدم آگے بڑھایا جب وہ خود کو مزید ریلنگ پر جھکا گئی ایک لمحہ لگا تھا نائل کو اپنگ جنونی کھول میں آنے میں

Posted On Kitab Nagri

دیکھو نیچھے موم بھی ہریشان ہو رہی ہیں..نائل اسکا دھیان بھٹکانے کو بولا جس پر وہ چونک کر نیچھے دیکھنے لگی کے اگلے ہی لمحے وہ لمبے کمبے ڈھگ بھرے اسے بازو سے جکڑ کر اپنے مقابل کر گیا کے اچانک سے اس کی حرکت پر وہ دل تھام گئی

مرنا ہے تمہیں ہاں؟اب کے وہ اتنی زور سے ڈھارا تھا کے ولیہ کو اپنی جان ہوا ہوتی محسوس ہوئی

چھوڑیں مجھے ہاں مرنا ہے مجھے نہیں چاہیے آپ کی ہمدردی....ٹھیک ہی تو کہتی ہیں پھوپھو آپ کی ہمت ہے بلکہ آپ کو تو گھن آتی ہو گی نا مجھ سے کے جس بیوی کے سر سے ڈوپٹا اتر نا برداشت نہیں تھا آپ کو اسے کسی غیر مرد نے چھوا ہے.....وہ آج اپنے دل کی ساری بھڑاس نکالتی اس کے دل کو چھنی کر رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کو تو میرے روم تک میں نا آنے سے فرق نہیں پڑا گھن آتی ہو گ.....اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی نائل ایک جھٹکے سے اسے کمر سے جکڑ اس پر جھکنے لگا کے وہ فوری خوفزدہ سی اس سے دو قدم پیچھے ہوتی دیوار سے لگ گئی

Posted On Kitab Nagri

اس کی حرکت پر وہ چند لمحے بغور اسے دیکھتا ایک بار پھر اس کی کمر جکڑے اپنے قریب کر گیا

چھوڑیں مجھے نہیں رہنا....باقی کے الفاظ وہ اس کے لبوں پر جھکتا اپنا پہلا حق وصول کیے اس کے مزاحمت کرتے ہاتھوں کو نرمی سے اپنی گرفت میں لیے ختم کر گیا

کافی لمحوں بعد اسے آزادی بخشتا وہ دور ہوا کے اس اچانک اتفاد پر وہ سرخ سی لمبے لمبے سانس لے کر خود کو نارمل کرنے کی سعی کرنے لگی

میرے جیسے ہٹلر کے ساتھ رہے کر کھڑوس بنو نا بنو مگر تم جیسی پاگل کے بغیر میں ضرور پاگل ہو جاؤں گا!اظہارے محبت تھا یا کیا مگر وہ اپنی محبت کے رنگ آنکھوں میں اترا تا گھمبیر لہجے میں سرگوشی نما انداز میں کہتا جا چکا تھا

بے شرم انسان...کافی لمحے اپنی بے ترتیب ہوتی دھڑکنوں کو سنبھال کر اسنے گھور کر دروازے کی جانب دیکھا جہاں سے وہ کچھ دیر پہلے ہی گیا تھا

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر ایسے ٹیرس ہی پر اس کی حرکت پر سرخ سی بیٹھی وہ اب کمرے میں داخل ہوئی جہاں اسے نماز ادا کرتے دیکھ وہ دروازے پر ہی ٹھٹکی

کیا ایک انا پرست مرد اپنے رب کے آگے عاجزی سے جھکا ہوا اتنا ہی خوبصورت لگتا ہے؟ وہ محض سوچ سکی تھی

آستہ آستہ قدم لیتی وہ اسے نظر انداز کرتی الماری کی طرف بڑھی

سلام کے بعد دعا میں محض اللہ کا شکر ادا کر کے وہ اٹھا جب نظر اس پر گئی جو الماری میں منہ دیے شاید کچھ ڈھونڈ رہی تھی

اسکی سٹرونگ خوشبو اپنے عین پیچھے محسوس کر کے اسکا کپڑے لیتا ہاتھ تھام بے ساختہ اس کی کچھ دیر پہلے والی حرکت یاد آئی

Posted On Kitab Nagri

ہٹیں پیچھے !وہ جیسے ہی پلٹی اسے عین پیچھے کھڑا دیکھ کر اسے گھورتی بولی

کیوں ؟وہ بظاہر اسکے اوپر سے ہاتھ کیے اپنی الماری سے کچھ ڈھونڈتا انجان بنا

مجھے جانا ہے !اس کی بے نیازی پر وہ ضبط کرتی بولی

تو چلی جاؤ میں نے روکا ہے ؟وہ ہنوز الماری میں کچھ کرتا بے نیازی سے بولا کے ولیہ نے گھور کر اسکے دونوں بازوؤں کو دیکھا جنہیں وہ اس کے اطراف میں ٹکائے کھڑا تھا

آہ.....اگلے ہی لمحے وہ ایک زوردار مکا اسکے پیٹ میں مار گئی کے اس اچانک اتفاد پر وہ دو قدم پیچھے ہوا کے اس کی حالت پر ولیہ اپنی ہنسی ضبط کرتی تیزی سے آگے بڑھی جب وہ اسکا ہاتھ تھام گیا

بہت ہنسی آرہی ہے تمہیں شوہر پر ظلم کرکے...وہ گہری نظریں اس پر مرکوز کیے بولا کے آج نجانے کتنے دنوں بعد وہ اس کی مسکراہٹ دیکھ رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

آپ کو اور کوئی کام نہیں ہے سوائے ٹھرکی پن کے ؟وہ اس کی نظروں سے الجھتی بولی

میرے ضبط پر آپ سوال نہیں کر سکتی ولیہ بیگم.... آپ پر تمام حق رکھنے کے باوا جود میں نے اب تک آپ پر بے شرمی کے اصل راز نہیں کھولے !گھمبیر لہجے میں کہتا وہ اسے کنگ کر گیا جب اسکا فون بج

ہاں اسد بولو..... اسے ایسے ہی کنگ چھوڑے وہ بلکنی کی طرف بڑھا

سر میں نے ایس کے کی ساری افارمیشن آپ کو سینڈ کر دی ہے بٹ مجھے لگتا ہے اس سارے معاملے میں ایس کے کا کوئی تعلق نہیں ہے کیوں کہ وہ ایک عرصے سے پاکستان نہیں آیا !....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمم میں دیکھتا ہوں!

سر ایک بات کہوں ؟وہ کال رکھنے ہی والا تھا جب اسد نے سوال کیا

سن رہا ہوں!

Posted On Kitab Nagri

سر میرے خیال سے آپ کو ایک بار میم سے بھی پوچھ لینا چاہیے....وہ جھجک کر بولا کے اس کی بات پر نائل نے کنپٹی مسلی وہ کب سے صیح موقعے کی تلاش میں تھا مگر ولیہ کے چڑچڑے موڈ کو دیکھ کر وہ فلحال خاموش سے کام لے رہا تھا

اسد سے بات کرنے کے بعد وہ واپس روم میں داخل ہوا تو وہ خلاف توقع ڈریسنگ کے سامنے اپنے خوبصورت بھورے بال پشت پر بکھیرے کھڑی تھی اسنے گھڑی پر نظر دڑائی جو نو بجا رہی تھی وہ اس کے بالوں کے سحر میں کھویا سا تھا قدم بے ساختہ اس کی طرف بڑھے تھے اب شیشے میں اس کا ان دونوں کا عکس تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کھانے کا کوئی سین ہے بیگم ؟اس کی کان کے قریب سرگوشی کی تھی

مجھے بھوک نہیں ہے!وہ تیزی سے اپنے بال سمیٹنے لگی کے وہ ہاتھ بڑھا کر اسکے بال کیچر سے نکال گیا

Posted On Kitab Nagri

لیکن مجھے تو بہت بھوک ہے کھانا کھاؤ نہیں تو میں آج تمہیں خود کھا جاؤں گا....!اس کے گھمبیر لہجے میں کہنے سے وہ ناچاہتے ہوئے بھی فطری حیا کے باعث نظریں جھکا گئی

ایسے شرمائیں گی تو مشکل ہو جائے گی بیگم !اپنے کندھے پر اس کی بیرڈ کی چبن محسوس ہوتے ہی وہ اس سے دور ہوتی منمنائی

ممممجھے بھوک لگ رہی ہے.....اس کی حالت سے محفوظ ہو کر نائل اسکا گال کھینچ گیا

گڈ گرل !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

رات کے کھانے پر فرحانہ بیگم اور وشمہ نہیں آئی تھیں جس پر ولیہ نے بے ساختہ اس پر نظر ڈالی جو کھانے سے انصاف میں مصروف تھا

Posted On Kitab Nagri

ولی یار پانی دینا.... سبحان کے کہنے پر وہ مسکرا کر اسے جگ پکڑا گئی

کافی بنادو.....نائل اپنی کرسی سے اٹھتا اس سے بولا

جب سبحان نے شرارت سے اسے دیکھا

ولی یار آج ہم دونوں کافی بناتے ہیں!وہ شریر لہجے میں اس سے مخاطب ہوا کے اس کی بات پر نائل کے کان کھڑے ہوئے

آہاں یاد آیا ولیہ پہلے مجھے میری ریڈ فائل نکال دو!وہ فورا سے اپنی پیشانی مسلتا بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کونسی ریڈ فائل؟وہ ابرو اچکا گئی

ارے یار ابھی تو تم کافی کا کہہ رہے تھے اب اچانک فائل یاد آگئی؟سبحان ہنوز شریر لہجے میں اس سے بولا

Posted On Kitab Nagri

ہاں اچانک یاد آگئی... چلو روم میں میری فائل نکالو!

لیکن کونسی فائل؟وہ ہوا نکوں کی طرح اسے دیکھنے لگی

تم روم میں جاؤ!اب کے وہ زرا رعب سے بولا

نائل ایسی کونسی ایمر جنسی آگئی ہے؟رباب بیگم خفگی سے کہنے لگی جس پر وہ کب بھنیج گیا

موم ضروری ہے تو کہ رہا ہوں !

ہاں تو ظاہر ہے کام ہی ہو گا نا جاؤ ولیہ نائل کی فائل نکال کر دو!سائمہ بیگم کے کہنے پر وہ ضبط سے سر ہلاتی اپنے روم کی طرف بڑھ گئی

چلو کوئی نہیں ہم کل کافی بنالیں گے !نائل کو پر سکون ہوتا دیکھ کر سبحان نے پھر سے ہانک لگائی جس پر وہ محض اسے گھور کر رہے گیا

Posted On Kitab Nagri

روم میں داخل ہوتے ہی وہ کسی خونخار شیرنی کی طرح بیڈ پر ایل ائی ڈی کے سامنے بیٹھی دیکھائی دی وہ خاموشی سے روم لوکڈ کر کے واشروم کی طرف بڑھنے لگا جب وہ اس کے راستے میں حائل ہوئی

کونسی فائل؟اس کے سوال پر وہ حلق تر کر گیا

آپ کو آخر مسئلہ کیا ہے سبحان سے؟یہ سوال تو اسکا خود سے بھی تھا

مجھے نہیں پسند کسی کا بھی تم سے فرینک ہونا!اسے دیکھے بغیر جواب دیتا واشروم کی طرف بڑھا کے اس کی الگی بات سے اس کے قدم منجمد ہوئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پسند نہیں ہے یا شک ہوتا ہے؟وہ ٹھنڈے ٹھار لہجے میں بولی اس کے نئے انکشاف پر وہ سرعت سے پلٹتا اسکا بازو جکر گیا

کیا بکواس کر رہی ہو؟

Posted On Kitab Nagri

بکواس کر رہی ہوں میں؟ آپ کو شک ہوتا ہے نا مجھ پر جبھی آپ مجھے کسی سے ساتھ برداشت نہیں کرتے اور ظاہر ہے کریں گے بھی کیوں ڈر لگتا ہو گا نا کوئی اور بھی یوزنا کر.....

شٹ اپ!اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی وہ خینچا کے ولیہ خوفزدہ سی دو قدم پیچھے ہوئی

سمجھ کیا رکھا ہے تم نے مجھے؟ تمہیں کیا لگتا ہے وہ سب صرف تمہارے ساتھ ہوا ہے؟ نہیں بلکہ وہ سب نائل کاظمی کی عزت کو رولنے کے لیے کیا گیا تھا میں اپنی پوری زندگی میں کبھی اتنا بے بس نہیں ہوا جتنا ان چھ گھٹنوں میں تمہاری آواز سنے بغیر ہوا اور تم اسے ہمدردی کہتی ہو؟ پوری پوری رات میں سو نہیں سکتا کیوں کہ تمہارا یہ روتا ہوا چہرا میرے سامنے آجاتا ہے
تمہارا یہ رونا اذیت دیتا ہے مجھے بہت کم چیزوں سے تکلیف ہوتی ہے مجھے اور ان میں سے ایک تمہارے آنسو ہیں تمہیں کیا لگتا ہے میں سکون میں ہوں؟

Posted On Kitab Nagri

نہیں ولیہ کاظمی مجھے تم سے زیادہ نہیں تو تم سے کم بھی تکلیف نہیں ہے اوپر سے تمہارا یہ چڑچڑا پن مجھے مزید کھا رہا ہے!وہ تیش سے بولا کے اس کا ایک لفظ اس کی اندرونی بے سکونی کی گواہی دے رہا تھا جبکہ دوسری طرف وہ اس کی باتوں سے ضبط کھو چکی تھی آنسو لڑیوں کی صورت گال بھگو رہے تھے

آئی ایم سوری!اس کی بھیگی آواز پر نائل نے اس کی جانب دیکھا اور اگلے ہی لمحے وہ اسے حصار میں لیے خود میں بھینچ گیا

رو مت یار!وہ بے بس ہی تو ہو جاتا تھا اس لڑکی کے آنسوؤں سے کے اس کا حصار پاتے ہی وہ اس کے سینے میں منہ چھپائے سسکیاں بھرنے لگی کے اس کی سسکیاں نائل کو بے سکون کر رہی تھیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شششش بس!

مجھے نہیں پتا اسنے میرے ساتھ کیا کیا مگر اس کا زہریلا لمس مجھے ہر وقت خوف میں مبتلا کرتا ہے مجھے گھن آتی ہے اپنے وجود سے...وہ اس کے سینے سے لگی اپنا دل کھول رہی تھی کے نائل اس کی ہر بات ضبط کیے سن رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

تمہارے ساتھ کچھ نہیں ہوا میر ایقین کرو!اسکا چہرہ پیالے کی صورت اپنے ہاتھوں میں لیے وہ محبت سے بولا کے اس کی قربت میں وہ بے اختیار نظریں جھکا گئی

مجھے میری ولیہ چاہیے واپس!وہ گھمبیر لہجے میں کہتا اس کی پیشانی سے اپنا ماتھا ٹکا گیا

مجھے سونا ہے !

سو جاؤ مگر اپنے سر سے ہمدردی کا بھوت اتار دو....مجھے کل سے میری سر پھری ولیہ چاہیے!اس کی پیشانی پر طویل بوسہ دیتا وہ واشروم کی جانب بڑھ گیا کے پیچھے وہ نجانے کتنی ہی دیر اس کی باتوں اور لمس کے زیرے آثر رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم اب بھی تکیوں کی دیوار کھڑی کرو گی؟وہ واشروم سے آتا اس کی قائم شدہ دیوار دیکھ کر حیرت سے بولا جواباوہ کچھ نہیں بولی تھی نائل اس کے کمفرٹر پر ایک نظر ڈالتا اپنی سائد پر لیٹ گیا

Posted On Kitab Nagri

تمہیں واقعی لگتا ہے تمہاری یہ کمزور سی ڈھال مجھے روک سکتی ہے؟اس کی سرگوشی پر وہ کمفرٹر کے اندر سے بھی سرخ پڑی تھی

* * * * * * * * * * * * * * * * *

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

صبح اس کی آنکھ کھولی تو نظر اس پر گئی جو آج شاید واقعی گہری نیند میں تھا

میری ولیہ چاہیے واپس!رات بھر اسکے الفاظ اسکے کانوں میں بجتے رہے تھے اس پر ایک نظر ڈال کر وہ آنکھوں میں چمک لیے اٹھتی باہر نکل گئی

کچھ لمحوں بعد وہ ہاتھ میں ایک تھال اور چمچ لیے کمرے میں داخل ہوئی

یہ کیا بد تمیزی ہے؟اچانک سے اپنے کان کے قریب بجتے دھول سے وہ ہر براہ کر اٹھا تھا

آپ شاید بھول رہے ہیں نائل کاظمی آپ نے ہی تو کہا تھا آپ کو سر پھری ولیہ چاہیے تو استقبال کیجیے پھر!وہ لگاتار اس کے کان کے قریب دھول بجائے بولی کے نائل نے سرخ ہوتی آنکھوں سے اسے دیکھا.

تم بچ جاؤ گی مجھ سے اب؟وہ سرمئی آنکھوں سرخی لیے اس کی طرف بڑھا کے اس کے تیور دیکھ کر ولیہ نے تھوک نگلا

Posted On Kitab Nagri

آگے مت آیئے گا!وہ آنکھوں پر ہاتھ رکھے کے چلائی کے اگلے ہی لمحے فعش پر گرے کیلے کے چلکے سے سے نائل کا پاؤں پھنسلا اور وہ بری طرح بیڈ پر گرا تھا

اپسسس سوری میاں جی...بٹ سر پھری ولیہ چاہیے تھی تو برداشت بھی کریں!شرارت سے کہتی وہ اس کے اٹھنے سے پہلے ہی بھاگی

واٹ ڈاہیل....ولیہ کی بچی!پیچھے وہ تیش کھاتا اٹھا اس کی بات سے وہ واپس پلٹی تھی

.

توبہ کریں ابھی تو میں خود چھوٹی سی ہوں!آنکھ دبا کر کہتی وہ اسے ایسے ہی تیش کھاتا چھوڑ باہر بھاگ گئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

* *

Posted On Kitab Nagri

رات کے دس بجنے کو تھے اور وہ اب تک گھر نہیں آیا تھا صبح بھی وہ میٹنگ کی وجہ سے ناشتہ کیے بغیر نکل گیا تھا تو کیا وہ اسے مس کر رہی تھی؟ وہ صرف سوچ سکی

ولیہ بیٹا خیریت ہے اب تک یہاں بیٹھی ہو؟ رباب بیگم کی آواز پر وہ ہوش میں آئی

وہ میں...بس جا ہی رہی تھی....

نائل کا انتظار کر رہی تھیں؟ اس کی گھبراہٹ دیکھ کر رباب بیگم محبت پاش لہجے میں بولیں جس پر وہ سر جھکا گئی

چلو پھر میں چلتی ہوں..شب باخیر رباب بیگم محبت سے کہتی چلی گئیں

ولی یار یہاں کیوں بیٹھی ہوں میرے روم میں چلو نا جب نائل بھائی آئے گے تم چلی جانا....وفا چائے کے دو کپ تھامے اس کے پاس آئی تھی

Posted On Kitab Nagri

چلو ٹھیک ہے!وفا کب سے اسے روم میں چلنے کا کہہ رہی تھی آخر کار وہ ہار مانتی اس کے ساتھ چل دی تھی

رات کے تقریبا گیارہ بجے اس کی گاڑی گراج میں رکی

وہ گھر میں داخل ہوا تو سناٹا دیکھ کر خاموشی سے اپنا کورٹ بازو پر لٹکائے اپنے روم کی طرف بڑھ گیا اسے دیکھنے کی شدت سے چاہ ہوئی تھی

روم میں آتے ہی اسے موجود نا دیکھ کر وہ خاصا بدمزہ ہوا

کافی دیر بعد وہ کافی کا کپ لیے روم میں آئی جہاں نائل اسے صوفے پر بیٹھا پاؤں سامنے ٹیبل پر رکھے نظر آیا

آپ کی کوفی !

Posted On Kitab Nagri

رکھ دو!وہ سپاٹ انداز میں لیپ ٹوپ میں مصروف سا بولا کے اس کے نظر انداز کرنے پر ولیہ کا دل چاہ اسکا سر پھاڑ دے

کھانا لاؤں!ضبط کر کے اگلا سوال کیا

بھوک نہیں.... لفظی جواب دیتا وہ اسے ششدر کر گیا

آپ کی طبیت تو ٹھیک ہے؟اس کے کہنے پر نائل نے لیپ ٹوپ سے نظر اٹھا کر اسے دیکھا وہ اس کے چہرے پر تھکن کے آثار دیکھ سکتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خیال آ گیا تمہیں؟وہ طنزیہ بولا

خیال ہی تھا جبھی تو کب سے انتظار کر رہی تھی!روانگی میں کہتی وہ لب دبا گئی

کیوں؟وہ شوخ ہوا

Posted On Kitab Nagri

بارش.....یکدم ہونے والی تیز بارش پر اس کی چیخ سے وہ کانوں پر ہاتھ رکھ گیا

ڈونٹ ٹیل می تم اس سردی میں بارش میں نہانے جاؤ گی؟ وہ ابرو سیکڑے بولا

جاؤں گی نہیں میں جارہی ہوں! وہ ایکسائٹڈ سی بلنی کی طرف بھاگی کے اس کی بیوقوفیوں پر نائل صبر کا گھونٹ پیتا اس کے پیچھے گیا

وہ بلکنی اپنے بال اور دونوں ہاتھوں کو کھولے آنکھیں موندے کھڑی تھی جب اس کی گھمبیر سرگوشی سے وہ حلق تر کر گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

روم میں چلو !

آپ چلے جائیں مجھے انجوائے کرنے دیں !

Posted On Kitab Nagri

بہت کر لیا انجوائے ٹھنڈ لگ جائے گی اندر چلو! بے ساختہ اس کے سراپے سے نظر ہٹائی تھی

مجھے نہیں جانا آپ تو ہیں ہی بور.....وہ بولتی جب نائل نے ایک جھٹکے سے اسے قریب کیا تھا

تمہیں سمجھ نہیں آرہی؟ وہ اس پر گہری نظریں جمائے بولا

ممیں کھانا لاتی ہوں! اس کی نظروں کی تپش سے وہ بات بدل گئی

نائل کی نظر اس کی گردن پر گئی جہاں اب تک نشانات واضع تھے اس کی نظروں کا تعقب کر کے وہ خوفزدہ ہوتی ڈوپٹا گردن کے گرد لپیٹ گئی کے اس کی حرکت پر نائل لب بھینچ گیا وہ آج صبح سے اسد کے ساتھ تھا مگر کوئی سراہ ہاتھ نہیں آرہا تھا

بہت جلد تمہارے ہر زخم کا حساب لوں گا! اس کی بات سے وہ خوفزدہ ہو کر نفی میں سر ہلا گئی

مجھے نہیں چاہیے کوئی بدلہ !

Posted On Kitab Nagri

لیکن مجھے چاہیے !

وہ بہت خطرناک ہے!اسنے اپنا خدشہ ظاہر کیا تھا

میں اس سے زیادہ خطرناک ہوں!

میں آپ کو کھونا نہیں چاہتی....وہ خوفزدہ سی بولی کے اس کی بات پر نائل لے لبوں پر دلفریب مسکراہٹ رینگی کے اس کی مسکراہٹ کا مفہوم سمجھ کر وہ فوری سے نظریں جھکا گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کے گیلے بال...شرم کے باعث سرخ پڑتا چہرا اور لہرزتی آنکھوں سے اس کی گرفت میں کھڑی وہ اس کے سر پر امتحان بنی ہوئی تھی

تو کیا محبت نے آپ کے دل پر بھی دستک دی ہے مسز زنائل؟خمار آلود لہجے میں کہتا اسے سنبھلنے کا موقع دیے بغیر وہ اس کی گردن میں موجود زخموں پر مرہم رکھ گیا

Posted On Kitab Nagri

ننن..نائل!اس کے لمس پر وہ جی جان سے کانپی تھی مگر آج سننے والا کون تھا؟

ششش....اس کے لبوں پر انگلی رکھے وہ اب اس کے لبوں پر جھکا تھا

نائل پلززز....وہ مزاحمت کرتی مسلسل اس کی جسارتوں پر بے حال سی ہوئی جب وہ ایک ہی جست میں اسے بازوؤں میں بھرے روم میں لایا تھا

میرے جزبات اجاگڑ کرنے والی آپ ہی ہیں بیگم!سرخ مائل آنکھوں سے کہتا اسے مزید سرخ کر گیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نائل پلززز مجھے سسسون....

آج مزاحمتیں بیکار ہیں!وہ اسے مزید بولنے کا موقع دیے بغیر سائد لیپ اوف کرتا اس پر جھکتا چلا گیا تھا

Posted On Kitab Nagri

صبح اس کی آنکھ کھولی تو نظر اپنے پہلو میں سوتی لڑکی پر گئی جو اس کے حصار میں نجانے کتنے دنوں بعد آج نیند میں بھی پر سکون نظر آ رہی تھی

وہ مبہوت سا اس کے چہرے کے نقوش حفظ کرتا بے ساختہ اس کے چہرے پر آئی لٹوں کو پیچھے کر گیا

ویلکم ٹو مائے لائف جانِ نائل!وہ ایک محبت بھری نظر اس کے چہرے پر ڈالتا اٹھتا اپنا سائلنٹ ہوئے موبائیل اٹھا گیا جس پر اسد کا لنک جگمگا رہا تھا فریش ہوتے ہی وہ آوفس کے لیے نکل گیا

اس کی آنکھ کھولی تو اسے روم میں ناپا کر وہ بدمزہ ہو کر واشروم میں بند ہو گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ دیر بعد وہ فریش سی بیلو شیفون کے سوٹ میں لیگے بالوں سے شیشے کے سامنے آئی بے ساختہ ایک شرمیلی مسکراہٹ نے ہونٹوں کا احاطہ کیا تھا وہ رات چاہ کر بھی اسے روک نہیں سکی تھی نا ہی وہ رات کے بعد وہ اس کا سامنا چاہتی تھی مگر اس کا یوں غائب ہونا اسے عجیب سی بدگمانی میں مبتلا کر رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

تو کیا گزشتہ رات ایک خواب تھی؟وہ سارے وعدے سب جھوٹ تھے کیا؟وہ محض سوچ سکی گھڑی پر نو بجے کا ٹائم دیکھ کر وہ نیچھے آئی جہاں ناشتے کی تیاریاں چل رہی تھیں

اسلام و علیکم....

وعلیکم السلام.....برباب بیگم نے محبت پاش نظروں سے اسکے نکھرے ہوئے سراپے کو دیکھا تھا

****

کیسی طبیت ہے اب تمہاری؟وہ اس شخص کو سامنے دیکھ کر حیران ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم...تم یہاں کیا کر رہے ہو اگر تمہارے یہاں آنے کی خبر نائل کاظمی کو پہنچ گئی تو جانتے ہو کیا ہو سکتا ہے؟میر شہزاد اسے دیکھتے ہی آگ بغولہ ہوا

تو سردار ڈر گیا ہے؟اس کے جملے پر وہ ہر براہ گیا

Posted On Kitab Nagri

نہیں ایسا کچھ نہیں ہے میں تو تمہارے لیے پریشان ہوں!

تم میرے لیے پریشان مت ہوں...مجھے پریشانی کی نہیں اس وقت تمہارے ساتھ کی ضرورت ہے!وہ مطمئن سا صوفے کی ٹیک سے سر ٹکا گیا

اس سے زیادہ مدد کیا کروں میں؟تمہارے آدمی میری گاڑی سے لڑکی کو لے جاتے ہیں دو دن بعد تمہاری کال آتی ہے مجھے کہتے ہو میرے ساتھ ہاتھ ملالو....اب اس سے زیادہ تم کیا چاہتے ہو؟تمہیں لگتا ہے نائل کاظمی تمہیں چھوڑ دے گا؟میر شہزاد ہنوز اس کے مطمئن چہرے پر نظر درائے بولا

اسے کبھی پتا نہیں لگے گا اس کے تو فرشتوں کو علم نہیں ہو گا میرے سارے ریکورڈ کے مطابق میں عرصے سے پاکستان نہیں آیا!اس کی بات پر وہ کچھ پر سکون ہوا

تو پھر اگلا شکار کب کرنا ہے؟اب کے میر شہزاد کے چہرے پر بھی اس جیسا اطمینان تھا

Posted On Kitab Nagri

بہت جلد...بس وشمہ کے ایک اور چال چلنی ہے اس کی بیوی ہی اس کی سب سے بڑی کمزوری ہے بس اسی کمزوری کا فائدہ اٹھانا ہے اس کے بعد بہت جلد ہم نائل کاظمی کو توڑ دیں گے !

لیکن مجھے سمجھ نہیں آئی یہ وشمہ تمہارے ساتھ کیسے مل گئی؟وہ ابرو اچکائے اسے دیکھنے لگا

آج ہی ہر کہانی سنی ہے کیا؟کچھ کہانیاں بعد کے لیے بھی ادھار رکھ لو میر صاحب!آنکھ دبا کر کہتا وہ اٹھ کھڑا ہوا

تمہیں کیا لگتا ہے نائل کاظمی نے میرے خلاف رپورٹ کیوں نہیں کروائی؟اسے جاتے دیکھ کر وہ اگلا سوال کر گیا.

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس معاملے میں تم بے فکر رہو وہ تمہیں گرفتار نہیں کروائے گا!اس پر ایک الوادی نظر ڈال کر وہ باہر نکل گیا کے باہر نکلتے ہی اسے پولیس کی گاڑیاں شہزاس میشن میں آتی دیکھائی دی

Posted On Kitab Nagri

نائل کاظمی....ہر بار تم سوچ سے پڑے کا کام کرتے ہو انٹر سٹنگ!سر جھٹک کر وہ تیزی سے دوسرے دروازے کی طرف بڑھ گیا

سنا سر آپ بلاوجہ کی پریشان ہو رہے تھے نائل کاظمی میں اتنی ہمت کبھی ہو ہی نہیں سکتی وہ آپ کے خلاف رپورٹ کراوئے دادا سائیں نے بتا دیا ہو گا آپ کا....اظہر اسے تسلی دینے لگا جب اپنے پیچھے سے آئی آواز پر وہ دونوں منجمد ہو گئے

سوچ تو کافی اچھی ہے مگر افسوس میں بلکل اچھا نہیں ہوں....پہناؤ ہتھکڑیاں!اس کا حکم ملتے ہی ہلکار میر شہزاد کی طرف بڑھے

ارے ایسے کیسے مجھے گرفتار کر سکتے ہیں..میرے خلاف اسنے جو بھی کہا وہ سب جھوٹ ہے!وہ پولیس کو دیکھتا بولا کے اس کی بات پر نائل کی آنکھیں چمکی

لگتا ہے مار کھانے سے شہزاد صاحب کی یاداشت بھی کھو گئی ہے

Posted On Kitab Nagri

پہلا جرم....میرے نکاح کے دن آکر ہمیں دھمکانا

دوسرا جرم....لاہور اور نجانے کتنے ہی شہروں میں غیر کانونی کام

تیسرا اور سب سے بڑا جرم مجھے سے پنگہ لینا اور میرے گاؤں کی عورتوں کو اگواہ کروانا!

اب سوال یہ ہے مجھے اتنے دن بعد خیال کیوں آیا تو سنو...میں نے کچھ دن دہے تھے تم لوگوں کو آزادی کے تاکہ مجھے میرا اصل مجرم مل جائے....

تو مل گیا؟اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے میر شہزاد پسینوں سے شرابو ہوتا بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ بھی مل جائے گا فلحال میرا دل بھر گیا ہے تمہاری یہ منہوس شکل دیکھ دیکھ کر!وہ اکتا کر کہتا اسے آگ لگا گیا

تجھے تو میں.....!وہ آگے بڑھا جب ہلکارا اسے ہتھکڑی پہنا گیا

Posted On Kitab Nagri

ان دونوں کو لے جاؤ میں کچھ دیر میں آتا ہوں!وہ گاڑی کے پاس پہنچ کر آڈر دینے لگا

یس سر!جونیر آوفیسر نے اسے سلیوٹ کیا کے یہاں میر شہزاد مزید الجھ گیا یہ پولیس اسے سلیوٹ کیوں کر رہی تھی؟

جی سر آپ نے یاد کیا؟

آیئے آفیسر نائل کاظمی !

سینیر آوفیسر نے اسے سامنے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا وہ جانتا تھا اسے یہاں کیوں بلایا گیا ہے

آپ مجھے بتانا پسند کریں گے کہ آپ نے میر شہزاد پر اس قدر فیزیکل ریمانڈ کر کے کیا ثابت کرنا چاہ ہے؟وہ سختی سے بولے

Posted On Kitab Nagri

سر اسنے میری عزت پر....

مجھے یہ سب نہیں سنا آپ اپنی پرسنل دشمنی کی بنا پر کسی پر اتنا تشدد نہیں کر سکتے.... کم سے کم اپنی رینک کا خیال کریں آپ کے امیجور بیہیویئر پر کوئی کہ سکتا ہے آپ سی بی آئی سینیر آوفیسر ہیں؟ یہ آپ کی تیسری کمپلین ہے اس سے پہلے بھی آپ ابھی اس جزباتی طبیت کے باعث آوٹ اوف کنٹرول ہوئے ہیں اٹس یور لاسٹ وارنگ نائل !

اچھانا یار اب بس کریں!وہ اکتایا تھا

تمیز سے بات کرو میں تمہارا باپ نہیں ہوں!وہ اسے ڈپٹتے بولے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باپ نہیں لیکن باپ کے بھائی تو ہیں....وہ آنکھ دبائے بولا کے اس کی لاپروائی پر فرحان صاحب بے ساختہ مسکرا دیئے

بابا سائیں کو تمہاری ان حرکتوں کا پتا لگا تو پتا لگے گا!

Posted On Kitab Nagri

اور جب انہیں آپ کی اس پوسٹ کا پتا لگے گا تو؟ وہ ابرو اچکا گیا

آستہ بولو دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں...! ان کے کہنے پر وہ ابرو اچکا گیا

ڈر رہے ہیں؟ نائل شوق ہوا

ڈرتا تو میں کسی کے باپ سے بھی نہیں !

ہاں سوائے اپنے باپ اور میرے باپ کے! اس کے کہنے پر وہ محض اسے گھور کر رہے گئے جب اسکا فون بجا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کی بیٹی کی کال ہے! ان کے پوچھنے سے پہلے ہی وہ بولا تھا

Posted On Kitab Nagri

کوئی ضرورت نہیں ہے اٹھانے کی مت بھولو میٹنگ میں ہو تم!وہ سنجیدہ ہوئے جس پر وہ بھی فون سائلنٹ پر کر گیا

* * * * * * * * * * * * * * * * * * * *

خالہ رک جائیں نا!وہ انہیں دیکھتی محبت سے بولی

ارے وفا اور سبحان کو چھوڑ کر جا تو رہی ہوں... اس سے زیادہ رکوں گی تو تمہارے خالوں نے دوسری شادی کر لینی ہے!وہ شرارت سے بولی جس پر سب ہنس دیے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلیں موم؟ سبحان انکا سامان اٹھائے بولا جس پر وہ سب سے ملنے لگی

آپ آجایئے گا میں گاڑی میں انتظار کر رہا ہوں!انہیں سب سے ملتے دیکھ وہ باہر کی طرف بڑھا جب سامنے سے آتی لڑکی سے ایک بار پھر اس کی ٹکر گئی

Posted On Kitab Nagri

آہ... میرے حصے میں تو ٹھوکریں ہی رہ گئی ہیں بس! حنا سر پر ہاتھ رکھے بولی کے اس کی آوور ایکٹنگ پر سبحان نے ابرو اچکائی

ارے زیادہ تو نہیں لگی ہو سپیٹل لے چلوں؟

ارے نہیں نہیں اس کی ضرورت نہیں ہے! اس سکا طنز سمجھے بغیر وہ ہنوز ایکٹنگ سے نفی کرتی بولی کے اس کی مصومیت ہر وہ جھر جھرلی لے گیا

آپ کو اپنے گھر میں کوئی کام شام نہیں ہے؟ اسنے دوسرا طنز کیا تھا

کیوں آپ نے یہ کام بھی شروع کر دیا کیا؟ اب کے وہ آنکھیں پٹپٹا کر کہتی ثابت کر چکی تھی وہ ولیہ کی دوست ہے

اتنی بھی مصوم نہیں ہے! اس کے جواب پر وہ خاصا بد مزہ ہوا

Posted On Kitab Nagri

مصوم سمجھیے گا بھی مت اور نا ہی ہلکے میں لینا!ایک ادا سے کہتی وہ اندر کی طرف بڑھ گئی کے سبحان نے نا سمجھی سے اس لڑکی کو دیکھا جو فلحال اسے دماغی بیمار لگی تھی

ولی یار کیا ہو گیا ہے کچھ بولو تو سہی؟ وہ اسے چپ چاپ دیکھ کر جمائی روکتے ہوئے بولی

یہ سارے مرد ہی ایک جیسے ہوتے ہیں....وہ لہجے میں افسوس بھرے بولی

اچھا تو اب تک کتنے مردوں سے واسطہ پڑ گیا تمہارا؟ وہ بامشکل اپنی مسکراہٹ دبا پائی تھی کے ولیہ نے پاس پڑٹ کشن اسے دے کر مارا

مت کرو حنا میں بہت دکھی ہوں آج.!

اچھا تو کیا ہو گیا میری دوست کو؟ اب وہ اسکے پاس جاتی سنجیدگی سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نائل بدل گئے ہیں.... صبح میرے اٹھنے سے پہلے ہی چلے گئے اور جب میں نے کال کی تو وہ بھی آٹینڈ نہیں کی....وہ منہ لٹکائے بولی اب وہ اسے کیا بتاتی وہ کن خدشوں کی شکار ہو رہی تھی

تو بزی ہونگے نا!

اتنے بھی کیا بزی؟

یار ولی دیکھو ہم لڑکیوں کی ناعادت ہے ہم بہت جلد کسی بھی سچویشن کا خود ساختہ نتیجہ نکال لیتے ہیں اور پھر اپنے ہی خود ساختہ نتیجوں پر بیٹھ کے روتے ہیں جیسے کے اس وقت تم رونے والی ہو رہی ہو میری دوست اپنے رشتے کو مضبوط بناؤ میں نے خود دیکھی ہے نائل بھائی کی حالت وہ کتنے جنونی ہو رہے تھے تمہارے لیے اور ایک تم ہو....وہ تحمل سے اسے سمجھانے لگی

اپنے رشتے کو بننے سے پہلے ہی ان بدگمانیوں سے ختم مت کرو!اس کی بات پر ولیہ نے سر اٹھا کر اپنی اس دوست کو دیکھا جو ہر معاملے میں اس کی بہترین دوست ثابت ہوئی تھی

Posted On Kitab Nagri

یہاں کیا کر رہے ہو؟اپنے پیچھے سے آتی آواز پر وہ چونکا

تم یہاں کیوں آئی ہو؟اسے دیکھتے ہی اس نے تیوری چڑھائی

تم سے شکواہ ہے مجھے !

شکواہ؟زارون نے ابرو اچکائی

تمہیں مجھے سب کے سامنے زلیل نہیں کرنا چاہیے تھا تم تو محبت کرتے تھے نا مجھے!وشمہ افسردگی سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زلیل؟میں نے تمہیں زلیل نہیں کیا بس حقیقت بیان کی ہے
اور جہاں تک محبت کی بات ہے تمہیں بھائی کے کمرے میں دیکھنے کے باوجود میں تمہیں اپنانا چاہتا تھا مگر جانتی ہو تم کب گری تھیں میری نظروں سے؟جب میں نے تمہیں نشے کی حالت میں دیکھا جانتی

Posted On Kitab Nagri

ہو اسی دن تھپر پڑا تھا میری محبت پر کہ میں نے تم جیسی لڑکی پر اتنا خوبصورت احساس زایع کیا!وہ زہر خندق ہوا

تم ایسا نہیں کر سکتے ایسی کونسی محبت تھی تمہاری جو یوں ختم ہو گئی؟محبت میں تو انسان کیا کچھ در گزر کرتا ہے!اسکے الفاظ میں موجود زہر سے وشمہ تڑپ کر بولی

میں نے محبت کی تھی اپنی غیرت کا سودہ نہیں کیا تھا!عاشق اور بے غیرت ہونے میں فرق ہے!وہ ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا جس چہرے کو دیکھ کر اسے ہمیشہ سکون ملتا تھا آج اس کی موجودگی اس کے ضبط کا امتحان بنی ہوئی تھی

تو پھر محبت کا دعواہ بھی مت کرو!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا چاہتی ہو تم مجھ سے؟اب کے وہ اکتا کر بولا جس ہر وشمہ کی آنکھیں چمکی

تمہیں تمہاری محبت کا واسطہ ہے۔۔۔اپنی کی گئی بات ہر زارون کے تاثرات دیکھ کر وہ فورا اسکا ہاتھ تھام گئی

Posted On Kitab Nagri

دور رہو۔۔۔میں ہر گز ایسا نہیں کروں گا!

ٹھیک ہے مگر پھر کبھی کسی سے یہ مت کہنا تمہیں کبھی محبت ہوئی تھی! سرد لہجے میں کہتی وہ اسے ایسے ہی ششدر چھوڑ کر جیسے آئی تھی ویسے چلی گئی !

* *

رات کے تقریبا نو بجے وہ گھر واپس لوٹا تھا کورٹ بازو میں لٹکائے وہ اندر داخل ہوا جہاں ملازمہ کو کھانے کے برتن سمیٹتے دیکھ کر وہ سمجھ گیا کے سب لوگ کھانا کھا چکے ہیں !

سر آپ کا کھانا روم میں لے آؤں؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں میں آپ یہی لگا دیں !

Posted On Kitab Nagri

وہ دائنگ پر آتا بولا جب وہ یہاں آئی اسے دائنگ پر بیٹھے دیکھ کر اس پر شدید غصہ آیا تھا وہ وفا اور حنا کے لیے چائے بنانے اس طرف آئی تھی مطلب اگر وہ نا آتی تو یہ جناب اسے بلانے تک کی زحمت نا کرتے؟

آپ چھوڑیں میں کرتی ہوں! ملازمہ سے کہ کر وہ خود اسکا کھانا لے کر اسکے پاس آئی کے وہ موبائیل میں مصروف سا بھی اس کی ہر حرکت ملاحظہ کر رہا تھا

اس کی تواجہ نا پا کر اسنے پلیٹ پٹکنے کے سے انداز میں رکھی جس پر وہ موبائیل سے نظریں اٹھا کر اسے دیکھنے لگا

یہ کیا بد تمیزی ہے؟ کام نہیں کرنا تو مت کرو میں نے ریمہ کو کھانا لانے کو کہا تھا! اس کی بے رخی پر ولیہ کا منہ کھلا کا کھلا رہے گیا

آپ ایسے ری ایکٹ کیوں رہے ہیں؟ وہ خود ہر ضبط کرے بولی

Posted On Kitab Nagri

تو کیسا کرو تمہاری اس فضول کی حرکت ہر داد دوں؟ اسنے ابرو اچکائی کے اس کے انداز پر غصے سے سرخ ہوتی پیر پٹک کر اپنے روم کی طرف بڑھ گئی

گوٹو ہیل! اس کے آخری فقرے پر نائل نے لب دبائے تھے

وہ اس وقت ناگواری سے گھڑی پر نظر ڈراتی ڈریسنگ کے سامنے آئی اس کی بدگمانی بڑھتی جارہی تھی جب ڈھار کی آواز سے دروازہ کھلا اور وہ غضب ناک تیور لیے اندر داخل ہوا

کیا کہا ہے تم نے موم کو؟ اس کی ڈھار پر وہ دو قدم پیچھے ہوئی

ککککیا کہ دیا ممیں نے؟

کیا کہ دیا؟ یہ پوچھو کیا نہیں کہا کوئی کثر چھوڑی ہے تم نے؟

آپ ایسے بات کیوں کر رہے ہیں مجھ سے؟ وہ اب رو دینے کو تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تو اور کیسے کروں؟ پورے دن تم کرتی ہی کیا ہو؟ کبھی موم کی ہیلپ بھی کر دیا کرو! وہ ہنوز سختی سے بولا

یہ آپ سے تائی ماں نے کہا؟ وہ حیرت میں تھی

جس نے بھی کیا ہو میرے ساتھ اگر رہنا ہے نا تو۔۔۔۔ وہ اسکا بازو تھامے غرایا

آپ ایک دن میں اتنے بدل گئے؟ وہ چاہ کر بھی اس سے کھل کر نہیں کہہ پائی تھی کے اس کی اس بات پر نائل نے چونک کر اسے دیکھا

اور اگلے ہی لمحے ولیہ کی آنسو اور نائل کا چھت پھاڑ قہقہے شروع ہوئے تھے

اوہ مائے گوڈ نائل بھائی آپ کو تو ایکٹر ہونا چاہیے! حنا کی آواز پر اسکے آنسو تھمے

Posted On Kitab Nagri

کیا کہا تھا تم نے تمہاری سر پھڑی حرکتیں برداشت کروں؟ آپ شاید بھول رہی ہیں ڈیروائفی آپ سے بڑا سر پھڑا ہوں میں! ہنستے ہوئے کتنا خوبصورت لگتا ہے ناشدید غصے کے باوا جود وہ اس کی ہنسی کو دیکھ کر دل ہی دل میں بولی

اٹس آپر ینک ولی! حنا اسکے آنسو پوچھتی بولی جب وہ اسکے ہاتھ جھٹک گئی

میں چھوڑوں گی نہیں آپ دونوں کو۔۔۔

ہاہاہاہا سوری یار مگر یہ سب نائل بھائی کا آئیڈیا تھا۔۔۔ حنا ہنستے ہوئے بولی اس کی کہنے پر اسنے نائل کو خونخار نظروں سے دیکھا جو اسے آنکھ مار گیا اس کا بس نہیں چلا تھا وہ اس کا سر پھاڑ دے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلیں اب میں چلتی ہوں !

لیکن اس وقت کس کے ساتھ جاؤ گی؟ نائل نے ابرو اچکائی

Posted On Kitab Nagri

ڈرائیور کے !

نہیں تم ڈرائیور کی ساتھ تو ہر گز نہیں جا رہی بلکہ میں سبحان کو کہتا وہ تمہیں چھوڑ دے گا !

نا کریں نائل بھائی آپ اندھیری رات میں ایک ہنڈسم لڑکے کو میرے ساتھ بھیج کر کرنا کیا چاہتے ہیں؟ وہ شوق انداز میں بولی کے ولیہ ان دونوں کی بونڈنگ کو دیکھ کر ولیہ بے ہوش ہونے کو تھی

میں کہ دیتا ہوں سبحان کو۔۔۔ آجاؤ! حنا اس سے ملنے کے بعد نائل کے ساتھ باہر نکل گئی کچھ دیر بعد وہ اسے سبحان کے ساتھ بھیجنے کے بعد واپس روم میں آیا جہاں وہ اب کہیں موجود نہیں تھی

واشروم سے پانی گرنے کی آواز سے وہ سمجھ گیا کے وہ واشروم میں ہے

کچھ دیر بعد وہ گیلے چہرے سے باہر آئی اسے بیڈ پر لیٹے دیکھ کر وہ منہ بسورے اس کے پاس سے اپنا ڈوپٹا لینے لگی جب وہ ایک ہی جست سے اسے کھینچتا خود اس پر جھکے اسکے دونوں اطراف میں کونی ٹکا گیا کے اس اچانک اتفاد ہر وہ بھکلا کر رہے گئی

Posted On Kitab Nagri

چھوڑیں مجھے !وہ غرائی کے نائل اس کی بات کو نظر انداز کر گیا

میں نے سنا ہے کوئی مجھے مس کر رہا تھا!وہ اس پر نظریں جمائے لاڈ سے بولا جس پر ولیہ منہ بسور گئی

خوشفہمی ہے آپ کی !

اچھا؟اور کیا کہ رہی تھیں تم ایک ہی رات میں بدل گیا میں بلکہ تم تو سوچ رہی ہو نگی میں باقی مردوں کی طرح بن گیا اپنا مطلب پورا ہوتے ہی بدل گیا وہ شرارت سے اس کی حالت انجوائے کرتا بولا

تو اور کیا کرتی آپ صبح صبح ہی غائب ہو گئے !

ایسے تو میں رات میں بھی اگر کسی ارجنٹ میٹنگ میں گیا تو تم اگلے دن میرے اوپر تہمت لگاؤ گی؟

میں نے ایسا تو کچھ نہیں کیا!وہ منمنائی

Posted On Kitab Nagri

تمہارے کہنے سے کیا ہوتا ہے سوچوں تو نا۔۔۔میری ایک بات اپنے ذہن میں بیٹھالو نائل کاظمی کا دل صرف تمہارے لئے دھڑکا ہے ہو سکتا ہے آگے جا کر میں اور بھی بزی ہو جاں لیکن اسکا مطلب یہ نہیں میں مصروف ہونے سے میرے سارے جزبات جھوٹ ہو جائیں گے۔۔۔آئی نو آج مجھے ایسے نہیں جانا چاہیے تھا۔۔۔وہ اس کے چہرے ہر نظریں مرکوز کیے محبت بھرے لہجے میں بولا

میں ناراض ہوں!جواباًوہ منہ بسورے بولا

آئی ایم سس سسوری!بامشکل یہ لفظ ادا ہوا جسے شاید اسنے پہلے کبھی استعمال نہیں کیا تھا کے اس کی سوری پر ولیہ نے بے یقینی سے اسے دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں اب بھی ناراض ہوں!بامشکل اپنی بے ترتیب ہوتی دھڑکنوں کو سنبھال کر کہتی وہ غیر محسوس انداز میں اس کے جزبات اجاگڑ کر رہی تھی

تو پھر میں تمہیں اب اپنے انداز میں مناؤں گا!ذو معانی انداز میں کہتا وہ اس کی پیشانی پر جھکا

Posted On Kitab Nagri

ننائل پلززز۔۔۔!اس کے لمس پر وہ آنکھیں میچ گئی

تم نے ہی تو کہا تم ناراض ہو تو منانا تو پڑے گا!وہ شریر انداز میں بولا کے اسکے اپنی بیوقوفی پر اب شدید غصہ آیا

ممیں مان گئی!اس نے فوری سے پینترا بدلہ کے اس کی بدلتی حالت پر ایک پھر نائل کا قہقہ بلند ہوا

کہاں گئی جنگلی بلی؟

آہ جنگلی لڑکی!اس کی حرکت پر وہ بلبلا اٹھا تھا وہ اس کے گردن میں ناخون چبا گئی

چھوڑیں مجھے میں مان گئی!اس کے تاثرات پر وہ سپٹپٹاتی بولی جب نائل نے اسے مزید قریب کیا تھا

مگر میں نے تو ابھی منایا ہی نہیں!اس کی گھمبیر سرگوشی پر ولیہ کی جان لبوں پر آئی

Posted On Kitab Nagri

نائل!کمزور سی کوشش کی تھی

جی جانِ نائل!خمار آلود لہجے میں اس کے طرزِ مخاطب پر بے ساختہ اس کا دل ڈوب کر ابھرا

مجھے نماز پڑھنی ہے!وہ لب دبائے بولی کے اس کی بات پر نائل نے بدمزہ ہو کر ہیچھے ہٹا کے اس کی گرفت ڈھیلی پڑتے ہی وہ تیزی سے بیڈ سے اتری تھی

کل سے تمہاری یہ نماز وقت پر ادا ہونی چاہیے!وہ ضبط سے اسے تنبیہ کرتا بولا کے اس کی حالت ہر وہ بامشکل اپنی ہنسی روک سکی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زیادہ ہنسی نہیں آرہی!منہ بنا کر کہتا وہ اسے کوئی بچہ لگا تھا

ننہیں تو میں تو بس۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نماز پڑھو اپنی!اس کی بھاری آواز سے فوراً سے سر اثبات میں ہلا گئی

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

ابھی اسنے جائے نماز بچائی تھی نائل اس پر ایک نظر ڈالے واشروم کی طرف بڑھ گیا

چند لمحوں بعد اسے اپنے سے کچھ آگے ایک جائے نماز بچھتی محسوس ہوئی نماز پڑھتے پڑھتے وہ بے ساختہ مسکرائی یہ اس کی خواہشوں میں سے ایک تھی کے کبھی وہ اور اسکا شوہر ساتھ نماز ادا کریں لیکن اس کی یہ خواہش اس ہٹلر کے ساتھ ہو گی یہ اسنے کبھی سوچا بھی نہیں تھا

کہاں جارہی ہو اب تو نماز بھی پڑھ لی! نماز پڑھنے کے وہ اسے باہر جاتا دیکھ اسکا ہاتھ تھامے ذو معانی انداز میں بولا کے اس کی بات پر ولیہ بری طرح سٹپٹائی

نماز پڑھنے کے بعد بھی آپ کا شیطان غائب نہیں ہوا؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جب ایک شوہر اپنی بیوی سے محبت سے پیش آئے تو شیطان نہیں بلکہ اللہ خوش ہوتا ہے! وہ اس کی عقل پر ماتم کرتا بولا کے اب کے وہ خجل ہوتی نظریں جھکا گئی

اچھا چھوڑو یہ بتاؤ کہاں جارہی تھیں؟ اس کی شرمندگی محسوس کر کے وہ بات بدلتا بولا

Posted On Kitab Nagri

وہ میں چائے بنانے جارہی تھیں !

اتنی چائے پیتی ہو یہ چائے.....

میری چائے کو کچھ مت کہیے گا!اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی وہ غرائی جس پر نائل نے ہتھیار ڈال دیے

میں کب کچھ کہ رہا ہوں میں تو کہ رہا تھا یہ چائے صحت کے لیے اچھی ہوتی ہے انسان ایکٹو رہتا ہے اس سے!وہ ہتھیار ڈالے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمم تو آپ کے لیے بھی لے آؤں؟

نہیں...میرا مطلب مجھے نیند آرہی ہے صبح پی لوں گا !

Posted On Kitab Nagri

ہاں آپ چائے کیوں پینے لگے سگریٹ پینے سے تو فرصت مل جائے آپ کو!وہ اسے سٹڈی میں سگریٹ کی ڈبی لے جاتے ہوئے تیش سے بولی

اب جب بیوی وقت نہیں دیتی تو محبوبہ سے ہی کام چلانا پڑے گا!وہ سگریٹ لبوں سے لگائے اسے جتانے والے انداز میں بولا جس پر وہ محض جھرجھری لے گئی

اپنی چائے بنانے کے بعد وہ واپس روم میں آنے لگی جب اس کی نظر سڑھیوں میں بیٹھے زارون پر گئی

تم سوئے نہیں؟اس کی آواز پر وہ گھبرا گیا کے اس کے تاثرات دیکھ کر ولیہ اسی کے ساتھ جگہ بناتی بیٹھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا ہوا پریشان کیوں ہو؟اس کے ہوچھنے پر زارون کا دل چاہ وہ اسے اپنے اندر چلتی جنگ کے بارے میں بتادے مگر یہ ممکن نا تھا

کچھ نہیں بس نیند نہیں آرہی تھی !

Posted On Kitab Nagri

پہلے تو تمہیں کبھی نیند کی شکایت نہیں رہی تو اب کیسے نیند نہیں آرہی؟ولیہ نے ابرو اچکائے کہا

پہلے کے حالات اور اب کے حالات میں فرق بھی تو ہے!وہ تلخی سے مسکرایا

کیسا فرق؟ولیہ کچھ حیران ہوئی اس کی باتیں اس کے لیے بلکل نئ تھیں

یہی جیسے پہلے تم میری بھابھی نہیں تھیں!اسے پریشان ہوتے دیکھ کر وہ فوری بات بدل گیا کے اس کی اتنے سنجیدہ محول میں کرنے والی بات سے وہ ایک زوردار چٹ اسے رسید کر گئی

مجھے تم سے اسی طرح کی بے قوفی کی امید تھی!اسکے سر پر چٹ لگا کر وہ اٹھی جب زارون نے اسے روکا

ولی....اگر کوئی تم سے کبھی تمہاری محبت کا ثبوت مانگے تو کیا تم دو گی؟وہ پھر سے بیٹھ گئی تھی

ویل مجھے کبھی کسی سے محبت نہیں ہوئی اسلئے مجھے اسکا کوئی ایکسپیرینس نہیں ہے!

Posted On Kitab Nagri

مطلب تمہیں بھائی سے محبت نہیں ہے؟زارون نے بے اختیار پوچھا کے اس کے سوال پر وہ جزب سی ہو گئی

مجھے نہیں پتا!اسنے سچائی سے کام لیا تھا

مگر....

تم مجھے شروع اپنا بتاؤنا کیا کہ رہے تھے؟

چھوروں جس چیز کا تمہیں علم ہی نہیں اس بارے میں پوچھ کر میں نے کیا کرنا؟وہ سر نفی میں ہلائے بولا ولیہ اب چائے کے گھونٹ بھر رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

ایسی بات بھی نہیں ہے کچھ کچھ تو بتا ہی سکتی ہوں مجھے لگتا ہے اگر مجھ سے کوئی اظہارے محبت کرے گا تو میں اس سے ثبوت تو نہیں لیکن عملی محبت ضرورت چاہوں گی کیوں کہ باتیں تو ہر کوئی کر لیتا ہے تم بھی کر لیتے ہو ہر لڑکی سے....

تحمل سے کہتے ہوئے وہ آخری بات اسے چھیڑنے کو بولی جبکہ اس کی اس بات نے زارون کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھ دیا

تم جاؤ سو جاؤ بھائی ویٹ کر رہے ہونگے !بظاہر شریر لہجے کہتا وہ اسے چھیڑ رہا تھا مگر دل اب بھی کہیں وشمہ پر اٹکا ہوا تھا

تم کبھی مت سدھرنا!اس کی بات پر وہ سرخ اسے چٹ لگا کر اپنے روم کی طرف بڑھ گئی

,*********

تیز چلا لیں پلززز.... پیچھلے دس منٹ میں یہ کوئی چھوٹی دفعہ تھا جو وہ اسے تیز چلانے کو بول چکی تھی

Posted On Kitab Nagri

دیکھیے مس کوئی ہوائی جہاز تو ہے نہیں میرا.... گاڑی اسی اسپیڈ میں چل سکتی ہے اس سے زیادہ کروں گا تو آپ گھر کی جگہ قبرستان پہنچ جائیں گی!وہ جتنے آرام سے اسے قبرستان پہنچا چکا تھا حنا نے اپنی میت سوچ کر جھرجھری لی

توبہ کریں ابھی میری عمر ہی کیا جو آپ نے مجھے قبرستان پہنچا دیا!اسے واقعی سبحان کی بات بری لگی تھی

آئی ایم سوری...میرا وہ مطلب نہیں تھا!وہ شرمندہ ہوا

چلیں کوئی نہیں میں نے مائنڈ نہیں کیا!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مائنڈ ہو گا تو کرے گی نا!اب کے وہ بربرایا جسے یقیناً حنا سن نہیں پائی تھی

بس یہی اتار دیں !

Posted On Kitab Nagri

لیکن یہاں؟وہ سنسان سڑک دیکھ کر چونکا

جی میں یہی اتار جاؤں!

مجھے نائل نے آپ کی زمے داری دی ہے میں آپ کو گھر تک پہنچا کے ہی واپس جاؤں گا!سبحان سفاک انداز میں بولا اس کے لاکھ کہنے کے باوجود وہ اسے اس کے گیٹ کے آگے ہی اتار کر گیا وہ اب محض اپنے لیے دعا کی کر سکتی

گھر میں پہلا قدم رکھتے ہی ایک زوردار تھپڑ اس کے دائیں گال کی زینت بنا تھا

کہاں تھی آوارا....ٹائم دیکھا ہے تو نے!تھپڑ اتنی زور سے پڑا تھا کے اس کی آنکھیں پانی سے بھرنے لگی اسنے دبڈبڈباتی آنکھوں سے اپنے اس نام نہاد باپ کو دیکھ

یہ کیا کر رہے ہیں جوان بیٹی پر ہاتھ اٹھا رہے ہیں کوئی کثر رہے گئی تھی جو اب یہ کام بھی شروع کر دیا؟ اس کی ماں اس کے سامنے کھڑی ہوتی اس کے باپ سے مخاطب ہوئی

Posted On Kitab Nagri

چھوڑ دیں ماں یہ تو روز کا ہی تماشا ہے!وہ ایک کاٹدار نظر اپنے باپ کر ڈالتی اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی

اس کی واپسی ہوئی تو وہ اب بھی روم میں نہیں آیا تھا اسٹڈی کا سوچ کر واسٹڈی کا دروازہ نوک کر گئی جسب توقع وہ اسٹڈی میں صوفے پر ریلیکس انداز میں بیٹھا لیپ ٹوپ میں مصروف تھا اس کے ساتھ ہی سگریٹ سے بھری ایش ٹرے رکھی تھی جسے دیکھ کر ولیہ کے چہرے کے تاثرات تبدیل ہوئے

آپ سوئیں گے نہیں؟وہ ناک پر ہاتھ رکھے بامشکل بول پائی

نہیں یار کچھ کام ہیں یہ دیکھ لوں!وہ اس کے تاثرات دیکھے بغیر لیپ ٹوپ مصروف سا بولا اگلے ہی لمحے ڈھار کی آواز سے دروازہ بند ہوا تھا

غلطی سے بند ہو گیا ہو گا شاید!وہ دروازے پر ایک نظر ڈالے پھر سے کام میں مصروف ہو گیا

Posted On Kitab Nagri

کافی لمحے وہ اس کے واپس آنے کا انتظار کرتی رہی وہ خود اپنی حالت پر پریشان تھی نا تو وہ اس کی موجودگی برداشت کر پا رہی تھی اور نا ہی دوری یہی سوچتے سوچتے نجانے کب اس کی آنکھ لگی

صبح اس کی آنکھ کھولی تو خود کو اس کے حصار میں پا کر شرمیلی سی مسکراہٹ اس کے لبوں پر رینگی مگر اگلے ہی لمحے رات والا منظر آنکھوں کے سامنے گونجتے ہی وہ غصے سے اسکا ہاتھ پیچھے کر گئی جب وہ اس پر اپنی گرفت مزید مضبوط کر گیا

چھوڑیں مجھے !وہ گھڑی پر نظر ڈالتی جھنجھلائی نائل نے نیند سے بھری آنکھیں کھول کر اسے دیکھا

کیا ہے سکون سے سو نہیں سکتی تم؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری نیند پوری ہو گئی ہے میں آپ کی طرح آلووں کی طرح رات بھر نہیں جاگتی ٹائم دیکھا ہے نو بج رہے ہیں!

ششش!اس کے مسلسل بولنے پر نائل اسکے لبوں پر ہاتھ جما گیا

Posted On Kitab Nagri

تائی ماں کیا سوچیں گی؟وہ اس کی گرفت مزید مضبوط ہوتے دیکھ کر گربرائی جبکہ نائل کی سانسوں کی تپش اب اسے اپنے کان کے قریب محسوس ہو رہی تھیں

کچھ نہیں سوچیں گی میری موم اتنی ظالم نہیں ہیں!وہ اس کی کان کی لو پر جھکے گھمبیر لہجے میں بولا کے اس کی لمس پر وہ آنکھیں میچ گئی

نائل اٹھیں.. آپ نے آوفس نہیں جانا کیا؟وہ اسے اپنے کان کی لو کے بعد اس کی بیرڈ اپنی گردن پر محسوس کر کے بُری طرح سے سٹپٹائی

آج میں نے اوف لیا ہے تمہیں کیا لگتا ہے رات میں تم منہ بنا کر سو جاؤ گی اور مجھے خبر نہیں ہو گی؟وہ اس کی آنکھوں پر جھکے محبت سے بولا

میں نے نہیں کہا آپ چھٹی کریں!اسکی محبت کے مظاہرے دیکھ کر وہ سرخ سی اپنا چہرہ کہیں چھپانے کے لیے اس کے نظریں تک نا ملا پا رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

لیکن میں نے ضرور سوچ لیا تھا کے آج کا دن صرف ہم دونوں کا ہے۔۔۔!اسکے دائیں گال پر بوسہ دیتا وہ اسے مزید گلابی کر گیا

نائل۔۔۔اس کی قربت میں وہ اسکا مقابلہ کرنے والی ولیہ رہتی ہی کہاں تھی

ششش بہت بولتی ہو تم!اس ہر گہری نظریں جما کر کہتے ہی وہ ایک بار پھر اسے اپنے حصار میں لیے اس کے کندھے پر سر رکھے آنکھیں موند گیا اگلے ہی لمحے ان کے دروازے پر دستک ہوئی تھی

نائل اٹھیں!!!اسے ہنوز اسی پوزیشن میں خود پر جھکے دیکھ کر وہ اس کا کندھا جھنجھوڑ گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا چاہتی ہو ڈارلنگ میں اگر اٹھ گیا جب بھی تمہیں باہر جانے نہیں دوں گا اسلئے خاموش رہو۔۔۔
اسنے ازلی ڈھٹائی سے کہا

Posted On Kitab Nagri

بہت برے ہیں آپ!وہ اس کے بال ہلکی سی مٹھی میں جکڑے کہتی اپنا ہاتھ پیچھے کر گئی جب نائل اسکا ہاتھ پھر سے اپنے بالوں میں رکھ گیا کے دوسری طرف ولیہ ناچاہتے ہوئے بھی اس کی حرکت پر مسکراتی اس کے بالوں میں ہاتھ چلانے لگی اس کے ساتھ ساتھ وہ خود بھی پر سکون سی آنکھیں موند گئی

دوبارہ اس کی آنکھ کسی کے مسلسل اس کا کندھا ہلانے سے کھولی

ویک اپ سوئٹ ہارٹ کتنی دیر کر دی ہے تم نے آج!وہ اس کے سر پر کھڑا اسے جگاتے ہوئے بولا کے وہ اب تک ہونکوں کی طرح کبھی گھڑی تو کبھی اسے دیکھ رہی تھی جو بارہ بجے اسے ایسے اٹھا رہا تھا جیسے ساری غلطی ہی اس کی ہو

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اٹھ بھی جاؤ۔۔۔وہ پھر سے اسکا کندھا تھپتھپا کر بولا کے ایک سیکنڈ لگا تھا ولیہ کو ہوش میں آنے میں

بارہ بج گئے؟وہ حیرتزدہ سی بولی

Posted On Kitab Nagri

ہاں تم اٹھ ہی نہیں رہی تھیں کب سے اٹھا رہا ہوں۔۔۔نائل عام سے انداز میں سائڈ ٹیبل سے اپنا سیل اٹھائے بولا ولیہ نے ایک نظر اس فریش سے کھڑے انسان کو دیکھا اور اگلے ہی لمحے وہ پیر پٹکتی تیزی سے واشروم کی طرف بڑھی

ایک بار پھر دروازہ ڈھار کی آواز سے بند ہوا تھا اور اس بار اتنی تیز آواز تھی کے نائل بے ساختہ اپنا دل تھام گیا

یہ لڑکی مجھے دروازو کی مار مارے گی!وہ کب سے ضبط کی ہوئی مسکراہٹ ہونٹوں پر لائے سر جھٹک کر بیڈ پر بیٹھا موبائیل اٹھا گیا

کچھ دیر بعد وہ فریش سی مہرون سوٹ پہنے باہر آئی نظر اس پر گئی جو بیڈ پر لاتعلق سا بیٹھا موبائیل یوز کر رہا تھا اسے نظر انداز کر کے وہ شیشے کے سامنے آئی

اسے دیکھتے ہی نائل سیدھا ہوا

Posted On Kitab Nagri

اچھی لگ رہی ہو!اسے غصے میں دیکھ کر وہ اس کے پیچھے آتا بولا

تو آج آپ کو میری تعریف کرنے کا خیال آ ہی گیا۔۔۔نائل نے بہت غور سے اس کے بدلتے موڈ سے اس کے ہونٹوں کے کنارے پر آئی مسکراہٹ دیکھی تھی وہ سچ ہی کہ رہی تھی اس ڈیڑھ ماہ میں اسنے شاید ایک بار ہی ولیہ کی تعریف میں کچھ لفظ بولے تھے وہ الگ بات تھی ہر بار اسے دیکھ کر اسے اپنے دل میں ہل چل ہوتی محسوس ہوئی تھی

مجھے نہیں لگتا خوبصورت چیزوں کو کبھی تعریف کی ضرورت پڑتی ہے!حسبِ معمول اس کے بالوں سے کھیلتے ہوئے اسنے اپنی طرف سے بہت رومینٹک بات کی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا تھا کے ولیہ نے پلٹ کر اس سے اپنے بال چھڑوا کر افسوس سے اسے دیکھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک بیوی کو ہمیشہ اپنے شوہر کی تعریف کی ضرورت رہتی ہے لیکن یہ بات کبھی مرد سمجھتا ہی نہیں ہے!اس کے کہنے پر نائل نے حلق تر کیا

Posted On Kitab Nagri

یار مجھے ان سب چیزوں کا نہیں پتا۔۔۔لیکن میں اتنا جانتا ہوں تم مجھے ہر حال میں سب سے الگ اور خوبصورت لگتی ہو اب یہ بات میں تمہیں دن رات تو کہنے سے رہا۔۔۔وہ ایک بار پھر ایک اچھی بات غلط انداز میں کر چکا تھا

ہٹیں مجھے ناشتہ بنانا ہے!وہ اسے پیچھے دھکیلتی اپنے بال لپیٹ کر بولی

کوئی ضرورت نہیں ہے آج ناشتہ میں خود بناؤ گا !

بہت شکریہ مجھے آپ کی ہیلپ کی ضرورت نہیں ہے!غصے سے کہتی وہ آگے بڑھ گئی جب نائل نے ایک جھٹکے سے اسے قریب کیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ تم ہر وقت اس موڈ میں کیوں رہتی ہو تمہیں کہیں پتا تو نہیں لگ گیا کہ تم غصے میں مزید خوبصورت لگتی ہو!وہ جس انداز میں بولا ایک لمحہ لگا تھا ولیہ کو سر تا پیر سرخ ہونے میں پہلا نشانہ صحیح جگہ پر لگا تھا

****

Posted On Kitab Nagri

وہ پندرہ منٹ سے اس لگا تار اسے جینز پر گرے شرٹ پہنے ماتھے پر بکھرے بالوں سے پروفیشنل انداز میں بریڈ سیکتی دیکھ رہی تھی

ایسے مت دیکھیے مشکل ہو جائے گی!اس کی نظروں خود پر محسوس کر کے وہ انڈہ تاوے پر ڈالتا بولا کے اس کی بات پر وہ پزل سی ہوئی

جی نہیں میں آپ کو نہیں دیکھ رہی تھی میں کہ رہی تھی یہ میں کر لیتی ہوں !

نہیں یہ سب میں خود ہی بناؤں گا!اس کے ضدی انداز پر وہ سر ہلاتی پلیٹ نکالنے لگی جب اگلے ہی لمحے اس کی جھنجھلاہٹ بھری گرج کچن میں گونجی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واٹ ڈا ہیل۔۔۔یہ اتنا اچھل کیوں رہے ہیں!وہ اوئل کے چھنیٹے بازو پر لگنے سے جھنجھلا کر بولا کے اس کی حالت ہر ولیہ نے بے ساختہ اپنی ہنسی دبانے کو چہرہ نیچے کیا تھا

آپ کر لیں نا آپ کو تو ہیلپ کی ضرورت نہیں تھی!وہ جان کر اسے چھیڑنے کو بولی

Posted On Kitab Nagri

اوکے فائن میں خود کرلوں گا! تیش سے کہتا وہ پھر سے انڈے سے جنگ میں لگ گیا کچھ دیر اس مغرور شہزادے اور انڈے کی لڑائی انجوائے کرنے کے بعد وہ خود اس کے چمچ لے گئی

ہٹیں میں دیکھتی! اپنی مسکراہٹ دبائے وہ چولے کے سامنے آئی تھی خلافِ توقع نائل نے کوئی اعتراض نہیں کیا وہ کب سے اسے آنے کے انتظار میں تھا

یہ بریڈ اور ایک بھی ہماری طرح ہے دیکھوں بریڈ کرتنے آرام سے تیار ہو گئی بلکل میری طرح جبکہ ایگ تمہاری طرح چنگار

آپ کا کیا خیال ہے نائل کاظمی میں یہ سارا گرم گرم اوئل آپ پر انڈیل دوں؟ وہ بیچ میں ہی اچکتی غرائی کے اس کی بات ہر نائل مسکرا کر اس کے کندھے پر اپنی تھوڑی ٹکائے اس کی خوشبو سے پر سکون ہوتا آنکھیں موند گیا

اہمم اہمم۔۔۔وفا کے کھنکھارنے سے وہ بدمزہ ہو کر پیچھے ہوا

Posted On Kitab Nagri

ویسے بھائی رو مینس انسان کو اپنے روم تک ہی رکھنا چاہیے !اب کے بولنے کی باری زارون کی تھی جو وفا کے پیچھے کی کچن میں داخل ہوا تھا اس کی بات سے ولیہ کو اپنے کانوں سے دھواں نکالتا محسوس ہوا اس کا بس نہیں چلا تھا نائل کا سر پھاڑ دے

تم مجھے چھوڑوں اور یہ بتاؤ تم وفا کے پیچھے پیچھے کیا کرنے آئے ہو !وہ کہاں ادھار رکھنے والوں میں سے تھا

بھائی۔۔۔زارون نے اسے آنکھیں دیکھائی

بھائی کے بچے۔۔۔پڑھائی پر دھیان دیا کرو !وہ وفا کے لیے اس کی پسندیدگی محسوس کر چکا تھا مگر وشمہ کے لیے اس کے جزبات سے بھی واقف تھا وفا اسے زارون کے لیے اچھی لگی تھی اور وہ آج کل میں اس کے مطلق ارسلان صاحب سے بات بھی کرنی والا تھ مگر اس سے یہ بات کر کے ہواؤں میں اڑانا نہیں چاہتا تھا

Posted On Kitab Nagri

میں تو بس پانی لینے آیا تھا!زارون نے تھوک نگلا جبکہ دوسری طرف وہ دونوں شرمندہ سی اس ان دونوں بھائیوں کو دیکھ رہی تھیں

نائل!ولیہ نے اس کی تواجہ اپنی طرف کروائی تو وہ اس کی نظروں کا اشارہ سمجھتا وفا کو شرمندہ دیکھ کر اس سے مخاطب ہوا

تم کیوں شرما رہی ہو میں تو اپنے اس نالائق بھائی کی ٹانگ کھینچ رہا تھا۔۔۔یہ کل بھی پروین بی بی کی موجودگی میں کچن میں آگیا تھا!اپنی ملازمہ کا نام لے کر اسنے گویا بم پھوڑا تھا وفا کے سر پر

بھائی۔۔۔کل تو میں سچ میں پانی لینے آیا تھا آپ پھوپھو کیوں بن گئے ہیں!اس کی بات ہر زارون لب بھینچے روہانسی ہوا جس پر کچن میں ان تینوں کے قہقہے بلند ہوئے تھے

ناشتہ کرنے کے دروان بھی وہ لاونج میں بیٹھیں رباب بیگم سے نظریں چراتی رہی تھی جبکہ دوسری طرف وہ اتنی محبت پاش نظروں سے سے ان دونوں کو ساتھ ناشتہ کرتے دیکھ رہی تھیں

Posted On Kitab Nagri

میں ڈیرے سے چکر لگا کر آرہا ہوں تم ریڈی رہنا آج ڈنر باہر کریں گے !وہ نیپکن سے ہاتھ صاف کر کے اٹھتا کسی کا بھی لحاظ کیے بغیر اس کے سر پر بوسا دے کر باہر نکل گیا کے اس کی حرکت پر وہ ارد گرد نظریں ڈرائے سٹپٹائی

میں نے کچھ نہیں دیکھا۔۔۔سامنے سے باہر جاتے سبحان کے فقرے نے اسے مزید شرمندہ کر دیا تھا

****

بات سنو۔۔۔وہ اپنے روم کی طرف جا رہی تھی جو اسے فلحال سائمہ بیگم نے دیا تھا جب زارون نے اسکا راستہ روکا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بولو۔۔۔انداز عام ہی تھا

مجھے تمہیں بتانا تھا کے بھائی مزاق کر رہے تھے اس میں کوئی سچائی نہیں تھی۔۔۔وہ اس کے وضاحت دینے پر حیران تھی

Posted On Kitab Nagri

مجھے پتا ہے نائل بھائی مزاق کر رہے تھے تم مجھے کیوں واضاحت دے رہے ہو؟

کیوں تم مجھے پسند ہو اور جو لوگ مجھے پسند ہوتے ہیں میں انہیں اپنی طرف سے مایوس نہیں ہونے دیتا!

ایک ایک لفظ چبا کر کہتا وہ اسکا ہاتھ تھامنے لگا جب وفا نے اپنا ہاتھ پیچھے کیا

اس کی حرکت پر وہ غصے میں آنے کے بجائے مسکرا دیا

شاید تمہاری حیا ہی مجھے تمہاری طرف کھینچ رہی ہے! وہ بند دروازے کو دیکھتا بولا جو وہ ابھی بے ترتیب ہوتی دھڑکنوں سے دروازہ اسکے منہ پر مار کر گئی تھی

شام کے ساتھ بجے کے قریب وہ گھر واپس لوٹا تھا ولیہ کو گھر پہنچنے سے پہلے ہی اسے تیار رہنے کا کہہ دیا تھا اس کے کہنے کے مطابق وہ مکمل تور پر آج اس کے لیے تیار ہوئی تھی

Posted On Kitab Nagri

نائل روم میں داخل ہوا تو وہ اس کے فیورٹ کلر یعنی موو پرپل کلر کے سوٹ میں ساتھ ہم رنگ حجاب کیے ڈوپٹے کو ایک سائد پر ڈالے لائٹ سے میک اپ پر پینک لپ اسٹک لگائے پاؤں میں پرپل ہیل پہنے کھڑی فلحال اس کے لیے امتحان بن کر کھڑی تھی

مجھے لگ رہا ہے ڈنر کینسل کرنا پڑے گا !

کیوں ؟اب تو میں تیار بھی ہو گئی !وہ اس کی بات کا مطلب سمجھے بغیر اس کی طرف بڑھی کے ہیل کے باعث اس کے قدم گمگائے کے نائل نے تیزی سے اسے تھاما تھا

کیوں پہنتی ہو تم لڑکیاں یہ ہیل جب چلا نہیں جاتا تم سے !وہ اس کو گھورتے ہوئے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تو آپ کو کس نے کہا تھا اتنے لمبے ہو جائیں !وہ الٹا اسے الزام دے گئی

مجھے کوئی ایشو نہیں ہے تم مجھے اس کے بغیر ہی زیادہ اچھی لگتی ہو اگر گر جاتی تو؟وہ اس پر نظریں جمائے بولا

Posted On Kitab Nagri

نہیں گرتی!وہ اعتماد سے بولی

کیوں؟

کیوں کے مجھے پتا تھا آپ مجھے تھام لیں گے!اسکے اعتماد پر نائل نے بے ساختہ اسکا تھاما ہوا ہاتھ پہلے لبوں اور پھر آنکھوں سے لگایا

مجھے صرف دو منٹ دو میں چینج کر کے آیا!اس کے کہنے پر وہ سر ہلائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دو منٹ کا کہ کر وہ پورے بیس منٹ بعد فریش سا نیچے آیا تھا سب کو آگاہ کر کے وہ لوگ ایک خوبصورت سے رسٹورینٹ آئے تھے ولیہ اس دروان ایک لمحے کے لیے بھی اس سے الگ نہیں ہوئی تھی وہ ہر جگہ اسکا بازو تھامے ہوئے تھی

وجہ اس سے محبت نہیں بلکہ میر شہزاد اور اس شخص کا خوف تھا جو نائل کو بری طرح تکلیف دے رہا تھا

Posted On Kitab Nagri

نائل؟ کھانا کھاتے کھاتے اسنے اسے مخاطب کیا

ہمم؟

آپ نے کبھی سوچا تھا آپ کی شادی مجھ سے ہو جائے گی؟ وہ کچھ اچھا سننے کی نیت سے بولی

انسان کو برے وقت کا پتا ہی کب لگتا ہے! جواباً وہ اسے دیکھے مسکراہٹ ضبط کیے بولا جس پر ولیہ نے اپنے ہاتھ میں موجود کانٹا خاصا جتانے والے انداز میں ٹیبل پر رکھا کے اس کی اس ادا پر ہی تو نائل کاظمی دل ہارے بیٹھا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور تم نے کبھی سوچا تھا تمہاری شادی مجھ سے ہو جائے گی؟ اس کے ہاتھ میں کانٹا دیکھ کر وہ بات بدل گیا

Posted On Kitab Nagri

نہیں میں بری چیزیں نہیں سوچتی تھی بلکہ مجھے لگتا تھا میری شادی زارون یا سبحان جیسے.....بولتے بولتے اس کی نظر نائل کے ہاتھ پر گئی جو اب مٹھی کی صورت بند تھا اسنے چہرہ اٹھا کر نائل کے تاثرات دیکھنے چاہے جہاں موجود تاثرات اسے کہیں سے بھی مسنوئی نہیں لگے

لیکن میں خوش ہوں اللہ نے مجھے سب سے ہنڈسم اور ہٹلر ہسبنڈ دیا ہے!وہ اس کی سرمئی آنکھیں دیکھتی بات سنبھالنے کو بولی

تمہیں لگتا ہے میں لڑکیوں کی طرح تمہاری تعریف پر سب کچھ بھول کر شرما جاؤں گا؟نائل نے حیرت سے اسے دیکھا

تو اس میں بری بات ہی کیا ہے آپ شرمالیں میں بھی آپ کا شرمایا روپ دیکھنا چاہتی ہوں ویسے لڑکے کیا شرماتے ہوئے اپنا منہ ہاتھوں میں چھپاتے ہونگے؟اس سے کہ کر وہ خود سوچ میں پڑ گئی جبکہ نائل نے اس کی عقل پر افسوس کر کے پورے اس خوبصورت محال میں نظر ڈرائی جس میں کوئی رومینٹک بات کی بجائے اس طرح کت سوالات لیے بیٹھی تھی

Posted On Kitab Nagri

لیکن آپ کیوں شرمائیں گے آپ تو خیر سے بے شرمی میں اول نمبر ہے!وہ اسے جھرجھری لیتا دیکھ کر بولی

میں پہلی بار کسی کو یوں ڈنر پر لایا ہوں اور ایک تم ہو اسے انجوائے کرنے کے بجائے ان سولات میں پھنسی ہو؟وہ فورک سے مچلی کا بائٹ لیتا کہنے لگا

پہلی بار؟آپ نے کبھی کسی کے ساتھ ڈیٹ نہیں ماری؟ایک اور بے تکا سوال آیا جس پر وہ نفی میں سر ہلا گیا

تو آپ کی کوئی گرل فرینڈ بھی رہی کیا؟وہ اسکے شادی کے شروع کے دنوں میں بولنے والے جھوٹ کی تصدیق چاہتی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں....میرے پاس ان چیزوں کا ٹائم نہیں ہوتا تھا!نائل نے عام سے انداز میں کہا

جھوٹ میں مان ہی نہیں سکتی!

Posted On Kitab Nagri

مان جاؤ.....میں صرف تمہارے لیے ہی نہیں سب کے لیے ہٹلر رہا ہوں!وہ آنکھ دبا کر بولا

تو پھر وشمہ ؟اسے بے ساختہ ہوٹل والی بات یاد آئی

اس کا سین الگ ہے اس کے بارے میں مجھ سے کوئی سوال نہیں کرنا!اب کے وہ سنجیدہ ہوا ولیہ نے وشمہ کے نام پر اسکی پیشانی پر پڑتے بل بہت غور سے دیکھے تھے

رات کے تقریبا نو بجے وہ لوگ واپس گھر آئے تھے جہاں سب کو کھانے کی ٹیبل پر بیٹھے دیکھ کر وہ دونوں اس جانب آئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہاں تھے آپ دونوں؟دادا سائیں نے سوال کیا

ڈنر پر گئے تھے....اپنی بزی روٹین میں ولیہ کو ٹائم نہیں دے پاتا اسلئے آج ڈنر پر لے گیا تھا!وہ نرمی سے جواب دینے لگا

Posted On Kitab Nagri

وہ تو ٹھیک ہے لیکن کیا آپ ہمیں بتانا پسند کریں گے ایسا کونسا کام ہے آپ کا جو آپ اتنے مصروف رہتے ہیں! دادا سائیں کے اگلے سوال پر اسنے کن اکھیوں سے فرحان صاحب کو دیکھا جو ہمیشہ کی طرح بھکلا گئے

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

میں آپ کو پہلے بھی کے چکا ہوں میں آپ کو جواب نہیں دے سکتا!اس بار اسکے لہجے میں لحاظ تھا شاید ولیہ کی محبت کا اثر تھا

نائل مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے میرے ساتھ آؤ...اس سے پہلے دادا سائیں اس کی بات پر آگ بغولہ ہوتے فرحان صاحب نے بات سنبھالنے کو کہا جس پر وہ سر کو خم دیتا ان کے ساتھ باہر نکل گیا

ارسلان یہ تمہارے بیٹے کی آخری بد تمیزی تھی جو میں برداشت کر گیا!ان کے کہنے پر ارسلان صاحب سے زیادہ ندامت ولیہ کو ہوئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

****

کیا ضرورت تھی ایسے بات کرنی کی؟فرحان صاحب اسے ڈپٹتے بولے

Posted On Kitab Nagri

تو اور کیسے کرتا ایک یہی طریقہ ہے جس پر وہ اگلا سوال پوچھنے کے بجائے غصے سے چپ ہونگے !وہ کندھے اچکا گیا

سدھر جاؤ !

پہلے آپ !ان کے کہنے پر وہ آنکھ دبا کر بولا جس پر فرحان صاحب مسکرا گئے

شرم کرلو... سینئر ہوں تمہارا ساتھ کے ساتھ چچا بھی ہوں اور اب تو سسر بھی بن گیا ہوں کسی ایک رشتے کا تو خیال رکھا کرو !وہ اسے گھورتے ہوئے بولے

کبھی فرصت ملی تو اس معاملے پر بھی نظر ثانی کریں گے !وہ ہنوز لاپرواہی سے بولا جس پر فرحان صاحب نے بے اختیار نفی میں گردن ہلائی

اچھا یہ چھوڑوں... مجھے تم سے ضروری بات کرنی ہے !اس بار وہ قدرے سنجیدگی سے کہنے لگے

Posted On Kitab Nagri

ہمم بولیں !

کہاں تک پہنچی انکوائری؟کچھ پتا لگا اس سب کے پیچھے کون تھا!...

کوئی سیرہ ہاتھ نہیں لگ رہا!وہ ضبط سے بولا

تم نے ولیہ سے پوچھا؟

اتنی ہمت نہیں ہے مجھ میں !

نائل یہ وقت جزباتی ہونے کا نہیں ہے...تم سینر آوفیسر ہو کر اس طرح جزبات سے کام لوگے کیا ہو گا؟ولیہ سے ڈٹیلیز لو تا کہ ہم آگے کی کاروائی کر سکیں...وہ اس کا کندھا تھپتھپا کر اسے ایسے ہی سوچ میں چھوڑے چلے گئے تھے

نجانے کتنی ہی دیر وہ ایسے ہی لان میں ٹہلتا رہا پھر اپنے روم میں آکر اسٹڈی میں بند ہو گیا

Posted On Kitab Nagri

وفا کے ساتھ کچھ وقت گزارنے کے بعد وہ واپس اپنے کمرے میں آئی جہاں وہ اسے روم میں کہیں دیکھائی نہیں دیا کچھ سوچتے ہوئے وہ بلکنی کے بعد اسٹڈی میں آئی جہاں وہ اسے صوفے پر نیم دراز لیٹا سگریٹ کے کش لیتا نظر آیا

آپ روم میں نہیں آئیں گے ؟اس کی آواز پر نائل نے آنکھیں کھولی فرحان صاحب کی باتیں اب تک اس کے ذہن میں گردش کر رہی تھیں سب سے دھر ہلے سے ہر بات کہ دیناوالا نائل کاظمی نجانے کتنے دنوں سے اس سے بات کرنے کے لیے لفظ تراش رہا تھا

نہیں....مجھے کچھ کام ہیں جاتے وقت دروازہ بند کر دینا!اس کے سرد لہجے پر وہ خجل سی ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کام تو کل بھی ہو سکتا ہے آپ نے تو آج پورا دن مجھے دینا تھا آجائیں نا میں بے مووی بھی سلیکٹ کر لی ہے !

میں مووز نہیں دیکھتا اب پلزز جاؤ!!اس کے سرد پن پر وہ سوچ میں پڑ گئی

Posted On Kitab Nagri

آپ مجھ سے خفا ہیں کیا؟ کچھ دیر کی خاموشی کے بعد اس کی اداس آواز پر نائل کو بے ساختہ خود پر افسوس ہوا

کم ہیئر!!!وہ دھیلے سے انداز میں بولا کے اس کی بھاری آواز پر ولیہ کا دل اچھل کر حلق میں آیا

یہاں آؤ!اب کے وہ آہستہ آہستہ قدم بڑھاتی اس کے پاس آئی جب وہ اسے اپنے ساتھ بیٹھاتا اس کے گرد بازو کا حصار قائم کر گیا

میں کیوں خفا ہونگا؟اس کے انداز میں محبت تھی جو ولیہ کو سمٹنے پر مجبور کر رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو پھر ہم مووی دیکھیں؟وہ ایکسائٹڈ سی بولی

وہ بھی دیکھتے ہیں پہلے مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے !

Posted On Kitab Nagri

کیا بات؟

اس دن جب یونی سے وہ لوگ لے گئے تو جس نے بعد میں.....اس کی بات کا مطلب جانتے ہی وہ بے اختیار اٹھنے لگی جب نائل اس کے ہاتھ پر گرفت مضبوط کی

ولیہ مجھے اس شخص تک پہنچنا ہے اگر تم ہی میرا ساتھ نہیں دو گی یار تو کون دے گا...!وہ اس کا ہاتھ پکڑے شدت سے بولا جبکہ وہ اس وقت صرف کسی طرح یہاں سے بھاگنا چاہتی تھی

.مزاحمتیں بیکار ہیں آج جب تم مجھے بتاؤ گی نہیں میں تمہیں جانے نہیں دوں گا!اس نے بے بسی سے نائل کو دیکھا جو اسے کھینچ کر اپنے حصار میں لے گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بولو....میرا یقین کرو!وہ اسکے بال سہلاتا محبت سے بولا

مجھے اس کے بارے میں کچھ نہیں یاد میں نشے میں تھی!کہتے کہتے وہ اس منظر میں جا رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

کچھ تو یاد ہو گا

مجھے صرف اتنا یاد ہے اس کے چہرے پر ماسک تھا صرف اس کا ماسک نظر آ رہا تھا اور.....اسنے ذہن پر زور دیا

اور؟

اور جب وہ میرے قریب آیا....نائل نے بے ساختہ اپنی مٹھیاں بھینچی

تو میں نے جب اسے دور کرنا چاہا تو اس کی چین میرے ہاتھ میں آئی جس پر بڑا سا M کا لیٹر تھا اس سے زیادہ مجھے کچھ نہیں یاد !...

اسنے کچھ بولا تھا؟ ذہن پر زور دالو! اس کے کہنے پر وہ مزید سوچنے لگی

Posted On Kitab Nagri

"بربادی.... تمہارے شوہر کی بربادی!نائل کاظمی کی بربادی ہوں میں بہت عزت دار بنتا ہے وہ بہت انا پرست ہے اس کی انا آج میں اس کی عزت برباد کر کے خاک میں ملادوں گا"!

اس کے الفاظ ذہن میں آتے ہی وہ اسے بتا گئی

اس سے زیادہ کچھ نہیں !

ٹھیک ہے!چلو اب مووی دیکھتے ہیں وہ خود پر ضبط کیے اسکے ٹھنڈے پڑتے ہاتھوں کو نرمی سے پکڑے کھڑا ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے نہیں دیکھنی اب کوئی مووی!جواباوہ سپاٹ انداز میں بولی

پھر کیا کرنا ہے میری جان؟خود کو نارمل کر کے وہ اسے اپنی طرف کھینچتا بولا کے اس کے طرز مخاطب پر وہ اتنے گھمبیر ماحول میں بھی نظریں جھکا گئی

Posted On Kitab Nagri

اگلے ہی لمحے نائل نے جھک کر اس کے گلابی ہوتے گالوں کا بوسہ لیا کے اس کی حرکت پر وہ اسے اس ماحول سے نکال کر خود میں سمٹی سی تھی

آآآپ ککو کام تھا!اسے مزید خود کے قریب ہوتے دیکھ کر وہ اس کے سینے پر ہاتھ رکھے بولی

کتنی بار کہا ہے آپ سے بیگم جب اسطرح شرماتی ہیں تو گستاخی پر مجبور کر دیتی ہیں.....رومانی انداز میں کہتا وہ اس کے لبوں پر جھکے اس کی زبان پر تالا لگا گیا

کچھ لمحوں بعد اسے آزادی بخش کر وہ اسے دیکھنے لگا جو گہری گہری سانسیں لیتی اسے دیکھنے تک کی ہمت نہیں کر پا رہی تھی جو موو بے گلے کی شرٹ میں بالوں کا رف سا جوڑا بنائے سفید رنگت پر سرخ گلابی گال لیے اس کے جزبات اجاگر کر رہی تھی

آآآپ کام کر لیں!اس کے تاثرات دیکھ کر وہ آگے بڑھنے لگی جب وہ ایک ہی جست میں اسے بازوؤں میں بھرے روم میں لایا

Posted On Kitab Nagri

کام میں دل لگنے کب دیتی ہیں آپ!گھمبیر میں کہتی وہ اس پر جھکا سا تھا کے اس کی بات پر وہ بری طرح سٹپٹائی

ننائل!اس کا لمس اپنی شے رگ کے قریب محسوس کر کے صیح معنیوں کی اس کی جان ہوا تھی

نائل.....اب کے اس کی آواز قدرے اونچی تھی جس پر وہ اسکے لبوں پر انگلی رکھتا سائد لیپ اوپ کر گیا

****

دن جیسے چٹکیوں میں گزر رہے تھے وہ آج نجانے کتنے دنوں بعد اسے صبح کے وقت دیکھ رہی تھی ورنہ عموماوہ رات کو دیر سے آتا اور کچھ ہی دیر اس کے ساتھ گزارنے کرنے کے بعد وہ پھر سے آوفس کے لیے نکل جاتا

جلدی کرو یار ہم لیٹ ہیں!وہ اسے واچ پکڑاتی

Posted On Kitab Nagri

ہم؟وہ حیران ہوئی

ہاں کیوں کے میں نے تمہیں پہلے یونی چھوڑنا ہے اور پھر وہاں سے آگے نکلنا ہے!وہ واچ پہن کر اب ٹائے پہنے لگا جب ولیہ نے اسکے ہاتھ تھامے

میں پہنا دیتی ہوں!

نوازش....اس کے کہنے پر وہ ریلیکس انداز میں ڈریسنگ کے ساتھ ٹیک لگا گیا

مجھے اس طرح مت دیکھیں!اس کی نظروں سے الجھتی وہ اسے گھورتے ہوئے بولی جس پر وہ بے ساختہ مسکرا گیا

تو پھر کیسے دیکھوں؟وہ گھمبیر لہجے میں بولا

Posted On Kitab Nagri

ان چیزوں کے لیے دیر نہیں ہوتی آپ کو؟اسکے رومانی انداز پر وہ ٹائی کو آخری گراہ لگاتی بولی جس پر وہ نفی میں سر ہلا گیا

اچھا یہ بتاؤ چل رہی ہو نا یونی؟

آپ آج جلدی آئیں گے یا لیٹ ہو جائیں گے؟اسنے ایک بار پھر بات بدلنی چاہی کے اس بار نائل کی خوبصورت پیشانی پر بل پڑے

تم مجھے اگنور کر رہی ہو؟اب کے وہ خاصا سختی سے بولا

جی کیوں کے میں آپ کو بتا چکی ہوں مجھے نہیں جانا کالج !

کیوں فیل ہو کر میری ناک کٹوانے کا ارادہ ہے؟کیا کہوں گا میں سب سے کے میری نالائق بیوی فیل ہو گئی؟اس کی بار پر ولیہ کا دل چاہا اسی ٹائی سے اسکا گلہ گھونٹ دے

Posted On Kitab Nagri

میں نالائق نہیں ہوں وہ فوراسے بولی !

لیکن حرکتیں تو وہی ہیں پیپیر سر پر ہیں تمہارے اگر اس طرح کرو گی تو کیسے چلے گا؟حنا بھی تو شامل تھی اس واقعے میں لیکن کتنی اسٹرونگ ہے وہ !

اس کے ساتھ وہ نہیں ہوا تھا جو میرے ساتھ ہوا ہے!اس کے کہنے پر وہ برے طریقے سے چلائی

تمہارے ساتھ بھی کچھ نہیں ہوا.....میری جان اور جو ہو گیا وہ ہو گیا مضبوط بنو میں ہوں تمہارے ساتھ !!نائل اسے حصار میں لیے اسکے بالوں پر لب رکھے بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے میں چلوں گی !

گڈ گرل!جلدی کرو!اس کے کہتے ہی وہ تیزی سے حجاب لپیٹ کر اس کے ساتھ باہر آئی

کہاں جا رہی ہو ولی؟وفا اسے جاتا دیکھ کر پوچھنے لگی

Posted On Kitab Nagri

یونی!

اسے بھی لے جائیں بھائی اس نکمی میں پڑھنا نہیں ہے!زارون کے کہنے پر وہ منہ بسور کر اسے دیکھنے لگی اس دن کے بعد یہ پہلی بار تھا جب اسنے اسے مخاطب کیا تھا

ویسے کم نکمی تو تمہاری یہ ولی بھی نہیں....!اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی ولیہ نے زوردار کوئی اس کے پیٹ پر ماری

آہ جنگلی بلی...!اس کے کراہنے پر زارون پر وفا دونوں کا قہقہ بلند ہوا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رینٹ؟کالج کے سامنے گاڑی روک کر وہ اس سے مخاطب ہوتا اسکا منہ کھلوا گیا

آپ اب بھی مجھ سے رینٹ لیں گے؟وہ صدمے سے بولی

Posted On Kitab Nagri

"ہاں اصول تو اصول ہیں نا...." نائل نے کندھے اچکائے

کتنے دوں؟ وہ اپنا بیگ کھولنے لگی نائل نے ایک اسکا بیگ کھولتا ہوا ہاتھ پکڑا.

یہ نہیں!

پھر؟ وہ ابرو اچکا کر اسنگ دیکھنے لگی جب وہ ایک انگلی اپنے گال پر رکھ گیا

کبھی نہیں! اس کی بات پر وہ سرخ ہوتی نظریں پھیر گئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے پھر میں بھی ڈورا ان لوک نہیں کروں گا! وہ باضد ہوا

نائل؟ اب کے ولیہ خاصا جھنجھلائی تھی

کے چکا ہوں! اسکا انداز ہنوز ضدی تھا

Posted On Kitab Nagri

آپ کتنے بے شرم ہیں! جھنجھلا کر کہتی وہ اس کے قریب ہوئی

جلدی کرو میں لیٹ ہوں! اسے آنکھیں مچے اپنے قریب دیکھ کر وہ محفوظ ہوتا بولا اگلے ہی لمحے وہ اس کے گال پر لب رکھ گئی

اب کھولیں دروازہ! وہ سرخ سی کھڑکی کے باہر دیکھتی بولی کے نائل اسے کھینچ پر ایک زوردار بوسہ اس کی پیشانی پر دیتا اسے ایسے ہی دھواں دھواں ہوتے چھوڑ گاڑی زن سے بڑھا گیا

اللہ ہی اس شخص کو ہدایت دے! وہ دھواں دھواں ہوتی کالج میں داخل ہوئی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے ارے ابھی تو گرمیاں بھی نہیں تم کیوں اتنی سرخ ہو رہی ہو؟ یونی کے داخل ہوتے ہی وفا اس کے پاس لپکی

یہ تم نے کونسے جن چھوڑے ہوئے میرے پیچھے جو تمہیں میرے آنے کی خبر پہلے ہی پہنچا دیتے ہیں؟

Posted On Kitab Nagri

نائل بھائی نے بتایا ہے!حنا مسکرا کر بولی مگر آج اس کے لہجے میں وہ ایکسائٹمنٹ نہیں تھی

بہت نہیں بن رہی تم دونوں کی؟وہ ابرو سیکڑے بولی

تمہیں جیلسی ہو رہی ہے کیا؟حنا نے سر جھٹکا جب ولیہ کی نظر اس کے چہرے پر موجود نشانات پر گئی

یہ تمہیں کیا ہوا؟وہ یکدم سنجیدہ ہوئی جبکہ حنا محض نظریں چرا گئی

تمہارے ڈیڈ نے پھر ہاتھ اٹھایا ہے تم پر؟اب کے وہ غصے سے سرخ ہوئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چھوڑو نا یار !

ایسے کیسے چھوڑ دوں؟تمہارے ڈیڈ کے خلاف کسی دن کمپلین کروادوں گی پولیس میں!

Posted On Kitab Nagri

ولیہ میرے ابو ہیں وہ! ہر بار کی طرح اسنے یہ ایک جملہ بولا مگر اس بار ولیہ نے اس بات کو یہیں ترک نہیں کیا

اب کس بات پر مارا؟

رشتہ لائے تھے ابو.... اپنے ہی جیسے کسی لڑکے کے لیے جوئے میں اس لڑکے کے کچھ پیسے کھا گئے جس کی وجہ سے مجھے اس کے پلے باندھ رہے ہیں

تو کیا وہ تمہیں بیچ رہے ہیں؟ ولیہ صدمہ سے بولی

چھوڑو بھی ہم کن چیزوں کو لے کر بیٹھ گئے ہیں....

کاش کے میرا کوئی بات ہوتا میں اس کی شادی تم سے کرواتی! ولیہ کے کہنے پر حنا تلخی سے ہنسی جب کے ولیہ افسوس سے سر جھٹک گئی

* *

Posted On Kitab Nagri

شام کے تقریناچار بجے وہ دونوں یونیورسٹی سے فری ہوئی تھیں

پرسوں سے پیپرز شروع ہیں پتا نہیں کیسے تیاری ہو گی!!وہ سر پکڑے بولی

یہ افسوس اب گھر جا کر منانا تمہارا کزن آ گیا ہے لینے!حنا اسکا کندھا جھنجھور کر بولی جو نجانے کہاں کھو گئی تھی

تم بھی چلو نا تمہیں بھی ڈراپ کر دیں گے!ولیہ نے آفر کی

نہیں ویسے بھی تمہارے کزن کے پاس بھی ٹائم نہیں ہو گا!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے نہیں یہ تو ویلا ہے!وہ سبحان کو دیکھ کر بولی جس پر حنا مسکرا کر اسکے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئی

پورے راستے ایک عجیب سی خاموشی رہی تھی سبحان ان دونوں لڑکیوں کی خاموشی پر حیرتزدہ تھا

Posted On Kitab Nagri

پہلے کسے اتاروں؟کافی دیر کی خاموشی کے بعد وہ ان دونوں سے پوچھنے لگا

مجھے اتار دیں!اسے ایک اور جھٹکا لگا تھا اس لڑکی کے تحمل سے جواب دینے پر

خاموشی سے اسے گھر اتارنے کے بعد وہ سیدھا کاظمی میشن آئے تھے

ولی؟وہ جو اندر جا رہی تھی اس کے پکارنے سے پلٹی

ہاں؟

یہ تمہاری دوست کی طبیت تو ٹھیک ہے نا؟وہ دل میں آیا سوال پوچھے بغیر نا رہے سکا

ہاں ٹھیک ہے کیوں؟

چپ چپ تھی ناوہ....!اسجان نظریں چرائے بولا

Posted On Kitab Nagri

تمہیں بڑی فکر ہو رہی ہے؟ ولیہ نے شرارت سے اسے دیکھا جبکہ وہ سر کھجا گیا

نہیں بس اسے جب بھی دیکھا ہے بولتے ہوئے دیکھا ہے اسئلے.....اور میں نے نوٹ کیا تھا اس کے چہرے پر کچھ نشانات بھی تھے !

ہاں ایسا ہی ہے وہ پریشان تھی !

لیکن کیوں؟ سبحان خود بھی نہیں جانتا تھا اپنے اندر کی اس بے چینی کو

تمہیں کیوں بتاؤ؟ ولیہ نے پھر سے اسکی ٹانگ کھینچی

بتا دو آئسکریم کھلاؤں گا! اسنے آفر کی جس پر پر سوچ انداز میں سوچنے لگی عیاں اسے یہ بات سبحان سے ڈسکس کرنی بھی چاہیے یا نہیں

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یار بس اس کے جو باباہیں وہ بہت عجیب سے ہیں...وہ دونوں اب آستہ آستہ قدم بڑھا کر اندر آرہے تھے

کیا مطلب؟

مطلب یہ کے وہ جوئے وغیرہ میں ملبوس ہیں اس کی وجہ سے وہ حنا پر ہاتھ بھی اٹھا جاتے ہیں اور اب تو حد ہی کر دی اسے اپنے جوئے میں کھائی رقم کے پیچھے بیچ رہے ہیں!اس کے انشاف پر سبحان نے حیرت سے اسے دیکھا

یہ تو غلط ہے ہمیں اس کے خلاف رپورٹ کروانی چاہیے!سبحان ضبط کیے بولا نجانے کیوں اسے برا لگا تھا اس لڑکی کی کہانی سن کر

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں بھی یہی چاہتی تھی مگر حنا ہر بار منع کر دیتی ہے اس کے ڈیڈ ہیں اسلئے میں زیادہ کچھ کہ بھی نہیں پاتی....

Posted On Kitab Nagri

وہ اس طرح کی لگتی تو نہیں کے اس کے ساتھ اتنے ظلم ہو رہے ہو! اسنے اپنے دل میں آیا سوال کیا

ہاں اس کا کہنا ہے وہ دھیٹ ہو چکی ہے تو پھر کیوں زور کے تماشے کے لیے وہ اپنی زندگی انجوائے نا کرے یونیورسٹی کی فیس بھی دادا سائیں پے کرتے ہیں دادا سائیں کو بہت پسند ہے وہ !

ہاں وہ ہے ہی ایسی! بے ساختہ اس کے منہ سے نکلا تھا جبکہ ولیہ نے اسے حیرت سے دیکھا

تم انٹرسٹڈ ہو اس میں؟

پاگل ہو میں کیوں انٹرسٹڈ ہونگا؟ سبحان نے ابرو اچکائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو پلیز زہو جاؤنا میرا اتنا دل ہے حنا میری بھابھی بن جائے.... اسکا انداز ایسا تھا عیاں وہ اسے کوئی کھلونا مانگ رہی ہو

تو تم زارون سے کہو یہ سب.... وہ بھی تو بیٹھا ہے !

Posted On Kitab Nagri

زارون کی شادی تو وفا سے ہو گی نا....روانگی میں بول کر اسنے بے ساختہ اپنے سر پر ہاتھ رکھا

تو موم واپس اسئلے آرہی ہیں؟وہ صدمے سے بولا اس کی بہن کے رشتے کی بات چل رہی تھی اور وہ اب بے خبر تھا

ہاں لیکن یہ بات کسی کو نہیں پتا نائل نے خود تائی ماں اور ارسلان بابا سے بات کی ہے!وہ اسے رازدانہ انداز میں بتا رہی تھی جسے سبحان بھی مزے لے کر سن رہا تھا

چلو اب تم روم میں جاؤ....!اسکے کہنے پر وہ گردن ہاں میں ہلاتی پلٹی کے اپنے پیچھے وشمہ کو دیکھ کر وہ دونوں ہی ٹھٹکے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم نے کچھ سنا تو نہیں؟ولیہ کی بیوقوفی پر سبحان نے افسوس سے اسے دیکھا جبکہ وشمہ فورا سے نفی میں سر ہلا گئی

Posted On Kitab Nagri

گڈ...ولیہ اسکا گال کھینچتی اپنے روم کی طرف بڑھ گئی کے اسکے جاتے ہی سبحان بھی باہر نکل گیا اسے وشمہ سے ہمیشہ کی نیگٹو وائبز آتی تھیں

****

ولی؟

چھ بجے کے قریب زارون اور وفا اسکے روم میں آئے وہ اس وقت اپنے کمرے میں بیٹھی کتابوں میں منہ دیے ہوئے تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں؟

نیچے چلو....معصب آیا ہے!زارون اسے اطلاع دینے لگا

تو میں کیا کروں نائل کے دوست ہیں!

Posted On Kitab Nagri

ڈفروہ تمہیں بلا رہا ہے!وہ دونوں تقریبا اسے گھسیٹتے ہوئے لان میں لائے تھے

اسلام و علیکم بھائی...عام دنوں کی نسبت آج معصب اسے زرا کنفیوز لگا

دعا سلام کے بعد اس کی طرف سے کی جانے والی بات پر وہ واقعی حیرت میں تھی وہ اسے اپنی اور رامشہ کی دوستی کے ساتھ ساتھ اسے اپنی پسندیدگی کا بھی بتا رہا تھا

آپ لوگ میرا ساتھ دیں گے نا؟معصب نے التجا کی

ہاں بلکل کیوں کریں گے آپ بس ٹائم بتائیں!ولیہ دل سے خوش تھی آج معصب ان سب کے سامنے رامشہ کو پرپوز کر کے اسکا ہاں سننے کے بعد اس کے گھر اپنی اور اسکی جلد از جلد شادی کی بات کرنے والا تھا اور یہ خبر سب کے لیے بلکل ہی نیو تھی وشمہ بھی ان سب میں ان کے ساتھ تھی مگر اسکا ذہن کہیں اور ہی الجھا ہوا تھا اب جو کرنا تھا اسے جلد ہی کرنا تھا

Posted On Kitab Nagri

معصب کے کہنے کے مطابق ٹھیک دو گھنٹے تک وہ سب لان کو خوبصورتی سے پھولوں سے ڈیکوریٹ کر چکے تھے کچھ ہی دیر میں رامشہ اور حنا بھی آگئی تھیں جسے ولیہ نے ایمر جنسی کا کہ کر بلایا تھا

مجھے کچھ بتاؤ تو صیح....وہ اپنی آنکھوں پر پٹی لگتی محسوس کر کے بولی

ابھی پتا لگ جائے گا!ولیہ اور وفا اسے لان میں لائے تھے اور پٹی کھلتے ہی جو منظر اسے دیکھنے کو ملا وہ نا قابل یقین تھا ابھی وہ سنبھلتی جب معصب نے گھٹنوں کے بل ہو کر اسکے آگے ایک رنگ کی تھی

ول یو میئری می؟اس کے سوال پر سب دم سادھے بس اب رامشہ کے جواب کے منتظر تھے

یس.....اس کے کہتے ہی سب نے ہوٹنگ کی تھی زارون نے بہت مہارت سے اس لمحے کو موبائیل فون میں قید کیا

رات کے دس بجے وہ سب فارغ ہوئے

Posted On Kitab Nagri

سبحان حنا کو چھوڑ دو گے تم؟ ولیہ کے پوچھنے پر وہ ہاں کہنے ہی لگا جب حنا کی آواز گونجی

نہیں اس کی ضرورت نہیں ہے!!!اس کے کہنے پر سبحام چپ سا ہو گیا

کیوں ضرورت نہیں ہے میرا دوست شریف ہے!ولیہ نے شریر لہجے میں کہا

بات اس کی نہیں ہے لیکن ان کے ساتھ میرا دماغ خراب ہوتا ہے وہ سفاک انداز میں کہتی سبحان کو دھنگ کر گئی

جس کا دماغ پہلے سے خالی ہو میں کیا اسے خراب کروں گا!جواب فٹ سے آیا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاہاہا لیکن جانا تو تمہیں سبحان کے ساتھ ہی پڑے گا اور میں اس سے زیادہ کچھ نہیں سنوں گی!ولیہ کے دو ٹوک انداز پر وہ چپ لگا گئی

Posted On Kitab Nagri

صبح والی بات کے بارے میں کچھ سوچ لینا لڑکی بری نہیں ہے!وہ حنا کو آگے بھیج کر سبحان کو کہنا نا بھولی جو اسکے سر پر ہلکی سی چٹ رسید کر کے آگے بڑھ گیا گیارہ بجے کے قریب وہ روم میں آئی تو نائل اسے صوفے پر بیٹھا لیپ ٹوپ یوز کرتا نظر آیا

آپ کب آئے؟وہ حیران تھی اسے روم میں دیکھ کر

کچھ دیر پہلے.....جواب سپاٹ تھا

مجھے پتا ہی نہیں لگا....وہ شیشے کے سامنے جاتی اپنا حجاب کھولے بولی رہی تھی

ہاں ظاہر ہے میرا پتا ہی کب لگتا ہے تمہیں!اس کے شکوے پر وہ ٹھٹکی

آپ کو پتا ہے آپ معصب بھائی نے اتنا زبردست پرپوز کیا ہے رامشہ کو....وہ بالوں کو کھلا چھوڑے اس کے پاس بیٹھتی عام سے انداز میں بولی مگر اس کہ بات پر نائل کے کی بوڈ ریوز کرتے ہاتھ رکے تو کیا وہ شکواہ کر رہی تھی؟

Posted On Kitab Nagri

ہاں مجھے بتایا تھا معصب نے!...

سب کچھ بہت dreamy تھا

تمہیں پتا ہے نا یہ سب مجھ پر سوٹ نہیں کرے گا!وہ عام سے انداز میں بولا کے اس کی بات پر وہ خاصی بدمزہ ہوئی

جی بلکل آپ پر تو کچھ سوٹ نہیں کرتا سوائے کھڑوس پن کے...پیر پٹک کر کہتی وہ آگے بڑھنے لگی جب نائل نے اس کی نازک سی کلائی ضبوطی سے تھامی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں تو آج تمہارے لیے کوئی گفٹ لایا تھا مگر مجھے لگتا مکھ جیسے کھڑوس سے تو تم گفٹ بھی نہیں لو گی!اس کے کہنے کی دیر تھی ولیہ ایکسائٹڈ سی دوبارہ اس کے ساتھ بیٹھی

کیا گفٹ؟

Posted On Kitab Nagri

پہلے کافی بنا کر لاؤ پھر دوں!اس کے حکم پر وہ بدمزہ ہوئی

لا دو یار.... کھانے کا تو پوچھا نہیں تم نے!اس نے مصومیت سے کہا جس پر وہ مسلرا اپنا ڈوپٹا اٹھاتی کچن کی طرف بڑھ گئی

ابھی اسنے روم سے باہر قدم رکھا ہی تھا جب اسکا پاؤں کسی کاڈر سے ٹکرایا

سی بی آئی؟وہ حیرتذدہ سی کاڈر پر لکھا نام پڑھنے لگی

تمہیں نہیں پتا تھا؟اپنے پیچھے سے وشمہ کی آواز سن کر وہ سرعت سے پلٹی وشمہ اس کا ہاتھ پکڑے اسے اپنے روم میں لائی

ڈونٹ ٹیل می ولی کے تم اس بارے میں کچھ نہیں جانتی؟وشمہ اسے حیرت کی مورتی بنی دیکھ کر بولی

Posted On Kitab Nagri

ممیں واقعی نہیں جانتی....وہ اب بھی حیرت میں تھی

تو پھر تو تمہیں ان کے پاسٹ کے مطابق بھی نہیں پتا ہو گا؟اس کے پوچھنے پر وہ نفی کر گئی

اوہ مائے گوڈ ولی.....نائل نے تمہیں پھر میرے اور ان کے بارے بھی نہیں بتایا؟وہ مسنوئی حیرت سے بولی

ککیا مطلب؟ولیہ نا سمجھی سے کہنے لگی

مطلب یہ کے تم جانتی بھی ہو نائل نے مجھ سے شادی سے انکار کیوں کیا تھا؟آئی ایم سوری ولیہ تمہیں سن کر ہرٹ ہو گا لیکن اگر میں نے تمہیں نہیں بتایا تو میں خود کو تمہارا گناہگار سمجھوں گی !

کیا مطلب ہے ان سب باتوں کا مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی؟

Posted On Kitab Nagri

تم سے شادی سے پہلے نائل نے میرے ساتھ زبردستی کی کوشش کی تھی اور جب میں نامانی تو وہ انہوں نے شاد...اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی ولیہ نے ایک زوردار تھپڑ اسے رسید کیا تھا

شٹ اپ بکواس کر رہی ہو تم نائل ایسے کر ہی نہیں سکتے!اس کے تھپڑ پر وشمہ نے حیرت سے اسے دیکھا اور پھر سرخ چہرہ لیے وہ اس کی طرف پلٹی جبھی زارون یہاں آیا

تمہیں یقین نہیں ہے مجھ پر؟زارون بتاؤ کیا اس دن میں نائل کے روم میں ملی تھی یا نہیں تمہیں؟اس نے اپنے طریقے سوال کیا

.وشمہ ٹھیک کہہ رہی ہے ولی!زارون اتنا کہہ کر باہر نکل گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تم بس ایک بار ولیہ کے سامنے میرے حق میں گواہی دے دینا زارون میں مان جاؤں گی تم نے مجھ سے محبت کی تھی تمہاری ایک گواہی سے میری اور ولیہ کی دوستی پھر سے پہلے جیسی ہو جائے گی اسے نائل سنبھال لے گے بعد میں اس کے بعد میں تمہارے اور وفا کے بیچ میں بھی نہیں آؤں گی وفا کے لیے ہی سہی لیکن میری بات مان لو!

Posted On Kitab Nagri

اس کے وشمہ کہ گئے لفظ اس کے ذہن میں گونجے تھے وہ اس محبت کے لیے اپنے بھائی کی جھوٹی گواہی دے کر آیا تھا جس کے لیے اسکا بھائی گھر کے سب لوگوں کو مناتا پھر رہا تھا

آپ ٹھیک ہے نا؟ سبحان اس کی خاموشی محسوس کیے بولا

جی کیوں؟ وہ حیران ہوئی اسکے سوال پر

ویسے ہی آج زبان نہیں چل رہی نا! اس کے کہنے پر حنا کا منہ کھولا کا کھولا رہے گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کو کیا ہے میری زبان چلے نا چلے؟ وہ منہ پھلائے کہتی سبحان کو کوئی بچی لگی

ویسے ہی میں نے کبھی آپ جیسی مخلوق دیکھی نہیں نا!

Posted On Kitab Nagri

اور میں بھی آپ جیسا عجوبہ نہیں دیکھا !....

گڈ....ویسے کب ہو رہی ہے آپ کی شادی؟اس کے اس سوال پر حنا نے بے ساختہ اسے دیکھا دل پر گھونسا سا لگا تھا

بس یہی اتار دیں!اس کی بات بدلنا سبحان نے نوٹ کیا

لیکن ابھی تو کافی راستہ ہے....

میں نے کہا مجھے یہی اتار دیں!وہ ایک ایک لفظ چبا کر بولی جس پر سبحان گاڑی روک گیا شاید اسکا یوں شادی کی بات کرنا اسے برا لگا تھا اس کے اترتے ہی وہ بے ساختہ سر پر ہاتھ مار گیا

آہ سبحان آہ..... مگر مجھے کیا میری بلا سے لگتا رہے اسے برا !

* *

Posted On Kitab Nagri

وہ بھاری بھاری قدموں سے کمرے میں آئی تھی نائل ہنوز اسے صوفے پر بیٹھا نظر آیا وہ اسے نظر انداز کرتی وہ بیڈ کی طرف بڑھی

)ولیہ پلیز مجھے غلط مت سمجھنا میں اپنی دوستی کی خاطر تمہیں حقیقت دیکھانا چاہتی تھی(

(تمہارے بتانے کا شکریہ لیکن مجھے تمہاری یا زارون کی کسی بات پر یقین نہیں ہے تم دونوں سے زیادہ بھروسہ مجھے نائل پر ہے!)وہ اس سے یہ الفاظ کہہ تو آئی تھی مگر دل بار بار اس کی باتوں کی طرف جا رہا تھا

کافی نہیں لائی تم؟وہ سے بیڈ پر لیٹتے دیکھ کر بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے!مری مری سی آواز میں کہتی وہ بازو اپنی آنکھوں پر رکھ گئی کے اس کے کہتے ہی نائل لیپ ٹوپ ٹیبل پر رکھے اس کے پاس آیا

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا اچانک سے طبیت کو؟ وہ فکر مندی سے اسکا بازو آنکھوں سے ہٹاتا اس کے چہرے پر اپنا ہاتھ رکھے بخار چیک کرنے لگا

کچھ نہیں آپ جائیں یہاں سے سر درد ہے سونے سے ٹھیک ہو جائے گا! وہ تلخی سے بولی نا چاہتے ہوئے بھی وہ اس سے لہجہ نارمل نہیں رکھ پا رہی تھی شاید فطری عمل ہے عورت مرد پر یقین تو رکھتی ہے مگر کبوتر کی طرح آنکھیں بند کرنے سے بھی ڈرتی ہے جبکہ اس کی نسبت ایک مرد کا یقین عورت سے کہیں زیادہ بختہ ہوتا ہے

تو کھانا نہیں کھایا ہو گا نا تم نے میں کھانا لے کر آتا ہوں! وہ اٹھنے لگا جب ولیہ نے اسے روکا

میں نے کھا لیا تھا خدا کا واسطہ ہے جائیں یہاں سے...اس کا یہ انداز نائل کو فلحال اس کی طبیت کی وجہ سے لگا

اچھا ریلیکس ہو جاؤ میڈیسن کھالو! وہ سائد ٹیبل سے میڈیسن نکالے گلاس میں پانی انڈیلے اس کی طرف بڑھا گیا جسے وہ بری طرح جھٹک گئی

Posted On Kitab Nagri

کیا ہو گیا ہے اس طرح بیہیو و کیوں کر رہی ہو کوئی پریشانی ہے؟نائل نے گلاس واپس رکھ کر کہا

آپ اپنا کام کریں نا مجھے سونا ہے !

ٹھیک ہے سو جاؤ میں کچھ نہیں کہ رہا...وہ محبت پاش لہجے میں کہتا نرمی سے اسکا سر دبانے لگا جس پر وہ ایک بار اس کا ہاتھ جھٹک گئی

شششش....ضد نہیں کرتے !اسنے کچھ بولنے کے لیے لب کھولے ہی تھے جب وہ اسکے لبوں پر ہاتھ رکھے اسکا سر دبانے لگا اب کے وہ چاہ کر بھی اسکا ہاتھ ہٹا نہیں پائی اس کے لمس پر اسے سکون مل رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نائل !کچھ دیر کی خاموشی کے بعد اسنے اسے پکارا

ہمم !وہ ایک ہاتھ سے لیپ ٹوپ چلا رہا تھا جبکہ دوسرا ہاتھ اس کے سر پر تھا

Posted On Kitab Nagri

آپ کیا کام کرتے ہیں؟اس کے پوچھنے پر یکدم نائل کے ہاتھ تھمے

بتایا تو تھا میں ایک ایڈورٹائزمنٹ کمپنی کا پلان کر رہا ہوں!وہ کچھ دیر بعد گلہ کھنکھار کر بولا کے اس کے کہنے پر وہ افسوس سے اسکا ہاتھ ہٹا گئی

بس...اب درد نہیں ہے!اس کا ہٹا کر وہ آنکھیں موند گئی

گڈ نائٹ!نائل اس کی پیشانی چومتا اس کے آرام کی خاطر اسٹڈی میں گھس گیا کے اس کے جاتے ہی وہ پٹ سے آنکھیں کھول گئی

"وشمہ کے بارے میں مجھ سے سوال مت کیا کرو اس کا سین الگ ہے...."اس کے کہے گئے الفاظ ذہن میں گونجے تھے اس کے بعد اس کا یہ جھوٹ ایک کے بعد ایک چیز اسے نائل کہ طرف سے بدگمان کر رہی تھی آنسوؤں کو جیسے نکلنے کا بہانا مل گیا تھا نجانے کتنے ہی دیر وہ ایسے ہی خاموش آنسو بہاتی رہی رات کے تین بجے اسٹڈی کا دروازہ کھلا وہ فوری سے آنکھیں بند کر گئی

Posted On Kitab Nagri

کچھ لمحے ہی گزرے تھے جب اسے اپنے گرد اسکا حصار بنتا محسوس ہوا وہ ہنوز اسی طرح آنکھیں موندی رہی

نائل نے جھک کر اس کی پیشانی پر لب رکھے اسے اپنے حصار میں لیتا وہ پھر سے اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگا

کاش کے آپ کی یہ محبت صرف میرے لیے ہوتی نائل!وہ بند آنکھوں سے اس کے لمس پر ناچاہتے ہوئے بھی پر سکون ہوتی دل ہی دل میں بولی

****

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اس کی آنکھ کھولی تو وہ اسے روم میں دیکھائی نہیں دیارات کو نجانے کب اسے نیند نے اپنی آغوش میں لیا تھا اسے اندازہ نہیں ہوا آخری منظر جو یاد وہ اسکے حصار میں تھی

مرے مرے قدموں سے وہ واشروم کی طرف بڑھ کچھ دیر بعد وہ فریش سی گلابی اور سفید میں باہر آئی شیشے کے سامنے آتے ہی اس کی نظر شیشے پر لگے ایک. اسٹکی نوٹ پر گئی وہ حیرانی سے اسے اٹھا کر دیکھنے لگی جس پر لکھا تھا:

Posted On Kitab Nagri

گڈ مورننگ وائفی... آئی ہوپ تمہارا سر درد اب ٹھیک ہو گا اچھے سے ناشتہ کرنا اور پھر پڑھنے دیکھ جانا میں اپنی نکمی بیوی کو فیل ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا! آخری بات اسنے شاید اسے چڑانے کو کی تھی جسے پڑھ کر وہ بے ساختہ مسکرا دی

تم سے شادی سے پہلے نائل نے میرے ساتھ زبردستی کرنے کی کوشش کی تھی.....ساری خوشی جیسے وشمہ کا ایک جملہ یاد آکر اپنے ساتھ اڑا لے گیا

یا اللہ یہ سب جھوٹ ہو.....وشمہ تو وشمہ لیکن سی بی آئی نہیں نائل مجھ سے اتنی بڑی بات نہیں چھپائیں گے....

اور اگر اس نے چھپائی ہو تو؟ اندر کہیں سے آواز آئی

تو میں سمجھ جاؤں گی انہوں نے مجھے کبھی دل سے اسپیکٹ کیا ہی نہیں! یہ سوچتے ہی دو موتی ٹوٹ کر گال پر بکھرے تھے دل نے شدت سے دعا کی تھی یہ سب جھوٹ ہو

Posted On Kitab Nagri

کافی لمحے وہ ایسے ہی شیشے کے سامنے کھڑی رہی پھر بال ڈھیلے سے جوڑے میں بناتی نیچھے آئی جہاں وفا اور وشمہ مل کر ناشتہ لگا رہی تھیں

تم ٹھیک ہو نا؟ وشمہ اس کے بے رونق چہرے پر دل ہی دل میں خوش ہوتی بظاہر ہمدردی سے بولی

میں بلکل ٹھیک ہوں کیوں تمہیں کیا لگا مجھے ٹھیک نہیں ہونا چاہیے؟ ولیہ نے اس پر ایک تیز نظر ڈال کر کہا

تم مجھ سے خفا ہو ولی؟ جبکہ میں نے تو یہ سب تمہاری بھلائی....! وہ دونوں اس وقت قدرے سرگوشی نما انداز میں بات کر رہے تھے کے ولیہ نے اس کی بات بیچ میں ہی کاٹ کر کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بھلائی؟ تم ایسے بھلائی کہتی ہو؟ کیا میں نہیں جانتی تم بچپن سے نائل کے لیے پسندیدگی رکھتی ہو اور نائل نے تمہیں کوئی رونگ سگنل نہیں دیا مجھے میرے شوہر پر پورا اعتماد ہے اور اگر آئندہ تم نے کبھی مجھ سے اس طرح کی کوئی بکواس کی تھی تو نائل تو کیا میں خود کافی ہوں تمہارے لیے.....! وہ ایک ایک لفظ چبا کر کہتی اسے ششدر چھوڑے اپنی کرسی کھینچ کر بیٹھ گئی

Posted On Kitab Nagri

میں تمہیں چھوڑوں گی نہیں ولیہ....!وشمہ تزلیل سے سرخ پڑتا چہرہ لیے خود سے بولی

جو مرد اپنی بیوی سے ناراض رہتا ہے اللہ اس کے رزق میں سے برکت چھین لیتا ہے!اس کی بات پر نائل نے آنکھیں چھوٹی کیے اسے دیکھا

اور یہ کس کتاب میں لکھا ہے؟

میں نے پڑھا تھا!وہ ادا سے بولی

تو پھر اس کتاب میں یہ بھی لکھا ہو گا کہ ایک نافرمان اور شک کرنے والی بیوی کہیں کی نہیں رہتی یہاں تک کے اپنے شوہر کے دل میں بھی نہیں!وہ عام سے انداز میں کہتا باہر نکل گیا کے اس کے الفاظوں پر وہ آنکھوں میں نمی لیے کمفرٹر منہ تک اوڑھ گئی کچھ لمحوں بعد اکیلے روم میں اس کی سسکیاں شروع ہوئی تھیں

* *

Posted On Kitab Nagri

وہ کچن میں آتا اپنے لیے کافی بنانے لگا جب رباب بیگم پانی جگ لے کر یہاں آئیں

ارے تم کیوں بنا رہے ہو ہٹو میں بنا دیتی ہوں.... اسے کافی بناتے دیکھ وہ محبت سے بولیں

نہیں موم میں بنالوں گا آپ سوئی نہیں؟

بس سونے ہی جا رہی تھی دیکھا جگ میں پانی نہیں ہے تو لینے آگئی! پریشان ہوں؟ وہ اس کے چہرے کے تاثرات سے اندازہ لگاتی بولیں

نہیں !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ سے ناراضگی ہے؟ دوسرا سوال آیا تھا وہ ماں تھیں اس کی رگ رگ سے واقف تھیں

مجھے لگتا ہے میں یہ رشتہ نہیں سنبھال سکتا موم....! اس کے جملے پر رباب بیگم نے چونک کر اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

کیا کہ رہے ہو؟وہ آگ بغولہ ہوتی بولیں

میں ٹھیک کہ رہا ہوں موم....مجھے لگا تھا میں اس رشتے میں ایڈجسٹ ہو جاؤں گا بٹ کوئی بھی رشتہ یک طرفہ محنت سے نہیں چلتا خاص کر میاں بیوی کا رشتہ آپ خود بتائیں موم کیا اس پر فرض نہیں ہے زندگی کی مشکل میں میرا ساتھ دے اسے تو مجھ پر اعتبار تک نہیں ہے موم اسے مجھ سے زیادہ وشمہ پر یقین تھا!وہ کرب سے بولا

مجھے نہیں معلوم آپ دونوں کے بیچ میں کیا چل رہا ہے لیکن میری جان وہ ابھی چھوٹی ہے اسے اس رشتے کی باریکیوں کو سمجھنے میں وقت لگے گا میں مانتی ہوں کہ آپ غلط نہیں ہو لیکن وہ بھی غلط نہیں ہے وشمہ اور وہ دونوں ساتھ بڑی ہوئی ہیں وشمہ نے اسے ہمیشہ اچھا برا بتایا لیکن نجانے وہ خود کیسے غلط راستے پر نکل گئی خیر ولیہ کو آپ سے زیادہ اعتبار وشمہ پر اس لیے تھا کیوں کہ وشمہ اس کے ساتھ کئی سالوں سے ہے اور یاد کرو وہ آپ کے نام تک سے چڑھتی تھی ایسے میں اچانک سے اس کی شادی آپ کے ساتھ ہو جانا وہ تو ابھی حقیقی زندگی سے واقف بھی نہیں تھی جب اسکے ساتھ وہ حدثہ ہو گیا ان چیزوں نے اسے چڑچڑا کر دیا ہے وہ آپ کے پاسٹ کے بارے میں کچھ نہیں جانتی تھی اسئلے اس حدثے کے بعد اسے آپ کے لیے طرح طرح کے خدشے آتے ہونگے اسے کچھ وقت دو پھر بے شک

Posted On Kitab Nagri

جو فیصلہ ہو ہمیں منظور ہو گا!رباب بیگم اسے سمجھانے کے سے انداز میں بولیں کے ان کے الفاظوں پر اسے اپنے اندر کچھ سکون اترتا محسوس ہوا

جی موم!وہ مسکرا کر بولا کے رباب بیگم نے محبت پاش نظروں سے اسکے نئے لک کو دیکھا تھا جہاں اب اس کی بئیرد قدرے بڑھی ہوئی تھی

اب جاؤ ہو جا کر آرام کرو اگلے ہفتے سے زارون اور وفا کے فنکشن اسٹار ہیں مجھے میری بڑی بہو کے چہرے پر رونق چاہیے!رباب بیگم وارن کرتی بولیں جس پر وہ مسکرا کر سر کو خم دے گیا

جو حکم !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گڈ بوائے!پیار سے کہتی وہ وہاں سے واک اوٹ کر گئی

تقریباڈیڑھ گھنٹے بعد وہ کمرے میں دو کافی کے کپ لیے داخل لوٹا تھا جہاں وہ اسے کمفرٹر منہ تک اوڑھے بیڈ پر لیٹی نظر آئی ایک گہرا سانس بھر کر وہ اسکے پاس آ کر بیٹھا

Posted On Kitab Nagri

اٹھو کوفی پی لو!خاموشی میں اپنے قریب اس کی آواز سے وہ اپنی سسکی بامشکل روک پائی

مجھے نہیں پینی....!اس کی بھاری آواز سے نائل اسکے رونے کا اندازہ کر گیا

اوکے مت پیو میں خود پی لیتا ہوں ویسے بھی میری کافی سب کے لیے نہیں ہوتی!شریر لہجے میں کہتا وہ اٹھا مزید پانچ منٹ گزرے تھے جب وہ کمفرٹر سائد پر پھینکتی اٹھی تھی سر میں درد کے باعث کافی اسے اس وقت غنیمت سے کم نا لگی

میری کافی دیں!اسے مزے سے دونوں کافی کے کپوں سے گھومٹ بھرتے دیکھ منہ بسورے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مگر تم نے تو منع کر دیا تھا نا!نائل بامشکل اپنی مسکراہٹ دبائے کہنے لگا

Posted On Kitab Nagri

تو آپ دونوں پی جائیں گے ؟کتنے ندیدے ہیں آپ!وہ سوسوں کرتی ناک سے بولی کے بیلو سلینگ سوٹ میں بالوں کو کھلا چھوڑے اپنی سرخ سفید رنگت پر رونے کے باعث سرخ آنکھیں اور ناک لیے روٹھی سی اس کے سامنے اس کے لیے مشکل بنی بیٹھی تھی

یہ لو لے لو کیا یاد رکھو گے !اس کے آگے کافی کا کپ کیا جسے وہ فوراسے لیتی لبوں سے لگا گئی کے اگلے لمحے اپنی جلد بازی پر جی جان سے غصہ آیا تھا جب گرم کافی سے اسکا ہونٹ بری طرح جھلسا تھا

آہ!.....

دھیان سے پاگل لڑکی !اس کے چہرے پر تکلیف کے اثار دیکھتے ہی وہ بیڈ پر اس کے قریب آیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں ظلم کرتی ہو ان پر؟اس کی سوجھی ہوئی آنکھوں کو دیکھ کر پوچھا

آپ کو کیا ہے آپ کو کونسا فرق پڑتا ہے میری تکلیف سے !اسکے نرم تاثرات دیکھتے ہی وہ منہ بنائے بولی کے اس کی اس ادا پر نائل کے ہونٹوں پر مسکراہٹ مچلی

Posted On Kitab Nagri

الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے!

میں نے آپ سے کیا کہا تھا؟

تم نے مجھے کیا نہیں کہا تھا؟میرے کردار پر بات کی میرے اوپر انگیاں اٹھائیں لیکن میں اس کا ایشو نہیں بنا سکتا مرد ہوں نا میرا تھوڑی کوئی کردار ہے.....اب کے وہ سنجیدہ ہوا
جو لوگ یہ کہتے ہیں کے مرد پر کوئی اثر نہیں ہوتا غلط کہتے ہیں مردوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے جب کوئی ان کی وفا پر شک کرے خاص کر وہ شخص جس کے وعلاوہ میں نے کبھی کسی کو دوسری نظر نہیں دیکھا جانتی ہو نکاح کے وقت تمہیں دیکھ کر پہلی بار میرے دل نے اپنے ہونے کا احساس دلایا تھا میں نے صرف تم سے محبت کی ولیہ....اور تم نے مجھے خود سے ہر طرح دور کرنا چاہ مگر یہ میری محبت ہی ہے جو میرا دل تم سے کبھی ناراض نہیں رہے سکتا تم مجھے ہمیشہ مغرور کہتی ہو مگر بتاؤ کیا یہ غرور ہے؟ مجھ پر زندگی میں دو بار کسی نے ہاتھ اٹھایا اور وہ ہاتھ صرف تمہارا تھا اس کے باوجود میں نے تمہیں کچھ نہیں کہا جانتی ہو کیوں؟ کیوں کہ ایک مرد کبھی بھی پلٹ کر عورت پر وار نہیں کرتا وہ لوگ جو خود کو مرد کہتے ہیں اور عورتوں پر پلٹ کر وار کرتے ہیں وہ میرے نظر میں مرد کہلانے کے لائق نہیں ہیں

Posted On Kitab Nagri

تم تو مجھ سے زیادہ دین کے قریب ہو تم نے وہ قول نہیں سنا؟
"شریف آدمی ہمیشہ اپنی بیوی سے دب کر رہتا ہے اور کمینہ شخص اپنی بیوی کو دبا کر چلتا ہے" یہ کہتے ہوئے وہ مسکرایا تھا جب کے وہ دم سادھے اسے سن رہی تھی

میں نے تمہیں ہمیشہ خود سے بلند اور اعلی سمجھا ہے کیوں کہ تم میری محبت کی اکلوتی وارث ہو اب اس سے زیادہ میں تمہیں اپنی محبت کی کوئی وضاحت نہیں دوں گا!ایک ایک لفظ چبا چبا کر کہتی وہ اٹھا کر واشروم کی طرف بڑھا تھا جب ولیہ تیزی سے اٹھی پیچھے سے اکے گرد حصار قائم کر گئی جسے وہ فوری اٹھا گیا

آئی ایم سوری !

بہتر ہے پہلے اس بارے میں اچھے سے سوچ لو جزباتی فیصلے بعد میں مشکل کرتے ہیں جتنا وقت چاہیے لے لو!سپاٹ انداز میں کہتا وہ وہاں سے واک اوٹ کر گیا کے پیچھے وہ محض آنکھوں میں پچھتاوا لیے اسے جاتا دیکھنے لگی کے اچانک حنا کے الفاظ ذہن میں گونجے تھے

Posted On Kitab Nagri

مجھے سمجھ نہیں یار ہماری عوام کس طرح کی کہانیوں سے امپریس ہو رہی ہے مطلب لڑکا لڑکی پر مظلم کے پھاڑ توڑ رہا ہے اور وہ چپ ہے یہاں تک کے ایک ہیرو ہیروئن پر ہاتھ تک اٹھاتا ہے میں مانتی ہوں کچھ لوگوں کے ساتھ اصل میں ایسا ہوتا ہے تو پھر لوگوں کو چاہیے کے وہ اسے ایک معاشرے کی بیڈ سائڈ کی طرح دیکھائے نا کے اس طرح کی کہانیوں سے لڑکیوں کے لیے ایک ظالم شوہر کو آئیڈیل بنا دیں.....وہ منہ بنائے بول رہی تھی

اچھا بس بابا اتنا غصہ؟ولیہ نے حیرت سے اسے دیکھا

ہاں نہیں تو کیا آدھا ناول ضائع گیا میرا دل چاہتا ہے ایسے لڑکوں جو سولی چڑھا دوں جو لڑکیوں کی عزت نا کریں!حنا سرخ چہرہ لیے بولی

اچھا اور اگر میرا شوہر ایسا ہوا تو؟وہ جان کر اسے تنگ کرنے کو بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اللہ نا کرے اللہ تمہارے نصیب میں ایسا شہزادہ لکھے کے وہ تمہاری بد تمیزیاں جھیل کر بھی تم سے محبت کرنا نا چھوڑے اور جب تمہیں ایسا کوئی مل جائے تو اس سے ویسے ہی رہنا جیسے وہ تمہارے ساتھ رہے سمجھی!وہ اسکے سر پر چٹ رسید کرتی کہنے لگی

پہلے ایسا کوئی ملنے تو دو ویسے تو یہ نا ممکن ہے!

دیکھنا تمہیں ایسا ہی ملے گا مجھے پورا یقین ہے میں روز دعا کرتی ہوں تمہارے لیے...!حنا مسکرا کر بولی جس پر وہ بھی مسکرا اس سے کتاب کھینچ گئی

دروازہ کھلنے کی آواز سے وہ ایک جھماکے سے ماضی سے نکلی تھی سامنے وہ اب فریش سا بیلو شرٹ اور ٹراوزر میں باہر آتا دیکھائی دیا

تمہاری دعائیں میرے لیے تو رنگ لے آئی حنا کاش کے یہ دعا تم نے اپنے لیے بھی کی ہوتی..!آنسو ٹوٹ کر پلکوں سے آزاد ہوا تھا

Posted On Kitab Nagri

کہاں جارہے ہیں؟اسے باہر نکلتے دیکھ کر وہ اسکا ہاتھ تھامے بولی

کام سے جارہاہوں!نائل اس سے اپنا ہاتھ چھروائے بولا

اس ٹائم کیا کام ہے؟عام سے انداز میں کہتی وہ مقابل کے آگ لگا گئی

جارہاہوں دوسری والی کے پاس!تیش سے کہتا وہ دروازے کی طرف کے اس کی بات کا مطلب سمجھ کر ولیہ کا منہ کھلا کا کھلا رہے گیا اسنے تو نارملی پوچھا تھا اگلے ہی لمحے وہ تیزی سے اسکے پیچھے جاتی ایک بار پھر اسکے راستے میں حائل ہوئی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب کیا ہے؟

دوسری والی کے پاس جانا ہے؟اسکا کالر تھامے وہ پیروں کے بل اونچی ہوتی بولی

ہاں اب ہٹو وہ انتظار کر رہی ہو گی !

Posted On Kitab Nagri

اور آپ کو پتا ہے نا میرے اندر بچپن سے ایک ٹیلنٹ ہے میں آپ کے اس منہ کا نقشہ منٹوں تبدیل کر سکتی ہوں! وہ ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولی کے اس کے لفظوں پر نائل بے اختیار مسکرایا وہ مہبوت سی اس کی خوبصورت مسکراہٹ دیکھنے لگی آج نجانے کتنے عرصے بعد وہ اسے اس طرح غور سے دیکھ رہی تھی.

نظر لگانے کا ارادہ ہے بیگم ؟ وہ اس پر جھکاؤ کرتا بولا ہے اس کے جھکاؤ سے وہ دو قدم پیچھے ہوتی دروازے سے چپکی تھی

ہاں تو میں نظر نہیں لگا سکتی کیا؟ ولیہ ایک ادا سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ تو میں نہیں جانتا مگر اتنا ضرور جانتا ہوں کہ آپ اس وقت میرے لیے مشکل کھڑی کر رہی ہیں ہٹ جایئے نہیں تو آپ کے لیے مشکل ہو جائے گی! ذو معانی انداز میں کہتا وہ اسکا سارا کونفیڈینس ختم کیے اسے سرخ کر گیا کے اس لمحے نائل کاظمی کو اچھے سے اندازہ ہوا تھا وہ ہر چیز کر سکتا ہے مگر اس سے ناراض نہیں رہے سکتا

Posted On Kitab Nagri

کیا چیز ہو یار تم !

مست !جواباوہ ادا سے بولی

وہ تو ہو !نائل شرارت سے بولا جس پر وہ بے ساختہ نظریں جھکاتی اسے جانے کا راستہ دے گئی

جلدی آیئے گا !

اب یہ تو وہی ڈیسائڈ کرے گی کہ کب آنے دے !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں منہ توڑ دوں گی آپ کا !اس کے کہتے ہی وہ اپنے پرانے روپ میں آتی اس کی پشت گھور کر بولی جو اب جا چکا تھا

* *

Posted On Kitab Nagri

گلاس دور سے آتی روشنی سے وہ بامشکل اپنی آنکھیں کھولی سکی نظر اپنے ساتھ خاکی جگہ پر گئی یعنی وہ رات گھر نہیں آیا تھا بوجھل ہوتے دل کے ساتھ اٹھتی وہ واشروم میں بند ہوئی تھی

کچھ دیر بعد اورنج سادہ سے سوٹ پر بالوں کرف سے جوڑے میں باندھے وہ ناشتے کی ٹیبل پر آئی جہاں سب موجود تھے سوائے فرحانہ بیگم کے جو اس دن کے بعد سے اپنے کمرے میں نظر بند ہو گئی تھیں

ولیہ بیٹے نائل نہیں اٹھا؟ فرحان صاحب محبت سے بولے

.ڈیڈ وہ رات کو کسی کام سے چلے گئے تھے اب تک نہیں آئے !

اچھا میں کال کرتا ہوں اسے !وہ معاملہ سمجھ کر بولے رات کے پہر وہ کہاں جا سکتا تھا اسکا اندازہ انہیں اچھے سے تھا

Posted On Kitab Nagri

رات میں وہ اسلام آباد میں اپنے فلیٹ پر موجود سبحان سے حنا اور ولیہ کا انتقام لیتا اب پولیس اسٹیشن آیا تھا سبحان کو اسنے مارا نہیں تھا مگر جینے کے قابل بھی نہیں چھوڑا تھا وہ فلحال اس کی قید میں تھا

پولیس اسٹیشن آتے ہی وہ وشمہ کے لوک اپ میں آیا تھا جہاں وہ بے سدھ سی گھٹنوں میں سر دیے قدرے کونے میں بیٹھی تھی

دیکھ لی اس سفر کی منزل جس کے پیچھے تم نے نجانے کتنی زندگیاں برباد کی تھیں !

زارون کی

ولیہ کی

سبحان کی

وفا کی

اور پھر حنا کی..... تم ایسی تو نہیں تھیں کچھ سالوں پہلے تک تم میری سب سے اچھی دوست تھیں...!

وہ اس کے سامنے کرسی پر بیٹھے بولا کے اس کی آواز سے وہ سر اٹھا کر دم سادے اسے سن رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میرا قصور صرف اتنا ہے کہ میں نے آپ سے محبت کی!اس کی آواز قدرے دھیمی تھی

غلط تم نے مجھ سے محبت نہیں کی تم نے محبت سے اوپر جنون کو ترجیح دی اور جنون انسان کو کسی قابل نہیں چھوڑتا امید کرتا ہوں تمہیں اب اچھا سبق مل گیا ہو گا تمہیں لینے آیا ہوں اگلے ہفتے زارون اور وفا کے ساتھ تمہاری اور ارتیج کی شادی ہے امید کرتا ہوں تم اس رشتے کو دل سے نبھاؤ گی میری ماں نے عورتوں کی عزت کرنا اگر نا سیکھائی ہوتی تو شاید میں تمہیں ایک نئی زندگی کا موقع بھی نا دیتا لیکن وہ جو اوپر رب بیٹھا ہے نا وہ مجھ جیسے گناہگار شخص سے بھی بہت محبت کرتا ہے تم تو پھر مجھ سے بہتر ہو نگی تو اس نے میرے دل میں بھی پھوپھو کے لیے رحم ڈال دیا کسی کے لیے نا سہی اپنی بیواہ ماں کے لیے ہی ان پر اور خود پر رحم کر لو !

وہ نرمی سے کہتا اپنے لفظوں سے وشمہ کو حقیقت معینوں میں شرمندہ کر گیا

مجھے معاف کر دیں میں نے بہت گناہ کیے ہیں پلزز مجھے معاف کر دیں نائل!وشمہ روتے ہوئے بولی

Posted On Kitab Nagri

معافی مجھ سے نہیں ان سے مانگو جنہیں تم نے تکلیف دی ہے....کچھ دیر بعد گاڑی آئے گی تمہیں لینے....مجھے کچھ کام آگیا ہے ورنہ میں خود لے جاتا!بغیر کسی تاثر کے کہتا باہر نکل گیا

ہاں بولو سعد! گاڑی میں بیٹھتے ہی وہ مسلسل بجتا فون کان سے لگا گیا

سر آپ کہاں ہیں آپ کو سیکورٹی کے بغیر نہیں نکلنا چاہیے..!سعد فکر مندی سے بولا

.اس کی ضرورت نہیں ہے میں بس ابھی گھر کی طرف ہی جا رہا ہوں !.....

بٹ سر !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کوئی مسئلہ نہیں ہے تم کال رکھو!اس سے کہ کر وہ گاڑی کا رخ کاظمی ویلا کی طرف کر گیا جب اچانک ایک گاڑی نے اسکا راستہ روکا

Posted On Kitab Nagri

ہے سائڈ پر کرو....وہ ماتھے ہر تیوری چڑھائے بولا کے سامنے گاڑی آگے سے ہٹنے کی جگہ اس کا دروازہ کھلا اور سامنے موجود وجود کو پہچان کر اس کی رگیں تن گئیں اپنی گن ڈیش بوکس سے اٹھائے وہ باہر نکلا

ہاؤ ڈئیر یو!وہ تیز آواز میں ڈھارا کے اس کی ڈھار سے مقابل کی پیشانی پر پسینہ نمودار ہوا

دور رہو ورنہ میں شوٹ کر دوں گی !

اس سے وعلاوہ کرنے بھی کیا آئی ہیں آپ بہتر ہے ہتھیار ڈال دیں!وہ آگ بغولہ ہوتا اس کے آگے گن کر گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گن پیچھے کرو نائل کاظمی اس بار میں تم کاظمیوں کو جیتنے نہیں دوں گی پہلے تم میرا شوہر کھا گئے اور اب میرے جوان بیٹے جو سلاخوں کے پیچھے کر دیا میں تمہیں چھوڑوں گی نہیں شوٹ ہم!اسنے اپنے گارڈ کو حکم دیا جو اس کے حکم پر سر ہلاتے دوسری گاڑی سے نکلے تھے کے نائل کی نظر ان پر پڑتے ہی وہ مہارت سے ان دونوں گارڈ پر فائر کر گیا

Posted On Kitab Nagri

غلط بندہ چن بیٹھی ہیں آپ مسز شہزاد! تیش سے کہتا وہ تیسرے گاڈر کی طرف لپکا تھا جب گولی مقابل نے موقعے کا فائدہ اٹھا کر اس کی پشت پر فائر کیا اور پھر ایک کے بعد مزید ایک فائر ہوا جو کے نائل کاظمی کے سینے کو چیرتے ہوئے نکل گیا بے ساکتہ اس کے وجود نے ساتھ چھوڑا تھا اور وہ زمین بوس ہوا

آج میرا بدلہ پورا ہوا ہاشم کاظمی تم نے میرا بیٹا مجھ سے چھینا میں نے تم سے تمہارا وارث چھین لیا.....!
وہ زہر خندق ہوئی

آج جلدی گھر آیئے گا! پہلی بار پہلی بار کسی نے اس سے یہ فرمائش کی تھی

یا اللہ میری بیوقوف بیوی تیرے حوالے کرتا ہوں....!اس کا چہرہ نظروں کے سامنے گونجتے ہی وہ مسکرا کر آنکھیں بند کر گیا شاید ہمیشہ کے لیے !...

آخری منظر جو اسنے دیکھا تھا وہ سعد کو اپنے گاڈرز کے ساتھ گاڑی سے نکل کر اپنی طرف لپکتے دیکھا تھا

Posted On Kitab Nagri

سر.....سعد اسے سہارا دیتا اسے پکارے گاڈرز کی مدد سے اسکا خون میں لت پت وجود اسے گاڑی میں ڈالتا گاڑی زن سے ہو سپٹل کی طرف بڑھا گیا

ولیہ دھیان سے!سائمہ بیگم اسے گرنے سے پہلے سنبھالا دیتی بولیں

کیا ہوا پریشان ہو؟وہ اسکے تاثرات دیکھ کر اسے صوفے پر بیٹھائے پریشانی سے بولیں

پتا نہیں موم نائل کل رات سے نہیں آئے عجیب عجیب خیالات آرہے ہیں!وہ اپنا دل مسلے بولی

ہاں پتا تو کرو.. کبھی یوں اتنا وقت نہیں ہوا اب تو مجھے بھی ہول اٹھنے لگے ہیں زارون زرافون کرو بھائی کو!وہ لوگ اس وقت ٹی وی لاونج میں موجود تھے جب رباب بیگم نے سامنے سے آتے زارون سے کہا

جی موم کرتا ہوں آپ پریشان نا ہوں....زارون مسکرا کر کہتا اسے کال ملا گیا جو کہ دوسری رنگ پر اٹھا لیا گیا

Posted On Kitab Nagri

بھائی یار کہاں ہیں آپ یہاں دو خوبصورت لیڈیز آپ کے لیے پریشان.....وہ شوخ لہجے میں کال آٹینڈ ہوتے ہی بولا کے دوسری طرف کی بات پر باقی الفاظ منہ میں ہی رہے گئے

واٹ کونسے ہوسپٹل میں؟اس کے کہنے پر ولیہ نے بے ساکتہ اپنا دل تھاما

کیا ہوا ہے زارون کچھ بولو میرا دل بیٹھا جارہے ہے..رباب بیگم اس کہ زرد ہوتی رنگت کو دیکھتی بھاری آواز میں بولیں

موم وہ وہ بھائی بھائی کو گولی لگی ہے وہ ہوسپٹل ہیں....وہ پسینے سے شرابو ہوتا باہر کی طرف لپکا

یااللہ میرا بچہ...!اس کے لفظوں پر رباب بیگم بے سدسی صوفے پر ڈھے گئیں جبکہ وہ خاموشی سے جاتے ہوئے زارون کی پشت دیکھ رہی تھی

توکیا واقعی اس کی غلطی اتنی بڑی تھی کہ اسے معافی تک مانگنے کا موقع نا دیا جائے

Posted On Kitab Nagri

کیا وہ واقعی اتنی بڑی سزہ کی حقدار ہے؟

ہاں تم حقدار ہو اس سب کی ولیہ...بہت اچھا ہو رہا ہے تمہارے ساتھ اپنے رب کے اتنے قریب ہونے کے باوا جود تم شوہر کا رتبہ نا سمجھ سکی؟ نا سمجھ سکی کے جسے اللہ نے دنیا میں تمہارا محافظ بنا کر بھیجا ہے وہ بھلا کیسے خیانت کر سکتا ہے؟ دیکھ لو تم نے اس ذات کے دیے گئے تحفے پر شک کیا اب وہ خدا ہی اسے تم سے چھین رہا ہے دیکھ لو.....

اس کے سامنے اسکا اپنا وجود ایک سوالیہ نشان بنے کھڑا تھا

دل ہی دھڑکن جیسے آستہ آستہ بند ہونا شروع ہوئی تھی

تبھی ایک اور آواز آئی تھی جس نے اندھیروں میں ایک بار پھر روشنی کی تھی ہاں وہی آواز جو دھڑکن دل تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نبض القب ....

ہاں دھڑکن دل...

Posted On Kitab Nagri

اتنی جلدی ہار مان گئی؟نائل کی آواز اس کے کانوں میں گونجی تھی بے ساکتہ وہ ہوش میں آتی چلائی

ممم مجھے مجھے ہوسپٹل لے جائیں ممجھے ننائل کے پاس...رونے سے اسکے الفاظ نکل نہیں پا رہے تھے وفانے. آگے بڑھ کر اسے سہارا دیا تھا وہ کب اور کس طرح ہوسپٹل پہنچے تھے اسے کچھ خبر نا تھی دل تھا

جو صرف اس میں اٹکا ہوا تھا

کس نے کیا ہے یہ؟ دادا سائیں ارسلان اور فرحان صاحب اس وقت سعد کے سامنے کھڑے تھے

میر شہزاد کی ماں نے.....!سعد سر جھکائے بولا

یہ عورت پتا نہیں ہم سے کیا چاہتی ہے جب سے گاؤں والوں نے اس کے شوہر کی جگہ ہمیں اپنا سربراہ مقرر کیا جب سے بیڑ باندھے ہوئے ہے!دادا سائیں پریشانی سے پیشانی مسلتے بولے

Posted On Kitab Nagri

لیکن اس بار میں اسے عورت سمجھ کر نہیں چھوڑوں گا میرے نائل کو اگر کچھ بھی ہوا میں خدا کی قسم سب تباہ کر دوں گا!ارسلان صاحب پہلی باریوں تیش میں آئے تھے

آپ فکر نا کریں بھائی ہم بے اسے آریسٹ کر لیا ہے آپ سب نائل کے لیے دعا کریں.. فرحان صاحب ان کا بازو مسلتے بولے کے ان کی باتوں سے بے زر سی وہ شیشے کی دیوار کے پار اس شخص کو مشینوں میں جکڑے دیکھ خود سے ایک جنگ لڑ رہی تھی

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

وہ آج پہلی باریوں خاموش نظر آرہا تھا آج پہلی بار اس کی خاموشی ولیہ کو ختم کر رہی تھی اپنے محافظ کو یوں تکلیف میں دوسروں کے اسرے پڑے دیکھنا ایک بیوی کو ختم کرنے کو کافی ہوتا ہے جس نے آج ولیہ کا ظمی کو بھی توڑ کر رکھ دیا تھا پہلی بار اس کے اندر احساس جاگا تھا

وہ نہیں تو کچھ نہیں....

وہ ہے تو سب کچھ ہے....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگر اسے کچھ ہو گیا تو اس کی زندگی میں کچھ نہیں بچے گا.... یہ احساس ہی اسے ختم کرنے کو کافی تھا نجانے کتنے گھٹنوں سے وہ یہی کھڑی تھی رباب بیگم باقی خواتین کے ساتھ پیچھے کرسیوں پر بیٹھیں دعا گو تھیں جب ڈاکٹر باہر آتا دیکھائی دیے جنہیں دیکھتے ہی زارون سعد اور معصب دوڑ کر ان کے سر پر پہنچے تھے

Posted On Kitab Nagri

پیشنٹ کی حالت کریٹکل ہے دو گولیاں سیدھا سینے کے پاس سے نکلی ہیں آپ سب دعا کریں وہی ذات ہے جو معزوں پر قادر ہے دعا ہے کوئی معزہ ہو جائے !ڈاکٹر ان سے کہتے آگے بڑھ گئے کے ان کے الفاظوں سے سب کے دلوں میں ایک کرہام سا مچا تھا

آپ دعا کریں وہی ذات ہے جو معزوں پر قادر ہے !ڈاکٹر کے الفاظ اس کے ذہن میں کسی ہتھوروں کی طرح بجے تھے ایک لمحہ ضائع کیے بغیر وہ ہسپتال میں موجود مسجد کی طرف بڑھی

ولیہ کہاں جا رہی ہو؟ وفا اس کے پیچھے بھاگی

اس سے مانگنے جو دینے پر قادر ہے !

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

* * * * * * * * * * * * * * * * *

Posted On Kitab Nagri

"آہ مجھے پتا تھا آپ آئیں اور میرے ساتھ کچھ غلط نا ہو ایسا ہو ہی نہیں سکتا کنڈلی میں بیٹھے ہوئے ہیں آپ میری سر پھوڑ دیا آتے ہی

غلطی میری نہیں تمہاری ہے....

تائی ماں دیکھ رہی ہیں آپ آتے ہی مجھے چوٹ دے دی....

یہ خود مجھ سے آکر ٹکرائی ہے موم"!

"کچھ چاہیے؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی آپ کا خون !...

تتو کتنی غلط بات ہے نا یہاں تو سب میری پسند کا ہے چڑیلوں کے لیے خون کا تو انتظام تو یہاں ہے ہی نہیں"!

Posted On Kitab Nagri

"میرے سامنے اپنی یہ زبان لیمٹس سے ہی چلانا نائل کاظمی کو زیادہ بولنے والی لڑکیاں پسند نہیں ہے"!

"تمہیں کیا لگتا ہے تم مجھ سے پنگلہ لو گی تو میں تمہیں ایسے ہی چھوڑ دوں گا؟ مجھ سے دور رہو میں خطرناک ثابت ہو نگا تمہارے لیے"

"گھر سے کالج تک میرا پورے پانچ سو کا پٹرول لگا ہے باقی کے چار سو پچاس روپے دو؟"

"اب جتنی بڑی مصیب ہو گی اسے ہی گھر سے بھا گائیں گے نا"!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آپ ولیہ کے رشتے سے انکار کر دیں!

کیوں کہ ولیہ کی شادی مجھ سے ہو رہی ہے"

Posted On Kitab Nagri

”میرے بدلے تو تم سے شادی کے بعد شروع ہونگے ولیہ کاظمی... جنہیں شاید برداشت کرنے کی تم میں سکت بھی نا ہو... سو جسٹ ویٹ اینڈ واچ تمہیں پتا لگے گا نائل کاظمی سے پنگہ لینے گا انجام کیا ہوتا ہے جاؤ بچا سکو تو بچالو خود کو نائل کاظمی سے“

”تمہیں کیا لگ رہا ہے اگر تم خوبصورت لگ رہی ہو تو میں تمہیں جواب نہیں دوں گا؟“

”ویسے ان بیوٹیشنز کا بھی الگ سے ہی حساب ہو گا۔۔۔چڑیلوں کو بھی اپسرا میں تبدیل کر دیتی ہیں“

”جب آپ شادی کے بارے میں اتنا ہی جانتی ہیں مسز ولیہ تو یہ بھی جانتی ہونگی کے شادی کے بعد شوہر کے بھی کچھ حق ہوتے ہیں سوچوں اگر میں تم سے اپنے حق وصول کرنے لگا تو“.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

”رک کیوں گئی چلو بھاگو اس سے پہلے یہ بلی کا بچہ ہمیں قتل کر دے“

”تم مجھے اچھی یا بری نہیں لگتی تم مجھے میری لگتی ہو“..

Posted On Kitab Nagri

"آپ کی بیٹی کے کرتوت دیکھ کر ہی میں نے ولیہ جیسی باکردار لڑکی کو اپنی زندگی میں شامل کیا تھا"

"میں اس بار واقعی لاسٹ وارننگ دے رہا ہوں آئندہ میری بیوی سے اس قسم کی تو کیا کوئی بھی بات مت کریئے گا"

"میرے جیسے ہٹلر کے ساتھ رہے کر کھڑوس بنو نا بنو مگر تم جیسی پاگل کے بغیر میں ضرور پاگل ہو جاؤں گا" !

"میں نے تمہیں ہمیشہ خود سے بلند اور اعلی سمجھا ہے کیوں کہ تم میری محبت کی اکلوتی وارث ہو اب اس سے زیادہ میں تمہیں اپنی محبت کی کوئی وضاحت نہیں دوں گا"

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یا اللہ پلزز میرے شوہر کو زندگی دے دیں میں مر جاؤں گی اب کے بغیر پلزز اللہ تعالی! دعا کرتے کرتے اسکی زندگی کے یہ دس ماہ کسی فلم کی طرح اس کے سامنے چل رہے تھے

Posted On Kitab Nagri

پلزز اللہ تعالی پلز آج جانتے ہیں میں نے شروع سے ساری فرمائش آپ سے ہی کی ہیں آپ پلزز میری زندگی سے یہ سایہ مت چھینے میں ہے بس ہوں لیکن آپ تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والے ہیں ایسا کیا ہے جو آپ کے بس میں نا ہو پلزز میری مدد کریں اپنی اس خطاکار بندی پر رحم کریں

ولیہ میری جان اس طرح تمہاری حالت خراب ہو جائے گی.... سائمہ بیگم اسکے پاس آئے بولی جو نجانے کب سے ایسے ہی ہاتھ پھیلائے خاموش دعا مانگ رہی تھی

چچی....ولیہ وہ بھائی...

کیا ہوا نائل کو؟ زارون کی ٹوٹی پھوٹی حالت دیکھ کر وہ دل تھامے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بھائی کو ہوش آگیا ہے مگر حالت ٹھیک نہیں ہے مسلسل تمہارا نام لے رہے ہیں جلدی چلو.....وہ نظریں چرائے بولا کے اس کی بات سنتے ہی وہ آنسو صاف کرتی اپنی بے ترتیب ہوتی دھڑکنیں سنبھالتی اس کے روم کی طرف بھاگی تھی

Posted On Kitab Nagri

سامنے ہی وہ مشینوں میں جکڑا آنکھیں موندے نظر آیا نجانے کتنے آنسو ٹوٹ کر پلکوں سے آزاد ہوئے تھے وہ آستہ آستہ قدم بڑھائے اس کے قریب آئی اپنے قریب اس کی خوشبو محسوس کیے وہ غندوگی میں ہی مسکرایا

جان نائل؟ وہ بامشکل آنکھیں کھولے بولا کے اس کے طرز مخاطب پر ولیہ کی،ہچکیاں باندھ گئ

کم ہیئر سوئٹ ہارٹ!وہ مسکراتی آنکھوں سے بولا کے اس کے بلانے پر وہ کٹی دور کی مانند اس کے پاس چلی آئی

رومت!اسکا ہاتھ اپنی گرفت لیے وہ محبت سے لبریز لہجے میں بولا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ ٹھیک ہو جائیں مجھے ضرورت ہے آپ کی! آنسوؤں کے بیچ وہ بامشکل لب ہلا پائی تھی

اگر مجھے پتا ہوتا کہ تمہین میری ضرورت ان سب کے بعد پڑھنی تھی تو میں یہ کام پہلے ہی کروا دیتا...اب کے وہ اسے چھیڑنے کو بولا کے اس کی بات پر ولیہ نے خفگی سے اسے دیکھا

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ نے یہی باتیں کرنی ہیں تو میں چلی جاتی ہوں.... مسنوئی ناراضگی سے کہتی وہ آگے بڑھنے لگی جب نائل نے اسکا ہاتھ تھاما

مت جاؤ... کچھ لمحے میری پاس گزار لو کیا پتا پھر ملاقات ہونا ہو... وہ آنکھ دبائے بولا تکلیف کے اثار اس کے چہرے پر واضع تھے اور ولیہ کو لگا اگر اسے یہ شخص نا ملا تو وہ اگلا سانس نہیں لے پائے گی

ایسے مت کہیں میں مار جاؤں آپ کے بغیر! وہ ہچکیوں سمیت اسکے بازو پر سر رکھے بولی جب اسے اپنے سر پر کچھ گرتا محسوس ہوا بے ساکتہ اسنے سر اٹھا کر نائل کو دیکھا جو اپنا رخ پھیر گیا

وہ رو رہا تھا.... اس کی آنکھوں کے کنارے سے پٹکتے اس کے رونے کی گواہی دے رہے تھے

میں نے تمہارے ساتھ مرنے کی نہیں جینے کی خواہش کی تھی ولیہ! اس کی آواز بھاری تھی اور اگلے ہی لمحے مونیٹر پر چلتی لکیروں ٹوٹو کی آواز کرتی سیدھی ہوئی تھیں

Posted On Kitab Nagri

نائل؟ڈاکٹرز.....اس کی بگڑتی حالت کو دیکھتی اسکا ہاتھ تھامے وہ بری طرح چلائی

آپ پلزز باہر جائیں....

پلزز میرے ہسبند کو بچالیں پلززز!وہ روتی بے حال ہوئی جب اندر سے آتے شور کی وجہ سے زارون اندر آئے اسے زبردستی باہر لایا تھا

ڈاکٹرز اپنی پوری کوشش کر رہے تھے شیشے کے پاڑ سے صاف دیکھائی دے رہا تھا وہ اب اسے شوک دینے والے تھے اس کی تکلیف محسوس کرتی وہ نڈھال سی وفاجے سہارے کھڑی تھی دوسری طرف رباب بیگم کا بھی کچھ یہی حال تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک پھر دو.... تین... اور نجانے کتنے شوک کے بعد اسکی دھڑکنوں میں ہلکا سا ارتعاش پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ اسے ایسے بے بس دیکھ کر ولیہ کے رونے میں شدت آئی

Posted On Kitab Nagri

یااللہ یارحم!ایک آہ دل سے نکلی تھی اور پھر وہ ذات تو ہر چیز پر قدرت رکھتی ہے سنا ہے دل سے نکلی آہ سیدھا آسمان کو چیرتی ہوئی جاتی ہے اور شاید یہی لمحہ تھا جب اس بے بس بیوی کی آہ بھی اپنے رب کی بارگاہ میں پیش ہوئی تھی اور وہ رب تو پھر بے نیاز ہے جب دیتا ہے تو نے نیاز دیتا ہے اسی طرح اس پاک ذات نے اسے ایک اور نعمت دی تھی اس کے شوہر کو زندگی دے کر.....

مزید کچھ کوششوں کے بعد ڈاکٹرز اس کی دھڑکنیں نارمل کرنے میں کامیاب ہوئے تھے

Its a mircal!!

یہ کہنا غلط نہیں ہے یہ ایک معزہ ہے کے ایک پیشنٹ جس کے سینے کے پاس سے گولیاں گئی ہوں جس کی سانس بلکل ختم ہونے کے ڈر پر ہو اور اسے ایسے شفا مل جائے؟ڈاکٹرز آپس میں تبصرہ کر کے باہر آئے جب دادا سائیں سمیت سب ان کی طرف بڑھے تھے

ڈاکٹر صاحب میرا بچہ کیسا ہے؟رباب بیگم تڑپ کر بولیں

Posted On Kitab Nagri

ہم ابھی یہی ڈسکس کر رہے تھے کہ یہ ایک معزہ ہے بٹ ہی از فائن ناؤ لیکن ابھی تک ان کی ہارٹ بیٹ ٹھیک نہیں ہے اسئلے آپ دعا کریں!ڈاکٹرز مسکرا کر بولے

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۔

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۔

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ بے ساختہ سب کے دلوں سے یہی سدا بلند ہوئی تھی

بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے!ڈاکٹر مسکرا کر کہتے آگے بڑھ گئے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ولیہ؟وفا اسکے گرتے وجود کو تھام کر بولی جواب ہوش سے بیگانہ ہو گئی تھی

****

Posted On Kitab Nagri

اسے ہوش میں آئے کچھ ہی وقت ہوا تھا سب باری باری جا کر اس سے ملے تھے جب کے فرحان صاحب نے تو اس کی حالت کے باوا جود اس کی جم کر کلاس لی تھی جسے وہ بے زاری سے سن رہا تھا انتظار تھا تو صرف اس دشمن جان کا جو اب تک اس کے پاس نہیں آئی یاد کرنے پر بھی اسے صرف اپنی گھر والی ملاقات یاد تھی اب بھی اینستھیزیا کے زیر آثر غنودگی میں ہونے کے باعث وہ بے زر سا تھا

کچھ چاہیے میری جان؟ رباب بیگم محبت سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرتی بولی

جی بس بیٹھوں گا لیٹ لیٹ کے تھک گیا ہوں! وہ بے زاری سے بولا جب معصب نے آگے بڑھ کر اسے سہارا دے کر بیٹھایا

کیسا لگ رہا ہے پھر سکون محسوس ہوا اب کچھ ؟معصب طنزیا بولا جس پر وہ محض اسے غور کر رہے گیا

چلو اب آپ رام کرو میں ولیہ کو بھیج دیتی ہوں! رباب بیگم محبت سے بولی

جی بھیج دیں اسے خود تو خیال آئے گا نہیں....وہ منہ بنائے بولا

Posted On Kitab Nagri

"ایسی بات نہیں ہے اس کی خود کی طبیت ٹھیک نہیں ہے وہ کچھ دیر پہلے ہی ہوش میں آئی ہیں رو رو کر نڈھال ہو گئی ہے" رباب بیگم کے کہنے پر اسکے ہونٹ اوہ کی صورت میں کھولے

چلو میں بھیجتی ہوں !

ولیہ بیٹے آپ یہاں بیٹھی ہیں؟ نائل کا سوچے گا جاؤ میرا بچہ اس کے پاس جاؤ! رباب بیگم اس کی جھجھک محسوس کیے محبت سے بولیں

جی تائی ماں جاتی ہوں! خود کو سنبھالتی اپنے آنسو روک کر اندر داخل ہوئی جہاں وہ اسے سامنے ہی بیڈ سے ٹیک لگائے آنکھیں چھوٹی کر کے شرارت سے اسے دیکھ رہا تھا

بڑی دیر کر دی مہربان آتے آتے...! وہ شریر روٹھنے کے سے انداز میں بولا کے اس کی بات پر وہ خاموشی سے اپنی جگہ اٹک گئی

Posted On Kitab Nagri

حد ہے یار عموما ایسے سین میں ہیروئن بھاگتے ہوئے ہیرو کے گلے لگتی ہیں لیکن یہاں تو اب بھی قدر نہیں ہوئی اس سے اچھا ہوتا میں مر ..

شٹ اپ....!اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی وہ بری طرح چلائی کے اس اچانک اتفاد پر وہ حیرانی سے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ گیا جب وہ آگے بڑھ کر اس کے سر ہوئی تھی

شٹ اپ شرم نہیں آتی آپ کو اس کنڈیشن میں بھی یہ فضول باتیں سوجھ رہی ہیں آپ کو؟ ولیہ اسکا گریبان تھامے غرائی

آپ کو اندازہ ہے میرے اوپر کیا گزری نہیں آپ کو کبھی میرا کچھ پتا ہی کب لگتا ہے آئی ہیٹ یو....! وہ افسوس سے سر جھٹکتی پلٹنے لگی کے نائل نے اسکا ہاتھ تھاما

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چھوڑیں !

پہلے ادھر آؤ!

Posted On Kitab Nagri

نہیں آنا مجھے....

دیکھ لو پھر اس بار گیا تو....باقی کے الفاظ اس کی اگلی حرکت پر ششدر رہو کر منہ میں ہی رہے گئے جب وہ اس کے گلے لگ کر اسکے سینے میں سر چھپائے،ہچکیوں سے رونا شروع ہوئی تھی

اب رو کیوں رہی ہو؟اس کے بالوں پر ہاتھ پھیرے وہ ہنوز اسے چھیڑنے کو بولا کے اس کی بات پر وہ اس کہ شرٹ مزید مضبوطی سے تھام گئی

میں ڈر گئی تھی اگر آپ کو کچھ ہو جاتا تو....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو تم بیواہ ہو جاتی ہیں نا؟وہ اپنی دھن میں بولا کے اس کے کہنے پر نا چاہتے ہوئے بھی وہ نم آنکھوں سے مسکرا دی

آپ کبھی مجھے سریس لے سکتے ہیں؟

Posted On Kitab Nagri

ایک تمہارے معاملے میں ہی تو سریس ہوں! اپنے سینے میں اٹھتے اچانک درد ہو نظر انداز کرتا وہ گھمبیر لہجے میں بولا جبکہ اس کے تاثرات سے وہ اچھی طرح اس کی تکلیف کا اندازہ لگاتی اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگی جس سے وہ پر سکون ہوتا آنکھیں موند گیا

کچھ زیادہ مہربانیاں نہیں کر رہیں آپ؟ وہ موندی آنکھوں سے چہرے پر مسکراہٹ سجائے بولا

"سو جائیں آپ کو رسٹ کی ضرورت ہے یہ فضول گوئیاں تو آپ بعد میں بھی کر سکتے ہیں نا" وہ اپنی مسکراہٹ دبائے بولی یہ شخص آج اسے بے حد حسین لگا تھا جو اپنی تکلیف کے باوجود اسے چھیر کر ہنسانے کی کوشش کر رہا تھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایسے کیسے اب روز روز تو آپ کی مہربانیاں تھوڑی نصیب ہونگی اب پتا نہیں اگلی چوٹ کب لگے!

چپ کر جائیں بہت فضول بولتے ہیں آپ...! سر جھٹک کر کہتی وہ بے اختیار اسکی پیشانی پر جھکتی لب رکھتی باری باری اس کی آنکھوں پر جھکی تھی جو وہ اب غنودگی کے باعث بند کر گیا تھا

Posted On Kitab Nagri

میں ابھی سونا نہیں چاہتا تمہیں محسوس کرنا چاہتا ہوں لیکن مجھ سے آنکھیں نہیں کھول رہی....وہ اینستھیزیا سے سخت اکتا کر بولا

ابھی آپ کو ریسٹ کی ضرورت ہے نائل!وہ اس کے بالوں میں انگلیاں چلاتی اس کے پیشانی سے سر ٹکا گئی کے اس کے لمس سے پر سکون ہوتا وہ اب پوری طرح نیند میں ڈوب گیا تھا

****

ایک ہفتے بعد:

افف اللہ نائل خدا کو مانیں آپ کب سے اتنا پھیلاوا کرنے لگ گئے؟وہ اسکے کپڑے اٹھاتی اب تھک گئی تھی ایک تو زارون اور وفا کی شادی کے کام اور اب یہ شخص....

میں آپ سے بات کر رہی ہوں!اسے ہبوز شیشے میں بال بناتے ہوئے خود نظر انداز کرتے دیکھ اسکا بازو جھنجھوڑتی بولی

Posted On Kitab Nagri

میں نے تمہیں نہیں کہا کے سمیٹوں ملازمہ ہے میرے کاموں کے لیے!سپاٹ انداز میں کہتا وہ اسے مزید تپا گیا

ٹھیک ہے خود کر لیں!سارا سامان ایسے ہی پھینکتی وہ منہ بنائے صوفے پر بیٹھ گئی ایک ہفتے میں وہ کافی ریکور ہو گیا تھا اسی کی ضد کے باعث زارون اور وفا کی شادی ڈیٹ آگے کرنے کے بجائے فیکس ڈیٹ پر ہو رہی تھی

اوکے!سنجیدگی سے کہتا وہ خود سے چیزیں سمیٹنے لگا جب اسکا ہاتھ شیشے زمین پر پڑے شیشے کے گلاس پر گیا وہ نجانے کب میں گر کر ٹوٹا تھا

شٹ...!اس کی غراہٹ سے وہ اس جانب متواجہ ہوتی اس کی طرف بڑھی کو اب وشروم کی طرف بڑھ رہا تھا

ہٹو پیچھے..!اسے اپنے راستے میں حائل ہوتے دیکھ کر وہ سختی سے بولا آج کل اسکا یہ روایہ اسی طرح کا ہوتا تھا اسلئے وہ اب خاطے میں لائے بغیر اسکا ہاتھ تھام گئی جسے وہ فوری جھٹک گیا

Posted On Kitab Nagri

کہانا ہٹو....وہ اسکا ہاتھ جھٹک کر غرایا کے یہاں ولیہ کی بس ہوئی تھی

خ خ خون نکل رہا ہے!وہ آنسو پیتی ٹوٹے پھوٹے لہجے میں بولی اسکا یہ روایہ اس کی سمجھ سے باہر تھا

تو؟

تو میں بینڈج کر دیتی ہوں !

جب تمہاری بینڈج کی ضرورت تھی جب تم نے کر دی اب ان چھوٹی چھوٹی چوٹوں کے لیے میں تمہیں مجبور نہیں کر سکتا خود کو ہاتھ لگانے سے ویسے بھی تمہیں میرا لمس زہر لگتا ہے نا!وہ سپاٹ انداز میں کہتا آگے گیا کے آج ولیہ کو اس کی ناراضگی کی وجہ سمجھ آئی تھی

آہ نائل کاظمی آہ...کتنے ڈھیٹ ہیں آپ اور کتنی بار سوری کروں؟وہ اسے تقریبا روز ہی اپنے کسی عمل سے سوری کرتی تھی مگر وہ نجانے کیا سوچے بیٹھا تھا

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے اب میں بھی نہیں مناؤں گی!منہ پھلا کر کہتی وہ کمرا جلدی جلدی سمیٹ کر باہر نکل گئی آج زارون اور وفا کی مہندی تھی جس کے باعث گھر میں مہمانوں کی ہلچل مچی ہوئی تھی

پورے کا ظمی ویلا کو دلہن کی طرح سجایا گیا تھا آج زارون اور وفا کی مہندی کے ساتھ ساتھ رامشہ اور معصب کا نکاح بھی تھا جس کی وجہ سے مہندی کا سیٹ اپ اور سفید پیلے اور گلابی پھولوں سے کیا گیا

کچھ ہی دیر میں مہندی والی نے آکر سب کے ساتھ ساتھ اسکے ہاتھوں کو بھی مہندی سے بھر دیا تھا

ولیہ بیٹے تم نے تیار کیسے ہونا ہے؟سائمہ بیگم اس کے مہندی سے رنگے خوبصورت ہاتھ دیکھ کر بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

موم جو بیوٹیشن وفا کو تیار کر رہی ہے وہی مجھے کر دے گی !

تو پھر یہ کون ہیں یہ کہ رہی ہیں تم نے ان سے ریڈی ہونا ہے؟سائمہ بیگم دوسری بیوٹیشن کی طرف اشارہ کرتی بولیں جس پر وہ محض مسکرا کر رہے گئی یہ ضرور اسکے شوہر کا کام تھا

Posted On Kitab Nagri

جی موم وہ نائل نے بھیجا ہو گا!وہ اپنی رنگت چھپاتی بولی مگر وہ تو ماں تھیں

اچھا ماشاءاللہ جاؤ پھر تیار ہو جاؤ اب وقت کی کتنا رہے گیا ہے!ان کے کہنے پر وہ سر ہلاتی بیوٹیشن کے ساتھ اپنے روم کی طرف بڑھ گئی

****

شام کت تقریبا ساتھ بج چکے تھے

میم اب آپ ریڈی ہیں اب جا کر ساڑھی سیٹ کر سکتی ہیں!بیوٹین آخری ٹچ دیتی مسکرا کر بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے!جواباوہ مسکرا کر اٹھتی چینجنگ روم کی طرف بڑھی تھی چند منٹوں بعد وہ ساڑھی پہنے باہر آئے اپنا عکس دیکھتی کائی گرین ساڑھی اور لائٹ سے میک اپ پر ریڈ لپ اسٹک لگائے اپنے مہندی سے رنگے ہاتھوں کو سبز چوڑیوں سے بھرے بالوں کو فلحال اسے ہی پشت پر چھوڑے وہ اپنی ساڑھی کو پن اپ کرنے لگی

Posted On Kitab Nagri

جب اسکے روم کا دروازہ کھلا اور وہ روم میں داخل ہوا بیوٹیشن اسے آتا دیکھ کر سر کے اشارے سے سلام کیے باہر نکل گئی کے اندر داخل ہوتے ہی نظر اس پر گئی شیشے کے سامنے کھڑی اپنی ساڑھی کا پلو پن اپ کرتی مصروف سی اسے ہر لحاظ سے زیر کرنے کو تیار تھی

اپنا حلق تر کرتا وہ آستہ آستہ قدم بڑھائے اسکے عین پیچھے آکر کھڑا ہوا کے اسکا عکس شیشے میں دیکھتے ہی دل ڈوب کر ابھرا وہ نظر لگ جانے کی حد تک حسین لگ رہی تھی

باتوں سے کام نہیں چلا تو اب اداؤں سے مارنے کے ارادے ہیں؟ خمار آلود لہجے میں اسکے کان کے قریب سرگوشی کرتا وہ اس کی جان ہوا کر گیا وہ کب میں روم میں آتا اسکے عین پیچھے کھڑا ہوا اسے اندازہ نہیں ہو سکا

آآآپ ککب آئے؟ وہ چاہتے ہوئے بھی اپنی کپکپاہٹ دور نہیں کر سکی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جب آپ خود کو میرے لیے سجانے میں مصروف تھیں!اسکے ہاتھوں سے پن لیے خود سے اسکا پلوں سیٹ کرتا وہ رومانی امداز میں بولا

ننائل !.....

ہمم؟وہ بظاہر اس کی ساڑھی میں مصروف سا تھا لیکن اپنی قربت سے اس کے سارے چہرے پر آتے سارے رنگوں کو بخوبی محسوس کر رہا تھا

ممیں کر لیتی ہوں آپ فریش ہو جائیں !

بس ہو گیا سوئٹ ہارٹ!اسکا پلو پن اپ کر کے وہ اب پوری طرح اس کی جانب متواجہ ہوا کے اس کی نظروں سے کنفیوز ہوتی وہ نظریں جھکا کر اپنے کڑھے اٹھانے لگی

مے آئی؟گھمبیر لہجے میں پوچھا گیا تھا جس پر وہ چاہتے ہوئے بھی انکار نا کر سکی

Posted On Kitab Nagri

اسکے ہاتھ سے کڑھے لیتا خود اس کی کلائی میں ڈالے اگلے ہی لمحے اسکی کمر جکڑ گیا کے اس اچانک اتفاد پر وہ سٹپٹا کر رہے گئ

نائل پیپللز...دیر ہو رہی ہے !

ڈونٹ وری سوئٹ ہارٹ تمہیں تمہارج اجازت کے بغیر ٹچ نہیں کروں گا ویسے بھی تمہیں میرا لمس.....اسکے کہنے سے پہلے وہ اسکے ہونٹوں پر اپنا ہاتھ جما گئ

اس وقت میں غصے میں تھی اور کتنی بار سوری کروں آپ سے!وہ نظریں جھکائے اپنی آنکھوں کی سرخی چھپاتی بولی کے اس کی بات پر وہ شوخ ہوا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو اسکا مطلب اب اجازت ہے؟اسکے چہرے پر آئی چند لٹوں کو پیچھے کرتا وہ شرارت سے بولا جب ولیہ نے اسے پیچھے کیا

Posted On Kitab Nagri

اب میں نے ایسا بھی نہیں کہا... جائیں جا کر چینج کریں میں نے حجاب بھی کرنا ہے!اب کے وہ اسے گھورتے ہوئے بولی جس پر نائل کھول کر مسکرایا

چلو پھر ابھی چھوڑ دیتا ہوں کیا یاد رکھو گی!شریر لہجے میں کہتا اسکی سرخ پڑتی ناک پر جھکے اپنے لب رکھے وہ واشروم کی طرف بڑھ گیا کے اتنے عرصے بعد اسکے لمس سے وہ پر سکون ہوتی سر تا پیر تک سرخ پڑی تھی

کچھ دیر بعد اپنا حجاب سیٹ کیے وہ نیچے آئی جہاں سب اسکے منتظر تھے

ماشاءاللہ!رباب بیگم اسکے صدقے اترتی اسے سب سے ملوانے لگی تھیں اس کی شادی کے بعد یہ پہلی شادی آئی تھی جس کے باعث رباب بیگم اپنے چند رشتے داروں سے اسے اپنی بڑی بہو کی حیثیت سے ملوا رہی تھیں

تائی ماں میں وفا اور رامشہ کو دیکھتی ہوں... سب سے ملنے کے وہ مسکرا کر وفا اور رامشہ کے کمرے کی طرف بڑھی جہاں بیوٹیشن انہیں تیار کر رہی تھیں

Posted On Kitab Nagri

وفا اورنج گرارے کڑتی پر بالوں کو پھولوں کی چٹیاں میں باندھے لائٹ سے میک اپ میں بے حد پیاری لگ رہی تھی جبکہ اس کے بر عکس رامشہ نے سفید اور گلابی رنگ کا لہنگا پہنا تھا نکاح کے حساب سے پور پور معصب کے لیے تیار ہوئی وہ خوبصورتی سے تیار ہوئی تھی

تم دونوں ریڈی ہو... ارے ماشاءاللہ بہت پیاری لگ رہی ہو! وہ آنکھوں کی نمی صاف کیے بولی ابھی کچھ عرصے پہلے اس روپ میں اسنے حنا کو. دیکھا تھا درد کی ایک لہر اسکے وجود میں ڈوری تھی

رات کے دس بجے کے قریب مہندی کا فنشن اسٹارٹ ہوا تھا معصب اور رامشہ کا نکاح ہو چکا تھا اب وفا کو اسٹیج پر لا کر بیٹھایا گیا تھا جس کے بعد زارون اورنج اور سفید کڑتے پجامے پر سکن شال لیے شان سے چلتا اسکے ساتھ آکر بیٹھا تھا باری باری سب نے رسم کی تھی اس کے بعد فیملی شوٹ ہو رہا تھا

خود پر کسی کی مسلسل نظروں سے پریشان ہو کر وہ غیر ارادی توڑ پر اس کی طرف دیکھنے لگی جو کالے کڑتے پر کالی شال لیے آنکھوں میں ڈھیروں محبت سموئے اسے ہی دیکھ رہا تھا اس کی نظروں کی تاب نا لاتی وہ بے اختیار نظرین جھکا گئی

Posted On Kitab Nagri

چلو بھئی اب بھائی اور ولی کے ساتھ پیکس لے دو!زارون کے بلانے پر وہ دونوں ساتھ کھڑے ہوئے تھے

کب ختم ہو گا یہ فنشن ؟نائل اسکے کان کے قریب سرگوشی کرتا ذومعانی انداز میں بولا کے اس کی بات کا مفہوم سمجھتی وہ سرخ پڑی تھی

کیا ہوا ولی سامنے دیکھو نا یار!

ہاں ہا سامنے ہی دیکھ رہی ہوں..وہ اسے چٹ رسید کرتی بولی اسکے بعد کچھ ڈانس کیا گیا تھا رات کے دو بجے وہ لوگ مہندی سے فری ہو کر واپس گھر میں داخل ہوئے

ولیہ بیٹے سب نے کھانا کھا لیا تھا نا؟رباب بیگم کے پوچھنے پر وہ سر اثبات میں ہلا گئی

Posted On Kitab Nagri

چلو پھر جا کر آرام کرو ایسے کیوں بیٹھی ہو؟اسے اکیلے ٹی وی لاونج میں بیٹھے دیکھ کر رباب بیگم پریشانی سے بولیں اب وہ انہیں کیا بتاتی وہ ان کے بیٹے سے چھپ رہی ہے

یہ پاگل لڑکی بچے اب مجھ سے!نجانے کتنے دیر سے وہ اسکے انتظار میں چکر کاٹ کر تھک گیا تھا جب روم کا دروازہ ہلکا سا کھلا

وہ دھڑکتے دل سے روم میں داخل ہوئی جب سامنا خواب ناک ماحول سے ہوز سد شکر وہ اسے روم میں کہیں نہیں تھا شاید ابھی تک باہر ہونگے!خود سے سوچتی وہ بے فکری سے آگے بڑھنے لگی جب کسی نے اسے کھینچ کر دیوار سے لگایا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھ سے بچ رہی ہو؟وہ اسے دیوار سے لگائے دونوں کہنیاں اسکے اطراف میں ٹکائے بولا کے اس اچانک اتفاد پر ولیہ کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہے گئیں

جان نکال دی میری!اپنے دل ہر ہاتھ رکھے وہ اسے پیچھے کرتی بولی

Posted On Kitab Nagri

اور جو تم نے آج میرے پر انتظار کروا کر ظلم کیا ہے؟ اسے چینجنگ روم میں جاتے دیکھ کر وہ باہر سے ہی غرایا.

میں نے تو آپ کو نہیں کہا انتظار کرنے کو... وہ چینجنگ روم کے اندر سے ہی اونچی آواز میں بولی کے اس کی بات پر وہ سر جھٹک کر رہے گیا کافی لمحے گزرنے کے بعد بھی اسے باہر نکلتے دیکھ کر وہ اس کی حرکت سمجھتا لب بھینچے بیڈ پر آکر کمبل منہ اوڑھے کروٹ لے گیا

اچھا خاصا ٹائم لگانے کے بعد وہ تقریبا آدھے گھنٹے بعد باہر آئی جہاں وہ اسے بیڈ پر بازو آنکھوں پر رکھے لیٹا دیکھائی دیا

ایک گہرا سانس ہوا میں آزاد کرنے کے بعد وہ آستہ آستہ چلتی بیڈ پر اپنی جگہ پر آئی سد شکر وہ سو چکا تھا مگر یہ خوشی اس کی اگلے پانچ منٹ میں ختم ہوئی تھی جب وہ ایک ہی جست میں اسے اپنے قریب کرتا اس پر جھکاؤ کیے کہنیاں اسکے اطراف میں ٹکا گیا

آج بچاؤ ناممکن ہے بیگم !ذو معانی انداز میں وہ اسکی دھڑکنوں میں ارتعاش پیدا کر گیا

Posted On Kitab Nagri

ممجھے نئید....وہ بولتی جب وہ اسکے لبوں پر جھکے اسکے الفاظ خود میں سمیٹ گیا

نائل پلززز!

شششش!کافی لمحوں بعد اسے آزادی بخش کر اسکے چہرے کے بدلتے رنگ اپنے اندر اتارے تھے جب کہ وہ اب گہرے گہرے سانس لیے سرخ سی خود کو نارمل کرنے کی ناکام کوشش کر رہی تھی

نائل؟

جی جان نائل !...

آپ کو صبح جلدی اٹھ کر سارے انتظام دیکھنے ہیں!وہ نے ترتیب ہوتی دھڑکنوں سے بامشکل لفظ ادا کر پائی تھی

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں دیکھ لوں گا!اس کی بات پر کھل کر مسکرا تا وہ اسکے گال کا بوسہ لیے بولا جس پر وہ نظریں جھکا گئی

www.kitabnagri.com

تو آج نائل کاظمی اعتراف کرتا ہے تم میرے لیے اتنی ضروری ہو جتنی دل کے لیے دھڑکن تم میرے لیے نبض القلب ہو!محبت سے لبریز لہجے میں کہتا وہ سائڈ ٹیبل سے ایک بوکس کھول کر اس میں سے ڈائمنڈ چین نکال کر اس کی گردن کی زینت کرتا اس کی صراحی گردن پر جھکے سائڈ لیپ اوف کیے اپنی باتوں سمیت اپنے ہر عمل سے اسکے میں موجود تمام تر خدشوں کو مٹا گیا تھا

.**********

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

دیڑھ سال بعد:

آہ زایان آہ.... کوئی اچھی عادت تو تم نے اپنے باپ سے سیکھی نہیں لیکن چرسی کی اولاد ضرور بننا ہے!

وہ ایک سال کے بچے کو ڈپٹتی اسکے سر پر ہلکی سی چٹ لگائے بولی جو نجانے کہاں سے ایش ٹرے اٹھائے اپنے اوپر انڈیل گیا تھا

www.kitabnagri.com

ایک چیز جو ماں پر گئی ہو اسلئے بیٹی چاہیے تھی مجھے! اسکا بس نہیں چل رہا تھا اس اپنے باپ کی کاربن کاپی کو دو تین لگائے یہ تیسرا سوٹ تھا جو دو گھنٹوں میں تبدیل ہو چکا تھا وہ اسے ڈاٹنے پر موجود تھی جب نائل روم میں داخل ہوا آج وہ روٹین سے پہلے ہی آ گیا تھا

Posted On Kitab Nagri

تم پھر سے میرے بیٹے پر شروع ہو گئیں!اس کی آواز سنتے ہی وہ سرمئی آنکھوں میں نمی لیے گھٹنوں کے بل چل کر اسکی طرف لپکا کے اس کی چالاکی پر ولیہ کا منہ کھلا کا کھلا رہے گیا

اللپ توبہ توبہ یہ کونسی فلم پیدا کر دی میں نے باپ کو دیکھا نہیں رونا شروع ہو گیا!وہ بے یقینی سے کو دیکھنے لگی جو اب اپنے باپ کی گود میں جا کر اس کے کی گردن میں منہ چھپائے رو رہا تھا

ہاں تو فلم سے فلم ہی پیدا ہونی تھی....نائل شرارت سے زایان کا ماتھا چوم کر بولا کے اس کے جملے پر وہ اسجے سر پر پہنچی تھی www.kitabnagri.com

میرے پر نہیں بلکل آپ پر گیا ہے یہ...لائیں دیں مجھے کپڑے چینج کرواؤں!وہ منہ پھلائے بولی جبکہ وہ اب اس اسے حصار میں لیے اس کی پیشانی پر لب رکھ رہا تھا یہ اسکا معمول تھا

کیوں غصہ کر رہی ہو اتنا پیارا بیٹا ہے میرا!وہ اسے خود سے لگائے بولا جبکہ بچہ اب ولیہ کی طرف لپک رہا تھا جس پر وہ بے ساختہ مسکرا گئی www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

صبح سے تیسرا سوٹ ہے جناب کا!....

www.kitabnagri.com

"کوئی بات نہیں اب میں چینج کروا دیتا ہوں"

نہیں آپ بیٹھیں تھک کر آئے ہونگے میں کرواتی ہوں!اسے زایان کو لیتی وہ اب الماری سے اسکا سوٹ نکال کر بیڈ پر لے کر بیٹھی تھی

موم وغیرہ کہیں گئے ہیں؟وہ اب صوفے پر بیٹھے اسے اپنی آنکھوں میں اترے پوچھنے لگا

ہاں وہ لوگ وفا اور زارون کے بے بی کے لیے شوپنگ پر گئے ہیں!اس کے کہنے پر وہ سر ہلا گیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زایان بولو ماما...!وہ روز کی طرح آج بھی اسے کپڑے چینج کروائے ایک ہی گردان کر رہی تھی جب زایان کی اگلی حرکت پر اسکا منہ کھل گیا

بابا!یہ پہلا لفظ تھا جو اسنے بولا تھا

Posted On Kitab Nagri

نہیں ماما!وہ حیر تذدہ سی بولی

بابا!اور اگلے ہی لمحے نائل کا جاندار قہقہ پورے کمرے میں گونجا تھا

بابا کی جان!نائل اسکے پاس آئے اسکی ناک سے ناک رگڑے بولا جبکہ وہ اب اس کی داڑھی سی کھیل رہا تھا www.kitabnagri.com

بے وفا....پورے دن ماں خدمت کریں اور آینڈ میں بابا....اسئلے مجھے بیٹی چاہیے تھی!وہ دل ہی دل میں ان دونوں کی نظر اتارے مسنوئی ناراضگی سے بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو کوئی بات نہیں بیگم آپ کی یہ خواہش اب پوری کر دیتے ہیں!اس کی بات سنتے ہی وہ زایان کو چھوڑ کر اس کی طرف جھکے بولا کے اس کے ذو معانی انداز پر وہ گلابی ہوتی اسکے بازو پر چٹ لگا گئی

سدھر جائیں !

Posted On Kitab Nagri

وہ تو ناممکن ہے!شرارت سے کہتا وہ اسکے بال کیچر کی زد سے آزاد کر گیا کے اسکے بال کھولے دیکھتے ہی زایان اس کے بالوں میں لٹک چکا تھا www.kitabnagri.com

پہلے بابا کیا کم تھے تمہارے جو تم بھی میرے بالوں کے پیچھے پڑ گئے!وہ اسکے گال چومتی محبت سے بولی کے اس کی حرکت پر نائل نے تیزی سے زایان کے آگے اپنا چہرہ کیا تھا

www.kitabnagri.com

کبھی ایسی نظر کرم ہم پر بھی کر دیا کریں!شرارت سے آنکھ دبا کر کہتا وہ اپنی بات اور حرکت سے اسے خاصا شرمندہ کر گیا www.kitabnagri.com

میں آپ کو چھوڑوں گی نہیں میرے بیٹے کو بھی ٹھرکی کر دیں گے آپ!

ٹھرکی پھر بھی چلے گا بس تمہاری طرح بیوقوف نا ہو!شرارت سے کہتا وہ تیزی سے واشروم کی طرف بڑھا تھا

Posted On Kitab Nagri

اب بچیں آپ زرا!اسے جاتا دیکھ کر وہ کشن اس کی طرگ پھینکتی اس کے پیچھے بھاگی تھی جب کے اب کمرے میں ان دونوں کے ساتھ ساتھ زایان کے قہقے بھی گونج رہے تھے

www.kitabnagri.com

ہر کہانی کا کوئی نا کوئی مقصد ہوتا ہے اور اس کہانی کا مقصد یہ بتانا تھا کے ایک بیوی جب اپنے شوہر سے ہی رخ موڑ لے تو پھر اسکے حصے میں خواری اور شرمندگی کے علاوہ کچھ نہیں آتا اسلئے اپنے رشتوں کو شک کی نہیں بلکے اعتبار کی نظر سے دیکھو اور وہ مرد جو خود کو عورت پر حکمرانی کر کے اعلی سمجھتے ہیں وہ غلطی فہمی کے سواء کچھ نہیں ہیں عورت پر حکمرانی کر کے ظلم کر کے آپ اس کے لیے حاکم تو بن سکتے ہیں لیکن ہم سفر نہیں عورت کو اللہ تعالی نے مرد سے کمزور بنایا ہے اور بھلا کمزور سے کون لڑتا ہے؟ اسے تو پیار اور محبت سے لے کر چلیں مجھے بہت سے لوگوں نے کہا کے ایسا کونسا مرد ہے جو عورت کے ہاتھ اٹھانے ہر خاموشی سے کام لے اور پلٹ کر وار نا کرے تو وہ مرد نائل کا ظمی ہے امید کرتی ہوں اس کہانی سے میری چھوٹی سی کوشش سے معاشرے میں لوگ ظالم اور جزباتی حاکم کی جگہ لوگ نائل کا ظمی بننا ضروری سمجھیں گے ♥

ختم شد♥♥

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595